حیات و تصنیفاتِ

★

مِرزا ابُوطالب کلیمؔ ہمدانی

(ملک الشعرائے دربار شہنشاہ شاہجہانؒ)

★

از

ڈاکٹر شریف النسأ بیگم انصاری

لکچرار فارسی

کُلیہ اُناث جامعہ عثمانیہ

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com

سلسلۂ اشاعت خواتین دکن انسٹی ٹیوٹ نمبر (۱)

حیات و تصنیفات

مرزا ابو طالب کلیم ہمدانی

ملک الشعرائے دربار شہنشاہ شاہجہان

از

ڈاکٹر شریف النساء بیگم انصاری
لکچرار فارسی کلیۂ آرٹس جامعہ عثمانیہ

Marfat.com
Marfat.com

جملہ حقوق بحق مصنفہ محفوظ ہیں

129979

اشاعت بار اول

۱۹۶۱ء مطابق ۱۳۸۱ھ

قیمت مجلد (۱۸) روپے ☆ بلا جلد (۱۶) روپے (۵۰) نئے پیسے

مطبوعہ

مطبع ابراہیمیہ مشین پریس گٹیلمنڈی حیدرآباد آے پی

ملنے کا پتہ

ڈاکٹر شریف النسا بیگم انصاری

لکچرار فارسی ویمنس کالج
مکان ۲۲۶
مسجد عثمانیہ
الاوہ بی بی
بیرون دبیر پورہ
حیدرآباد دکن
آندھرا پردیش

Marfat.com
Marfat.com

سخن بخشد حیاتِ جاودانی اہل معنی را
ہمیں باید کلیم از شاعری ہا طرف بربستن

Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com

فہرست

حرفِ آغاز ۵-۶
پیش لفظ ۷

باب اوّل:-

حیاتِ کلیم ۱۷ تا ۷۴
نام و کنیت۔ وطن۔ تاریخ پیدائش۔ تعلیم۔ کلیم کی آمد ہند
کلیم کا ممدوح۔ کلیم کے ورودِ دکن کا سنہ۔ کلیم بیجاپور میں۔ کلیم کی
مراجعت عراق۔ کلیم کی بازگشت بہ ہندوستان۔ دربارِ شاہجہاں سے
کلیم کی وابستگی اور اس کی شاعری کا عروج۔ وفات۔ کلیم کے اخلاق
و عادات۔ کلیم کی ہندوستان سے محبت۔ کلیم کے تعلقات معصروں کے ساتھ۔

باب دوم:-

ابو طالب کلیم کے معاصر شعراء ۷۵ تا ۸۸
معاصرین دکن:-
سنجر کاشی، ملک قمی، ظہوری
معاصرین شمالی ہند:-
میر معصوم۔ قدسی۔ سلیم۔ ظفر خان احسن۔ غنی کشمیری۔ صائب
شیدا۔ سعیدائے گیلانی۔ مقامِ کلیم

باب سوم:-

تصنیفاتِ کلیم ۸۹ تا ۱۱۴
شاہنامہ ابو طالب کلیم۔ شاہنامہ کلیم اور اس کی اہمیت۔ شاہنامہ
کا تجزیہ۔ دیگر نسخہ ہائے شاہنامہ کلیم۔ شاہنامہ کی ادبی اہمیت

Marfat.com
Marfat.com

ادبی خصوصیات ۔ شاہنامہ کی تاریخی اہمیت ۔ شاہنامہ کلیم و ظفرنامہ قدسی کا مقابلہ ۔ نقایص ظفرنامہ ۔ محاسن ظفرنامہ ۔

باب چہارم :۔

کلام کلیم کا تنقیدی و تحسینی مطالعہ ــــــــــــــــ ۱۱۵ تا ۱۵۶

تمہید ۔ تشبیہہ ۔ حسن تعلیل ۔ تضاد ۔ جدت تخیل ۔ تمثیلی شاعری روزمرہ و محاورہ ۔ ہندی الفاظ کا استعمال ۔ نقایص کلام ۔

باب پنجم :۔

کلیات کلیم ــــــــــــــــ ۱۵۷ تا ۳۲۶

قصاید ۔ ترکیب بند ۔ ترجیع بند و مرثیہ ۔ قطعات ۔ مثنویات ۔ غزلیات ۔ رباعیات ۔ نسخہ جات کلیات کلیم ہمدانی ۔ یوروپی کتب خانوں کے نسخہ جات ۔ ہندوستانی کتب خانوں کے نسخہ جات ۔ کلیات کلیم کا قریب ترین، قدیم ترین و مکمل نسخہ ۔ دیوان کلیم کاشانی ۔ غیر مطبوعہ کلام (حصہ ا) ۔ انتخاب کلام (حصہ ب)

ضمیمہ :۔

عہد حکومت شاہجہان کی سنہ واری فہرست ــــــــــــــــ ۳۲۷

کتابیات ــــــــــــــــ ۳۲۸ تا ۳۳۷

اشاریہ ــــــــــــــــ ۳۳۸ تا ۳۴۷

انگریزی خلاصہ

Marfat.com
Marfat.com

حرفِ آغاز

کتب خانہ خواتین دکن (خواتین دکن لائبریری) ۱۹۴۳ء میں قائم ہوئی۔ اس سے نہ صرف خواتین حیدر آباد بلکہ حیدر آباد کے باہر کی خواتین و علم دوست اصحاب اور ریسرچ اسکالر بھی استفادہ کرتے ہیں۔

یہ کتب خانہ دراصل شری نصیر الدین ہاشمی کا ذاتی کتب خانہ تھا اس کو انہوں نے خواتین کے استفادہ کے لئے عام کر کے رجسٹر کرا دیا ہے۔ اس کتب خانہ کے ساتھ ادارہ تحقیقات (ریسرچ انسٹی ٹیوٹ) بھی ہے تاکہ تحقیقی مقالات شائع کئے جائیں۔

ادارہ تحقیقات کے ارکان انتظامی حسب ذیل خواتین ہیں:۔

(۱) مسز جہاں بانو نقوی ایم۔ اے
(۲) مسز کمیشوری روپ کرن ایم۔ اے
(۳) مس نیرہ بانو کا دس جی ایم۔ اے۔ ایم ایڈ
(۴) مس سعید جہاں ایم۔ اے۔ ایم ایڈ
(۵) مسز برہان الدین
(۶) مسز رُوحی علی اصغر

اس ادارہ تحقیقات کا مقصد یہ ہے کہ خواتین کی قدیم اور جدید تحقیقات کو طبع کر کے منظر عام پر لایا جائے تاکہ اگر ایک طرف ہم اپنے قدما کے افکار وخیالات اور اسالیب بیان سے لطف اندوز ہوں تو دوسری طرف عصرِ حاضر کی قابل خواتین کے علمی کارنامے اور تحقیقی مقالے زیورِ طبع سے آراستہ ہو کر علمی ذخیرہ میں اضافہ کا موجب بنیں۔ جامعات میں جو مقالے ڈاکٹریٹ کی ڈگری کے لئے منظور کئے جاتے ہیں اور باوجود تحقیقی ہونے اور اہمیت رکھنے کے ان میں سے اکثر طبع ہو کر شایع نہیں ہوتے ان کو طبع کر کے شائع کیا جائے تو ایک طرف اصحابِ علم وفن ان سے مستفید ہوں گے اور دوسری طرف مصنف [illegible] کا ثمرہ بھی ڈاکٹری کی ڈگری کے علاوہ مقالوں کی زرِ محنت سے ملے گا۔

اس ادارہ کے کام کے آغاز کے لئے مرکزی حکومت ہند کے وزارت سائنٹفک ریسرچ و کلچرل آفیرس سے کچھ رقمی امداد دو کتابوں کو شایع کرنے کے لئے اس شرط سے ملی کہ اسی قدر رقم ادارہ بھی صرف کرے چنانچہ اس طرح اس وقت دو کتابیں شایع کی گئی ہیں۔ میں ان اصحاب اور خواتین کا شکریہ ادا کرنا بھی ضروری سمجھتی ہوں جنہوں نے ان کتابوں کے کئی کئی نسخے خریدنے کے لئے پیشگی رقمیں عنایت فرمائیں اور ہم کو اس قابل بنایا کہ حکومت کی شرایط کے مطابق یہ کتابیں چھاپ سکیں۔

Marfat.com
Marfat.com

جو کتابیں شایع کی گئی ہیں ان میں سے ایک مقالہ امتحان پی۔ ایچ۔ ڈی۔ جامعہ عثمانیہ کا منظورہ ہے جس کو ڈاکٹر شریف النسا بیگم نے فارسی کی ڈاکٹریٹ کے لئے پیش کیا تھا۔ یہ مقالہ ابو طالب کلیم کی حیات اور شاعری سے متعلق ہے۔ کلیم دربار عادل شاہی اور پھر شاہجہان کے دربار کا مشہور شاعر اور ملک الشعراء تھا۔

دوسری کتاب جو دو جلدوں پر مشتمل ہے شری نصیر الدین ہاشمی کی مرتبہ وضاحتی فہرست اُردو مخطوطات کتب خانہ آصفیہ (اسٹیٹ سنٹرل لائبریری) ہے۔ محققین اور اصحاب علم کو کتب خانوں کے ذخیرہ سے استفادہ کے لئے وضاحتی فہرست کی شدید ضرورت ہوتی ہے۔

کسی زبان کی تاریخ کا اصولی حیثیت سے مطالعہ کرنے کے لئے ضرورت ہے کہ سارا ادب پیش نظر رہے لیکن اُردو ادب سارے ملک میں پھیلا ہوا ہے' اس پر دسترس مشکل ہے اس لئے زبان اور ادب کی خدمت کے لئے یہ ضروری ہے کہ مفصل اور مکمل وضاحتی فہرستیں مرتب کر کے شایع کی جائیں۔ یہ چیزیں یورپ میں ایک سائنس کی صورت اختیار کر چکی ہیں۔ حیدر آباد میں جامعہ عثمانیہ کے اُردو مخطوطات کی ایک مختصر فہرست شایع ہوئی اور انڈیا آفس کے دکنی قلمی کتابوں کی فہرست نصیر الدین ہاشمی صاحب نے "یورپ میں دکنی مخطوطات" کے نام سے شایع کی ہے اور پھر ادبیات اُردو کی فہرست کی پانچ جلدیں ڈاکٹر سید محی الدین زور صاحب نے شایع فرمائی ہیں اور سالار جنگ کے کتب خانہ کی اُردو مخطوطات کی فہرست بھی ہاشمی صاحب کی مرتبہ شایع ہو گئی ہے اس کے علاوہ بمبئی کی جامع مسجد کے اُردو مخطوطات کی فہرست بھی پروفیسر سید نجیب اشرف صاحب ندوی کے زیر نگرانی شایع ہوئی ہے۔ اب اس فہرست سے اس قسم کے ذخیرہ میں ایک اور کتاب کا اضافہ ہوگا جس کو ہاشمی صاحب نے نہایت کدو کاوش اور محنت سے مرتب کیا ہے۔

ادارہ کو توقع ہے کہ آیندہ مزید کتابیں شایع کی جائیں گی۔ ادارہ کی جانب سے میں فضیلت مآب شری ہمایوں کبیر منسٹر سائنٹیفک ریسرچ و کلچرل آفیرس کا ادارہ کی امداد کے بابتہ شکریہ ادا کرتی ہوں اور حکومت آندھرا سے توقع کرتی ہوں کہ سالانہ امداد جاری کر کے ادارہ کے علمی کاموں کو ترقی دینے کا موجب بنے گی۔

(شریمتی) **روڈا مستری**
صدر خواتین دکن لائبریری و ریسرچ انسٹی ٹیوٹ

Marfat.com
Marfat.com

پیش لفظ

سولھویں صدی عیسوی کے آغاز میں شاہانِ تیموریہ کا چراغِ اقبال گُل ہو گیا اور دودمانِ صفویہ برسرِ اقتدار آیا اور اس کے ساتھ ہی مذہبی عناصر و تخیلات کا احیاء و فروغ عمل میں آنے لگا قصیدہ گوئی ختم ہونے لگی جس سے اظہارِ علمیت کے سوا حصولِ معاش بھی مقصود ہوتا تھا۔ شاہانِ ادب نواز کا حکم تھا کہ شاہوں کی مدح کے بجائے آئمہ کے مرثیے لکھے جائیں:

"باو بگوئید، منقبتِ آئمہ علیہم السلام سازد و از آنان پاداشِ اخروی بچشم دارد۔"

اس فضا میں ایرانی اربابِ ہنر، قدردانانِ علم و ادب کی سرپرستی و ذرائعِ معاش کے فقدان سے دوچار ہونے لگے لیکن اسی زمانہ میں سلاطینِ مغلیہ کی شاہانہ فیاضیاں شعرائے ایران کے لئے ابرِ رحمت بن گئیں اور انہوں نے محسوس کر لیا کہ "ایران زمین" میں اُن کا قلم سامانِ تحصیلِ کمال" حاصل نہیں کر سکتا۔ اُن کے جواہر ریزوں کی چمک صرف سرزمینِ ہند ہی میں معراجِ کمال پر پہنچ سکتی ہے، لہٰذا

Marfat.com
Marfat.com

ایران کے اکثر بلند پایہ شاعروں نے اپنے وطن مالوف کو خیر باد کرتے ہوئے وارد ہندوستان ہو کر شاہانِ مغلیہ کے سایۂ عاطفت میں اپنے فن کو ارتقاء کی آخری منزل تک پہنچایا، چنانچہ آج بھی ان مایہ ناز فنکاروں کے شہ پارہ ہائے کلام ہندوستان کے ہر صاحبِ ذوق سے دادِ تحسین حاصل کر رہے ہیں۔ اور "حیات و تصنیفات کلیم" بھی ایک ایسے ہی باعظمت شاعر کی سعی گراں قدر کا اعتراف ہے جس کو زمانہ کی ناقدر شناسی نے پردۂ خفا میں ڈال رکھا تھا۔

میرزا ابو طالب متخلص بہ کلیمؔ نے مابین ۹۹۰ھ - ۹۹۴ھ ہمدان میں جنم لیا۔ دار الفضل شیراز میں علوم متداولہ کی تحصیل کی اور عنفوانِ شباب میں بحری راستہ سے وارد ہند ہوا۔ ایران میں کلیمؔ کی ابتدائی زندگی کے حالات باوجود تلاش و کوشش کے ہمدست نہ ہو سکے۔

کلیمؔ کی آمدِ ہند اور سرپرستی سے متعلق بجز صاحب "فانوسِ خیال" کے تمام تذکرہ نگار اس پر متفق ہیں کہ کلیمؔ عہد جہانگیر میں ہندوستان آیا اور شاہنواز خان بن مرزا رستم صفوی امیر شہنشاہ جہانگیر کی سرپرستی حاصل کی لیکن یہ صحیح نہیں ہے مکمل تحقیق و مفصل بحث کے بعد یہ ثابت کیا گیا ہے کہ کلیم پہلی مرتبہ ۱۰۱۰ھ - ۱۰۱۴ھ کے درمیان بحری راستے سے وارد دکن ہوا، اور شاہنواز خان شیرازی وزیر ابراہیم عادلشاہ ثانی والی بیجاپور (متوفی ۱۰۲۰ھ) اس کا پہلا سرپرست تھا۔ مذکورہ بالا دونوں شاہنواز خان کے نام کی یکسانیت نے تذکرہ نگاروں کو غلط فہمی میں مبتلا کر رکھا تھا، لیکن کلیمؔ کے قصاید میں "وزیر پیش بین" کا لفظ صاف طور پر شاہنواز خان شیرازی کے عہدے کو ظاہر کرتا ہے علاوہ ازیں ابراہیم عادلشاہ ثانی کے عہد کی تعمیر "نورسپور" (۱۰۰۸ھ تا ۱۰۱۴ھ) کے وقت "نورس بہشت" کی جو تعمیر ہوئی تھی اس کی تعمیر میں کلیمؔ کی تحریر کردہ مثنوی سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ ابراہیم عادلشاہ ثانی اور شاہنواز خان شیرازی کی فیاضیوں

Marfat.com
Marfat.com

و قدر دانیوں سے مسرور ہو کر وارد دکن ہوا تھا۔

۱۰۲۸ھ تک کلیم دکن میں رہا، لیکن ملک قمی، ظہوری و سنجر کاشی جیسے اساتذہ و کہنہ مشق ہستیوں کے آگے اس کا رنگ جمتا نہ تھا اور گراں بہا صلوں کے خوش آیند خواب جب شرمندۂ تعبیر نہ ہوئے، خاطر خواہ سرپرستی حاصل نہ ہو سکی تو کلیم نے ۱۰۲۸ھ میں عراق کو مراجعت کی۔

صاحب نظم گزیدہ کے بیان کی روشنی میں کلیم کے دو سالہ قیام ایران گوشۂ قناعت میں بسر ہوا اور وہ ۱۰۳۰ھ میں سے "درخاکِ وطن تخم مرادی نہ شود سبز" کہتا ہوا ہندوستان لوٹ آیا اور ۷، ۸ سال شمالی ہند میں میر جملہ شہرستانی متخلص بہ روح الامین کے دامن عاطفت سے وابستہ رہ کر گذارے۔

شاہجہان کے تخت نشین ہوتے ہی کلیم دربار شاہی میں باریاب ہوا اور ۱۰۴۱ھ تک ملک الشعرا کے عہدہ پر فائز ہو گیا۔ اس نے عہد شاہجہانی کے تقریباً ہر اہم واقعہ پر قصیدہ، مثنوی و قطعات تاریخی سپرد قلم کئے اور عنایات خسروی سے مستفیض ہوتا رہا۔ دو مرتبہ زر میں تلوایا گیا۔ پادشاہنامہ لاہوری کے صفحات شاہد ہیں کہ کلیم اپنی شاعرانہ صلاحیتوں کا وقتاً فوقتاً مناسب و شایستہ معاوضہ حاصل کرتا رہا۔

فرمان شاہجہان کی تعمیل میں کلیم اور قدسی نے دو مثنویاں تصنیف کی تھیں۔ قدسی کی مثنوی "ظفرنامہ" نامکمل ہی رہی اور کلیم نے اپنی مثنوی "شاہنامہ" کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا، جس میں شہنشاہ شاہجہان کے دس سالہ شاندار کارناموں کا مفصل و محقق ریکارڈ قلمبند ہے۔

بحیثیت شاعر کلیم اپنی خیال بندی، مضمون آفرینی اور تمثیلی شاعری کے لئے ہمیشہ ناقابلِ فراموش رہے گا اور تمثیلی شاعری کے فروغ کا سہرا اس کے سر بھی باندھا جا سکتا ہے۔ کلیم نے اپنے معاصرین شعرا کے مقابلہ میں بہترین

Marfat.com
Marfat.com

وکثیر تعداد میں قطعاتِ تاریخی نظم کئے تھے۔

کلیم کی سب سے زیادہ قابلِ تحسین خصوصیت یہ ہے کہ باوجود ایرانی نژاد ہونے کے اس نے ہندوستانی ماحول و ہندی زبان کو اپنے کلام میں اس خوبی سے پیش کیا ہے کہ اس کے ہمعصروں میں کوئی اس کا ہمسر نظر نہیں آتا۔

مُلا طاہر نصرآبادی کا بیان ہے کہ کلیم نے چوبیس ہزار اشعار کا سرمایۂ سخن نواز و سخن شناس اصحاب نظر کے لئے چھوڑا تھا۔ میں نے حیدرآباد کے تمام کتب خانوں سے استفادہ کرکے (۲۴۸۶۸) اشعار حاصل کئے ہیں جن کے منجملہ کلیات میں (۱۰۰۴۸) اشعار اور مثنوی شاہنامہ میں (۱۴۸۲۰) اشعار ہیں۔ میرے پی ایچ۔ ڈی کے مقالہ میں تنقیدی حصہ کے ساتھ کلیات کلیم کا ایک تنقیدی ایڈیشن بھی منسلک ہے جس کی تصحیح و تدوین کے لئے میں نے ۴ کلیات اور ۹ دواوین سے استفادہ کیا تھا۔ اس کتاب میں منظورہ صفحات کی مناسبت سے غیر مطبوعہ کلام اور منتخب کلام کلیم آخر میں ہدیۂ قارئین کیا گیا ہے حقیقت میں کلیم ایسے عہد کا ملک الشعراء تھا جب کہ معاصرین میں مقابلہ سخت تھا اور مغلیہ درباروں میں شاعری کا ستارہ اپنے انتہائی عُروج پر تھا۔

کلیم کی وفات سے متعلق بھی تذکرہ نگاروں و مورخین کو کچھ اختلاف ہے۔ کوئی ۱۰۶۱ھ لکھتا ہے اور کوئی ۱۰۶۲ھ۔ مگر تلاش و تحقیق کے بعد یہ ثابت ہوا کہ کلیم نے ۱۰۶۱ھ میں وفات پائی اور کشمیر میں مرزا محمد قلی سلیم کی قبر کے بازو تالابِ ڈل پر دفن ہوا۔ گذشتہ ماہ اورینٹل کانفرنس کے اکیسویں اجلاس میں شرکت کی غرض سے مجھے کشمیر جانے کا اتفاق ہوا تھا۔ محترمی جناب ڈاکٹر سید محی الدین قادری زورؔ صاحب صدر شعبہ اُردو کشمیر یونیورسٹی کی معیت میں کلیم کی قبر کی زیارت کا موقع ملا، اور موصوف کی عنایت سے قبر کی تصویر

Marfat.com
Marfat.com

کا حصول ممکن ہوا۔ اس محلہ کو گذشتہ تواریخ میں "دُرگجن پل" بھی کہا جاتا تھا اب تالاب ڈل اور اس چبوترے کے درمیان ایک سڑک حایل ہے جس پر شعرا کی قبریں ہیں اس سے متصل ایک خانقاہ بھی ہے جس میں لوگ مشغول عبادت تھے چبوترے پر دو اور قبریں ہیں اور ایک قبر کا تعویذ مرور زمانہ سے نیچے گر کر دفن ہو گیا ہے۔ غالباً ملک الشعراء ہونے کی وجہ سے یہ تعویذ ممکن ہے کہ کلیم ہی کی قبر پر لگا ہوا ہوگا کتبہ سے نام کا پتہ تو نہ لگ سکا کیونکہ اطراف کی عبارت محو ہو گئی ہے البتہ درمیان میں ۱۲ آئمہ طاہرین کے اسم مبارک کے اطراف نادعلی درج ہے۔ دوسری دو قبریں معرا ہیں۔

غنی کشمیری نے وفات کلیم پر جو قطعہ لکھا ہے اسکے دو شعر اس امر کے شاہد ہیں کہ قدسی و سلیم کے ساتھ ہی کلیم بھی مدفن ہے۔ ممکن ہے دیگر دو قبریں ان ہی شعراء کی ہوں کیونکہ جائے وقوع تو اس امر پر دلالت کرتا ہے۔

عمرہا در یاد او زیر زمین
خاک بر سر کرد قدسی و سلیم

عاقبت از اشتیاق یکدگر
گشتہ اند این ہر سہ در یکجا مقیم

اس پیش لفظ کے اختتام سے قبل میرا اہم فریضہ ہے کہ میں وزارت سائنٹیفک ریسرچ اور اس کے ارباب اقتدار خصوصاً عالیجناب ہمایوں کبیر صاحب کی خدمت میں ہدیہ تشکر پیش کرنے کی عزت حاصل کروں کہ موصوف نے کتاب کی اشاعت کے لئے رقم عنایت فرمائی۔

میں مشکور ہوں ارباب جامعہ خصوصاً عالیجناب وائس چانسلر صاحب کی جنہوں نے مقالہ کی اشاعت کی اجازت مرحمت فرمائی۔

میں مشکور ہوں شریمتی رودرا متری، صدر کمیٹی "کتب خانہ خواتین دکن" کی جنہوں نے اپنی مصروفیات مسلسل کے باوجود کتاب کے ضمن

Marfat.com
Marfat.com

میں چند سطور ارقام فرمانے کی زحمت گوارا فرمائی ۔

نا فرض شناسی ہوگی اگر میں محترمی جناب معتمد صاحب "کتب خانہ خواتین دکن" کا شکریہ ادا نہ کروں جن کی انتھک مساعی کی وجہ سے حکومت ہند سے مالی امداد حاصل ہوئی جن کی شفقتوں اور عنایتوں نے میرے مقالہ کو کتاب کی صورت بخشی ۔ جن کے ادارہ نے مجھے "مصنف" بنا کر ارباب جامعہ پر "احسان" کیا ۔

میں اپنے ادائیگی شکرانہ کے فرض سے کما حقہٗ عہدہ برآ نہ ہونگی اگر اپنے ان محسن اساتذہ کا شکریہ ادا نہ کروں جن کی پُر شفقت و قابل قدر رہنمائی کتاب کی تصنیف و تدوین میں اعانت کا باعث ہوئی کیونکہ بقول ایک استادِ محترم کے میرے مقالہ کی حیثیت صحرا کے اُس خود رو پودے کی تھی جسے مشاق باغبان کی تزئین و آراستگی کا خاطر خواہ موقع نہ مل سکا تھا اور اب بھی میری تمنا تھی کہ "حیات و تصنیفات کلیمؔ" کی اتنی تراش و خراش ہو کہ ناقدین و صاحبِ ذوق حضرات کی نظروں میں میری خامیاں شہتیر نہ بن سکیں لیکن ایک طرف تو ملازمت کی مصروفیات نے اتنی فرصت نہ دی دوسری طرف چونکہ میں "ادارہ اشاعت کتب خانہ خواتین دکن" کی مجلسِ انتظامی کے کسی معاملہ میں مداخلت کی مجاز نہیں ہوں ۔

لہٰذا مواد کی حد تک میری ذمہ داری ہے ، ہیئت و پیشکش کے لئے اربابِ ادارہ جواب دہ ہوں گے ۔

میری انتہائی کوشش کے باوجود کاتبین کرام کی نوازشوں سے حاشیے بعض جگہ حذف ہو گئے ہیں ، "باقی صفحہ آیندہ" کی تکرار ہو گئی ہے اور "معاصرینِ کلیمؔ" کے باب میں حالات مقدم و موخر ہو گئے ہیں ۔ بنا بریں

Marfat.com
Marfat.com

اس کا اعتراف میں نے ناقدین و قارئینِ نکتہ سنج کے آگے پیش لفظ ہی میں کر دینا مناسب خیال کیا ؎

سپردم بہ تو مایۂ خویش را

شریف النساء بیگم انصاری

ماہ نومبر ۱۹۶۱ء حیدرآباد دکن

Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com

باب اوّل

حیاتِ کلیمؑ

Marfat.com
Marfat.com

میرزا ابوطالب کلیم ہمدانی کی زندگی کے حالات تلاش و جستجو کے بعد جس قدر فراہم ہو سکے وہ یہاں بہ ترتیب زمانی قلمبند کئے جاتے ہیں۔

نام و کنیت :-

کسی معاصر یا متاخر مورخ و تذکرہ نگار نے کلیم کا نام نہیں بتایا ہے ہر ایک نے اس کی صرف کنیت یعنی ابوطالب لکھی ہے۔ زیادہ سے زیادہ کنیت سے آگے میرزا کا لفظ بڑھایا ہے۔ سعدی کے تخلص کی وجہ اتابک سعد زنگی کے دربار سے وابستگی بتائی جاتی ہے۔ حافظ کا نام شمس الدین تھا لیکن انہوں نے قرآن مجید حفظ کیا تھا اسی مناسبت سے حافظ تخلص کرنے لگے۔ بنا بریں قیاس کہتا ہے کہ کلیم کا نام ممکن ہے میرزا موسیٰ رہا ہو اور اس نے اسی مناسبت سے کلیم تخلص کرنا شروع کیا ہو لیکن سوء ادبی کے خیال سے اس کا نام مع کنیت نہیں لیا جاتا ہوگا اور بعد میں اس کی کنیت ہی مستعمل رہی اور وہی مشہور ہو گئی۔ یوں بھی عربی تہذیب کے اثر سے بعض ایرانی بھی نام لینے کی بجائے کنیت سے مخاطب کرنا محبت کی علامت سمجھتے تھے۔

میرزا[۱] کے لفظ سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کا تعلق کسی فوجی جاگیردار خاندان سے رہا ہو کیونکہ میرزا اکثر فوجی عہدہ داروں اور جاگیرداروں کے لئے استعمال کیا جاتا تھا۔

وطن :-

کلیم کے وطن سے متعلق اختلاف ہے بعض تذکرہ نگار کہتے ہیں کہ کلیم ہمدانی تھا اور بعض رقمطراز ہیں کہ وہ کاشانی تھا۔ معاصر مورخ عبدالحمید لاہوری (متوفی ۱۰۶۵ھ) لکھتے ہیں :-

---

[۱] فرہنگ آنندراج۔ جلد سوم، ص ۴۹۶

این لفظ بیشتر از القاب بادشاہان و پادشاہزادگان بود و دریں روزگار بر بزرگ زادگان و رئیس پسران اطلاق کنند و در ایران بر سادات نیز مجوز است۔

Marfat.com
Marfat.com

"ابوطالب متخلص بہ کلیم، ہمدانی مولد، کاشانی وطن است[1]" موطن

بختاور خان اس مسئلہ پر اس طرح روشنی ڈالتے ہیں :۔

"کلیم موسوم بہ طالب، مولدش ہمدان است[2]"

صاحب ید بیضا (متوفی ۱۲۰۰ھ) کا بیان ہے کہ :۔

"ابوطالب کلیم، مولدش ہمدان و موطنش کاشان است[3]"

آتشکدہ[4] میں لکھا ہے :

"در وطنِ او، اہلِ تذکرہ خلاف کردہ اند، بعضی او را ہمدانی و بعضی کاشانی نوشتہ اند، آنچہ مظنونِ نقیر است این است کہ اصلش کاشی است و گویا مدتی در ہمدان می بود[5]"

صاحب بہارستان سخن (متوفی ۱۱۷۱ھ) کلیم کے کلام کی روشنی میں یہ تحریر کرتے ہیں :۔

"اصلش از ہمدان است، اما چون در کاشان بیشتر بودہ بہ کاشانی شہرت یافت و خود گفتہ ؎

زنہار مگوئید کلیم از ہمدان نیست[6]"

مذکورہ بالا ماخذوں سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اکثر تذکرہ نویس اس پر متفق ہیں کہ وہ ہمدان میں پیدا ہوا مگر چونکہ ہمدان کے جنوب مشرقی شہر کاشان میں اپنا بچپن گذارا اور جب تعلیم کے لئے شیراز آیا تو براہ راست کاشان سے شیراز آیا اسی لئے اُسے کاشانی سمجھا جانے لگا۔ یہاں ہمدان و کاشان کے حالات کا نہایت اجمالی خاکہ بطور تعارف بیان کرنا غالباً غیر ضروری نہ ہوگا

ہمدان[7] :۔ عہد عتیق میں میڈیا کا صدر مقام تھا۔ ابن حوقل لکھتا ہے کہ ہمدان ایک عمدہ شہر تھا۔ اسلامی فتوحات کے بعد دوبارہ تعمیر کیا گیا تھا اس کے بازاروں میں سامان تجارت کی بہتات تھی۔ گرد و نواح کا علاقہ زرخیز تھا خصوصاً زعفران بکثرت پیدا ہوتی تھی اور دساور کی جاتی تھی۔ ہمدان ۶۷۰ھ م ۱۲۲۰ء میں مغلوں کی یورش سے برباد ہوا تھا۔ شہر نہاوند اس کے

---

(1) بادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول حصہ دوم، ص : ۳۵۳

(2) مراۃ العالم، ورق : ۴۱۷ ب (بختاور خان کے بجائے میر بقا کو مصنف لکھا گیا ہے)

تمام مورخین و تذکرہ نگاروں نے "ابوطالب" لکھا ہے مگر بختاور خان کے پاس صرف "طالب" نام پایا جاتا ہے ممکن ہے ... [illegible]

(3) ید بیضا، ص : ۲۰۶

(4) لطف علی آذر کا سنہ وفات قطعی معلوم نہ ہو سکا بحوالہ شام انجمن اختتام (بارھویں صدی کہا جا سکتا ہے)

(5) آتشکدہ آذر، ص : ۲۴۹، کاشان کی لحاظ سے نسبت کاشانی ہی ہونی چاہیے مگر اکثر اہل زبان تذکرہ نویس اختصار کے مد نظر "کاشی" لکھ دیتے ہیں اور کاشان کے برتن کاشی کہلاتے تھے ممکن ہے اسی لحاظ سے نسبت کاشی استعمال کی جانے لگی ہے۔

(6) بہارستان سخن، ورق : ۲۱۵ (7) جغرافیہ خلافت مشرقی، ص : ۲۲۶؛ Ency. of Islam, Vol, II P. 242

Marfat.com
Marfat.com

مضافات میں ہے۔ ہمدان کے جنوب مغرب میں پہاڑ الوند تھا جسے یاقوت اروند لکھتا ہے اور اس کا ذکر کلیم کے اشعار میں بھی ملتا ہے۔

کاشان[1]:۔ ہمدان کے جنوب مشرق میں واقع ہے یہاں سے اصفہان کو راستہ جاتا ہے اور اس سفر میں تین دن صرف ہوتے تھے۔ قم سے ۱۲ فرسخ پر واقع ہے اور یہاں سے ایک سڑک شیراز کو جاتی ہے۔ اس شہر کو اصطخری نے خوشنما شہر بتایا ہے اور لکھا ہے کہ اس کے مکانات قم کی طرح کچے بنے ہوئے تھے۔ روغنی ظروف اور روغنی اینٹوں کے لئے یہ شہر مشہور تھا اس کی چیزیں کاشی کہلاتی تھیں۔ یہاں کے باشندے فرقہ امامیہ کے نہایت غالی شیعہ تھے۔ مستوفی کا بیان ہے کہ کاشان دراصل ہارون الرشید کی ملکہ زبیدہ نے تعمیر کروایا تھا۔

حال ہی میں ایک ایرانی ادیب آقائے کشاورز صدر نے دیوانِ کلیم کو "کلیم کاشانی" کے نام سے ایک مختصر مقدمہ کے ساتھ شایع کیا ہے جس میں موصوف نے کلیم کے کاشانی ہونے کا ثبوت مندرجہ ذیل عبارت میں پیش کیا ہے:۔

"ولی محلِ تولد و موطنِ اُو موردِ اختلاف است۔ بعضی وی را کاشانی و برخی ہمدانی می شناسند و از این اختلاف و استنباط از چند بیت در اشعار اُو چنین بر می آید کہ حتی در زمانِ حیاتِ خود کلیم ہم زادگاہش بینِ کاشان و ہمدان مشخص نشدہ است چنانکہ خودش یک جای گوید:

کلیم آسایش و عیشِ جہان را ٭ برائے اہلِ کاشان می گذارد

و جائے دیگر می گوید:

کلبۂ تاریک من چشم سوادِ اعظم است ٭ فارغ از کاشان کلیم از گوشۂ کاشانہ شد

و بالآخر می گوید:۔

من ز سوادِ سخنم چون کلیم ٭ نہ ہمدانی و نہ کاشانیم

گویا یکی از این دو نقطہ موطنِ اصلی و دیگری وطنِ ثانوی اُو بودہ۔ شاید پدرش ہمدانی و خودش در کاشان نشو و نما نمودہ و تحصیلاتِ خود در آنجا بہ پایان رسانیدہ باشد[2]"

شعر اول سے کاشان، کلیم کے موطن و مولد ہونے کا ثبوت نہیں ملتا اور شعر سوم جو ثبوت میں پیش کیا گیا ہے اس سے کلیم کے ہمدانی یا کاشانی ہونے پر کوئی روشنی نہیں پڑتی، البتہ ایک شعر اس کے کلام سے ایسا ملتا ہے جس سے اچھی طرح وضاحت

---

[1] جغرافیہ خلافت مشرقی، ص ۲۵۵؛ Ency. of Islam, VOL. II - P. 786

[2] کلیم کاشانی، ص ۵

Marfat.com
Marfat.com

ہوتی ہے کہ وہ ہمدانی تھا۔

چنانچہ کہتا ہے ؎

در دامنِ الوند دگر غنچہ شود گل ٭ زنہار مگوئید کلیم از ہمدان نیست

شعر پڑھ کر یہ محسوس ہوتا ہے کہ لوگ اس کے ہمدانی ہونے کے متعلق مشتبہ تھے اس لئے شاعر نے "زنہار مگوئید" کے الفاظ استعمال کئے ہیں اور اپنے ہمدانی ہونے پر فخر کیا ہے۔

حیاتِ کلیم کی دیگر تفصیلات سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ وہ ہمدان میں پیدا ہوا۔ عنفوانِ شباب میں فارغ التحصیل ہو کر سیدھا دکن آیا، یہاں ۱۰۲۸ھ تک مقیم رہا، بعد ازاں ۱۰۲۰ھ سے زندگی کی آخری سانسوں تک شمالی ہند میں سکونت پذیر رہا۔ اس طرح وہ ہندوستان میں کاشان سے زیادہ یعنی ۴۴، ۴۵ سال تک مقیم رہا۔ بر بناء اصول قومیت و وطنیت اُسے ہندوستانی کہنا مناسب ہو سکتا تھا لیکن چونکہ وہ ایرانی نژاد تھا اس لئے ہماری رائے میں اُسے ہمدانی کہنا ہی صحیح ہو گا۔ آقائے کشاورز صدر کے پیش کردہ ثبوت کی بنا پر اُسے کاشانی کہنا از روئے اُصولِ قومیت شاید صحیح نہ ہو۔

تاریخِ پیدائش:-

کسی معاصر یا متاخر تذکرہ نگار و مورخ کے ہاں کلیم کی تاریخ پیدائش کا پتہ نہیں چلتا اور نہ کلیم نے اپنے کلام میں کہیں اس امر کی طرف اشارہ کیا ہے کہ وہ کب پیدا ہوا یا فلاں وقت اس کی عمر اتنی تھی۔ تاریخ پیدائش معلوم کرنے میں تاریخ وفات اور صحیح عمر بہت ممد و معاون ثابت ہوتے ہیں مگر افسوس کہ کسی نے وفات کے ساتھ عمر نہیں لکھی۔ اب کلیم کی تاریخ پیدائش معلوم کرنے کا ایک ہی ذریعہ ہے اور وہ اس کی آمد ہند کا سنہ اور اس زمانے میں اس کی صحیح عمر ہے۔

(۱) تذکرہ نگاروں کے فراہم کردہ معلومات کی روشنی میں کلیم آغازِ شباب میں کاشان سے شیراز گیا تھا۔

"کلیم در آغازِ جوانی بہ شیراز شتافتہ دانش آموزی خواہش گرفت و لختی بہ علومِ رسمی آشنا شدہ رہ نوردِ ہندوستان گردید[۱]۔"

آغازِ شباب سے مُراد ۱۴، ۱۵ سال لی جائے اور یہ فرض کیا جائے کہ اس نے کم از کم ۶، ۷ سال تعلیم حاصل کی ہو گی اور پھر شیراز سے ہند آیا تو آمدِ ہند کے وقت کلیم کی عمر ۲۰، ۲۱ سال قرار پا سکتی ہے۔

(۲) دوسرا بحث طلب نقطہ یہ ہے کہ کلیم کس سنہ میں وارد ہند ہوا؟ یہ بحث مستقل عنوان کے تحت آئندہ صفحات پر آئے گی اسلئے مجملاً اس بحث کو یہاں پیش کیا جا رہا ہے۔

نواب شاہنواز خان شیرازی (متوفی ۱۰۲۰ھ) ابراہیم عادل شاہ ثانی (متوفی ۱۰۳۵ھ) کا وزیر تھا اس کا اقتدار ۱۰۰۳ھ سے ۱۰۱۸ھ تک انتہائی عروج پر تھا اور ہندوستانی سرحد سے بہت آگے شیراز کے علمی و ادبی حلقوں میں اس کی فیاضیوں کے

---

[۱] پادشاہنامہ قزوینی، ورق: ۴۷۶ ب

Marfat.com
Marfat.com

تذکرے پہنچ گئے تھے[1] اس لئے بہت سے شعرا تلاش معاش اور اپنے علمی جوہر کو اُجاگر کرنے کے لئے دکن آتے تھے۔ کلیم بھی خوش آیند مستقبل کی اُمید اور ہندوستان کی شنیدہ خوبیوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کے لئے شیراز سے سیدھا دکن آیا۔ ۱۰۰۸ھ اور ۱۰۱۴ھ کے درمیان "نورس پور" کی تعمیر ہورہی تھی۔ کلیم کی ایک مثنوی اور دو قصائد سے یہ ثبوت ملتا ہے کہ اُس نے وہ شاہزادہ خان اور اس کے قصر "نورس بہشت" کی تعریف میں سُپرد قلم کئے تھے اور اس عہد کی تاریخی تفصیلات کے لحاظ سے یہ دس سو دس (۱۰۱۰) اور دس سو چودہ (۱۰۱۴)[2] کے درمیانی زمانے کے تحریر کردہ قرار پاتے ہیں۔ لہٰذا اغلب ہے کہ کلیم ۱۰۱۰ھ اور ۱۰۱۴ھ کے درمیان وارد ہند ہوا ہوگا۔ اگر ہندوستان میں وارد ہونے کے وقت اس کی عمر ۲۰، ۲۱ سال فرض کی جائے تو اس کی پیدائش نوسو نود، نوسو چورانوے (۹۹۰-۹۹۴ھ) میں واقع ہوئی ہوگی، اور چونکہ اس کا انتقال دس سو اکسٹھ (۱۰۶۱ھ) میں ہوا تھا بنا بریں اس کی عمر اس حساب سے ۷۰، ۷۱ سال قرار پاتی ہے۔

جب کتب تواریخ اور تذکرے کسی ادیب یا شاعر کی ابتدائی زندگی کے حالات سے خالی ملتے ہیں اور خود شاعر بھی بطور انکسار یا بطور پردہ پوشی اپنے کلام میں کہیں اپنے لڑکپن کا صریحاً نہیں، سرسری ذکر بھی نہیں کرتا تو محقق کے لئے یہ امر بڑی مشکلات کا باعث بن جاتا ہے کیونکہ خارجی ذرائع یا داخلی شواہد ہی نتائج اخذ کرنے میں ممد و معاون ثابت ہوتے ہیں لہٰذا آج کلیم کے ابتدائی حالات بالکل تاریکی میں ہیں اور اس حصہ سے متعلق کوئی قطعی رائے قائم کرنا دشوار ہوگیا ہے پھر بھی جو کچھ معلومات مختلف ذرائع سے حاصل ہوسکی ہے ان کو ہم ہدیۂ قارئین کرتے ہیں۔

تعلیم:-

کلیم کی ابتدائی زندگی سے متعلق تذکرہ نگار صرف اتنا لکھنے پر اکتفا کرتے ہیں کہ اس نے شیراز جاکر علوم متداولہ کی تحصیل کی اور پھر ہندوستان چلا آیا۔

عبدالحمید[3] لاہوری۔ محمد امین قزوینی[4] اور بختاور خان[5] کا بیان ہے کہ:-

"کلیم عندلیبِ گلشنِ سخندانی در آغاز جوانی بہ شیراز شتافتہ دانش آموزی خواہش گرفت و لختی بہ علوم رسمی آشنا شدہ رہ نوردِ ہندوستان گردید۔"

پیشِ نظر دور میں علوم متداولہ سے مُراد عموماً فقہ، حدیث، کلام اور فلسفہ لی جاتی تھی اور کلام کلیم سے یہ ثبوت ملتا ہے کہ

---

(۱) تاریخ فرشتہ، جلد دوم، مقالہ سوم، روضۂ دوم، ص: ۷۸ تا ۸۳۔ تاریخ دکن (سلسلۂ آصفیہ) حصہ دوم، ص: ۲۱۶

(۲) تاریخی تفصیلات آئندہ صفحات میں درج ہیں۔

(۳) پادشاہنامہ لاہوری، جلد اول حصہ دوم، ص: ۳۵۲

(۴) پادشاہنامہ قزوینی، ورق: ۴۷۶ ب

(۵) مراۃ العالم، ورق: ۲۱۷ ب

129979

Marfat.com
Marfat.com

وہ ریاضی، ہیئت، منطق وغیرہ سے بھی بخوبی واقف تھا جو اس زمانے کے نصاب کے لازمی اجزا تھے۔ دارالعلم شیراز میں کثرت سے مدارس تھے اور کلیم اپنے پیشروؤں کی طرح اسی مرکزِ علم سے تحصیل علوم کر کے نکلا تھا لیکن پھر بھی ایک بات تشنہ رہ گئی کہ اس نے کن کن ہستیوں سے فیض حاصل کیا تھا؛ چونکہ میرزا جلال اسیر[2] کے متعلق اُس کے قلم سے ایسے اشعار نکلے ہیں جن سے اسیر کے تتبع کا ثبوت ملتا ہے۔ اس لئے اگر ہم انہیں کلیم کا استاد مانیں تو شاید حقیقت سے بعید نہ ہوگا۔

میرزائے ما جلال الدین بس است   از سخن سنجان طلب گارِ سخن
راستی طبعش، اُستادِ من است   کج فہم بر فرقِ دستارِ سخن

جلال الدین کی شخصیت کی کلیم نے وضاحت نہیں کی ہے۔ظن غالب ہے کہ اس سے مراد اس کے ہمعصر شاعر میرزا جلال اسیر ہیں جن کے حالات متعدد تذکروں میں ملتے ہیں۔ انہوں نے سنہ ۱۰۴۹ھ میں انتقال کیا اور ان کے تتبع کا اعتراف صائب نے بھی کیا ہے اور ممکن ہے کلیم نے ان کے رنگِ سخن سے فیض حاصل کیا ہو۔ سوائے میرزا جلال اسیر کے ہم کو کسی شخصیت کا پتہ نہ چل سکا جس سے کلیم نے اکتساب کیا ہو۔

کلیم کی آمد ہند :۔

کلیم کے ہندوستان آنے کے موقع پر دکن کی جو سیاسی حالت تھی اس کا نہایت ہی اجمالی خاکہ پیش کیا جاتا ہے تاکہ اس کے کلام کا ماحول سمجھنے میں سہولت ہو۔

سلطنتِ بہمنیہ (۱۳۴۷ء تا ۱۵۲۷ء) کے اختتام پر پانچ خود مختار ریاستوں کا قیام ہوا۔ بریدشاہی (بیدر) ۱۴۸۷ء تا ۱۶۱۹ء / (۸۹۲ھ تا ۱۰۲۸ھ)، عادل شاہی (بیجاپور) ۱۴۹۰ء تا ۱۶۸۶ء / (۸۹۵ھ تا ۱۰۹۷ھ)، عماد شاہی، برار (۱۴۹۰ء تا ۱۵۷۴ء) / ۸۹۵ھ تا ۹۸۲ھ، قطب شاہی (گولکنڈہ) ۱۵۱۸ء تا ۱۶۸۷ء / ۹۲۴ھ تا ۱۰۹۸ھ، اور نظام شاہی (احمدنگر) (۱۴۹۰ء تا ۱۶۲۳ء) / ۸۹۵ھ تا ۱۰۳۲ھ۔

یہ پانچوں ریاستیں توازن قوت کو برقرار رکھنے کے لئے ہمیشہ کوشاں رہتی تھیں کہ جنوبی دکن کی ریاست بیجانگر سے اَن بن ہوگئی اور جنگِ تالیکوٹ ۹۷۲ھ م ۱۵۶۵ء وقوع پذیر ہوئی۔ اس کے بعد دکن کی سیاسی حالت غیر متوازن ہوگئی۔ کیونکہ علی عادل شاہ (متوفی ۹۸۸ھ)، والئ بیجاپور کی قوت بہت بڑھ گئی تھی اور نظام شاہی حکمران اپنی ہمسایہ ریاستوں سے بدمزہ [illegible] لگے تھے لیکن اتفاق کی بات ہے کہ علی عادل شاہ کا انتقال ہوگیا اور ابراہیم عادل شاہ ثانی سریر آرائے [illegible] اس کی اور سلاطین گولکنڈہ کی یہ کوششیں رہیں کہ توازنِ قوت کو ہاتھ سے نہ جانے دیں کیونکہ دکن کا امن اسی اُصول سے وابستہ تھا

---

[1] حیات سعدی، ص ف، ترا دارالمومنین ویزد را دارالعباد گفتہ اند، شیراز راہم دارالعلوم خواندہ اند۔ حیاتِ سعدی۔ ص ۲۱۔ درآن عصر مدارس متعدد ودر مرکز اسلامیت برپا بود و طالبان علم از بلاد دور برائے تحصیل علم بمدارس مذکور رسیاد مند۔

[2] ماثر الکرام، ص ۵۳۰ " شاعر ادا بنداست و موجد انداز ہائے دلپسند۔ میرزا صائب سخن او را اکثر تضمین می کند و در مقطعے میگوید سے

نوشا کسے کہ چو صائب ز ساحبان سخن   تتبع سخن میرزا جلال کند

میرزا جلال از اجلۂ ساداتِ شہرستان صفاہان است، و بمصاہرت شاہ عباس ممتاز زمان۔ پیوستہ سرگرم صحبت ارباب کمال بود و در عین جوانی بہ بستر ناتوانی افتاد و در سنہ تسع واربعین والف (۱۰۴۹ھ) غبار ہستی بباد فنا داد۔

Marfat.com
Marfat.com

نظام شاہی حکمران دوسری ہمسایہ سلطنتوں سے اُلجھ اُلجھ کر نہ صرف سیاسی توازن بگاڑ رہے تھے بلکہ خود کمزور ہو رہے تھے اسی اثناء میں ۱۰۰۸ھ میں مغلوں نے حملہ کیا اور محل وقوع کے لحاظ سے اس کی زد میں سب سے پہلے سلطنت نظام شاہیہ ہی آئی۔ آخر کار ۱۰۱۹ھ میں اندرونی کشمکشوں اور مغلوں کی مدافعت سے تنگ آکر چاند بی بی نے خود کشی کر لی اور احمد نگر، برہان پور اور اسیر گڑھ مغلوں کے قبضہ میں آگئے۔ نظام شاہی سلطنت نے دم توڑ دیا اور اقتدارِ دکن کی حمایت کے لئے ابھی ملک عنبر نے تقویت حاصل نہیں کی تھی۔ اس وقت گولکنڈہ اور بیجاپور کی ریاستیں ہی ایسی رہ گئی تھیں جن میں علمی فضا قایم تھی، اور شاہانہ فیاضیوں کی وجہ سے دکن رشک ایران بنا ہوا تھا اور اسی خوشگوار مسابقت کی وجہ سے انھیں الیتاگتمزن کا موقع ملا۔ ایرانی ارباب ہنر بحری راستے سے واردِ دکن ہوتے تو پہلے انہیں ریاست بیجاپور ہی میں سرپرستی حاصل ہو جاتی تھی کیونکہ ابراہیم عادل شاہ ثانی (متوفی ۱۰۳۷ھ) کا وزیر شاہنواز خان شیرازی (متوفی ۱۰۲۰ھ) ایرانی نژاد تھا اور اس کی علم دوستی دفیاضی کے چرچے اہلِ ایران کو متوجہ کئے ہوئے تھے چنانچہ کلیم کے قدم اپنے پیشروؤں کی طرح اس طرف اُٹھنے لگے۔ کلیم کا ایک شعر اس کی آمدِ دکن کا واضح ثبوت ہے:

بسیر عزم بیجاپور گشتم
رہے با اختری خوش دشت پیما

پیش نظر زمانے میں سلاطین دکن کو مغلوں کے حملوں کا ہمیشہ کھٹکا لگا رہتا تھا بنا بریں سرحدی چوکیوں کا انتظام وانصرام بہت سخت تھا اور حکام وعمالِ سرحد ہر وقت چوکس رہتے تھے۔ ان کی فرض شناسی و بیدار مغزی کا ثبوت اس سے ملتا ہے کہ جب کلیم نے اپنے دوست اختری یزدی کے ہمراہ بیجاپور کی سرحدمیں داخل ہونے کی کوشش کی تو جاسوسی کے شبہ میں گرفتار کر لیا گیا اور نظر بند کر دیا گیا۔

جس طرح کلیم کے وطن کے بارے میں اختلاف ہوا تھا اسی طرح اس کی آمدِ دکن سے متعلق بھی اختلاف آراء ہے۔

۱۔ معاصر مورخین و تذکرہ نگاروں میں بجز ناظم تبریزی کے اکثر اس پر متفق ہیں کہ کلیم ہندوستان آیا اور دکن میں مقیم رہا مختلف لوگوں سے فیض یاب ہوتا رہا پھر شاہجہان کی تخت نشینی کا شہرہ ہوا تو وہ آگرہ آیا اور دربار سے توسل حاصل کیا۔

۲۔ متاخر مورخین و تذکرہ نگاروں کا بیان ہے کہ وہ پہلی مرتبہ دکن آنے کی بجائے آگرہ گیا اور دوسری دفعہ ۱۰۳۰ھ میں جب اس نے ہندوستان مراجعت کی تو دکن کا رُخ کیا۔

لیکن صحیح صورت حال یہ ہے کہ

(۱) کلیم پہلی مرتبہ ۱۱ویں صدی کی دوسری دہائی میں دکن آیا۔
(۲) ۱۰۲۸ھ میں ہندوستان سے پھر عراق کو مراجعت کی اور دو سال وہاں مقیم رہا۔
(۳) ۱۰۳۰ھ میں ہندوستان لوٹا اور واردِ آگرہ ہوا۔

اس اجمال کی تفصیل کے لئے زیر نظر صفحات میں بحث کی جاتی ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

۱۔ معاصر مورخ عبدالحمید لاہوری و محمد امین قزوینی لکھتے ہیں ۔
" لختی بر سمی علوم آشنائی بہم رسانیدہ رہ نورد ہندوستان گردید ۔ اگرچہ مدتی در سرزمین دکن و برخی دلہ دیگر ممالک ہندوستان بسر بردہ طرفی از کامرانی نہ بستہ بُود ۔ اما چون طنطنۂ اورنگ آرائی حضرت شاہنشاہی گوش جہانیان برافروخت ..... بآستانِ معلیٰ رسیدہ در زمرۂ بندگان در آمد[1] "
ان کے بیان سے کلیم کا پہلی دفعہ براہ راست دکن آنا ثابت ہوتا ہے لیکن اس میں ۱۰۲۸ھ میں عراق جاکر دوبارہ ۱۰۳۰ھ میں ہندوستان آنے کا کوئی ذکر نہیں ہے ۔ حالانکہ کلیم کے کلیات کے ایک قطعۂ تاریخی[2] سے شہادت ملتی ہے کہ وہ ۱۰۲۸ھ میں عراق واپس گیا تھا ۔
۲۔ متاخر مورخین و تذکرہ نگاروں میں منجملہ اوروں کے دو شخصیتیں قابلِ اسناد ہیں ۔ عبدالجبار ملکاپوری اور شبلی نعمانی ۔ عبدالجبار ملکاپوری کا بیان ہے ۔

" (کلیم) تحصیل سے فارغ ہونے کے بعد تلاشِ معاش میں سفر اختیار کیا ۔ جہانگیر کے زمانے میں ہند آیا ۔ شاہنواز خان صفوی کے مکان پر فروکش ہوا ۔ خان موصوف نے کلیم کے ساتھ مہمان نوازی کے مراسم کریمانہ طور پر ادا کئے ابھی جہانگیر کے دربار میں رسائی نہیں ہوئی تھی کہ وطن کی محبت دامن گیر ہوئی ۱۰۲۳ھ میں وطن مالوفہ کی طرف مراجعت کی ۔ وطن پہنچکر دو ڈھائی سال سے زیادہ نہیں ٹھہرا ، پھر ہندوستان واپس آیا ۔ اولاً دکن میں آیا ۔ ابراہیم عادل شاہ والئ بیجاپور کے پاس جارہا تھا کہ راہ میں جاسوسی کے شبہ میں گرفتار ہوا ۔ قلعہ شاہدرک میں قید کیا گیا ۔ قید خانہ میں عادل شاہ کی مدح میں ایک قصیدہ لکھا معلوم نہیں اس کا قصیدہ عادل شاہ کے ملاحظہ میں گزرا یا نہیں ، غالباً قرینہ سے معلوم ہوتا ہے کہ قصیدہ عادل شاہ کے ملاحظہ میں نہیں گزرا ۔ اگر گزرتا تو عادل شاہ کی عنایت و قدر دانی سے مالا مال ہو جاتا اور شاہجہان کے دربار میں پہنچنے کی تمنا کرتا آخر چند روز کے بعد قید خانہ سے رہا ہو کر شاہجہان کے دربار کا عزم جزم کیا اور قصیدہ میر جملہ شہرستانی کی مدح میں موزوں کیا ۔ اسمیں اپنا تمام حال و قید خانہ کے مصائب کا ذکر بھی کیا ہے " (مذکورہ قصیدے کے چند اشعار جو زیر بحث موضوع سے متعلق ہیں درج کئے جاتے ہیں)

فلک قدرا ! نمی پرسی کہ گردوں — چرا آزرد ما را بے محابا
چرا آزرد بیمارِ غمے را — کہ می آید بہ درگاہِ مسیحا
بعزم سیر بیجاپور گشتم — رہے با اختری خوش دشت پیما
دو بالِ طائر شوقیم ھر دو — نمی بودیم یک ساعت شکیبا

---

[1] بادشاہنامہ لاہوری ، جلد اول حصہ دوم ، ص ۳۵۴
[2] کلیات کلیم ، ورق ۶۹ ب

Marfat.com
Marfat.com

بچنگ رہ ہداران اُوفتادیم | بچنگیم تا چہا کردند باما
یکی گوید کہ وز دانند باشند | بہ زنداں چند گہ زنجیر فرسا
دیگر گوید کہ جاسوس فلانند | کہ از تفتیش ما گشتند رسوا
یکی می گوید ایشان را بکاوید | کہ شاید نامۂ گردد ہویدا
بجرم این کہ می ماند بہ نامہ | کشیدند استخوانہا را ز اعضا
کنون در چنگ ایشان مبتلایم | نمی دانیم چارہ جز مدارا
ز بہر پاس ہندو ہائے باتیغ | چو مو استادہ دایم بر سرِ ما
عجب دارم کہ با این منع جادہ | چسان بے خوات آمد تا باینجا
اشارت کن کہ چوں اقبال گردیم | بخاکِ آستانت جبہہ فرسا[1]"

ان کے اس بیان میں تین اُمور غور طلب ہیں۔

۱۔ کلیم نے ایک قصیدہ ابراہیم عادل شاہ کی مدح میں لکھا جس کے متعلق شبہ ہے کہ وہ اس تک پہنچ نہ سکا۔

۲۔ کلیم نے قید سے رہا ہو کر دربارِ شاہجہانی کا رُخ کیا اور وہاں جا کر میر جملہ شہرستانی کی مدح میں قصیدہ موزوں کیا جس میں اپنے قید خانے کے مصائب کا ذکر کیا۔

۳۔ دوسری دفعہ ۱۰۳۰ھ میں جب کلیم ہندوستان آیا تو پہلے دکن آیا۔

(۱) معاصر مورخین خاموش ہیں اور متاخر مورخین و تذکرہ نگار اس پر متفق ہیں کہ کلیم نے قید میں ایک قصیدہ ابراہیم عادل شاہ کی مدح میں لکھا۔ سارے کلیات کا بنظر تعمق مطالعہ کرنے کے بعد قید سے متعلق دو قطعے ملتے ہیں اور جس "قصیدہ" کا ذکر ہر تذکرہ نگار کرتا ہے وہ کہیں نہیں ملتا اور اگر ان تذکروں کی بات تسلیم کر لی جائے تو یہ سمجھنا ہو گا کہ ان قطعوں کے مطلع امتدادِ زمانہ کے نذر ہو گئے ہوں گے اور قصیدے قطعوں کی شکل میں باقی رہ گئے ہوں گے جو بعید از قیاس ہے اور پہلے قطعہ میں تو مقطع بھی نہیں۔ چونکہ دیوان اس کی حیات میں مدون نہیں ہوا تھا اس لئے اس کا احتمال ہے کہ یہ قطعہ نامکمل ہو۔ باوجود تلاش کے اس کے ماباقی اشعار کسی ماخذ سے بہمدست نہ ہو سکے۔

دوسرا زیر بحث امر یہ ہے کہ پہلے قطعہ میں اس کا کوئی مخاطب نہیں ہے اور دوسرے قطعہ میں شاہنواز خان کا نام واضح طور پر درج ہے۔ اس لئے اس کا مخاطب تو مسلمہ طور پر شاہنواز خان ہی ہے لیکن پہلے قطعہ میں چونکہ کسی کا نام نہیں ہے تو اسے کسی نے شاہنواز خان سے منسوب کر دیا ہے اور کسی نے میر جملہ شہرستانی سے، اور نہ کوئی قصیدہ ایسا مل سکا جس کو بادشاہِ وقت کے نام سے منسوب کیا جا سکے، موجودہ معلومات کی بنیاد پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ صرف

---

[1] تذکرہ محبوب الزمن، ص: ۱۰۹

Marfat.com
Marfat.com

تذکرہ نگاروں کی محض قیاس آرائی ہے۔

سارے قرائن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کلیم شبہ میں گرفتار کر لیا گیا اور نظر بندی کے دوران میں اس کی علمیت اور قابلیت سے عہدہ داران فوج متاثر ہوئے اور انہوں نے ہی اس کی ہمت افزائی کی اور اس نے ایک قطعہ کسی مقتدر اعلیٰ کی طرف مخاطبت کر کے لکھ دیا۔ مگر چونکہ سیاسی حالات کا اقتضا یہ تھا کہ مکمل اطمینان ہونے تک رہا نہ کیا جائے اس لئے حکام قید خانہ اس سے ہمدردی رکھنے کے باوجود اُسے رہا نہ کر سکے اور اغلب ہے کہ انہوں نے ہی اُسے دوسرا قطعہ سپرد قلم کرنے کی ترغیب دلائی ہو جس میں شاہنواز خان کا نام پایا جاتا ہے اور اسی قطعہ کو وزیر وقت شاہنواز خان شیرازی کے دربار میں پہنچایا گیا ہو اور اُسی کے حکم سے رہائی ہوئی ہو۔

۲۔ صاحب محبوب الزمن کے بیان کے مطابق اگر کلیم قید سے رہا ہو کر میر جملہ شہرستانی کے پاس گیا اور وہاں قصیدہ موزوں کیا، تسلیم کریں تو عقل و تحقیق دونوں نہیں مانتے کیونکہ اس کے مطالعہ سے اس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ وہ قطعہ یعنی عین قید کے مصائب میں لکھا گیا ہے۔ تیغوں اور برچھیوں کی چمک سے کلیم کی آنکھوں میں جو خیرگی پیدا ہو رہی تھی اور خوف سے جسم پر جو لرزہ پڑ رہا تھا، اس کا نقشہ صاف الفاظ میں کھینچا ہے۔ دوسرے سے "کنون در چنگ ایشان مبتلایم" میں "کنون" کا لفظ بتاتا ہے کہ شاعر ماضی کا کوئی واقعہ نہیں بلکہ حال کی تکلیف بیان کر رہا ہے اور بعد ازیں آخری شعر میں "اشارت کن" کا لفظ خود اس بات کا پتہ دے رہا ہے کہ شاعر نے اس اُمید سے یہ الفاظ استعمال کئے تھے کہ ممدوح کے اشارے پر وہ قید سے رہا ہو جائے گا۔ تاریخ شاہد ہے کہ میر جملہ شہرستانی ۱۰۲۷ھ میں فرمان جہانگیری سے ہندوستان آیا تھا اور بقول عبدالجبار کلیم ۱۰۱۸ھ میں عراق لوٹ گیا تھا، ایسی صورت میں اس کی ملاقات میر جملہ شہرستانی سے ہونے کے امکانات ہی کم ہوتے ہیں تو اُسے علم دوستی کے اظہار کرنے یا فیاضی کے دریا بہانے کا موقع ہی کب ملا ہوگا اور دوسری دفعہ کے سفر میں قید سے چھوٹ کر آگرہ پہنچنے کے بعد اس قسم کا قطعہ لکھنا تو لایعنی ہے۔

۳۔ اگر عبدالجبار ملکاپوری کے بیان کی تطابق میں بفرض محال یہ مان لیا جائے کہ کلیم نے ۱۰۲۰ھ کے بعد بیجاپور کا قصد کیا تھا تو پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کلیم کے کلیات میں "نورسپور" سے متعلق جو رباعی[۱] دستیاب ہوئی ہے اور شاہنواز خان کی عمارت کی تعریف میں جو مثنویاں و قصائد ملے ہیں ان کا سنہ ارقام کیا ہوگا؟ اور اگر [illegible] وغیرہ ۱۰۲۰ھ اور ۱۰۳۶ھ کے درمیان لکھے گئے تھے تو تاریخ سے ان معلومات کی تردید ہوتی ہے کیونکہ ۱۰۲۰ھ میں شاہنواز خان وزیر ابراہیم عادل شاہ ثانی فوت ہو چکا تھا اور ملک عنبر کی غارت گری سے دکن میں دھوم مچی ہوئی تھی اور ۱۰۲۴ھ میں تو ملک عنبر نے شہر نورسپور کو لوٹ کر اُسے کھنڈر میں تبدیل کر دیا تھا[۲]۔

---

[۱] کلیات کلیم، ورق: ۳۰۹ ب [۲] بساتین السلاطین، بستان پنجم، ص: ۲۷۲ "ملک عنبر بار دیگر بستہ ہزار و سی و چہار با جمعیت پنجاہ ہزار سوار بر نورسپور تاختہ آوردہ خرابی کمال بظہور رسانید"

Marfat.com
Marfat.com

دوسرے یہ کہ اگر کلیم نے ۱۰۳۴ھ اور ۱۰۳۶ھ کے درمیان آگرہ کا رُخ کیا تھا تو اُس زمانہ میں شہنشاہ جہانگیر[1] حکمران تھا شاہجہان کی حکمرانی کا تصور ہی سرے سے غلط ہے اور جبکہ پہلی دفعہ اُسے اُس دربار سے کوئی فیض حاصل نہیں ہوا تھا تو دوسری دفعہ کوئی امید وہ کیسے وابستہ کر سکتا تھا۔ ایسی صورت میں صاحب محبوب الزمن کا یہ حوالہ ناقص قرار پاتا ہے۔

۱۰۳۰ھ کے بعد کلیم کے وُرود بیجاپور کے دوسرے حامی شبلی ہیں۔ تذکرہ کلیم کے چیدہ جملے جن کا تعلق زیرِبحث موضوع سے ہے نقل کئے جاتے ہیں۔

"(کلیم) نے آغازِ جوانی میں شیراز جا کر علوم درسیہ کی تحصیل کی۔ جہانگیر کے عہدِ حکومت میں شاہنواز خان بن میرزا رستم صفوی ایک مشہور امیر تھا۔ کلیم نے اوّل اس کے دربار میں رسائی پیدا کی لیکن ۱۰۲۸ میں وطن کی یاد نے بےچین کیا۔ دو برس بھی (وطن میں) گزرنے نہ پائے تھے کہ پھر ہندوستان آیا۔ اب کی اس نے میر جملہ شہرستانی کا دامن پکڑا۔ کلیم کی شاعری کا اگرچہ سکہ جمتا جاتا تھا اس کے سرپرست بھی دربارِ شاہی میں خاص اعزاز رکھتے تھے لیکن جہانگیر تک اس کی رسائی نہ ہو سکی جس کی وجہ غالباً یہ تھی کہ دربار کا ملک الشعراء طالب آملی تھا۔ کلیم کی ناکامیابی کی ایک اور وجہ یہ تھی کہ نورجہاں بیگم اس کی شاعری کی معتقد نہ تھی اور اکثر اس کے اشعار پر حرف گیری کیا کرتی تھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ کلیم نے دربار میں پہنچنے سے پہلے جابجا خاک چھانی، شاہجہاں نامہ میں لکھا ہے کہ وہ دکن میں مارا مارا پھرا۔ اس کی تصدیق اس سے بھی ہوتی ہے کہ کلیم کا ایک قصیدہ ابراہیم عادل شاہ کی مدح میں بھی ہے۔ ایک اور قصیدہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بیجاپور کے ارادہ سے چلا تھا کہ راہ میں جاسوسی کے شبہ میں پکڑا گیا، اور قلعہ شاہدرک میں رکھا گیا۔

چنانچہ کہتا ہے ؎

فلک قدرا نمی پرسی کہ گردوں   چرا آزرد مارا بے محابا

یہ قصیدہ شاہنواز خان کے نام لکھا ہے اور آخر میں لکھا ہے ؎

اشارت کن کہ چوں اقبال گردیم   بخاکِ آستانت جبہہ فرسا[2]

مولانا شبلی کے اس بیان سے چار باتیں اخذ کی جا سکتی ہیں۔

۱۔ کلیم شیراز سے سیدھا عہدِ جہانگیری میں ہندوستان آیا اور شاہنواز خان بن میرزا رستم صفوی سے منسلک ہوا جو جہانگیر کا امیر تھا۔

۲۔ ۱۰۲۸ھ تک ہندوستان میں رہ کر واپس وطن لوٹا۔

---

[1] شہنشاہ جہانگیر - ۱۰۱۴ھ تا ۲۸ صفر ۱۰۳۷ھ

[2] شعر العجم، جلد سوم، ص: ۲۰۵ تا ۲۰۸

Marfat.com
Marfat.com

۳۔ ۱۰۳۰ھ میں دوبارہ ہندوستان آیا اور میر جملہ شہرستانی کا دامن پکڑا۔

۴۔ شاہجہاں نامہ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ دکن میں مارا مارا پھرا اور سفر بیجا پور کے موقع پر جاسوسی کے شبہ میں گرفتار ہو کر شاہد رک میں قید رہا اور ایک قصیدہ شاہنواز خان صفوی کے نام لکھا۔

۱۔ دیگر متاخر مورخین و تذکرہ نگاروں کی طرح شبلی بھی سفر اول میں کلیم کے عہد جہانگیر میں ہندوستان آنے اور شاہنواز خان صفوی سے منسلک ہونے پر متفق ہیں۔ اس مسئلہ پر ملکا پوری کے بیان کی تردید میں بحث کی جا چکی ہے۔

۲۔ ۱۰۲۸ھ تک یہاں رہ کر واپس ایران جانے کا خیال ہر لحاظ سے درست ہے۔

۳۔ ۱۰۳۰ھ میں دوبارہ ہندوستان آیا اور میر جملہ شہرستانی سے وابستہ ہوا۔ یہ استدلال بھی صحیح ہے۔

۴۔ شاہجہاں نامہ کے حوالے سے اس خیال کا اظہار فرماتے ہیں کہ کلیم "دکن میں مارا مارا پھرا تھا" اور قید سے رہائی کے لئے اس نے شاہنواز خان کا وسیلہ ڈھونڈھا تھا۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ

(۱) کلیم جب دکن گیا تھا تو شاہنواز خان صفوی سے متعارف تھا اور شبلی کے مذکورہ حوالہ کی روشنی میں یہ بات مسلمہ ہے کہ شاہنواز خان سے موصوف کی مراد شاہنواز خان صفوی ہی ہے۔

(۲) میر جملہ شہرستانی ابھی کلیم کی فہرست ممدوحین میں نہیں آیا تھا ورنہ اعانت طلب کرنے کے لئے میر جملہ کو بھی مخاطب کیا جا سکتا تھا۔ لہٰذا کلیم یا تو ۱۰۲۸ھ سے کچھ پہلے دکن گیا تھا اور وہاں سے شاہنواز خان کی مدد سے رہائی پا کر ایران کو مراجعت کی یا پھر ۱۰۳۰ھ کے بعد دوسرے سفر کے دوران میں دکن گیا تھا اور ہنوز میر جملہ شہرستانی سے واقف نہ تھا۔

تذکرہ محبوب الزمن کے فاضل مصنف کے استدلال کی تردید کے ضمن میں ان امور سے تفصیلی بحث کی جا چکی ہے کہ کلیم کا ممدوح شاہنواز خان شیرازی ۱۰۲۰ھ تک رحلت کر چکا تھا اور اس کے بعد کلیم کا بیجا پور آنا یقیناً لاحاصل تھا اور اگر شاہنواز خان صفوی سے اس کے اتنے اچھے مراسم ہوتے کہ اُسے قید بیجا پور سے چھڑا سکتے تو ظاہر ہے کہ وہ اسی سے وابستہ رہتا دکن ہرگز نہ جاتا۔ اور جب شبلی مرحوم شاہنواز خان ہی کے ذریعہ کلیم کو رہائی دلانے پر مُصر تھے تو انہیں "فلک قدر را" والے قطعے کے بجائے قافیہ فریاد، اسناد والا قطعہ پیش کرنا چاہیے تھا جس میں شاہنواز خان کا نام درج ہے قطع نظر اس کے کہ یہ شاہنواز خان شیرازی تھا یا شاہنواز خان صفوی یہاں متعلقہ شعر پیش کئے جاتے ہیں جن پر شبلی اپنے دعوے کی بنیاد رکھ سکتے تھے۔

حدیث شکوہ گردوں بلند خواہم کرد	مگر بہ درگہ نواب خان رسد فریاد
پناہ اہل ہنر شاہنواز خان کہ کند	ز رائے روشن و آفتاب استمداد
جہاں بذات عدیم المثال او نازاں	بداں مشابہ کہ اہل ہنر با ستعداد
زہے شکستۂ اہل ہنر درست از تو	چہ واقع است کہ مارا نمی کنی امداد
سزائے بے گنہاں گر چنیں بود حکم	بعزتش اگر نہی کس بما کند اسناد

Marfat.com
Marfat.com

بکنج دہ، من سی روزہ، مست رسوا را — زمانہ چلہ نشین کردہ است چوں زہاد
رو آبود کہ فراموش کردۂ از من — خصوص از پیٔ صد گونہ شکوۂ بیداد
رضائے آمدن از نیست رخصتِ رفتن — کرم نما کہ دریں رہ نمی تواں ایستاد
بداں شاہ از یں آمدن سبک شدہ ام — کہ ہمچو موج بہ پس میردم ز جنبش باد
ہزار کوہِ غمم سدِّ راہ شُد تا کے — ز نوکِ خامہ کنم کارِ تیشۂ فرہاد
کلیم گوہر ارزندہ ایست حیرانم — کہ از کجا بکفِ طالعِ زبوں افتاد[۱]

ان تمام تفصیلات کے بعد ہم یہ کہنے کے موقف میں ہیں کہ موصوف نے دیگر تذکرہ نگاروں وغیرہ کے بیانات کو مِلا دیا ہے۔ چونکہ "فلک قدرا" والے قطعہ کو عبد الجبار ملکاپوری میر جملہ سے متعلق قرار دے چکے تھے اس لئے شبلی نے اسے شاہنواز خان سے منتسب کر کے مبہم سا نتیجہ نکالا ہے جس کی وجہ سے محقق کو غلط فہمی کا شکار ہونا پڑتا ہے۔

مذکورہ بالا دلائل سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ کلیم شیراز سے پہلی دفعہ بحری راستے سے ہندوستان آیا کیونکہ دکن آنے کیلئے یہی راستہ زیادہ قریب ہوتا تھا اور شاہنواز خان شیرازی کے چرچے اکثر ارباب ہنر کی کشش کا باعث بنے ہوئے تھے اور محلِ وقوع کے لحاظ سے گولکنڈہ سے قبل عادل شاہی سلطنت ہمارا راستے میں آتی تھی۔ چنانچہ کلیم سیدھا بیجاپور پہنچا تاکہ شاہنواز خان شیرازی کی سرپرستی حاصل کر سکے۔

کلیم کا ممدوح :- جہاں کلیم کے وطن اور اس کی آمدِ ہند کے مسائل متنازعہ فیہ تھے وہیں اس کے ممدوح کی شخصیت بھی معرضِ اختلاف بن گئی ہے۔

بجز (عبد الحمید لاہوری، محمد امین قزوینی اور) صاحب فانوس خیال، تمام مورخین تذکرہ نگار اور فہرست نگاروں کے نیتجہ فکر کی تنقیح و تنقید کریں تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ "کلیم شہنشاہِ جہانگیر کے ابتدائی عہد میں ہندوستان آیا اور شاہنواز خان بن میرزا رستم صفوی کے سلکِ مدّاحان میں منسلک ہوا" چنانچہ خزانہ عامرہ سے اس کا ثبوت اس طرح ملتا ہے۔

"کلیم در عہد جہانگیری بسیر ہند خرامید و با شاہنواز خان بن میرزا رستم صفوی[۲] (متوفی ۱۰۶۹ھ) مربوط گشتہ

---

[۱] کلیاتِ کلیم ادرق: ۳۸ ب
[۲] ماثر الامرا، جلد دوم ص ۶۷۰ ۔ شاہنواز خان صفوی۔ میرزا بدیع الزمان نام داشت مشہور بہ میرزا دکنی، رشید ترین پسران میرزا رستم قندھاری ست۔ در عہد جہانگیری بہ مدارج دولت و امارت مرتقی گشتہ بہ خطاب شاہنواز خانی چہرۂ کامرانی برافروخت و صوبہ ٹھٹھہ و بہار بخدمات پادشاہی می گزرانید۔ در سال سیوم صاحب قرانی ثانی بہ ہمراہی خواجہ ابو الحسن تربتی باستخلاص تا بکید تربنک تعین گشت۔ بنا بر علو نسب و والا دودمانی خان مشار الیہ بیست و سوم ذی الحجہ سال دہم جشن ازدواج شاہزادہ محمد اورنگ زیب بہادر با صبیہ کریمۂ او منعقد گردید۔ و در سال پانزدہم صبیۂ دیگرش بجہت شاہزادہ محمد مراد بخش خواستگاری شد۔ در سال بیستم بہ صاحب صوبگی مالوہ سربرافراخت بیست و نہم جمادی الاخری ۱۰۶۹ھ در عین جنگ تیرے بہ ناخن رسیدہ کار او تمام ساخت۔"

رعایت فراوان یافت"

میر غلام علی آزاد (متوفی ۱۲۰۰ھ) اس نظریہ کی تائید ان الفاظ میں کرتے ہیں:-

"دو بار بسیر ہند شتافت، کرتِ اول در عہد جہانگیری رسید و با شاہنواز خان بن میرزا رستم صفوی صحبت کوک گردید"[2]

صاحب ریاض الشعراء کا بیان ہے:

"در عہد جہانگیر بادشاہ بہ ہندوستان آمدہ"[3]

قدرت اللہ گوپاموی اس خیال پر یوں صاد کرتے ہیں:

"در آغازِ شباب بعہد جہانگیری وارد ہندوستان گشتہ بارتباط با شاہنواز خان بن میرزا رستم صفوی بہرہ اندوز نمایاں گردید"[4]

کتب خانہ بانکی پور کے فہرست نگار ڈینسن راس (D. Ross) لکھتے ہیں:

After pursuing a course of studies in Shiraz, Abu Talib Kalim in his youth came to India, during the reign of Jahangir, and attached himself to Shahnawaz Khan, son of Mirza Rustum Safawi."[5]

گذشتہ صفحات میں ہم یہ ثابت کر چکے ہیں کہ کلیم عہد جہانگیر میں شمالی ہند نہیں گیا بلکہ بحری راستے سے دکن آیا اور شاہنواز خان شیرازی کی شخصیت اس کے لئے مرکز جاذبہ بنی ہوئی تھی۔ مگر مندرجہ بیانات سے تو یہ ظاہر ہو رہا ہے کہ کلیم شاہنواز خان صفوی جس کی ولدیت میرزا رستم صفوی تھی سے مربوط ہوا۔ اس خیال کی بنیاد غالباً کلیاتِ کلیم کی ایک مثنوی اور دو قصائد ہوئے ہیں جن میں شاہنواز خان کا نام ملتا ہے اور ولدیت کا ذکر کہیں نہیں ہے۔ شہنشاہ جہانگیر کا عہد اور شاہنواز خان کے نام کے ساتھ ہی قدرتی طور پر تذکرہ نگاروں اور مورخین کا ذہن فوراً عہد جہانگیری کے ایک امیر شاہنواز خان بن میرزا رستم صفوی کی طرف منتقل

---

[1] خزانۂ عامرہ، ص: ۳۹۱

[2] مآثر الکرام، ص: ۷۷

[3] ریاض الشعراء، ص: ۷۱۹

[4] نتائج الافکار، ص: ۳۶۷

[5] Catal. Bankipore Lib. Per. Mss. Vol. III. p. 97

Marfat.com
Marfat.com

ہوگیا۔ صرف صاحب "فانوس خیال"[1] نے شاہنواز خان بیجاپوری لکھا ہے۔ اگرچہ تذکرہ نگار نے بھی لکھا تب بھی کلیاتِ کلیم کا بہ امعانِ نظر مطالعہ کرنے سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ کلیم کا ممدوح عہدِ جہانگیری کا ایک امیر شاہنواز خان ابن میرزا رستم صفوی[2] نہیں بلکہ ابراہیم عادل شاہ ثانی (۹۸۸ھ تا ۱۰۳۷ھ) والیٔ بیجاپور کا وزیر "نواب شاہنواز خان شیرازی"[3] ہے اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ کلیم کے اشعار ذیل میں شاہنواز خان کے نام کے ساتھ اس کے عہدہ کی صراحت بھی ملتی ہے۔ مثنوی کے دو بیت ہیں ؎

درو از صورتِ نواب دوراں مہر سو ہست صد خورشید تاباں

---

[1] فانوس خیال، ورق ۴۰ ب

[2] ماثر الامراء، جلد دوم، ص: ۶۷۔ (حالات شاہنواز خاں بن میرزا رستم صفوی)

[3] تاریخ فرشتہ، جلد دوم، مقالہ سوم، روضہ دوم، ص: ۷۸

درآں وقت کہ علی عادل شاہ مبلغ گران مصحوب مردم معتبر بشیراز فرستاد خواجہ سعد الدین عنایت بمقتضائی قل سیروا فی الارض برقامت آں معدن فضل و کمال راست واز راہ دریا با جمعیت موفور بدار السلطنۃ بیجاپور تشریف شریف ارزانی فرمود و آنحدود در تفرج کرد در معظم بلاد ہندوستان را مانند برہان پور واجین و آگرہ و دہلی سیر نمودہ۔ و بتاریخ نہصد و نود و ہشت بدار السلطنۃ بیجاپور آمدہ۔ از ندیمان مجلس ہمایوں درگاہ گردید و در اواخر سنہ الف ہجری بعنوان ایلچی گری وایقاع صلح و شکستن قلعۂ متحدث نزد برہان شاہ کہ در سرحد عدالت پناہ اقامت داشت تشریف شریف ارزانی فرمود۔ چوں بر مسند منصب کار ملکی تمکین و استقلال تمام بہم رسانیدہ بمقتضائی رائی زرین چناں مناسب دید کہ حضرت شہنشاہ خود بر واقعات کار ملکی و مالی مطلع گردد۔ بتاریخ سنہ الف در قطعۂ یاقوت ایں عبارت نقش کرد "شاگرد ابراہیم عادل شاہ شاہنواز خان" و آں را نگین انگشتری ساخت و در آں روز خطاب عنایت خان بخطاب شاہنواز خان مبدل گردانید۔ در ہماں زمان سلطان جہاں بزبان الہام بیان آورد کہ ہمت پادشاہانہ مصروف بآنست کہ منزل کہ خلد از تماشائی آں سر افتخار برافراز و طرح نمودہ با تمام رسانی خان والا منزلت تصری و پیشگاہی بنا نہاد...

.... مثمن مسمی بنورس بہشت۔ بتاریخ بست و سوم ماہ ربیع الثانی سنہ عشر و الف (۱۰۱۰ھ) از مطلع امید خان کیوان ایوان کوکب خط نزادہ سعادت مدار ارجمند موسوم بمیرزا علاء الدولہ طلوع نمود و جشن عالی ترتیب یافتہ و عدالت پناہ بمنزل بہشت آسا تشریف آوردہ و پایۂ قدر و منزلت شاہنواز خان باعلی علیین رساند۔ و مولانا ملک قمی و ظہوری قصائد غرا گذرانیدہ بتحسین شہنشاہ جم تمکین اختصاص یافتند۔

(کامی شیرازی، از ڈاکٹر امیر حسن عابدی۔ مجلہ علوم اسلامیہ علیگڈھ۔ جون ۱۹۶۰ء، ص: ۷۰)

شاہنواز خان کی تاریخ وفات سے متعلق معاصر تاریخیں خاموش ہیں۔ کامی شیرازی کے دیوان سے ایک رباعی حاصل ہوتی ہے جس سے تاریخ وفات کا استخراج کیا گیا ہے ؎

آں سرو کہ بود بر جہاں تو بخش برکند چوں صرصر اجل از بیخش
چوں سال وفاتش از فرد جستم گفت از شاہنواز خان طلب تاریخش
۱۰۲۰ھ

Marfat.com
Marfat.com

وزیر پیش بین دستور دانا | دلش آئینہ احوال ... فردا[۱]

"وزیر" اور "دستور" دو الفاظ شاہنواز خان کی وزارت کے شاہد ہیں۔"

پناہ اہلِ ہنر شاہنواز خاں کہ کند | ز رائے روشنِ اُو آفتاب استمداد[۱]

شاہنواز خان کی علم دوستی اور اربابِ ہنر کی قدردانی کا اظہار اس شعر سے واضح طور پر ہوتا ہے

خانِ جم رتبہ شاہنواز کہ ہست | نقدِ شاہی ازو تمام عیار[۲]

نقدِ شاہی کا اشارہ بتاتا ہے کہ مالیہ و دارالضرب بھی اس کے اختیار میں تھا۔

مزید برآں ابراہیم عادل شاہ ثانی کی تعریف میں بھی قصاید ہیں اس میں حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کے نام و لقب کو لفظی اشتراک کی بناء پر کلیم نے بھی استعمال کیا ہے اور اس کے ساتھ ہی شاہنواز خان کی مدح ہونے سے شاہنواز خان کی شخصیت کی قطعی تصدیق ہوتی ہے اور دونوں کا تعلق معلوم ہوتا ہے۔

اے بنایت بسان کعبہ شدہ | در زمانِ شہ خلیل اطوار

خسرو نہ سپہر ابراہیم | کار فرمائے ثابت و سیار

پیشۂ ظلم نار نمرودے | گلشنِ عدل آب دریا بار

شہریارے کہ پاس مُلکش را | بختِ نواب خاں بود بیدار

صفحہ ۳۴ حاشیہ ۱ : (حالات شاہنواز خان بن میرزا رستم صفوی)

"میرزا بدیع الزمان نام داشت مشہور بہ میرزا دکنی، رشید ترین پسران میرزا رستم قندھاری ست۔ در عہد جہانگیری بمعالی دولت و امارت مرتقی گشتہ بخطاب شاہنواز خانی چہرۂ کامرانی برافروخت و منصب ... و بہار بخدمات پادشاہی می گزرانید۔ در سال ... صاحب قران ثانی بہمراہی خواجہ ابوالحسن تربتی باستخلاص ناسک و ترنبک تعین گشت۔ بنا بر علو نسب و والا دودمانی خان ... دسوم ذی الحجہ سال دہم جشن از ازدواج شاہزادہ محمد اورنگ زیب بہادر با صبیۂ کریمۂ او منعقد گردید۔

و در سال پانزدہم ... دیگر ... بجہت شاہزادہ محمد مراد بخش خواستگاری ... صاحب ... افراخت۔ بیست و نہم جمادی الاخری ۱۰۶۸ھ در عین جنگ تیرے بر ... رسیدہ کار او تمام ساخت۔"

کلمات الشعراء سرخوش، ص: ۷۶، ۱۰۶۱ھ — یدِ بیضا، ص: ۲۰۶، ۱۰۶۱ھ

[۲] کلیات کلیم ورق: ۲۸۴ ب

حاشیہ صفحہ ہذا: [۱] کلیات کلیم، ورق: ۶۲ ... ب — [۲] کلیات کلیم، ورق: ۱۹۹ ب

Marfat.com
Marfat.com

"از آنجا (شیراز) بہ ہند آمدہ مدتی در دکن وچندے دریں مملکتِ وسیع اوقات گذرانید[1]"

اس سے قطعاً ثابت ہوتا ہے کہ وہ شیراز سے براہِ راست واردِ دکن ہوا اور حسبِ توقع ابراہیم عادل شاہ ثانی (متوفی ۱۰۳۷ھ) کی علم پروری اور شعر نوازی اور شاہنواز خان شیرازی کی داد و دہش کی شہرت اسے مسحور کئے ہوئے تھی۔ عہدِ جہانگیر کے امیر شاہنواز خان بن مرزا رستم صفوی کا قیام بیجاپور ان سنین کے مابین کسی تاریخ سے ثابت ہونا تو درکنار اس کا اشارہ تک نہیں پایا جاتا۔ اس لئے کلیم کا اس کے یہاں مقیم ہونا بالکل بعید از قیاس ہے۔

معاصر مورخین کے علاوہ دیگر تذکرہ نگاروں نے کلیم کی وفات کے بہت دنوں بعد اس کے حالات تحریر کئے ہیں اور خود کلیم نے اپنی زندگی سے متعلق کوئی مواد نہیں چھوڑا' اس لئے تذکرہ نگار مختلف الخیال رہے اور اب تک کسی نے تحقیق کر کے حالات قلمبند کرنے کی کوشش نہیں کی۔ لہٰذا مذکورہ بالا استدلال کی روشنی میں ہم پچھلے تذکرہ نگاروں کے بیانات کو کالعدم کر کے یہ ثابت کرنے کے موقف میں ہیں کہ کلیم کا ممدوح "سپہر مرتبہ نواب شاہنواز خان (متوفی ۱۰۲۰ھ) وزیر ابراہیم عادل شاہ ثانی" تھا نہ کہ شاہنواز خان بن میرزا رستم صفوی امیر عہدِ جہانگیری۔

کلیم کے ورودِ دکن کا سنہ:۔

شاہنواز خان شیرازی کی شخصیت مزید موثق ہو جائے گی جبکہ ہم کلیم کے ورودِ دکن کے سنہ کا تعین بھی تاریخی شواہد کی روشنی میں کردیں گے۔ جیسا کہ اُوپر گذر چکا ہے کہ کلیم کو راستے میں بہت سی صعوبتیں جھیلتے ہوئے منزلِ مقصود تک پہنچنا پڑا اور جب کلیم فلک کج رفتار کی نوازشوں' محبس کی کلفتوں سے نجات پاکر آزادی کی فضا میں سانس لینے لگا تو اس نے اپنے محسن شاہنواز خان کے آستانہ پر جبینِ نیاز خم کی۔ چونکہ صاحب سیف تو تھا نہیں اس لئے قلم ہی کا سہارا لینا پڑا۔ ایک قصیدہ اور مثنوی ہمیں ملتے ہیں جو شاہنواز خان کی امارت کی تعریف میں لکھے گئے تھے اور مادح و ممدوح کے تعلقات کے شاہد بھی ہیں اور کلیم کے وارد دکن ہونے کی تاریخ کا تعین بھی اسی قصیدہ اور مثنوی کے سنہ ارقام کا پتہ لگنے پر ہو سکتا ہے

شاہنواز خان ۱۰۰۳ھ سے ابراہیم عادل شاہ ثانی کی مزاج و کاروبار میں دخیل ہونے لگا تھا۔ اور منصب کار ملکی پر فائز ہو کر ۱۰۱۰ھ میں انتہائے عروج پر پہنچ گیا تھا۔ ۱۰۱۸ھ تک تاریخ فرشتہ میں اس کے حالات ملتے ہیں۔ تاریخ فرشتہ و بیجاپور کی دیگر تواریخ سے یہ مواد ملتا ہے کہ ابراہیم عادل شاہ ثانی نے ایک نیا شہر بسانے کا منصوبہ باندھا اور ۱۰۰۸ھ میں اس کی تعمیر و تشکیل کا کام اُس نے اپنے "وزیر بیش بیں" شاہنواز خان کے تفویض کیا[2]۔ چنانچہ ۱۰۰۸ھ سے ۱۰۱۴ھ تک اس نئے شہر میں عمارات کی تعمیر ہوتی رہی جس کا اظہار کلیم کے ان اشعار سے ہوتا ہے ؎

---

[1] بادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول حصہ دوم ص: ۱۵۳ ؛ پادشاہ نامہ قزوینی، ورق: ۴۷۶ ب

[2] تذکرۃ الملوک، شیرازی، ورق: ۱۰۹ ب۔ بساتین السلاطین، بستان پنجم۔ ص: ۲۳۶

Marfat.com
Marfat.com

نتواں گفت پیشِ ہمتِ او | خاک وزر را یکے بود مقدار
خاک را او بآسمان بردہ | ایں بنا شاہد ہمیں گفتار[1]

اس شہر کا نام ابراہیم عادل شاہ نے "نورس پور" رکھا[2]۔ چراغوں سے جگمگاتے شہر کی منظر کشی کلیم کی مندرجہ ذیل رباعی میں ملتی ہے ؎

شبہا زچراغ و شمع در "نورس پور" | ہر ذرہ زندلان تجلی با طور
ہر روز نہ شوقِ ایں چراغاں تا شب | خورشید فتیلہ تابد از رشتہٴ نور[3]

شاہنواز خان نے ۱۰۰۹ھ میں "نورس بہشت" کے نام سے ایک محل تعمیر کیا[4]۔ ۱۰۱۰ھ میں اس کے ایک لڑکا تولد ہوا جس کا نام علاؤ الدولہ تھا اس کے جشنِ پیدائش کے سلسلہ میں شاہنواز خان نے بادشاہ کی بڑے تزک و احتشام سے ضیافت کی۔ اس موقع پر شعرائے پائے تخت نے مدح سرائی کی۔ ظہوری نے ایک مثنوی لکھی تھی جس سے تاریخ نکلتی ہے اس کے چند شعر یہاں پیش کئے جاتے ہیں۔ ان سے کلیم کی تحریر کردہ مثنوی و قصیدہ کے موضوع کی مطابقت بھی بآسانی ہوسکے گی۔

اے بنا ہا ہمہ نہادہٴ تو | ہر کرا ہر چہ ہست دادہٴ تو
کردہ افسانہائے ایں گلزار | خواب ہا را تمام باغ و بہار

صرف شد بے دریغ مالے چند | شد بہر ماہ کار سالے چند
شد باتمام پیش کہ زود انباز | گشت تاریخ انتہا "آغاز" (۱۰۰۹)[5]

اس کے سوا ظہوری کا ایک اور قصیدہ اس عمارت کی تفصیلات کا حامل ہے جس کی مطابقت تاریخ فرشتہ کی درج ذیل عبارت سے ہوتی ہے۔

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق: ۳۸ الف ب

[2] تاریخِ فرشتہ، جلد دوم، ص: ۱۵۶

[3] کلیاتِ کلیم، ورق: ۳۰۹ ب

[4] تاریخِ فرشتہ، جلد دوم، ص: ۱۵۶ "و بالائی ایں دروازہ عمارتی است مثمن مسمی بنورس بہشت"

[5] Zuhuri - Life and Works, P. 327 to 329.

Marfat.com
Marfat.com

"حورانِ بہشت، غلمان و رضوان از ہوائے آں مکان نزہت سرشت بیتاب و مضطر، اشعۂ شمسۂ اش خورشید ضیا گستر و غرفات شرفاتش مطلع شمس و قمر۔" [1]

ظہوری کے طویل قصیدہ کے چند اشعار یہ ہیں ۔

" اساسِ قصر چنیں خواب کے تواں افگند — کہ دستِ ہمت آں ہم در کامران افگند
علوئے کنگرہ اش تا بغایتے برسید — کہ آسماں را از چشم اختران افگند
شبِ سیاہ فروغِ بیاض دیوارش — مؤذنان را از صبح در گمان افگند
چون خشتِ عرصۂ او داشت رنگ فیروزہ — فلک بہ مغلطہ خود را دراں میاں افگند
بجود فروشد و صد بار وہم دور اندیش — چو شمسہاش اشعۂ بر آسماں افگند" [2]

صاحبِ تاریخ فرشتہ نے جو تفصیلات عمارت شاہنواز خان کے متعلق بیان کی ہیں، اس کا کچھ حصہ یہاں درج کیا جاتا ہے جس سے بعد ازاں کلیم کی مثنوی و قصاید سے مطابقت کی جائے گی۔

"طرح آں عمارت کہ مرقوم خامۂ لطایف نگار گردید، بدیں نہج است چہار دیوار دارد کہ ضلع او قریب چہار صد گز شرعی است. بجانب شمال و دروازہ کشادہ می شود، یکی دروازہ ایست بغایت رفعت و بزرگی و بجانب بازار کہ مشہور است بہ بازار شاہنواز خان باز می شود، و دروازۂ دیگر واقع است نزدیک چارسوی دربار پادشاہی و بالائی ایں دروازہ عمارتی است مثمن مسمی بہ "نورس بہشت". اندرون و بیرون بوم و دیوارہا را مطلا ساختہ نقاشانِ چیرہ دست صور تہائی مرغوب بر آں کشیدہ اند. مردمیکہ بدار الامارۃ تردد می نمایند، اول بہ تماشائے آں مشغول گردیدہ، والہ و شیدائے صورتہا می شوند بعدہ بہ تکلیف درجہ طبیعت از انجا قدم پیشتر می گذارند .... و در وسط حقیقی آں چار دیوار عمارتیست در نہایت ارتفاع مشتمل بر ایوان طولانی کہ دو طرف آں حجرہاست و ایں صفہ رُو بہ شمال است و عقبش طنبی در نہایت زیبائے و طنبی کہ عمارت از شرقی و غربی باشد نیز از ابہاست" [3]

کلیم نے "نورس بہشت" کی جو تعریف کی ہے اس میں فرشتہ کی طرح قصر کے ساتھ ایوان کی آرایش و زیبایش کا ذکر بھی کیا ہے۔ علاوہ بریں محل کی نقاشی پر لوگوں کے مسحور ہونے کا ذکر بھی کلیم کے اشعار میں موجود ہے۔ اس لئے اب کلیم کی

---

۱ تاریخ فرشتہ: جلد دوم، ص: ۱۵۷

۲ Zuhuri - Life and Works, P. 329

۳ تاریخ فرشتہ، جلد دوم، ص: ۱۵۷

Marfat.com
Marfat.com

مثنوی کے چند اشعار ملاحظہ ہوں ؎

زہی قصری کہ گردونت دہد باج — سخن را بردہ تعریفت بمعراج
ز انبوہِ سران سجدہ پرواز — درش از نقش جبہہ سینۂ باز
کنند تا صورتت ایواں تماشا — نہادہ عرش و کرسی در تہ پا
درو از صورتت ثوابت دوراں — بہر سو ہست صد خورشید تاباں
زلال کوثر است و صاف زمزم — نم او زخم جدول راست مرہم
زتمثالِ شہ و گلہائے بے خار — در ایوان بنی ابراہیم و گلزار
شہِ عادل، خدیوِ ملکِ اقبال — کشادہ جبہہ اش امید را فال
خلیل آسا بنوعی بت شکستہ — کہ نظم باد تار از ہم گسستہ
وزیرِ پیشش بیں دستورِ دانا — دلش آئینہ، احوالِ فردا[2]

نورس بہشت کی تعریف میں ایک اور قصیدہ کلیات میں ملتا ہے جس کے چند اشعار پیش کئے جاتے ہیں ؎

اے خجستہ بنائے عرش آثار — عالمِ فیض و مہبطِ انوار
کمترین صورتے ز ایوانت — نہ صدف لاجورد چرخ بکار
آسماں با ہمہ بلندئے خویش — دامنِ رفعت تراست غبار
روستائے بسیر شہر آید — گر دریں جا بہشت یابد بار
اے بنایت بسان کعبہ شدہ — در زمانِ شہِ خلیل اطوار[3]
خسروِ نہ سپہر ابراہیم — کار فرمائے ثابت و سیار
نتواں گفت پیشِ ہمتِ او — خاک در زر را یکے بود مقدار
خاک را او بآسمان بردہ — ایں بنا شاہد ہمیں گفتار[4]

---

۱ نواب شاہنواز خان

۲ کلیاتِ کلیم، ورق: ۹۳ ب

۳ ظہوری کے مندرجہ ذیل شعر سے مشابہت ہوتی ہے ؎ Zahuri life & works P. 228

[illegible] ابراہیم — کعبہ [illegible] اقلیم

۴ کلیاتِ کلیم، ورق ۱۲۶ ل

Marfat.com
Marfat.com

اِن اشعار کے تاریخی مواد اور دیگر شعراء کے کلام کی مطابقت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ کلیم نے شاہنواز خان کے قصر "نورس بہشت" کی تعریف مذکورہ بالا جشنِ تولدِ علاؤ الدولہ کے انعقاد سے قریب کے زمانہ میں کی ہے جشن کے موقع پر نہیں کیونکہ اگر وہ شاہ کی شرکتِ جشن کے وقت وہاں موجود ہوتا تو قصاید و مثنوی میں اس کا ذکر کہیں نہ کہیں اشارۃً و کنایۃً ہی سہی ضرور کرتا تھا اور جب کہ دوسرے شعراء نے قصاید لکھے ہیں تو کلیم کے نہ لکھنے میں کونسا امر مانع ہوسکتا تھا بلکہ باریابی و تقرب کا یہ سب سے مناسب موقع ہوتا تھا اور کلیم اس سے استفادہ کئے بغیر نہیں رہ سکتا تھا۔ لہٰذا یہ ثابت ہوتا ہے کہ کلیم ۱۰۱۰ھ اور ۱۰۱۴ھ کے درمیان واردِ بیجاپور ہوا نہ کہ ۱۰۰۸ھ - ۱۰۱۰ھ کے قریب جیسا کہ "اورینٹل کالج میگزین" کے فاضل مقالہ نگار[۱] نے تحریر فرمایا ہے۔

کلیم بیجاپور میں :-

کلیم کے ورودِ دکن وغیرہ کے سنین و واقعات قلمبند ہوچکے ہیں اور اب یہ دیکھنا ہے کہ اس نے یہاں آنے کے بعد ابتدائی زمانہ کس طرح بسر کیا۔

کلیم نومشق و نوعمر تھا، ملک قمی، ظہوری، سنجر کاشی وغیرہ کی سی پختہ مشق ہستیوں کے آگے اس کا رنگ نہ جمتا تھا حالات بتلاتے ہیں کہ اُسے نہ دربار عادل شاہی میں بار مل سکا اور نہ شاہنواز خان سے حسبِ توقع سرپرستی ملی کیونکہ ایک قصیدہ بھی ایسا نہیں ہے جس میں اس کے نوازے جانے کا اعتراف ہو بلکہ شاہنواز خان کی مدح میں کلیم کا ایک ایسا قصیدہ نظر سے گذرا ہے جس میں ممدوح کی عدم توجہی اور اپنی دربدر کی ٹھوکریں کھانے کی توجیہ یوں کی ہے ؎

مرا جفائے تو زین شہر پائے رفتن داد | زصید گاہت پرواز کردم از پرِ تیر[۲]

اور پھر اسی قصیدہ میں ممدوح کی بزم میں بار حاصل کرنے کی اجازت پورے عجز کے ساتھ مانگی ہے ؎

برم پناہ ز روزِ سیہ بخورشیدے | کزوست عالم اقبال و بخت راتنویر
سپہر مرتبہ نواب شہنواز کہ ہست | بزورِ بختِ جوان دستگیر عالم پیر
بمجلسی کہ تو مَی می کشی ز بدمستیت | زتابِ بادہ اگر رنگ کس کند تغییر
دھم بہ بزم وہ دآنچہ ہست قسمتِ خاک | بمن فشان و مرا خاک رہگذارت گیر
ملالِ خاطرت آمد بہ یاد و بس کردم | کہ ہر قافیہ آمد بخاطرم دلگیر[۳]

---

[۱] اورینٹل کالج میگزین (اگست ۱۹۵۹ء)، ص: ۲۳، ۲۴ (فاضل مقالہ نگار کا ضروری بیان یہ ہے) "کلیم کے ان اشعار سے تقریباً اس بات کا یقین ہو جاتا ہے کہ اس نے شاہنواز خان کے نئے محل کی مدح میں یہ اشعار نظم کئے ہوں گے۔ ان سے یہ بھی خیال ہوتا ہے کہ کلیم اس محل کے بننے کے قریب ہی زمانے میں ہندوستان آیا ہوگا، اس خیال کی صحت میں اس کے ورودِ بیجاپور کی تاریخ ۱۰۰۸ھ - ۱۰۱۰ھ کے قریب ہوگی۔"

[۲] کلیاتِ کلیم، ورق ۳۶ و

[۳] کلیاتِ کلیم۔ ورق: ۳۶ ب تا ۳۸ و

Marfat.com
Marfat.com

کلیم کے ممدوح شاہنواز خان شیرازی کا انتقال (دس سو بیس) ۱۰۲۰ھ میں ہو گیا اور کلیم بے سہارا ہو گیا۔ اسی زمانے میں یعنی ۱۰۲۰ھ میں سلطان محمد قلی قطب شاہ کا انتقال ہوا چونکہ سلطان مرحوم لاولد فوت ہوا تھا اس لئے اس کا بھتیجہ سلطان محمد قطب شاہ سریر آرائے سلطنت گولکنڈہ ہوا۔ قلی قطب شاہ کے عہد کے ایک مدبر امیر میر جملہ شہرستانی متخلص بہ رُوح الامین کی طبیعت محمد قطب شاہ سے میل نہ کھا سکی اور وہ بیجاپور چلا آیا۔ "ماثر الامرا" کے اس جملہ سے ثبوت بہم پہنچتا ہے۔

" میراز گولکنڈہ بہ بیجاپور پیوست، با عادل شاہ نیز صحبتِ اُو در نگرفت[1]"

میر جملہ شہرستانی تقریبًا ۱۰۲۱ھ اور ۱۰۲۲ھ کے درمیانی عرصہ میں دربار عادل شاہی میں حاضر ہوا۔ اس وقت ابراہیم عادل شاہ ثانی برسرِ حکومت تھا۔ ظاہر ہے کہ محمد امین میر جملہ شہرستانی دربار قطب شاہی سے راندۂ درگاہ ہو کر نکلا تھا اس لیے اس کو وہاں بار نہ مل سکا اور وہ ناامید ہو کر ایران چلا گیا۔ گمانِ غالب یہ ہے کہ بیجاپور میں کلیم کی ملاقات میر جملہ سے ہوئی ہو گی اور اگر میر جملہ کا سا سخن نواز دربارِ عادل شاہی میں بار پا لیتا تو کلیم کو اس کس مپرسی کے عالم میں نہ ایران لوٹنے کی ضرورت پیش آتی اور نہ دکن میں بے یار و مددگار رہنا پڑتا۔

میر جملہ شہرستانی کی کلیم سے اس ملاقات کے بارے میں " کلیم کی ہندوستان میں آمد" کے فاضل مقالہ نگار نے ایک نیا خیال پیش کیا ہے۔ ان کا بیان ہے کہ میر جملہ شہرستانی سے کلیم گولکنڈہ میں ملا تھا اور میر جملہ کے خوانِ احسان سے بہرہ یاب ہوا تھا۔

" دراصل کلیم اپنے سفرِ اول میں میرزا محمد امین رُوح الامین سے گولکنڈہ میں ملا ہے اس قیاس کی وجوہ یہ ہیں۔ کلیم کے دوست ناظم تبریزی نے "نظم گزیدہ" میں لکھا ہے کہ شاہنواز خان کے مرنے کے بعد میرزا محمد امین شہرستانی سے کلیم گولکنڈہ میں ملا تھا۔ خارجی اور داخلی شہادتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ میرزائے مذکور ۱۰۲۱ھ میں گولکنڈہ سے نکل کر بیجاپور آیا۔ یہاں کچھ دنوں رہا مگر مستقل طور پر قیام کی صورت غالبًا نہ نکلی اس بنا پر وہ اصفہان چلا آیا یہاں شاہ عباس صفوی کے ۲۸ ویں سالِ جلوس یعنے ۱۰۲۳ھ میں دربارِ شاہی میں باریابی ہوئی .... ۱۰۲۷ھ میں دربارِ جہانگیری میں باریاب ہوا۔ اس سے ظاہر ہے کہ اگر سفرِ اول میں کلیم میر جملہ ملا تو ۱۰۲۰ھ کے قبل گولکنڈہ میں ملا ہوگا"[2]

موصوف کا ماخذ صاحبِ نظم گزیدہ کا یہ بیان ہے۔

---

[1] ماثر الامرا۔ جلد سوم، ص، ۴۱۵

[2] اورینٹل کالج میگزین (اگست ۱۹۵۹ء) ص: ۲۷،

Marfat.com
Marfat.com

"درخدمت شاہنواز خان نشو و نما یافتہ، بعد از وفات شاہنواز خان منظور نظر تربیت میرزا محمد امین شہرستانی کہ در گلکنڈہ میر جملہ بود، گشتہ"[1]

مذکورہ عبارت سے کہیں یہ مفہوم نہیں نکلتا کہ کلیم سفرِ اوّل میں میر جملہ سے گولکنڈہ میں ۱۰۲۰ھ سے قبل ملا تھا، ناسم تبریزی کی مراد سفرِ دوم سے بھی ہو سکتی ہے کیونکہ اس میں جو بیان ہے وہ بصراحت سنہ نہیں ہے ممکن ہے کہ مولف نے دو ممدوحین کا ذکر تقدیم و تاخیر کے لحاظ سے کیا ہو۔

خلاصہ یہ کہ فاضل مقالہ نگار کے بیان کی تردید کے لئے ہمارے پاس دو وجوہ ہیں:۔

۱۔ تاریخی شواہد سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ شاہنواز خان کا انتقال ۱۰۲۰ھ میں ہوا۔ اس وقت تک تو کلیم اس سے وابستہ رہا اس کے فوراً بعد یعنی ۱۰۲۱ھ میں میرزا امین میر جملہ شہرستانی خود گولکنڈہ سے دستار و آبرو سنبھالتا ہوا عادل شاہی دربار میں حاضر ہوا۔ اس وقت خود اس کو ایک سہارے کی ضرورت تھی وہ کیسے کلیم کو سہارا سکتا تھا۔ اور ۱۰۲۰ھ کے بعد اتنا وقت ہی نہیں رہا تھا کہ گولکنڈہ جاتا۔ اغلب ہے کہ کلیم کی میر جملہ سے ملاقات اس دوران میں ہوئی ہو گی نہ کہ گولکنڈہ میں۔

۲۔ دوسرے یہ کہ جب کلیم بیجاپور میں رہ کر شاہنواز خان کے ساتھ ابراہیم عادل شاہ ثانی کی مدح کر سکتا تھا تو پھر یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ گولکنڈہ میں رہ کر اس کا قلم اپنے ولی نعمت کی تعریف کے ساتھ ساتھ قلی قطب شاہ کی مدح سے کیوں گریزاں رہا۔ کلیم کا کلیات قلی قطب شاہ کے نام سے یکسر خالی ہے۔ لہٰذا مندرجہ دلائل سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ کلیم محمد امین میر جملہ شہرستانی سے صرف اس کے قیام بیجاپور کے وقت ۱۰۲۱ھ اور ۱۰۲۲ھ کے درمیان ملا تھا، نہ تو تواریخ سے اس کے قیام گولکنڈہ کا ثبوت ملتا ہے نہ خود اس کے کلام سے۔

میر جملہ کے سے مدبر و شاعر کا حشر کلیم کے سامنے تھا اور ویسے بھی دربارِ عادل شاہی کا ایک ایک شاعر رحلت کرتا جا رہا تھا اور بہت ممکن تھا کہ ان کی رفاقت و شفقت کے لئے مستقبل میں باعث تقویت ثابت ہوتی۔ ۱۰۲۱ھ میں سنجر کاشی نے اس دارِ فانی سے کوچ کیا۔[2] ۱۰۲۵ھ میں چند ماہ کے وقفہ سے ظہوری و ملک قمی نے وفات پائی۔ ملک قمی کی وفات کا مستند ثبوت خود کلیم کی اس بیت سے ملتا ہے ؎

بجستم سالِ تاریخش ز ایام   بگفتا "اُو سرِ اہلِ سخن بود" ۱۰۲۵ھ[3]

ان سانحوں کے علاوہ جیسے جیسے دن گذرتے جا رہے تھے، عادل شاہی و قطب شاہی سلطنتیں، مغلیہ حکمرانوں کے

---

[1] نظم گزیدہ، ورق: ۱۴۶ الف

[2] ماثر الکرام، ص: ۲۷

[3] کلیاتِ کلیم، ورق: ۲۴۳ ب

Marfat.com
Marfat.com

آئے دن کے حملوں کی زد میں آ رہی تھیں۔ گو ملک عنبر کا سا جرنیل پشت پناہی کر رہا تھا تاہم اُسے بھی ۱۰۲۶ھ میں شہزادہ خرم کے آگے ہتھیار ڈالنے پڑے اور اس کا اثر عادل شاہی قطب شاہی اور نام نہاد نظام شاہی سلاطین پر خراج کی شکل میں ظاہر ہوا۔ قدرتی طور پر انتشار کے زمانے میں نغمہ و سرود بھی اطمینانِ قلب کا باعث نہیں ہو سکتے تھے۔ کلیم کی "آوارہ گردی" بڑھتی گئی چنانچہ وہ خود کہتا ہے ؎

آوارگی کلیم خواہم   کز ہند تواں باصفہان رفت[1]

کلیم کی مراجعت عراق :-

جب ہر طرف سے توقع اٹھ گئی تو کلیم کو یادِ وطن ستانے لگی اس کے دو شعر سے جذبات کی ترجمانی ہوتی ہے

جنوں خواہد بیاباں تنگ طفلاں ہم ہوس دارد   مرا اے بخت یاری کن بمیدانِ صفاہاں بر[2]

کلیم اندر غریبی آزمودی قیمتِ خود را   کنوں ہمت بورز ایں زیرہ را دیگر بکرماں بر

اور عراق کو مراجعت کی توجیہہ کلیم نے "آہنگِ حجاز" کہہ کر کی ہے ؎

کلیم از ہند اگر دستانِ رفتن می زند ایدل   ندانی خارج آہنگش کہ آہنگِ حجاز است ایں[3]

قیاس کہتا ہے کہ وہ حاجیوں کے قافلے کے ساتھ ہی رمضان یا شوال ۱۰۲۸ھ میں بیجاپور سے اپنے وطن کی طرف کوچ کیا ہوگا۔ اس مراجعت کی تاریخ اس قطعہ میں نکالی ہے ؎

طالب ز ہوا پرستی ہند   برگشت و سوی مطالب آمد

تاریخ توجہ عراقش   "توفیق رفیق طالب آمد"[4] (۱۰۲۸)

کلیم حالات سے مجبور ہو کر ہندوستان سے نکل تو پڑا مگر حسرتوں کا پشتارہ لئے ہوئے تھا اور پچھتا رہا تھا۔ غالباً راستے ہی میں اُسے ہندوستان چھوڑنے پر افسوس ہوا اور اس نے موثر غزل لکھی جس کے ہر شعر سے حسرت ٹپکتی ہے اور جو اس کے جذبات کی عکاسی کرتی ہے ؎

بہر منزل فزوں دیدم ز ہجراں زاریٔ دل را   خوشا حالِ جرس فہمیدہ است آرامِ منزل را

زشوقِ ہند زاں ساں چشمِ حسرت بر قفا دارم   کہ روہم گر براہ آرم نمی بینم مقابل را

چمن را غنچۂ ناشگفتہ بسیار است می ترسم   کہ در گلزار ایراں ہم نہ بینم شادماں دل را

اسیر ہندم وزیں رفتنِ بیجا پشیمانم   کجا خواہد رساندن پرفشانی مرغ بسمل را

۱؎ کلیاتِ کلیم، ورق :- ۱۴۲ ا   ۲؎ کلیاتِ کلیم، ورق :- ۲۲۵ ا

۳؎ کلیاتِ کلیم، ورق :- ۲۸۴ ب   ۴؎ کلیاتِ کلیم، ورق :- ۶۹ ب

Marfat.com
Marfat.com

اگرچہ ہند گردابست اماں از دی نمی خواہم   نگیرد دستِ استغنائی من دامانِ ساحل را
بایراں می روند نالاں کلیم از شوق ہمراہاں   بہ پائے دیگراں ہمچو جرس طے کردہ منزل را[1]

کلیم دو سال تک ایران میں رہا۔ صاحبِ نظم گزیدہ کا بیان ہے[2]

"درسنہ ہزار و بیست و ہشت بہ عراق معاودت نمود و در اصفہان فقیر بہ ملاقات ایشان رسیدہ بمدتِ دو سال برفاقت و مصاحبت ایں فقیر قناعت می نمود تا آں کہ درسنہ ہزار و سی آں متوجہ ہند و بندہ متوجہ مکہ شد۔"

یہ شاہ عباس صفوی کا زمانہ تھا۔ میر جملہ شہرستانی کے سے مدبر، صاحبِ سخن و منزلت کے حامل شخص کی وہاں خاطر خواہ قدر نہ ہو سکی تو کلیم کس شمار میں تھا۔ دو سال گوشۂ قناعت میں گذار کر پھر وہ ہندوستان لوٹ آیا۔ قرائن سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اس کے حالات میں کوئی تغیر نہ ہوا اور جب اس نے اپنی زندگی میں کوئی خوشگوار تبدیلی محسوس نہ کی اور پھر ہندوستان کی یاد ستانے لگی تو وہ دوبارہ غالباً بری راستے سے ہندوستان لوٹ آیا اور اس کے سفر اور ان ساری سرگرمیوں کی تفسیر اس شعر میں ملتی ہے ؎

در خاکِ وطن تخم مرادی نشود سبز   بیہودہ کلیم ایں ہمہ سرگرمِ سفر نیست[4]

کلیم کی بازگشت بہ ہندوستان :۔

تمام ماخذ اس پر اتفاق کرتے ہیں کہ ۱۰۳۰ھ میں کلیم دوبارہ ہندوستان آیا[5] اور وہ سیدھا شاہانِ مغلیہ کے دربار میں رسائی کی غرض سے وارد آگرہ ہوا۔ اس زمانے میں میر جملہ شہرستانی آگرہ میں مقیم تھا اور اس کی کلیم سے ۱۰۲۱ھ اور ۱۰۲۲ھ کے درمیان ورودِ بیجاپور کے زمانے میں ملاقات ہوئی ہوگی اور اسی تعارف اور جذبۂ ہم وطنی و علم دوستی نے کلیم کو مربوط ہونے کے مواقع بہم پہنچائے ہوں گے۔ ظاہر ہے کہ کلیم بھی اس وقت تک منجھ کر پختہ کار ہو چکا ہوگا۔ لہٰذا آگرہ آنے کے بعد میر جملہ کی سی سخن نواز شخصیت نے اس کو سہارا دیا[6] اور وہ شاہجہان کے تخت نشین ہونے تک اسی کی سرپرستی میں اپنے فن کو ترقی دیتا رہا، کیونکہ اگر وہ دربارِ جہانگیری میں باریابی کی سعی کرتا اور خواہ وہ لاحاصل ہی ہوتی تب بھی شہنشاہ جہانگیر کی مدح میں

۱؎ کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۲۲ الف   ۲؎ نظم گزیدہ، ورق :

۳؎ مآثر الامراء، جلد سوم، ص: ۲۱۵

۴؎ کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۶۰ ب

۵؎ خزانہ عامرہ، ص: ۳۹۱   Catal. India office per, Mss, Vol. II. Col, 728

۶؎ شعر العجم، جلد سوم، ص: ۲۰۶

Marfat.com
Marfat.com

لکھے ہوئے قصیدے، قطعات وغیرہ ضرور اس کے کلیات میں دستیاب ہوتے، چونکہ اس قسم کا کوئی ریکارڈ ہمیں نہیں ملتا اور صرف شاہجہان کی مدح ہر جگہ نظر آتی ہے اس لیے یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ ۱۰۳۰ھ اور ۱۰۳۷ھ کے درمیانی عرصہ میں کلیم نے بجز میر جملہ شہرستانی کے کسی اور کا دامن نہیں تھاما۔

ان ۶، ۷ سال کے دوران میں کسی وقت آگرہ میں کھُجلی کی وبا پھوٹ پڑی تھی اور خود کلیم اس میں مبتلا تھا۔ اُس وقت اس نے "در ایام جرب" کے عنوان سے ایک قصیدہ لکھا تھا اس کی ایک بیت میں محمد امین شہرستانی تخلص بہ رُوح الامین کا ذکر کیا ہے ؎

محیطِ علم محمد امین کہ پیوستہ	فلک بہ گردش گردد چو دورۂ دامن

ایک قصیدہ "تہنیتِ عید" کے موقعہ پر میر جملہ شہرستانی کی مدح میں تحریر کیا تھا جس کے چند شعر یہ ہیں ؎

قدسیان کردند مشق نام آں فرخندہ فال	شکلِ نون بر لوحِ گردوں ہنگرا اینک از ہلال

پادشاہِ کشورِ دانشوری رُوح الامین	آں کہ از ضبطش مزاجِ دہر دارد اعتدال

چوں بہ بوسم دستِ زر پاشِ ترا در روزِ عید	می شود زرین لبم زین فیض مانند ہلال[1]

ان قصاید کے سوا کلیم نے اپنی دو غزلوں کے مقطعوں میں بھی رُوح الامین کی عظمتوں کو اُجاگر کیا ہے ؎

ہر کہ بر رُوح الامیں شعر نخواندست کلیم	کہ ہمہ رُوحِ امیں است سخنداں نہ شود[2]

عزلتِ گوش زد روح امین گشت کلیم	بس بود گر سرِ تحسینِ طپیدن داری[3]

شہنشاہ جہانگیر کا بروز یکشنبہ ۲۸ صفر ۱۰۳۷ھ انتقال ہوا۔ شہزادہ شاہجہاں کے خسر آصف خان نے اپنے داماد کے لیے راستہ صاف کر دیا تھا چنانچہ روز یکشنبہ ۲۲ جمادی الاول ۱۰۳۷ھ شاہجہان کی بادشاہی کا اعلان کر دیا گیا جب آصفجاہ اور شاہزادگان والاتبار نے شاہجہاں کے دکن سے براہ گجرات دارالخلافہ آنے کی اطلاع پائی تو استقبال کے لیے غرہ رجب ۱۰۳۷ھ دارالسلطنت لاہور سے آگرہ روانہ ہوئے[4]۔ کلیاتِ کلیم میں اس روانگی کے وقت کا تحریر شدہ قطعہ موجود ہے، گمان غالب ہے کہ یہ پہلا قطعہ تھا جو کلیم نے آصفجاہ کی مدح میں سپردِ قلم کیا تھا اور اسی اُمید پر کہ آصفجاہ کے ذریعہ دربار میں رسائی ممکن ہوگی۔ اس قطعہ کا مقطع یہ ہے ؎ گفتند "بصحت و سلامت" (۱۰۳۷ھ)

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق ۳۳ ب

[2] " " ۱۹۴ ب

[3] " " ۲۹۷ ل

[4] پادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، ص: ۷۹

[5] کلیاتِ کلیم، ورق: ۶۸ ب

Marfat.com
Marfat.com

دربارِ شاہجہاں سے کلیم کی وابستگی
اور
اُن کی شاعری کا عُروج

۸ رجمادی الثانی ۱۰۳۷ھ/۱۶۲۸ء[1] میں شہزادہ خرم شہاب الدین محمد شاہجہاں صاحبِ قرانِ ثانی کے لقب سے سریر آرائے سلطنت ہوا اور تاج پوشی کی رسم ادا کی گئی۔ ابوطالب کلیم ہمدانی میر جملہ شہرستانی کی سرپرستی میں اپنے فن کو ارتقائی منازل پر پہنچا رہا تھا۔ اور اب اس کی دیرینہ تمناؤں کی تکمیل کا وقت آپہنچا تھا کیونکہ وہ کہنہ مشق ہوچکا تھا۔ آدابِ شاہانہ و زندگی کے نشیب و فراز سے واقفیت ہوچکی تھی، چنانچہ آستانِ معلی کی جبین سائی کے لئے دربارِ شاہجہانی میں حاضر ہوا۔ اس کی آمدِ دربار کی توثیق عبدالحمید لاہوری کے ان جملوں سے ہوتی ہے:۔

"اما چون طنطنۂ اورنگ آرائی حضرت شاہنشاہی (شاہجہان) گوشِ جہانیان برافروخت و ہمگی ہنروران اقالیم سبعہ روی امید بدین درگاہ کہ کعبہ آمالِ آرزومندان است نہادند (کلیم) بآستانِ معلی رسید۔ در زمرۂ بندگان درآمد و بگذارشِ محامد و نگارشِ مفاخرِ ایں والا دولت، ابد مدت دامنِ آرزو گرانبار سے روائے گردانید۔"[2]

اکبر و جہانگیر کے عہد میں شہنشاہ جھروکہ سے اپنی رعایا کو درشن دیتے تھے اور اس موقع پر حاضرین کے لیے شامیانہ ایستادہ کیا جاتا تھا۔ شاہجہاں نے تخت نشین ہونے کے فوراً بعد حکم دیا کہ وہاں شامیانے کی بجائے ایک عمارت تعمیر کی جائے چنانچہ ۴۰ گز طول اور ۲۲ گز عرض کا "ایوانِ پیشِ جھروکۂ شاہی" ۲۵ رذی الحجہ ۱۰۳۷ھ کو مکمل ہوا۔ کلیم نے اس ایوان کی تعریف میں یہ رباعی لکھی اور صلہ سے سرفراز ہوا ؎

---

[1] بادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، ص: ۸۷۔

[2] بادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، ص: ۳۵۴

Marfat.com
Marfat.com

این تازہ بنا کہ عرش ہمسایۂ اوست   رفعت حرفی ز رتبت پایۂ اوست
باغیست کہ ہر ستون سبز شں سرویست   کاسایش خاص و عام در سایۂ اوست[1]

کلیم نے رجب ۱۰۳۷ھ میں پہلا قطعہ حضور آصف جاہ میں گذرانا تھا اور اس کی دوسری رُباعی معاصر تاریخ میں درج ہے جو ذی الحجہ میں تعمیر ہونے والی عمارت کے سلسلہ میں لکھی گئی تھی لہٰذا اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ ۴، ۵ مہینے کے عرصہ میں کلیم کو دربار میں رُسوخ حاصل ہو گیا تھا۔

۱۰۳۷ھ کے اختتام تک شاہجہان کی تخت نشینی کی خبر چاروں طرف پہنچ چکی تھی اور چونکہ ابھی بادشاہ دارالسلطنت کے اُمورِ داخلی میں مصروف تھا اس لیئے شمال مغربی سرحد کے سرکش سرداروں نے اس موقع کو غنیمت سمجھکر اپنی سرحدوں سے قریب کے علاقوں کی تسخیر کا ارادہ کیا۔ چنانچہ نذر محمد خان والی بلخ نے تسخیر کابل کی جرأت کی اور اس کی سرکوبی کے لیئے شاہجہان نے فوجیں روانہ کیں۔ چنانچہ محرم ۱۰۳۸ھ کو لشکرخان کی سرکردگی میں لشکر شاہی کابل میں داخل ہوا۔ افواج کی روانگی کے وقت کلیم نے ایک قطعہ لکھا۔ بادشاہ نامہ لاہوری[2] اور عمل صالح[3] کنبوہ میں صرف "لشکر فتح" درج ہے۔ اشعار نہیں لکھے ہیں مگر دیوان میں یہ پورا قطعہ رقم ہے جس کی آخری بیت سے اس کی وجہ تحریر کی تصدیق ہوتی ہے اور لشکرخان کے نام کی مناسبت لفظی بھی پائی جاتی ہے ۔

تاجِ اقبال را نہادہ بسر   آں کہ تاریخ یافت "لشکرِ فتح"[4] (۱۰۳۸ھ)

معاصر تاریخ بادشاہ نامہ لاہوری و عمل صالح سنہ وار مرقوم ہیں۔ اس کے سنہ ۱۰۳۸ھ کے وقایع میں درج ہے کہ ایک سوداگر خواجہ نظام عرصے سُرخی مایل سفید رنگ کے ایک ہاتھی کی پرورش کر رہا تھا کیونکہ اس رنگ کے ہاتھی کمیاب ہوتے ہیں۔ جب وہ بڑا ہوا تو خواجہ نظام نے اس کو حضور شاہ میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ اس موقع پہ ابوطالب کلیم نے یہ رباعی سپرد قلم کی اور "صلۂ شایستہ" حاصل کیا ۔

بر فیل سفیدت کہ بمینا دگزند   شد بخت بلند او دیدہ نگشند
چوں شاہِ جہاں بر و بر آمد گوی   خورشید شد از سپیدۂ صبح بلند[5]

---

[1] بادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، ص: ۲۲۲ ' عمل صالح، جلد اول، ص: ۳۱۲

[2] " " " ص: ۲۱۵ (طالب کلیم تاریخ رخصت افواج نصرت امتزاج بمالش اوزبکیہ "لشکر فتح" یافت)

[3] عمل صالح، جلد اول، ص: ۳۰۲

[4] کلیات کلیم، ورق: ۵۹ ب

[5] بادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، ص: ۲۶۸ - عمل صالح، جلد اول، ص ۳۴۳

Marfat.com
Marfat.com

کلیاتِ کلیم کے ایک قطعہ[1] سے یہ پتہ چلتا ہے کہ جب لشکرِ شاہی نذر محمد خان کی سرکوبی کر کے مظفر و منصور پایۂ تخت پہنچا تو کلیم نے یہ قطعہ تاریخی لکھا تھا۔ بادشاہ نامہ وغیرہ میں اس کا ذکر نہیں ہے مگر ڈینسن راس (D. Ross) نے کتب خانہ بانکی پور کے کیٹلاگ میں اس قطعہ کا عنوان "تاریخ برگشتن لشکران کابل" دیا[2] ہے۔ اور مقطع سے ۱۰۳۹ھ نکلتا ہے اس لیے اس حوالے کے ذریعہ اس امر کی توثیق ہوتی ہے کہ کلیم نے اس موقع پر بھی قطعۂ تاریخی سپردِ قلم کیا تھا جس کے چیدہ اشعار پیش کیے جاتے ہیں ؎

ثانیِ صاحب قرآن کز ہستیت — فتنہ از سرحدِ امکان بازگشت
دشمنت در گوشۂ از مملکت — گرچہ جمع آمد پریشان بازگشت
گر بادل تاخت آخر باخت او — رزم جو آمد گریزان بازگشت
غنچہ از گلشنِ کابل نچید — با دلی پُر خار حرمان بازگشت
رایتِ اقبالِ شان افگند و گفت — "دیو از ملکِ سلیمان بازگشت[3]" (۱۰۳۹ھ)

سپہ سالار خان جہاں لودی، نظام شاہی سلطنت کی سرکوبی میں جہانگیر کے عہد سے مشغول تھا لیکن شاہجہان کے ابتدائی زمانہ سے بغاوت کا خیال اس کے سر میں سما گیا تھا چنانچہ ۱۰۳۹ھ سے خان جہان[4] کے خلاف فوج کشی ہو رہی تھی اور دریا خان و "پیرا" یعنی خان جہان مختلف مقامات پر پناہ لیتے پھر رہے تھے اور شاہی افواج اس کے تعاقب میں مصروف تھیں خواجہ ابو الحسن کی سرکردگی میں جنگ ہوئی اور آخر کار ۱۰۴۰ھ میں دریا خان قتل ہوا۔ اس کے بعد خان جہان کو قتل کر کے دونوں باغیوں کے سر یکے بعد دیگرے "خواجۂ کامگار" نے "بارگاہِ گردوں جاہ" میں پیش کیے[5]۔ اسی وقت کلیم نے ایک رباعی تحریر کی جس میں دریا و حباب کی رعایت لفظی ہے۔ عبد الحمید لاہوری نے اس کی وجہ تحریر کو ان الفاظ میں قلمبند کیا ہے

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق : ۶۸ الف

[2] Catal. Bankipore Lib. Pers. Mss. Vol. III. P. 97.

[3] کلیاتِ کلیم، ورق : ۶۸ ب — "تاریخ برگشتن از کابل" "دیو از ملک سلیمان بازگشت" ۱۰۳۹ھ

[4] مآثر الامرا، جلد اول، ص : ۷۱۶ "خان جہاں لودی پسر دولت خان لودی شاہوخیل است۔ پیر خان نام داشتہ، در سنہ ۱۰۱۸ خان جہان را با دوازدہ ہزار سوار جرار ضمیمۂ عساکر منصورہ ساختند۔ خان جہاں چندی در لانجی دم آسایش گرفتہ از راہ برار بولایت نظام شاہیہ درآمد۔ در ۱۰۴۰ھ بزخم تیر بیادہ سنگھ بر زمین افتاد و عبد اللہ خان زخمی سر او را بحضور ارسال داشت"

[5] بادشاہ نامہ لاہوری۔ جلد اول، حصہ اول، ص : ۳۵۱ (خواجہ کامگار سرہای آن نگونساران بر بارگاہِ گردوں جاہ آورد)

Marfat.com
Marfat.com

"طالبای کلیم ایں رباعی درافسردنِ شعلۂ حیاتِ دریا و فرونشستنِ حباب زندگانی پیرا منظوم ساختہ، بمسامع بشایر مجامع رسانید و بصلۂ گرامی دامنِ امیدش گرانبار گردید ؎

این مژدۂ فتح از پئے ہم زیبا بُود — ایں کیف دوبالا بہ نشاطا فزا بُود
از رفتنِ "دریا" "سر" "پیرا" ہم رفت — گویا سرِ اُو حبابِ ایں دریا بُود [1]

۱۰۴۰ھ سے جلوس شاہجہانی کا چوتھا سال شروع ہوا۔ یہ سال کئی اعتبار سے مغل سلطنت کے لیے تشویشناک تھا۔

۱۔ خان جہان لودی کی بغاوت زور پکڑ چکی تھی جس کو شہنشاہ نے خود فرد کیا تھا۔ اس کا ذکر ماقبل چند سطور کیا گیا ہے۔

۲۔ بلاد دکن و گجرات میں امساکِ باران کی وجہ سے ایک ہلاکت آفرین قحط پڑا تھا۔

۳۔ مرتضیٰ نظام شاہ والی احمد نگر (متوفی ۱۰۴۰ھ) نے خان جہان لودی کو پناہ دی تھی اور یہ حرکت ایک قسم کا اعلانِ بغاوت تھی اور ابھی مغلیہ افواج اس کو کیفرِ کردار تک پہنچانے کا منصوبہ باندھ ہی رہی تھیں کہ فتح خان پسر ملک عنبر نے اس کو قتل کر دیا۔ والیٔ احمد نگر کے انجام اور قحط کی تفصیلات کو کلیم نے ایک مثنوی میں بیان کیا ہے۔ یہ مثنوی (۱۶۰) اشعار پر مشتمل ہے۔ مثنوی کی ابتدا یُوں ہوئی ہے ؎

چو اقبال از نظام الملک برگشت — بکشتِ بختِ اُو شبنم شرر گشت
نظام الملک چُوں از بختِ ناساز — نمی شد ز آستان بوسی سرافراز
عقابِ قہرِ شاہ چیرہ اورنگ — شکارِ ملکِ اُو را کرد آہنگ [2]

صاحب عمل صالح نے مثنوی کے چند اشعار قحط کی تفصیلات کے ساتھ اسطرح درج کئے ہیں:۔

"چنانچہ میرزا بانِ تہی چشمان مایۂ کلام ابوطالب کلیم دریں باب می گوید ؎

نشان از ابرو باران آں چنان رفت — کہ گفتی برجِ آبی زآسمان رفت
ز تنگی گر فقیر و گر غنی بود — بخوانِ رزق اُو غم خوردنی بود
نظرہا قرص را کردہ تاراج — بنانِ شب فلک ہم گشتہ محتاج" [3]

مذکورہ بالا مثنوی کو سپردِ قلم کرنے کا ذکر ابوطالب کلیم نے مثنوی "شاہنامہ" میں مندرجہ ذیل اشعار میں کیا ہے ؎

---

[1] بادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، ص: ۳۵۲ – عمل صالح، جلد اول، ص: ۴۰۹

[2] حدیقۃ العالم، جلد اول، ص: ۳۳۹

[3] کلیاتِ کلیم، ورق: ۸۳ ب

[4] عمل صالح، جلد اول، ص: ۴۱۸

Marfat.com
Marfat.com

ولی ماندی آخر ازیں خاکدان — نہ شہنامہ غم نامہ یادگار
در آں عہدِ غم پرور جاں گسل — کہ بد سال ہجری ہزار و چہل
بہ توصیفِ خشکی و قحط و وبا — یکی مثنوی کلکِ دستاں سرا[1]

۴۔ ۱۰۴۰ھ کا چوتھا المناک واقعہ ممتاز محل کی رحلت تھا۔ ۱۷ ذیقعدہ ۱۰۴۰ھ کو ملکۂ وقت نے اس دارِ فانی سے کوچ کیا اور شاہجہان پر مصیبت کے پہاڑ ٹوٹ پڑے۔ کلیم نے جس قطعہ میں تاریخ وفات کہی ہے اس کا مصرعۂ تاریخی یہ ہے ؎ "صبح دم زین الم نمی خندد[2]" (۱۰۴۰ھ)

چونکہ بادشاہ کے لیے یہ سانحۂ عظیم تھا معلوم ہوتا ہے کہ کلیم بھی بے حد متاثر ہوا اور ایک رباعی بھی اس کے قلم سے تراوش پائی جو معنوی و صوری خوبیوں کے اعتبار سے قطعہ سے بہتر ہے ؎

از حق چو ندا شنیدہ ممتاز محل — زود از ہمگی بریدہ ممتاز محل
رضوان در خلد بہر تاریخش — "فردوس محل گزیدہ ممتاز محل" (۱۰۴۰ھ)

ممتاز محل کی تجہیز و تکفین کے بعد اس کے عارضی روضہ کے اطراف شاہجہاں نے ۵ لاکھ کے صرفہ سے کئی مہمان خانے اور دلکشا ایوان تعمیر کروائے[3] جن میں سے دو کے متعلق کلیم نے مثنویاں لکھی تھیں جن کے مقطعہ تاریخ سے مزید توثیق ہوتی ہے۔

طاقِ ایوانِ بادشاہِ جہان — "بادِ محرابِ انجم و افلاک[4]" (۱۰۴۰ھ)
چنیں گفت طبعِ حقایق شناس — "سعادت سرائے ہمایوں اساس[5]" (۱۰۴۰ھ)

۱۰۴۱ھ: آمیں محمد جان قدسی ہندوستان آیا اور دربارِ شاہجہانی میں بار پانے کے لیے اُسے بہت دنوں انتظار نہ کرنا پڑا۔ اس نے ایک شاندار قصیدہ حضورِ شاہ میں گذرانا جس کے صلہ میں بادشاہ نے خلعت اور دو ہزار روپے انعام عطا کیا[6]۔

۱۔ شاہنامۂ کلیم، ورق: ۱۱۴ الف — ۲۔ کلیاتِ کلیم، ورق: ۶۱ الف

۳۔ عملِ صالح، جلد اول، ص: ۴۵۲ " و ہر یک جانبش مسجدی رفیع بنیاد و جانب دیگر قرینۂ آں مہمان خانۂ عالی نفس دالحراش حجرہا و ایوان ہائے دلکشا و .... سرہائے فرح افزا .... بنیاد پذیرفتہ"

۴۔ کلیاتِ کلیم، ورق:

۵۔ " " " :

۶۔ عملِ صالح، جلد اول، ص: ۵۰۴

قدسی پایہ کا شاعر تھا مگر چونکہ بقول صاحب عمل صالح اس وقت تک کلیم ملک الشعراء ہو چکا تھا۔ بنا بریں قدسی کے لیے موقع نہ تھا کہ وہ اس مرتبہ کو پہنچ سکے۔

"بہ تحریک بخت کارفرما چوں گفتارش ہوش فریب و دلاویز و طبعش معنی رس و فیض آمیز بود بخطاب ملک الشعرائی اعتلا یافت اگرچہ استحقاق آں منصب جلیل القدر حاجی محمد جان قدسی داشت اما ازیں رو کہ پیش از رسیدن حاجی او باین خطاب سرافرازی یافتہ بود و تا دم آخر برو بحال ماند و تغیری راہ نیافت[1]"

کلیم کا ملک الشعراء ہونا تمام اسناد کے نزدیک مسلم ہے اور محمد صالح کنبوہ معاصر مورخ ہونے کی وجہ سے زیادہ مستند ہے اور وہ بھی اعتراف کرتے ہیں گو قدسی کو اس شرف کا زیادہ مستوجب سمجھتے ہیں لیکن اس سے حقایق نہیں بدل سکتے محمد صالح کی اس "خواہش" کو متاخرین لے اڑے اور بعضوں نے قدسی کو ملک الشعراء لکھدیا۔ حالانکہ محمد صالح نے صاف لکھا ہے کہ کلیم آخر وقت تک اس منصب پر فائز رہا اور تاریخ و تذکرے شاہد ہیں کہ قدسی نے ۱۰۵۶ھ میں انتقال کیا لہٰذا وہ ملک الشعراء نہ ہوسکا یہ صرف چند تذکرہ نگاروں کا قیاس ہے۔

۱۰۴۱ھ جلوس شاہجہانی کا یہ پانچواں سال تھا اور کلیم اتنے عرصہ تک ۶ قطعے، ۴ رباعیاں، ایک مثنوی نظم کرچکا تھا آصف خان خسر شاہجہان کا دامن تھامے ہوئے وہ دربار شاہی میں داخل ہوا تھا اور ہر موقع پر اس کے خامۂ گوہر بار سے اشعار تراوش ہوتے رہتے تھے وہ اپنے ماحول سے باخبر رہتا تھا ہر فتح پر اظہار مسرت، دشمن کی موت پر فی البدیہہ مبارکباد ہر وقت اس کے پیش نظر رہتی تھی اس کی شاعری مزاج ناآشنا نہیں تھی۔ اور ۱۰۴۰ھ[2] میں آصف جاہ کی بالاگھاٹ کی مہم پر روانگی کے وقت بھی کلیم نے تاریخی قطعہ لکھا تھا۔ اس کے علاوہ بعض تذکروں[3] سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ جب قیصر روم نے شاہجہان کو تہنیت نامۂ تخت نشینی روانہ کیا تو ساتھ ہی اس کے لقب پر اعتراض کیا کہ وہ تو صرف ہندوستان کا پادشاہ ہے شاہجہان کا لقب کیسے اختیار کیا۔ شاہجہان، آصف جاہ سے اس کے جواب کے سلسلہ میں مصروف گفتگو تھا کہ کلیم کو اطلاع ہوئی اور اسی وقت اس نے ایک قصیدہ نظم کیا جس کے ایک شعر سے شاہجہان کے لقب کی توجیہہ ہوتی ہے ۔

ہند و جہان ز روی عدد ہر دو چوں یکیست ۔۔۔ شہ را خطاب شاہجہانی مبرہن است
(۵۹ ۵۹)

شاہجہان نے یہ بیت جواب میں لکھ بھیجی اور کلیم کو زر میں تلوایا اور قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ جلوس سے قریب ہی کا ہوگا۔ ایک تو یمین الدولہ آصف جاہ کی حمایت دوسرے خود اس کے ذاتی کمالات کی وجہ سے قیاس کہتا ہے کہ ۱۰۴۱ھ

---

[1] عمل صالح، جلد سوم، ص: ۳۰۲ ۔۔۔ [2] کلیات کلیم، ورق: ۶۰ و

[3] منتخب التواریخ، ص: ۲۵۸ - Moughal poetry, P.40

Marfat.com
Marfat.com

تک اُسے ملک الشعرائی کا خطاب مل گیا ہوگا۔

۱۰۴۲ھ کی ابتداء میں شاہجہان نے شکار سے فارغ ہو کر برہان پور سے اکبرآباد مراجعت کی[1]۔ اس موقع پر کلیم نے ایک قطعہ پیش کیا جس کی آخری بیت سے تاریخ کا استخراج کیا ہے ؎

"باز آمد حق بہ مرکزِ خود (۱۰۴۲ھ) تاریخ سعادتِ ورود است"[2]

غرہ شعبان ۱۰۴۲ھ شہزادہ داراشکوہ کی شادی اس کی بنتِ عم شہزادہ پرویز کی لڑکی سے ہوئی[3] اور اکثر شعراء نے قصیدے لکھے، تاریخیں کہیں، کلیم نے بھی ایک قطعہ میں تاریخ کہی، جس کا مقطعہ یہ ہے ؎

خرد بہرِ تاریخِ تزویج گفت "قِرآن کردہ سعدین برج جلال"[4] (۱۰۴۲ھ)

شہزادہ داراشکوہ کی شادی کے ۲۰، ۲۲ دن بعد ۲۲ رشعبان ۱۰۴۲ھ کو شہزادہ محمد شجاع کی رسمِ عقد صبیہ مرزا شاہنواز خان صفوی کے ساتھ ادا کی گئی اس وقت کلیم کے قلم سے ایک قطعہ صفحۂ قرطاس پر ظہور پذیر ہوا جس کے مقطعہ ذیل سے تاریخ نکلتی ہے۔ ؎

"مہد بلقیس بسر منزل جمشید آمد"[5] (۱۰۴۲ھ)

خواجہ ابوالحسن عہد شاہجہانی کے بہت اعلیٰ رتبہ سپہ سالار اور آخر عمر میں وزارتِ اعلیٰ کے عہدہ پر مامور تھے ظفرخان احسن حاکم کشمیر ان کے لڑکے تھے اور کلیم سے اچھے مراسم ہونے کی وجہ سے جب ۱۹ر رمضان ۱۰۴۲ھ کو خواجہ نے وفات پائی[6] تو کلیم نے مرحوم سے اپنے دیرینہ تعلقات کا اظہار ایک قطعہ کی صورت میں کیا جس کے آخری مصرعہ سے تاریخ برآمد ہوتی ہے ؎

"باامیرالمؤمنین محشور باد"[7] (۱۰۴۲ھ)

اس سال کا ایک یادگار واقعہ شہزادہ اورنگ زیب کا ہاتھی سے مقابلہ ہے[8]۔ ۲۹ر ذیقعدہ ۱۰۴۲ھ کو شاہجہان بطور تفریح ہاتھیوں کی لڑائی دیکھنے میں مشغول تھا۔ اتفاقاً ایک ہاتھی نے اورنگ زیب پر حملہ کر دیا۔ اورنگ زیب نے جس مردانگی سے ہاتھی کا مقابلہ کیا اس کا نقشہ کلیم نے ایک مثنوی میں نہایت واضح انداز میں کھینچا ہے اور اس نے شہزادہ کو افراسیاب سے بڑھا دیا ہے اور بالکل بجا بڑھایا ہے کیونکہ اس صغرسنی میں واقعی افراسیاب نے بھی کوئی کارنامہ انجام نہ دیا ہوگا ؎

بہ تکلیفِ فطرت دلیری نمود   بہ سنی کہ تکلیف بروئے نمود
دریں سِن اگر بودے افراسیاب   ہمی گشتی از دیدنِ فیل آب

---

1. پادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، ص: ۴۵۲
2. " " " ، ص: ۴۵۶
3. کلیاتِ کلیم، نسخہ ب، ورق ۸۹ الف
4. عملِ صالح، جلد اول، ص: ۵۳۳
5. " " " ، ص: ۴۶۴ - عمل صالح، جلد اول، ص: ۵۲۲ - کلیاتِ کلیم، ورق: ۶۰ ب
6. " " " ، ص: ۴۷۳ - سرو آزاد، ص: ۹۵
7. کلیاتِ کلیم، ورق: ۶۰ ب
8. پادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، ص: ۴۹۱

Marfat.com
Marfat.com

کلیم نے ایک اور قطعہ لکھا جس میں شہزادہ اورنگ زیب کی بہادری کی تعریف ہے اور اس میں شہزادے کے ہاتھی سے مقابلہ کرنے کی تفصیلات ہیں ؎

شیر دل شہزادہ فطرت بلند اورنگ زیب — آب شمشیرش بآتش دعوی پیکار کرد
در حضور ثانی صاحب قران شاہجہان — جرأتش با فیل مست آہنگ گیر و دار کرد
نیزہ اش چون از سر آن فیل جوئی خون کشاد — سیل گفتی سوی دشت آہنگ از کہسار کرد
رخش آن رستم دل از آسیب فیل از پا فتاد — جان فدای شہسوار عرصہ پیکار کرد[2]

۹ ربیع الاول ۱۰۴۳ھ[3] صادق خان میر بخشی نے وفات پائی۔ مرحوم آصف جاہ کے بہنوئی ہوتے تھے اور خود شہنشاہ نے تعزیت کی رسم ادا کی تھی اس عزت افزائی کے نتیجہ میں ملک الشعراء کلیم نے بھی اپنا فرض سمجھا کہ قطعہ لکھ کر اظہار تعزیت کرے چونکہ مرحوم کا تعلق شاہی خاندان سے تھا اس لیئے غالباً دو تاریخیں اس کے قلم سے تراوش ہوئیں، پہلے قطعہ کا مقطعہ مذکور ہے۔

سال تاریخ این چنین ماتم — "بچہ ایست غیر از قضیہ جانسوز" (۱۰۴۳ھ)

دوسرے قطعہ کے دو شعر یہ ہیں ؎

رفت صادق خان ز دہر آن نور چشم مردمی — در غمش چو مردمک خونابہ آشامیم ما
گفتمش مارا بما بگذار تاریخ این سبی است — "بے وجود صبح صادق تیرہ ایامیم ما"[4] (۱۰۴۳ھ)

جلوس کے ساتویں سال موسم گرما کے آغاز پر شاہجہان نے سیر کشمیر کا ارادہ کیا۔[5] ۳ شعبان ۱۰۴۳ھ کو سواری شاہانہ اکبر آباد سے پنجاب کی طرف روانہ ہوئی۔ کلیم نے اس کی تاریخ کہی ہے ؎

شاہ جہان و ثانی صاحب قران کہ چرخ — از خاک درگہش بہ جہان آبروی داد
آمد بہ سیر گلشن لاہور چوں بہار — گلہای خاطر ہمہ را رنگ و بوی داد
تاریخ این عطیۂ کبریٰ سپہر گفت — "پنجاب را سعادت جاوید روی داد"[6]

---

[1] بادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، ص ۴۹۱

[2] کلیات کلیم، ورق: ۶۶ ب۔ شعر العجم، جلد سوم، ص ۲۱۲ ——— اس واقعہ کے متعلق مولانا شبلی سے ایک سہو ہوگیا ہے۔ "عمل صالح موسوم بہ شاہجہان نامہ، جلد اول، ص: ۵۴۰" سے جو حوالہ لیا گیا ہے وہ آغاز سال ششم از جلوس مبارک یعنی ۱۰۴۲ھ کا ہے اور مولانا نے شعر العجم میں "واقعات ۱۰۴۱ھ" لکھا ہے۔ ممکن ہے یہ کاتب کی غلطی ہو۔

[3] مآثر الامراء، جلد دوم، ص: ۶۹۲ ——— "صادق خان پسر آقا طاہر در عہد جہانگیری بمنصب درخور سربلندی یافت۔ سال ہشتم جلوس بخطاب خانی مورد نوازش شد و سال نہم بہ تعلقۂ بخشگیری و از اصل و اضافہ نامور افراشت۔ در سال اول جلوس فردوس آشیانی ہمراہ شاہزادہ آمدہ دولت باریافت۔ حسب الالتماس یمین الدولہ، صادق خان بہ بحالی تعلقۂ بخشگیری و عطای قلمدان مرصع آب رفتہ بجو آورد و سال ہشتم، نہم ربیع الاول ۱۰۴۳ھ ہزار و چہل و سہ ہجری برحمت ایزدی پیوست۔"

[4] کلیات کلیم، ورق: ۱۵۹ الف۔ [5] بادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، حصہ دوم، ص: ۴۰۔ [6] کلیات کلیم، ورق ۱۰۸ ب

Marfat.com
Marfat.com

شاہجہان نے دہلی سے نکل کر بمقام پالم "پارکاب" کیا اور وہاں شکار کھیلا۔ ایک دن میں چالیس[۴۰] ہرن شکار کئے بادشاہ کے مہارتِ نشانہ کا یہ عالم تھا کہ دوبارہ گولی چلانے کی نوبت نہ آتی اور دہلہ اول ہی پر ہرن ختم ہو جاتا۔ کلیم نے اس واقعہ کے متعلق جو رباعی رقم کی ہے۔ اس میں مبالغہ انتہا کو پہنچ گیا ہے ؎

چوں شاہِ جہان پادشہ شیر شکار   افگند بہ پالم پئے نخچیر گذار
روزے بہ تفنگِ خاص بآن چل آہو   افگند کہ نفگند بہ یک صید دوبار[۱]

۱۰۴۴ھ میں شہنشاہ شاہجہان نے تختِ طاؤس تیار کروایا۔ حاجی محمد جان قدسی اور دیگر معاصر شعراء نے اس کی تاریخیں لکھیں[۲]۔ کلیم نے بھی ایک قطعہ سپردِ قلم کیا جس کا مطلع ہے ؎

پادشاہا! پایہ تخت بود تاج سپہر   دولتِ گردوں نگوںش یکسر وچار افراست[۳]

اسی سال یعنی ۱۰۴۴ھ میں تین مبارک و مسعود واقعات ظہور پذیر ہوئے[۴] اور کلیم نے ان سب کو ایک قصیدہ میں سمو دیا ہے۔ صاحبِ عمل صالح اس کے متعلق یوں رقمطراز ہیں۔

"یگانہ شاعرِ نادر سخن، جادو کلام طالبائی کلیم نیز قصیدہ در تہنیت اعیاد ثلثہ عید نوروز و عید فطر و عید قدوم اسعد بہ دار الخلافہ عظمیٰ سمت نظم دادہ و چند بیت در تعریف آن برج شمس و قمر در ضمن آں درج نمودہ و آں ابیات کہ بادشاہِ دقیقہ سنج، ہنر نوازِ اُورا سر بہ زر وزن نمودہ بی ملاحظہ ترتیب با مطلع دریں نامۂ نامی ایراد یافتہ[۵] ؎

"نجستہ مقدم نوروز و غرۂ شوال   فشاندہ اند گلِ عیش بر سرِ مہ و سال"

قصیدہ کافی طویل ہے۔ ۱۶۰ اشعار پر مشتمل ہے اور کلیات میں مکمل درج ہے اس لیے صرف زیرِ بحث موضوع سے متعلق چند اہم اشعار یہاں پیش کرنے پر اکتفا کیا جاتا ہے ؎

نجستہ مقدم نوروز و غرۂ شوال   فشاندہ اند گلِ عیش بر سرِ مہ و سال
بنرم عیش دو جامست در کفِ ساقی   ضرور تست بلی ایں دو عید را دو ہلال

۱۔ بادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، حصۂ دوم، ص: ۷

۲۔ عمل صالح، جلد دوم، ص: ۸۸ — تاریخ اتمام (تختِ طاؤس) را قدسی "اورنگ شاہنشاہِ عادل" یافتہ۔

۳۔ کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۵۸

۴۔ مفتاح التواریخ، ص: ۲۴۳، سرو آزاد، ص: ۷۸ — ان تذکرہ نگاروں نے ۲ واقعات لکھے ہیں، لیکن معاصر تاریخوں اور خود کلام کلیم کی داخلی شواہد سے ثابت ہوتا ہے کہ تین واقعات ظہور پذیر ہوئے تھے، شعر ملاحظہ ہو۔

ہلالِ دلفروستی اہلِ اکبر آبادم   کہ از سہ عید گرفتند کام دل امسال

۵۔ عمل صالح، جلد دوم، ص: ۸۸، بادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، حصۂ دوم، ص: ۸۴

Marfat.com
Marfat.com

هلالِ دلخوشیِ اہلِ اکبر آبادم | کہ از سہ عید گرفتند کامِ دل امسال
بچشمِ مردمِ دارالخلافہ عید نو نیست | غبارِ موکبِ شاہِ جہان، جہانِ جلال
شرف پذیرد نوروز در چنین عیدی | کہ بادشاہ نشیند بہ تختِ استقلال
بوصفِ تختِ مرصع گہر فشاں گشتم | خدا نصیب کند عمرِ خضر و طولِ مقال

۱۰۴۵ھ میں پھر ججھار سنگھ بندیلہ کی بغاوت نے سر اُٹھایا۔ اس کی سرکوبی کے لیے فوجِ شاہی روانہ کی گئی اور آخرکار خانِ زمان و فیروز جنگ کی سرکردگی میں لشکرِ شاہی نے گونڈ قبائل کی مدد سے ججھار سنگھ کو کیفرِ کردار تک پہنچایا اور باغیوں کے سروں کو مع مالِ غنیمت کے دارالخلافہ پہنچا یا گیا۔ کلیم نے ان احوال پر مشتمل (۳۶۱) اشعار کی ایک طویل مثنوی لکھی ہے جس کے چند اشعار یہاں درج کیے جاتے ہیں:[۲]

بگویم قصۂ ججھار مردود | کہ آغازش چہ و انجام چوں بود
ہمیشہ در دکن تا بود پیکار | در آں لشکر کمک می بود ججھار
اگر گاہی بخود اندر وطن بود | پسر از جانبِ اُو در دکن بود
در ایامی کہ سالِ ہشتمین بود | کہ شہ فرماندہ روئے زمین بود
پسر برگشت و کارِ اُو دگر شد | بنائے دولتش زیر و زبر شد
ہمیں اُو با پسر زانجا بدر رفت | دوگامی عید بسمل پیشتر رفت
از و اسباب و اسپ و فیل و مالش | بدستِ لشکر آمد با عیالش
سرِ بے مغز را بالا کشیدن | چو ناخن در عقب دارد بریدن
دو سر بر یک سناں یکبار در شد | حبابِ ہر دو آخر سر بسر شد

۱؎ ماثر الامرا، جلد دوم، ص: ۲۱۴، ۲۱۵

"پسر راجہ برسنگھ دیواست۔ بعد فوت پدر بخطاب راجگی و منصب مناسب ترقی کردہ تا آخر عہد جنت مکانی بمنصب [illegible] شدہ، پدرِ اُو مال بسیار فراہم کردہ بود۔ بمقتضائی الخائن خائف واہمہ بخاطر راہ دادہ۔ پس از چند روز نیم شبی از اکبرآباد فرار نمودہ۔ چوں ایں خبر بعرض پادشاہ رسید مہابت خان خانخاناں با کثرے از امرائی حضور بر سر اُو تعین یافت۔ ججھار سنگھ ناچار توسل مہابت خان جستہ درخواست عفو جرائم نمود۔ پادشاہ قبول ایں معنی فرمود۔ شار الیہ بخطاب راجگی نامور گردید۔ پس از رسیدن بوطن سال ہشتم باغوائی طبیعت فساد سرشت بھیم نرائن زمیندار چوراگڈھ بقتل رسانید۔ طایفہ گونڈ آں ہر دو را مطابق سنہ ۱۰۴۴ھ بقتل رسانیدند۔ خانہ دران سرہائی ہر دو را بریدہ نزد فیروز جنگ آوردند۔"

۲؎ کلیاتِ کلیم، لدن، ۱۰۴ الف - ۱۱۵ ب

Marfat.com
Marfat.com

شہنشاہِ اکبر کے عہد سے شاہجہان کے عہد تک (یعنی ۱۰۰۴ھ سے ۱۰۴۵ھ تک) تقریباً ۴۰ سال سے دکن کی تسخیر کی کوشش جاری تھیں خود شاہجہان نے اپنے جلوس کے بعد سے ۱۰۴۵ھ تک دو دفعہ یہاں کے مختلف قلعے فتح کئے تھے اور فتوحات کا سلسلہ جاری تھا مگر منصوبۂ فتح پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچ رہا تھا کیونکہ سلاطینِ دکن ۱۰۲۶ھ سے باجگذار تو ہو گئے تھے لیکن یہ باجگذاری صرف برائے نام تھی کیونکہ دکنی سلطنتیں ملک عنبر کے پردے میں شمال کی ہر دست درازی کا جواب دے رہے تھے اور دکن کا سیاسی توازن برقرار رکھنے کے لیے ہر طرح مدافعت پر آمادہ تھے اور ساتھ ہی سلاطینِ مغلیہ بھی تسخیرِ دکن پر تُلے ہوئے تھے چنانچہ جنگوں کے اس تسلسل سے مجبور ہو کر ۱۰۴۵ھ میں شاہجہان بہ نفسِ نفیس دکن روانہ ہوا بقول کلیم ایک سال میں ایسے چالیس[۴] قلعے فتح کیے جن کا ایک ایک قلعہ اپنے استحکام کی وجہ سے ناقابلِ تسخیر تھا اس شاندار کارنامہ پر کلیم نے حسبِ ذیل رباعی تحریر کی۔

شاہا! بجنت کشورِ اقبال گرفت ... تیغت ز عدو ملک و سرو مال گرفت
چل قلعہ بیک سال گرفتی کہ بکیش ... شاہان نتوانند بہ چل سال گرفت[۵]

ہر سال قمری مہینے کے لحاظ سے روایتاً شہنشاہ کو سالگرہ کے موقع پر زر و جواہر میں تول کر غرباء میں تقسیم کیا جاتا تھا اور اربابِ ہنر کو ازراہِ قدردانی صلے عطا کئے جاتے ۔ جاگیریں عنایت ہوتی تھیں چنانچہ ۱۰۴۵ھ میں جشنِ وزنِ شہنشاہ کے موقع پر کلیم نے جو قصیدہ نظم کیا تھا وہ صرف کلیات میں دستیاب ہوتا ہے اس کے اشعار سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ اسی سال یعنی ۱۰۴۵ھ میں لکھا گیا تھا کیونکہ اس میں چالیس قلعوں کی تسخیر کا تذکرہ ملتا ہے ۔ اس قصیدے کے چند اشعار یہاں پیش کئے جاتے ہیں ۔

صاحبقران ثانی کز حسنِ عہدِ او ... گلزارِ دہر رونقِ باغِ جنان گرفت
سامانِ عید وزنِ مبارک ہمی کند ... دوراں کہ جملہ حاصلِ دریا و کان گرفت
دوراں ز خوانِ حشمتِ شاہی بجشنِ وزن ... اعداقی نہ فلک را یک بیرہ پان گرفت
تعدادِ قلعہا و فتوحاتِ چوں کنم ... ہر روز کشوری شہ گیتی ستان گرفت
حکاکِ تیغ کند برو نامِ فتح را ... ہر قلعہ را کہ ہمچو نگین در میان گرفت
چل قلعہ فتح شد کہ یکی زاں دو گیر بود ... کان را نمی تواں بہ کمند و کمان گرفت
زاں گونہ مرتفع کہ اگر قلعہ دار آں ... راضی شود تواں کمک از آسمان گرفت[۶]

---

[۴] شاہنامہ کلیم، ورق: ۱۹۸ب ۔ پادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، حصہ دوم، ص: ۱۸۱

[۵] عمل صالح، جلد دوم، ص: ۱۹۳

[۶] کلیات کلیم، ورق: ۲۶ب

Marfat.com
Marfat.com

۲۴ ذی الحجہ ۱۰۴۶ھ کو شہزادہ اورنگ زیب کی رسم شادی دختر شاہنواز خان بن مرزا رستم صفوی کے ساتھ منعقد ہوئی اور کلیم نے یہ تہنیتی قطعہ تحریر کیا جس کے دو شعر یہ ہیں ؎

فلک رتبہ اورنگ زیب آنکہ ایزد — کہ اقبال در سایہ اش آرمیدہ
خرد بہر تاریخ تزویج گفتا — "دو گوہر بیک عقد دوراں کشیدہ"[1] (۱۰۴۶ھ)

لشکر شاہی نے سال کے اختتام پر بہوجپور موقوعہ صوبۂ بہار اور دوسرے گیارہ قلعہ جات فتح کیے[2]۔ کسی تذکرے میں اس رباعی کا حوالہ نہیں جس سے تاریخ نکلتی ہے لیکن کلیات میں ملتی ہے جو یہاں درج کی جاتی ہے ؎

از جلوۂ شاہدانِ فرخ پئے فتح — داد از پئے ہم ساقی دوراں مئے فتح
تاریخ فتوحاتِ شہنشاہِ جہاں — کلکم بہ نوشت آمدہ "فتح از پے فتح"[3] (۱۰۴۶ھ)

۱۰۴۶ھ میں شاہجہان نے "قصر آگرہ" کی تعمیر کا حکم صادر فرمایا اور اس کے ساتھ بہت سی عمارتیں تعمیر ہوئیں مثلاً ایوان، حمام شاہی اور چند مثمن عمارات، ہر ایک پر کلیم نے قطعہ یا مثنوی ضرور لکھی ہے۔ تفصیلات کی مطابقت کے لئے اس کے کلیات سے دستیاب ہونے والے قطعات کے چیدہ چیدہ اشعار پیش کئے جاتے ہیں۔ چنانچہ اس عظیم الشان قصر کے متعلق دو اشعار یہ ہیں ؎

ز شانِ تست گر پر خست بہ بالاست — نفل مغز بالا پوست را جاست
نمود از رفعتِ شانت عیان است — مگر خشتش ز خاکِ سرکشانست[4]

دولت خانۂ خاص کے مقابل ایک ایوان تعمیر ہوا جو ۵ ½ مربع گز رقبہ زمین پر مشتمل تھا[5]۔ اس کے متعلق کلیم نے جو مثنوی تحریر کی اس کے چند بیت یہ ہیں ؎

بہ رفعت چوں کنم تعریفِ ایوان — گذارد قافیہ را نسبت بہ کیوان
در دو شاہجہاں مسند نشین است — کہ این سربلندی بیش ازیں است[6]

صاحب پادشاہ نامہ لاہوری اسی ایوان سے متصل ایک حمام کا ذکر ان الفاظ میں کرتے ہیں۔

---

[1] پادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول حصہ دوم، ص : ۲۶۹ ؛ عمل صالح، جلد دوم، ص ۲۴۲
[2] " " " ، ص ۱۰۲ ـــ "اتفاقاً حصار بہوجپور را کہ حاکم نشین آں سرزمین است و بر تابِ داشتن طالع در انجا متحصن گشتہ بود ما مرہ نمود ...... یازدہ قلعہ دیگر کہ در آں نزدیکی بود مفتوح شد"
[3] کلیات کلیم، ورق : ۲۱۱ ب — [4] کلیات کلیم، ورق ۱۹۵ ؤ
[5] پادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، حصہ دوم، ص : ۲۲۸ — [6] کلیات کلیم، ورق ۱۹۵ ؤ

Marfat.com
Marfat.com

"متصل آن (ایوان) حمامی مشتمل بر منازل متعددہ کہ بر دریائے چون .... اں طرف آب اشراف دارد[1]"

اِس حمام کی تکمیل پر کلیم نے یہ اشعار سپردِ قلم کئے تھے ؎

زہی از تو روئی طراوت سفید | صفارانِ تو گرم پشت اُمید
سرورِ دل و راحتِ جاں توئی | بعالم قدم گاہِ پاکان توئی
وزد بادِ قہرش چو بر روزگار | زحمام بر رو نشیند غبار
بود آتش و آب را تا فروغ | زرویش بود مہر و مہ با فروغ[2]

دوسری عمارت جو سنگ مرمر سے مثمن شکل میں بنائی گئی تھی اس کا قطر ۸ گز تھا۔ اس میں تین شہ نشین بھی تھے[3]۔ کلیم نے دو چھوٹی مثنویاں اِن کی تعمیر کے بعد لکھی تھیں، جن کے چیدہ اشعار درج ذیل کئے جاتے ہیں

ندارد کشش جہت چون ایں مثمن | کہ باشد ہفت چرخش زیرِ دامن
ملایک چوں کبوتر در رواقش | ثریا کوزۂ نرگس بہ طاقش
مسرت فزا، دلکشا، دل نشین | غبار درش آبروئے زمین
ز نور و فضا در نظر آئینہ است | بر و نقشِ چین رنگ بر آئینہ است[4]

اپنے اسلاف کی طرح شاہجہان کو شکار کا بہت شوق تھا اور ضرورتاً دورانِ شکار میں شاہ کو چند دنوں شکار کے لیئے قیام بھی کرنا پڑتا تھا۔ ۱۰۴۶ھ میں حکم شاہی سے "صیدگاہ باری" میں تالاب باری کے کنارے دو سال کے عرصہ میں ایک لاکھ چالیس ہزار روپے کے صرفہ سے سنگِ سرخ سے ایک محل تعمیر ہوا جو "بلال محل" کے نام سے موسوم ہوا[5]۔ اس تعمیر کی توثیق کلیم کے مندرجہ ذیل اشعار سے ہوتی ہے ؎

پادشاہِ زمانہ شاہجہاں | شد بعہدش شگفتہ گلشنِ عیش
نذرِ صاحبقرانِ ثانی کرد | دہر کشتِ مراد و خرمنِ عیش
طرح در "صیدگاہِ بارے" کرد | ایں بنا را کہ شد نشیمنِ عیش

---

[1] پادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، حصہ دوم، ص: ۲۳۸ [2] کلیاتِ کلیم نسخہ ب، ورق: ۱۲۶ الف ب
[3] پادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، حصہ دوم، ص: ۲۳۹۔
[4] کلیاتِ کلیم، ورق: ۹۷ ب
[5] پادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، حصہ دوم، ص: ۲۳۴

Marfat.com
Marfat.com

گشت تاریخ سالِ اتمامش "عیدگاہِ نشاط و مسکنِ عیش[1]" (۱۰۴۶ھ)

افسوس کہ صیدگاہِ باری کا محلِ وقوع ہمارے مستعملہ کسی ماخذ سے متعین نہ ہو سکا البتہ بادشاہ نامہ لاہوری میں اس شکارگاہ کا ذکر اکثر جگہ آیا ہے جس سے اس بات کی تصدیق تو ہوتی ہے کہ اس نام کی کوئی شکارگاہ تھی۔

۱۰۴۶ھ میں ایک مسجد اجمیر میں زیرِ تعمیر تھی، شاہجہان نے اسی نامکمل مسجد میں نماز ادا کی چنانچہ ۱۰۴۷ھ میں وہ پایۂ تکمیل کو پہنچی اور بے بدل خان گیلانی[2] داروغۂ زرگرخانہ اور ابو طالب کلیم نے ایک ایک قطعہ لکھا جس سے تاریخ اتمام نکلتی ہے۔ عبدالحمید لاہوری نے صرف بے بدل خان کا مصرعہ "قبلۂ اہلِ زماں شد مسجدِ شاہ جہاں[3]" ہی درج کیا ہے، کلیم کی تاریخ نہیں دی ہے مگر کلیاتِ کلیم[4] میں مکمل قطعہ موجود ہے۔ جو اسی مسجد کی تعمیر کے سلسلے میں لکھا گیا ہے۔ اس کی تین وجوہ ہیں۔

۱۔ اس کے مقطعۂ تاریخی سے سنہ ۱۰۴۷ھ کا استخراج ہوتا ہے۔

۲۔ ایک شعر سے داخلی شہادت ملتی ہے۔

داده ایمن حرمتِ اجمیر را فیضِ حرم سرنوشتِ ساکنانش نیست جز خطِ امان

۳۔ کلیم نے سعیدائے گیلانی کے بعد یہ قطعہ تحریر کیا ہے اور اس کے اس مصرعہ میں تعریض ہے ؎

من نگویم کعبۂ لیک ایں قدر گویم کہ ہست

سعیدائے گیلانی نے "قبلۂ اہلِ زمان" کہا ہے اور کلیم نے "کعبۂ حاجاتِ دنیا" کہہ کر شعر کو بہتر بنا دیا ہے۔ وہ اس کے محرابوں کو "قبلہ گاہِ آرزو" کہہ سکتا ہے۔ "کعبۂ ثانی" کہتا ہے لیکن "کعبہ" کہنے کو تیار نہیں کیونکہ مبالغہ میں بھی وہ تقدیس تحریمِ کعبہ برقرار رکھنا چاہتا ہے۔

اس قطعہ کے سلسلہ میں صاحب عمل صالح[5] سے ایک اختلاف ہو رہا ہے۔

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق: ۶۸ ب

[2] ماثرالامرا، جلد اول، ص: ۴۰۵۔ "بے بدل خان سعیدائے گیلانی در عہد جنت مکانی [illegible] در سلک ملازمان پادشاہی انتظام یافت۔ در عہد فردوس آشیانی بوسیلۂ معاملہ فہمی و کاردانی بخطاب بے بدل خان امتیاز گرفتہ۔ متھا بہ داروغگی زرگرخانۂ [illegible] اختصاص داشت و سریر مرصع (کہ موسوم بہ تخت طاؤس بود) باہتمامِ او در مدت ہفت سال صورت اتمام یافتہ۔ در جلدو [illegible]

[3] بادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، حصۂ دوم، ص ۲۲۵

[4] کلیاتِ کلیم، ورق ۴۴ ل

[5] عمل صالح، جلد سوم، ص ۵۵

Marfat.com
Marfat.com

۱۔ سنہ ۱۰۵۷ھ کے وقایع میں تعمیر شاہجہان آباد کی جو تفصیلات درج ہیں اس قطعہ کو انہوں نے اسی سلسلہ میں تعمیر ہونے والی جامع مسجد سے متعلق کیا ہے جو صحیح نہیں ہے کیونکہ مسجد کی تعمیر ۱۰۴۷ھ میں اجمیر میں ہوئی اور ثبوت کے لیے قطعہ مذکورہ کے دو شعر دوبارہ پیش کئے جاتے ہیں۔

دادہ ایمن حرمت اجمیر را فیض حرم سرنوشت ساکنانش نیست جز خط امان

مسجدش کان کعبۂ ثانیست تاریخش بود "کعبۂ حاجات دنیا مسجد شاہجہان" ۱۰۴۷ھ

۲۔ مفتاح التواریخ میں اس مسجد کی تعمیر کا ذکر ۱۰۴۷ھ میں ہے اور یہی مقطعہ پیش کیا گیا ہے جو صحیح ہے۔

۳۔ صاحب عمل صالح نے جو مقطعہ تاریخ دیا ہے اس سے ۱۰۶۷ھ نکلتا ہے۔ "قبلۂ حاجات آمد مسجد شاہجہان" ۱۰۶۷ھ اس لحاظ سے اس واقعہ کا ذکر ۱۰۵۷ھ کے وقایع میں نہیں ہونا چاہیے تھا کیونکہ جو مقطعہ دیا گیا ہے اس سے ۱۰۵۷ھ نہیں ۱۰۶۷ھ نکلتا ہے۔ عمل صالح کے پورے مقطعہ تاریخی میں تعمیہ و تخرجہ بھی نہیں ہے اور کوئی طریقہ اس پر منطبق نہیں ہوتا۔

۴۔ عمل صالح میں مذکورہ قطعہ کے ۸ شعر نقل ہیں اور من جملہ اور اختلافات کے مقطعہ میں بھی اختلاف ہے اور تذکروں و غنی کاشمیری کا قطعہ تاریخی شاہد ہیں کہ کلیم ۱۰۶۱ھ میں انتقال کر چکا تھا شاید فاضل مورخ کو غلط فہمی ہو گئی ہے یا قطعہ کے نقل کرتے وقت شاید تاریخ کی طرف خیال نہیں گیا۔ دوسرا خیال یہ بھی آتا ہے کہ کلیم کا وہ قطعہ جو اس نے مسجد اجمیر کی تعمیر کے بعد لکھا تھا اس کا آخر مصرعۂ تاریخ محمد صالح کو یاد نہیں رہا اور نہ سنہ و وجہہ تحریر اور ایک مصرعہ جو کسی اور شاعر کا تھا اور کسی اور مسجد سے متعلق تھا موصوف نے ایک دوسرے سے مخلوط کر کے اپنی مطلوبہ تاریخ نکال لی کیونکہ مسجد اجمیر والے قطعہ کے مصرعۂ تاریخی میں ۲ لفظوں "قبلہ" کی بجائے "کعبہ" اور "آمد" کی بجائے "دنیا" کے تغیر سے ۱۰۴۷ھ کی بجائے ۱۰۶۷ھ ہو جاتا ہے۔

۱۰۴۷ھ تک کلیم نے "شاہنامۂ شاہجہانی" قلمبند کرنا شروع کر دیا تھا جس کا ثبوت محمد امین قزوینی کے ان جملوں سے ملتا ہے۔

"در اوقات اُو نیز لالی مضمون مشحون "پادشاہنامہ" را بہ رشتہ نظم می کند و این دو کتاب کہ اُو (کلیم) و حاجی محمد جان قدسی نظم می کنند، بعد از اتمام مقبول خاص و عام خواہند بود[۵]"

کلیات کلیم میں دو قطعے موجود ہیں جن میں سے ایک قطعۂ تاریخی ہے اور اس کے مقطع سے ۱۰۴۷ھ نکلتا ہے۔ ان کے عنوانات اور اشعار کے بغور مطالعہ سے اس امر کی شہادت ملتی ہے کہ اس سال ایک "مرقع گلشن" تیار ہوا تھا جو جنت مکانی (شہنشاہ جہانگیر) کے عہد میں شروع ہوا تھا اور صاحبقران ثانی شاہجہان کی "حسن سعی" سے اختتام کو پہنچا ہے[۵]

---

[۴] مفتاح التواریخ، ص: ۲۴۴

[۵] پادشاہ نامہ قزوینی، ورق: ۲۷۴ ب
(سنہ ۱۰۴۷ھ کے وقایع میں یہ عبارت درج ہے)

Marfat.com
Marfat.com

طرحِ ایں گلشن شہ جنت مکاں کرد از نخست — ایں زماں لیکن گُلِ اتمام باز آوردہ است
حسنِ سعیِ ثانیِ صاحبقران شاہ جہان — آبِ شادابیش اندر جوئبار آوردہ است[1]

اس کی تیاری استادانِ فن کے موقلم سے ہوئی ہے۔ ہزاروں "نقش بدیع" کے انتخاب کے بعد زمانہ نے اس کو "مرقع شاہجہان" نام دیا ہے اور اس کی تاریخ کا کلیم نے "مرقع بے مثل و بے بدل" (۱۰۴۷ھ) سے استخراج کیا ہے۔ مرقع رقع سے مشتق ہے۔ اس کے لغوی معنی تصاویر کا مجموعہ ہے۔ جیسے انگلش میں البم کہا جاتا ہے۔

معاصر یا متاخر، مورخ و تذکرہ نگار۔ فہرست نگار و مغلیہ مصوری و فن تعمیر کے ماہرین کی متحصلہ کتب سے استفادہ کیا گیا، تمام اس مسئلہ پر روشنی ڈالنے سے قاصر ہیں۔ البتہ حسین پر تو بیضائی کاشانی نے "دیوانِ کلیم کاشانی" کے مقدمہ میں تحریر فرمایا ہے۔

"یکی از آثار پر بہائی شاہجہان کہ بدست جہانگیر پدر وی شروع و بہ ہمت شاہجہان تکمیل شدہ مرقع گلشن است کہ اکنوں در موزہ سلطنتی ایران می باشد و شاید جزو نفایسی است کہ نادرشاہ افشار از ہند با ایران آوردہ۔ ایں مرقع را نویسندۂ سطور ندیدہ اما شرحی از آن در یکی از نشرات ادارہ کل باستان شناسی درج و نمونہ ہای از خطوط و تصاویر آں گراور شدہ و از آن جملہ تصویر شاہجہان و فرزندش دارالشکوہ می باشد کہ گراور ایں تصویر در صفحۂ قبل بہ نظر خوانندگان می رسد۔

مرقع مزبور مجموعۂ گراں بہائی است از خطوط اساتید خط و تصاویر متعدد از سلاطین و علماء و ہنر مندان ایران و ہند و خانوادہ سلطنتی جہانگیر و شاہجہان کہ تصاویر مزبور بقلم بزرگترین نقاشان آن عصر ہندوستان ترسیم شدہ۔"[2]

اس بیان کے سوا ہمارے پاس کوئی اور موثق حوالہ نہیں۔ جسے ہم سند کے طور پر پیش کر سکیں اس لیے اسی پر اکتفا کرتے ہیں۔

۱۰۴۸ھ کا آغاز ہوا۔ شاہجہان نے دولت خانہ سہرند میں نزول فرمایا یہ عمارت باغ حافظ رخنہ سے متصل تھی شاہ نے وہاں "دولت خانۂ خاص" اور "خواب گاہ والا" تعمیر کرنے کا کام میر علی اکبر کروری فوجدار سہرند کے تفویض کیا تھا جو اس سال تعمیر ہو گئے تو شاہ اس میں رونق افروز ہوئے اس کی توثیق پادشاہ نامہ لاہوری کی اس عبارت سے ہوتی ہے۔[3]

"ہژدہم جمادی الثانیہ بدولت خانہ سہرند کہ پیوستہ باغ حافظ رخنہ بنا شدہ تشریف فرمودند۔"[4]

۱۔ کلیاتِ کلیم، ورق: ۶۵ و
۲۔ دیوانِ کلیم کاشانی، ص: ح
۳۔ پادشاہ نامہ لاہوری، جلد دوم، ص: ۱۱۶
۴۔ پادشاہ نامہ لاہوری، جلد دوم، ص: ۱۱۵

Marfat.com
Marfat.com

کلیم نے دو مثنویاں سپردِ قلم کیں۔ مثنوی کے اشعار اور پادشاہ نامہ لاہوری کی تفصیلات ایک دوسرے کی موافقت کرتے ہیں[1]؎

زہی عرش بنیاد دولت اساس — چو خورشید در آسماں روشناس
کند نقش گلزار جزو آشکار — کشد گر گلی می نماید بہار
بر آوازۂ خوبیت ردم و چین — سرائے شہنشاہ باید چنین
رقم دید آخر بہ لوحِ ازل — "سرائے شہنشاہ والا محل" ۱۰۴۸ھ

دوسری مثنوی کے تین شعر نقل کئے جاتے ہیں؎

دیدہ نظارہ وقفِ حیرت است — زین بنا کار آگاہِ دولت است
چوں تمامی یافت ایں رشکِ بہار — گوہرِ تاریخ ہا کردم نثار
لیک تاریخی کہ لایق شہرتست — "قصرِ اقبال و محلِ دولت است[2]" ۱۰۴۸ھ

"گوہرِ تاریخ ہا کردم نثار" اور "لیک تاریخی کہ لایقِ شہرتست" سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کئی تاریخیں نکالی تھیں لیکن مندرجہ بالا شاید زیادہ پسند آئیں جنہیں اس نے "لایقِ شہرت" سمجھ کر پیش کیا ہے۔

شاہجہان ۱۰۴۳ھ میں جب سیرِ کشمیر کے لیئے گئے تھے، اس وقت مناسب مقامات پر عارضی قیام کی غرض سے چند عمارتیں تعمیر کرنے کا حکم صادر کیا تھا، چنانچہ ان ہی عمارتوں میں ایک ایوان بھی تھا جو ایک حوض کے درمیان تعمیر ہو رہا تھا۔ ۱۰۴۹ھ میں وہ مکمل ہوا[3]۔ کلیم اس زمانہ میں شاہنامہ نظم کرنے کے سلسلہ میں مقیم کشمیر تھا ممکن ہے اس نے خود مشاہدہ کیا ہو چنانچہ یہ رُباعی اس عمارت کی تاریخ اتمام پر تحریر کی؎

ایں خانہ نگاہ را عنان گیر بود — حوضش مرآتِ مہر تنویر بود
تاریخ بنائی ایں ز معمارِ خرد — جستم گفتا "زینتِ کشمیر بود[4]" ۱۰۴۹ھ

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۳۹ ب تا ۱۴۰ الف، ب

[2] Mughal poetry (By) Dr. Hadi Hasan. P.38 پر ان مثنویوں کی وجہ تحریر "تعمیرِ قصرِ آگرہ" لکھی ہوئی ہے لیکن تاریخی مواد کی رو سے تعمیرِ قصرِ آگرہ ۱۰۴۶ھ میں ہوئی اور مثنویوں کے اشعار و پادشاہ نامہ لاہوری کی عبارت کو بغور پڑھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ مثنویاں "دولت خانہ سہرند میں تعمیر ہونے والے" محلِ مقدس و "دولت خانۂ خاص" کے متعلق لکھی گئی ہیں، قصرِ آگرہ کے بارے میں نہیں۔

[3] پادشاہ نامہ لاہوری، جلد دوم، ص: ۲۶ "میان حوض عمارتی طنبی دہ گز در ہشت گز طولانی آن دو ایوان سنگین .... بنا نہند"

[4] کلیاتِ کلیم، نسخہ ب، ورق: ۳۴۴ الف

Marfat.com
Marfat.com

کلیاتِ کلیم میں ایک قطعہ تاریخی ہماری نظر سے گذرا اس کی وجہ ارقام کی تصدیق معاصر تاریخ پادشاہ نامہ لاہوری سے بھی ہوتی ہے۔ ۱۰۴۹ھ کی شب برات[1] کے موقع پر حکم شاہی سے علی مردان خان نے دولت خانہ خاص و عام پر چوب بندی کرکے چراغان کیا تھا اور شاہجہان نے جھروکے میں برآمد ہوکر "چراغان" کا تماشہ دیکھا۔ اس قطعہ کا مصرعۂ اول ہے ؎ "غبار دیدہ بدر رفتہ باد ازین خرگاہ[2]" اور مطبوعہ نسخہ میں "خرگاہ" کی بجائے "درگاہ" لکھا ہے۔ پرانی اصطلاحات کی رو سے "درگاہ" سے مراد خلوت یعنی دیوانِ خاص لیا جاتا تھا اور "بارگاہ" سے مراد جلوت (اصطلاح آصفی میں "جلوخانہ") یعنی دیوانِ عام اور "خرگاہ" کے لغوی معنی ہیں "خیمۂ عارضی" چونکہ یہ چوب بندی کا کام عارضی خیمہ زنی کے مترادف تھا اس لیئے وہاں "خرگاہ" کا لفظ ہی موزوں ہوگا۔ مقطعۂ تاریخی یہ ہے ؎

چو یارگاہِ شہنشاہ بود تاریخش "اتاق و بارگہ پادشاہ" آمدہ است[3] ۱۰۴۹ھ

اسی سال ۲۵ رشوال ۱۰۴۹ھ شاہجہان سیرِ کشمیر کے قصد سے روانہ[4] ہوا موسم زمستان تھا اور شاہ فروردی میں کھلنے والے شگوفہائے شفتالو وگلِ ریحان کے حسن سے لطف اندوز ہونا چاہتے تھے۔ راجہ جگت سنگھ کو چشموں کے دہانوں سے برف ہٹوا کر راستے صاف وقابلِ عبور بنانے کا حکم شاہی صادر ہوا تھا۔ بظاہر جاڑوں میں سیرِ کشمیر تعجب خیز امر معلوم ہوتا ہے لیکن بعض موسمی پھول دپھل کی بہار سے اسی مخصوص موسم میں بہرہ اندوز ہوسکتے ہیں۔ اسی لیئے غالباً شاہجہان نے موسم کی زحمت اٹھا کر سیرِ کشمیر کا ارادہ کیا تھا۔

کلیم کشمیر میں مقیم تھا بناء بریں اس نے اس موقع پر ایک قصیدہ تحریر کیا جس میں "زمستانِ کشمیر[5]" اور مقدمِ شاہ کا ذکر ہے۔ چند شعر پیش کئے جاتے ہیں جن میں برف باری کا نقشہ کھینچا ہے ؎

در عینک یخ نہان شد امسال — کشمیر کہ چشمِ روزگار است
تا تن از لرزہ گشتہ رقاص — دندان چو چغانہ گرم کار است
یخ بر سر کوچہ بندی آمد — نے راہِ پیادہ نے سوار است
امسال امید پشت گرمی — از مقدمِ شاہ کامگار است
آن شاہ جہانِ بختیاری — کا تبالش مملکت شکار است

۲۶ رمحرم ۱۰۵۰ھ کو شاہجہان نے باغ صفاپور کی سیر کی[6] جو دولت خانۂ شاہی سے کچھ دور واقع ہے اور

---

[1] پادشاہ نامہ لاہوری، جلد دوم، ص: ۱۶۷
[2] کلیاتِ کلیم، نسخہ ب، ورق: ۹۷ ب
[3] دیوانِ کلیم کاشانی، ص: ۸۲
[4] " " "
[5] پادشاہ نامہ لاہوری، جلد دوم، ص: ۱۷۹
[6] " " " " : ۱۵۰ ب
[7] " " " ص: ۱۸۹

جہاں آرا بیگم کے حکم سے اس میں ایک عمارت تعمیر کی گئی تھی اس کو آراستہ و پیراستہ کیا گیا تھا۔ بادشاہ نے چار روز تک وہاں قیام کیا اور سیر کے بعد دولت خانہ شاہی کو مراجعت کی۔ کلیم نے اس وقت ایک مثنوی سپرد قلم کی تھی جس کے تین شعر پیش کئے جاتے ہیں ؎

زہے دلکش بنائے چرخ پایہ ۔۔۔ جہاں از آب و رنگت برد مایہ
صفا پرور از تو زیب روزگار است ۔۔۔ بہار از پہلوی گل نامدار است
از ان منظور فیض آسمانے ۔۔۔ کہ عشرت خانۂ شاہجہانی[1]

۲۷ محرم ۱۰۵۴ھ شہزادی جہاں آرا بیگم بنت شاہجہان اپنی خوابگاہ میں جارہی تھیں کہ اتفاقاً شمع کی لو سے ان کے دامن میں آگ لگ گئی[2] اور شاہزادی بُری طرح زخمی ہوگئیں۔ ۱۰۵۴ھ تک ان کا علاج ہوتا رہا چونکہ شہزادی سے بادشاہ کو بہت محبت تھی بنا بریں اس حادثہ نے شاہجہان کو بہت متاثر کیا۔ آخر کار شوال ۱۰۵۴ھ میں صحت یابی کے بعد جشن صحت منایا گیا اور شہزادی کو سونے اور چاندی میں تولا گیا اس جشن کے موقعہ پر کلیم کے خامۂ گوہر بار سے جو قصیدہ صفحۂ قرطاس پر نمودار ہوا اس کے چند اشعار یہ ہیں ؎

ای عید صحت تو جہاں را بہ از بہار ۔۔۔ سرسبزی تو زینت بستان روزگار
کوتاہ باد دست حوادث ز دامنت ۔۔۔ ای آب زندگی تو کجی و کجا غبار
تا کردہ شعلہ کسب شرافت ز دامنت ۔۔۔ زیبد اگر فرشتہ کند سبحہ را شرار
بس گنج ہا کہ از زر و گوہر تہی نمود ۔۔۔ بہر تصدق تو شہنشاہ کامگار
یارب ہمیشہ تخم بیفشاندہ سبز باد ۔۔۔ در مزرع اُمید شہنشاہ کامگار[3]

میر بخشی صلابت خان، میر بخشی صادق خان مرحوم کے دوسرے لڑکے تھے۔ گذشتہ صفحات پر مرحوم کے شاہی خاندان سے تعلقات کا ذکر کردیا گیا ہے اس لیئے مزید تفصیل تکرار کا باعث ہوگی۔

صلابت خان[4] ۳۰ جمادی الاول ۱۰۵۴ھ کو نماز مغرب ادا کرکے تخت شاہی کے سیدھے طرف کھڑے

---

[1] کلیات کلیم، نسخہ ب، ورق: ۱۴۲ ۔۔۔ [2] پادشاہ نامہ لاہوری، جلد دوم، ص: ۴۰۰

[3] ،، ،، ،، ، ورق: ۳۴ ب ۔۔۔ عمل صالح، جلد دوم، ص: ۳۹۹

[4] ماثر الامراء، جلد دوم، ص: ۷۳۱ ـــ "صلابت خان روشن ضمیر پسر دوم صادق میر بخشی است۔ سال پنجم جلوس فردوس آشیانی از اصل و اضافہ بمنصب ہزاری دویست سوار و خدمت قوربیگی از تغیر سردار خان سربلند گردید۔ سال ہشتم باضافہ پانصد سوار بمنصب دوہزاری ہشت صد سوار انتہا راندخت و بہ تیر بخطاب صلابت خان بلند آوازہ گردید۔ در سال سلخ جمادی الاول مطابق ۱۰۵۴ھ ہزار و پنجاہ و چہار ہجری بزخم جمدھر راؤ امر سنگھ جہان فانی را بدرود نمود"

Marfat.com
Marfat.com

سرگرم گفت گو تھے کہ راؤ امر سنگھ جو صلابت خان کے بڑھتے ہوئے اقتدار سے حسد کرنے لگا تھا یکایک ان پر حملہ آور ہوا اور اس کے جمدھر کی نوک صلابت خان کے سینہ کے پار ہو گئی۔ اس زخم سے وہ جانبر نہ ہو سکے اور انتقال کر گئے۔ کلیم نے ان کی تاریخ وفات ایک قطعہ میں لکھی ہے جس کے دو اہم شعر یہ ہیں ؎

صلابت خان عزیزِ مصرِ دولت — کہ رویش بود عیدِ دیدہ ور ہا
بود تاریخ سالِ این شہادت — "کباب از ماتم او شد جگرہا"[1] ۱۰۵۴ھ

۱۰۵۵ھ میں شاہجہان نے پھر عزم کشمیر کیا۔ کلیم نے اس خوشی میں ایک قصیدہ لکھا اور انعام سے سرفراز ہوا۔ تمام تذکرہ نویس و مورخ اس قصیدہ کا ذکر کرتے ہیں مگر اس کے دو چار[2] شعر بھی پیش نہیں کرتے۔ پادشاہ نامہ لاہوری میں اس طرح لکھا ہے ؎

"طالب کلیم کہ در کشمیر نظر بہ نظم مآثر و مفاخر این دولت ابد مقرون ابد پیوند می پردازد، قصیدہ در تہنیت مقدم مقدس اقدس رسانید و بمرحمت خلعت و انعام دو بیست مہر مباہی گردید"[3]

کلیات کلیم میں کشمیر سے متعلق ایک مثنوی اور دو قصیدے ہیں ان کو بہ نظر تعمق پڑھنے پر دونوں قصیدوں میں "مقدم شاہ" کا تذکرہ ملتا ہے۔ یہاں مثنوی تو خارج از بحث ہے کیونکہ مذکورہ بالا حوالہ میں قصیدہ کا ذکر ہے۔ دونوں قصائد میں سے ایک میں تو موسم زمستان کا نقشہ صاف طور پر کھینچا ہوا ہے جسے چند صفحات قبل ہم نے پیش کیا ہے۔ اس لحاظ سے ایک ہی قصیدہ باقی رہ جاتا ہے اور اس قصیدے کے محاسن کلام و حسن طلب وغیرہ پر غور کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اسی قصیدہ پر کلیم انعام و خلعت کا مستحق گردانا گیا ہوگا۔ بنابریں اس کے چند شعر یہاں درج کئے جاتے ہیں مکمل قصیدہ کلیات میں درج ہے[4]

اے بخت مژدہ کز افق کبریا رسید — خورشید رحمتی کہ بہ ہر ذرہ وا رسید
از گرد موکبی کہ بہ از ابر رحمتست — کشمیر را بہار دگر از قفا رسید
شکر خدا کہ دیدۂ امید خلق را — از گرد راہ شاہ جہاں توتیا رسید
صاحبقران ثانی کز خاک پای او — لب تشنۂ امید بہ آب بقا رسید
جاوید باد دولت شاہنشہ جہاں — کز وی بہ نیک و بد ہمہ برگ و نوا رسید

کلیم کے ہمعصر و عزیز دوست محمد جان قدسی نے ۱۴ سال کی رفاقت کے بعد ۱۰۵۶ھ میں انتقال کیا تو کلیم نے ۹ بند کا

---

[1] کلیات کلیم (نسخہ ب) ورق: ۴۷ ب [2] … [3] پادشاہ نامہ لاہوری، جلد دوم، ص ۴۲۰ [4] کلیات کلیم نسخہ ب، ورق: ۳۵ ب
[5] مآثر الکرام، ص ۶۲ [6] کلیم در مرثیہ او ترکیب بندے گفتہ و تاریخ چنین یافتہ ؎ "دور از ان بلبل قدسی چمن زندان شد" (۱۰۵۶)

(بہار بلاغت، ص ۹۹) "ترکیب بند اسے کہتے ہیں کہ ایک غزل کے طور پر کچھ اشعار مع مطلع کے لکھ کر اس کے بعد ایک اور بیت مقفیٰ یعنی ایک مطلع بطور گرہ کے لگائیں پھر دوسرے بند میں دوسری غزل بند اول ہی کے وزن پر مذکور کریں اور اس کے بعد بھی ایک اور مطلع سے گرہ لگائیں ایسے ہی جتنے چاہیں بند لکھیں اور ہر بند کا مطلع یعنی گرہ مختلف لاتے جائیں کیونکہ اگر ایک ہی مطلع کی ہر گرہ میں تکرار ہو گی تو اس کو ترجیع بند کہیں گے"۔ کلیم نے ہر بند میں ۱۱ شعر نظم کئے ہیں۔ ہر بند کا اختتام پر بارھواں شعر مختلف ہے، اس حساب سے ۱۲×۹ = ۱۰۸ شعر کا ترکیب بند کلیات کلیم (نسخہ ب) ورق: ۶۱ … پر ملتا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

ایک طویل مرثیہ لکھ کر حقِ دوستی ادا کیا اور یہ اس کا واحد مرثیہ ہے ورنہ عموماً اس نے تاریخ وفات قطعات میں نکالی ہے ۱۰۸ اشعر کا طویل مرثیہ لکھنے سے قدسی کے ساتھ کلیم کی گہری محبت کا ثبوت ملتا ہے ؎

شعر موزوں نتواں کرد کہ از نظم فتاد — کشورِ معنی از رفتنِ سلطانِ سخن
بوی گلزار تقدس بہ دماغش چو رسید — بلبلِ قدسی ازیں گلشنِ دلگیر پرید
جانِ معنی بہ تنِ شعر از و می آید — ز آسماں نامش ازاں روی محمد جاں شد
بچمن گریہ کناں رفتہ ز گل پرسیدم — بہرِ تاریخ برون قدسی ازیں بستاں شد
گل ز شبنم ہمہ تن اشکِ مصیبت شد و گفت — "دور ازاں بلبلِ قدسی ہمہ زنداں شد" ۱۰۵۶ھ

شہنشاہ اکبر و جہانگیر کے عہد سے کابل، بلخ، اور ہندوستان کے درمیان متنازعہ فیہ تھا اور شاہجہان کے عہد میں ۱۰۳۶ھ سے نذر محمد خان اس پر مسلسل حملے کر رہا تھا اور ہر مرتبہ شکست کھا کر خاموش ہو جاتا تھا شہنشاہ نے آخر کار شہزادہ اورنگ زیب کو اس مہم پر روانہ کیا اور خاطر خواہ مدد دی چنانچہ ۱۰۵۶ھ میں بلخ فتح ہوا۔ اس عظیم الشان خوشی کے موقع پر کلیم نے ایک قطعہ میں تاریخ کہی اور صلہ سے سرفراز ہوا۔ اس کے چند اشعار یہ ہیں ؎

ایں مژدہ فتحی کہ شہنشاہِ جہاں گرد — کرد وست ز شادی فرح آباد جہان را
آورد ز میخانہ کابل می و پیمود — قاصد ز رہِ گوش بما رطلِ گران را
ایں بلخ و بدخشان ز فلک ماحضری بود — مہمانیٔ اقبالِ شہنشہ جہان را
جاگیر گرفتی بدل بلخ و بدخشان — ملکی کہ بہ توران ندہد یک رہ آن را
۱۰۵۶ھ "ایزد دو جہان داد بادِ بلخ چہ باشد" — تاریخ بود فتحِ شہنشاہِ جہاں را[1]

نذر محمد خان والیٔ بلخ نے معافی چاہی اور شہنشاہِ خطا بخش نے ۱۰۵۷ھ میں بلخ پھر اسی کو واپس کر دیا۔ صاحب عمل صالح نے اس واقعہ کو اس طرح صفحۂ قرطاس پر قلمبند کیا ہے۔

"از کمال عنایت و مہربانی و پایہ شناسی و مرتبہ دانی باز (بلخ) بہ نذر محمد خان مرحمت[2] فرمایند"۔

مگر بانکی پور کٹلاگ میں ۱۰۵۷ھ والے قطعہ کو تسخیر بلخ سے منسوب کیا گیا ہے[3]۔ لیکن معاصر تاریخ عمل صالح وقایع ۱۰۵۷ھ اور قطعہ کے اشعار سے اس بیان کی تردید ہوتی ہے لہذا یہ دونوں سنین اور تاریخی شواہد کو سامنے رکھنے سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ۱۰۵۶ھ تاریخ فتح بلخ ہے اور ۱۰۵۷ھ والیٔ بلخ کو بلخ واپس کرنے کی تاریخ۔ ۱۰۵۷ھ میں تحریر ہونے والے مذکورہ قطعہ کے چند اشعار درج ذیل ہیں ؎

---

[1] کلیات کلیم نسخۂ ب، ورق: ۳۶ ب
[2] عمل صالح، جلد سوم، ص: ۴
[3] Catal. Bankipore Lib. per. Mss., vol VII. P. 97.

Marfat.com
Marfat.com

شکرِ خدائے را کہ یک توجہِ اقبال | زد دو گلِ فتح تازہ بر سرِ دوران
ہمچو خدنگی کہ بگذرد ز دو نخچیر | گشت بیک دفع فتح بلخ و بدخشان
از پئے تاریخ فتح قلعۂ الاسلام | بردچو غواصِ فکر سر بہ گریبان
رایتِ والی ملک پست شد و گفت | "بلخ مبارک بود بہ سایۂ یزدان" ۱۰۵۶[1]

۱۰۵۶ میں بلخ کی جنگ جاری تھی اور فتح کے لیئے بہت تاخیر ہو رہی تھی اس وقت موقع کی نزاکت کا اندازہ کر کے شاہجہان نے شہزادہ مراد بخش کو مزید فوج دیکر تسخیرِ بلخ کی مہم پر روانہ ہونے کا حکم صادر فرمایا مگر اسی اثنا میں فتح کی اطلاع آگئی اور شہزادہ کو ارادہ ملتوی کرنا پڑا۔ اس کے بعد ۱۱ رجادی الآخر ۱۰۵۷ شہزادہ مرادحکمِ شاہی سے عازمِ کشمیر ہوا۔[3] "مقدم شہزادہ مراد کی مسرت میں کلیم نے درج ذیل دو قطعے لکھے ہیں جن سے تاریخ ورود نکلتی ہے ؎

ہزار شکر کہ ایزد بروی اقلیمی | زیک عطیہ در صد ہزار کام کشاد
شد ابرِ رحمت بر فرقِ ملک سایہ فگن | زگردِ موکبِ اقبال شاہزادہ مراد
زہی کریم کہ فیضِ مراد بخشئ او | بہ ہر کہ بود دلی جمع داد و خاطر شاد
زعقل جستم تاریخ مقدمش گفتا | "ومید از افقِ مطلب آفتابِ مراد" ۱۰۵۷[2]

قصیدۂ دیگر سے ۳ شعر نقل کئے جاتے ہیں۔

ساکنانِ گلشنِ کشمیر را از لطفِ حق | طرفہ فیضی از سمائے آسمان نازل شدہ
سایۂ شہزادہ والا گہر سلطان مراد | ہمچو فیضِ ابرِ رحمت بر ہمہ شامل شدہ
۱۰۵۷ "دیدہ باید سرمہ از گردِ ہمایوں موکبش | بہرِ تاریخ قدومش ز آسمان نازل شدہ"[4]

۱۰۵۷ میں شاہجہان آباد کی تعمیر کا آغاز ہوا۔ کلیم نے اس کی ہر عمارت کی تکمیل پر ایک ایک مثنوی لکھی ہے[5] اور ایک مثنوی ایسی بھی دستیاب ہوئی ہے جس میں شاہجہان آباد کی کل عمارات کا ذکر ہے اس لیئے آخرالذکر مثنوی کے چند اشعار یہاں درج کئے جاتے ہیں ؎

زہی قصر والای گردون اساس | زمین گشت از سایہ اش روشناس

---

[1] کلیاتِ کلیم، نسخہ ب، ورق ۸۲ ب
[3] عملِ صالح جلد دوم، ص ۲۰۱
[2] " " " : ۸۴ ب
[4] کلیاتِ کلیم، نسخہ ب، ورق ۸۶ ب
[5] عملِ صالح، جلد سوم، ص ۳۲ تا ۵۵ ـــ "لہذا کلیم طرز معنی طراز در ہر مقام کہ پاکخر اندیشہ نمود چنانچہ است چنداں ایستادگی کہ درخورِ ایں مقام باشد بجا نیاورد آں جا کہ می گوید"

Marfat.com
Marfat.com

درین آستانِ سلاطین پناہ | دہد ہر کرا بخت و اقبال راہ
چو کعبہ شہنشاہ صاحب قران | زہر نا ملایم بود در امان
سوی درگہش روی اُمید باد | رسا فیض عامش چو خورشید باد[۱]

حکیم صدرا مسیح الزمان[۲] شیرازی جو عہدِ شاہجہانی کی ابتدا سے طبیب شاہی تھے۔ ۱۰۶۰ھ میں رحلت کر گئے[۳] تو کلیم نے ان کی تاریخ وفات پر حسبِ ذیل قطعہ سپرد قلم کیا جو مرحوم اور کلیم کے قریبی تعلقات کا مظہر ہے اور اس مصرعہ سے تاریخ برآمد ہوتی ہے سے "طبیبِ دردِ دلہا از میان رفت[۴]" ۱۰۶۰ھ۔

وفات

۱۰۶۰ء کلیم کے قطعاتِ تاریخی کا آخری سنہ ہے۔ تاریخ و مہینہ باوجود تلاش کے نہ مل سکا جس کے اندراج سے سنہ کی توثیق کی جا سکے۔ اگر اس سنہ کے بعد بھی کلیم بقیدِ حیات ہوتا تو کسی نہ کسی موقع پر ضرور طبع آزمائی کرتا اور تاریخ نکالتا جس طرح اس کی حیات کے دیگر مسائل یعنی تاریخ پیدائش، آمدِ ہند وغیرہ پر بھی اختلاف تھا اسی طرح تاریخ وفات میں بھی ہوتا ہے۔ کلیم کی معاصر تاریخیں "پادشاہ نامہ لاہوری" "پادشاہ نامہ قزوینی" "پادشاہ نامہ علاء الملک تونی" "پادشاہ نامہ ملا محمد وارث" اور "شاہجہان نامہ موسوم بہ عمل صالح کنبوہ" ہیں۔

۱۔ ان پانچ مورخین میں سے تین تاریخ وفات کے متعلق خاموش ہیں۔ محمد وارث تاریخ وفاتِ کلیم "۱۵ ذی الحجہ

---

[۱] کلیاتِ کلیم، نسخہ ب، ورق: ۱۳۶ ب

[۲] پادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول حصہ دوم، ص: ۳۳۷، ۳۴۸ ــــ "حکیم صدرا خلف حکیم فخر الدین شیرازی محمد است کہ شاہ طہماسپ ثانی ایران اورا الحکیم میرزا محمد موسوم گردانیدہ بود۔ در سنہ ہزار و یازدہ بہ ہندوستان آمدہ در سلک بندہای حضرت عرش آشیانی انسلاک یافتہ و بہ مسیح الزمان نامور بود۔ طبیعت موزون دارد و بانی تخلص است"۔

[۳] ماثر الامراء، جلد اول، ص: ۵۷۷، پرشاہنواز خاں سے حکیم صدرا مسیح الزمان کی تاریخ وفات میں ایک سہو ہو گیا ہے۔ انہوں نے مرحوم کی تاریخ وفات ان الفاظ میں لکھی ہے "در سال بیست و چہارم ۱۰۶۱ آ ہزار و شصت و یک در کشمیر رخت ہستی ازین جہاں بست"۔ جلوس شاہجہانی کا چوبیسواں سال ۱۰۶۰ء ہوتا ہے اور سنہ و سال میں اس مطابقت کی تصدیق "ماثر الامراء" ہی کی جلد اول، ص: ۱۵۸ "حالاتِ آصف جاہ" سے ہوتی ہے۔ جس میں شاہنواز خاں نے آصف جاہ کا سنہ وفات "سال پانزدہم سنہ ہزار و پنجاہ و یک" لکھا ہے۔ لہذا اس حساب سے سال بیست و چہارم میں سنہ ۱۰۶۰ آتا ہے اور کلیم کا قطعہ تاریخی سے بھی یہی سنہ نکلتا ہے سے "طبیب دردِ دلہا از میان رفت" (۱۰۶۰)

[۴] کلیاتِ کلیم (نسخہ سالار جنگ میوزیم، نمبر ۲۸)، ورق: ۱۹۱ الف

Marfat.com
Marfat.com

مزار میرزا ابو طالب کلیم همدانی

(بر کناره تالاب بال، سری نگر، کشمیر)

Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com

سنہ بیست وشش" لکھتے ہیں[1]۔ اور علاء الملک تونی بھی اسی تاریخ کے حامی ہیں ۔ وہ کلیم اور اس کے معاصر شاعر میر یحییٰ کی تاریخ وفات ان الفاظ میں رقم کرتے ہیں ۔

" طالب کلیم و میر یحییٰ، نحتی از احوال اینہا، برخی از اشعار در جلد اول و دوم" مرقوم قلم حقایق رقم گشتہ ۔ نختین، پانزدہم ذی الحجہ سنہ بیست وشش (از جلوس شاہجہان) در کشمیر و دومین، یازدہم محرم سنہ بیست و ہفت (از جلوس شاہجہان) در شاہجہان آباد بساط حیات در نوردید[2]"

۱۔ علاء الملک نے کلیم کا سنہ وفات "۱۵ ذی الحجہ سال بیست وشش" لکھا ہے جو ۱۰۶۲ھ کے مطابق اور میر یحییٰ کا سنہ وفات "یازدہم محرم سال بیست وہفت" جو ۱۰۶۳ھ کے مطابق ہوتا ہے ...... تمام تذکرہ نگار اس پر متفق ہیں کہ میر یحییٰ کی تاریخ وفات ۱۰۶۴ھ ہے اور اس کے ثبوت میں یہ مقطعہ تاریخی " احیا سخن چو کرد یحییٰ جان داد" ۱۰۶۴ھ بھی پیش کرتے ہیں ۔ لہذا علاء الملک کے بیان کی رو سے میر یحییٰ کے سنہ وفات میں ایک سال کی کمی اور کلیم کی تاریخ وفات میں ایک سال کی زیادتی ہو گئی ہے، چونکہ دیگر معلومات کی رو سے ایک ہی تاریخ میں نہیں دونوں میں بھی افراط و تفریط ہے قطعیت کسی میں بھی نہیں، اس لیئے یہ قابلِ قبول نہیں ہے ۔

۲۔ علاء الملک تونی، وارث کے علاوہ ۱۰۶۲ھ کے حامی شیر علی خان لودی ہیں اور ان الفاظ میں کلیم کی وفات کا ذکر کرتے ہیں

" وفاتِ اُو در سنہ الف و اثنی وستین بودہ و مرقدش در یکی از دھات ، لاہور واقع است[3]"

کیونکہ ۱۰۴۷ھ سے وہ نظم شاہنامہ کے سلسلہ میں کشمیر میں مقیم تھا اور دیگر معاصر کتب تاریخ و تذکرہ سے اس کے دار السلطنت میں آنے کا ثبوت نہیں ملتا لہذا یہ امر مسلم ہے کہ کلیم نے کشمیر میں وفات پائی اور وہیں مدفون ہوا ۔ ایسی صورت میں شیر علی خان کے اس بیان کی کثرت آراء سے صریحی تردید ہوتی ہے اور تحقیقات کے بعد بیان کا دوسرا حصہ بھی صحیح ثابت نہیں ہوتا ہے ۔

۳۔ غنی کشمیری جو کلیم کا ہمعصر تھا اور متوطن کشمیر ہونے کے سبب کلیم کے آخری ایام حیات میں اس کے بہت قریب ہو چکا تھا۔ اس نے کلیم کی وفات پر ایک قطعۂ تاریخی سپردِ قلم کیا تھا جس سے ۱۰۶۱ھ نکلتا ہے چنانچہ توثیق کے لیئے غنی کا پورا قطعہ یہاں درج کیا جاتا ہے ؎

حیف کز دیوارِ ایں گلشن پرید — طالب [illegible]
اشکِ حسرت چوں نمی ریزد قلم — [illegible]
عمرِ دریا دِ اُو زیر زمین — [illegible]

---

[1] [illegible] Bankipore Lib. R. Mss, Vol III. P. 97

[2] پادشاہ نامہ علاء الملک تونی ، ورق ۱۰۱۰

[3] مراۃ الخیال ، ص ۱۴۳

رفت و آخر خامہ را از دست داد | بے عصا طے کرد ایں رہ را کلیم
ہر دم از شورش دلِ اہلِ سخن | چوں زبانِ خامہ می گردد دونیم
عاقبت از اشتیاقِ یک دگر | گشتہ اند ایں ہر سہ در یکجا مقیم
گفت تاریخِ وفاتِ اُو غنی[1] | "طور معنی بود روشن از کلیم" ۱۰۶۱ء

متوطن کشمیر و قربت کی وجہ سے غنی کی تحریر کردہ تاریخ بہ نسبت دیگر افراد کے بیان کے زیادہ مستند متصور ہو سکتی ہے۔

۴ - علاوہ ازیں دو تین تذکروں کے سوا، تمام تذکرہ نگار ۱۰۶۱ء کے حامی ہیں[2]۔

لہذا داخلی اور خارجی شہادت کے مدنظر ہماری رائے میں کلیم کا صحیح سنہ وفات ۱۵ ذی الحجہ ۱۰۶۱ء قرار پاتا ہے۔

کلیم کے اخلاق و عادات

ہر بڑی شخصیت پر تنقید کے لیئے قلم اُٹھاتے وقت اس کے ماحول کا اندازہ لگانا ضروری ہے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ کن حالات نے اُسے اتنا بڑا بنایا۔ کسی شخصیت کی عظمتوں کا اندازہ لگانے کے لیئے ماحول کے علاوہ اس کے ذاتی و خاندانی حالات اور اس کے افکار و آثار کو مشعلِ راہ بنانا ضروری ہوتا ہے لیکن ستم ظریفی یہ ہے کہ کلیم کے اسلاف کے متعلق تاریخ ادب فارسی بالکل خاموش ہے اور اس کے عہدِ طفلی و ما بعد کی زندگی کے عام حالات کی کوئی تفصیل نہیں ملتی۔ اب صرف اس کے افکار اور چند تذکرہ نگاروں کے بیانات ہمارے سامنے ہیں، جن کی رہنمائی میں اس کے اخلاق و عادات وغیرہ کو قلمبند کیا جا سکتا ہے۔

جیسا کہ ہم نے گذشتہ صفحات میں لکھا ہے کہ کلیم نے آغازِ شباب ہی میں اپنے وطن ایران کو الوداع کہی اور روزگار کی الجھنوں میں پھنس کر شیراز سے ہندوستان چلا آیا۔ پردیس میں غربت کی صعوبتیں جھیلیں، اجنبیوں کو اپنانے کی سعی کی، نو عمری کے عالم میں کشمکشِ حیات کے اتنے کٹھن دور سے گذرنا ہر شخص کے بس کی بات نہیں۔ غریب الوطنی کی محرومیوں نے آخر کار اسے مجبور کر دیا

دست و دل تنگ و جہان تنگ خدایا چکنم | من دیک حوصلۂ تنگ خدایا چکنم[3]

اس کے پاس ایک قطعہ ملتا ہے جس سے اس کا اظہار ہوتا ہے کہ ایک دفعہ وہ مقروض ہو گیا اور قرض کا بار جب نا قابلِ برداشت

---

[1] دیوانِ غنی، ص: ۱۳۴

[2] Encyclopaedia of Islam., vol. II. P. 698.
"He (Kalim) died in Kashmir in 1062 (1652);
THE DATE 1062 (1652) HAS LESS AUTHORITY" (بقیہ حاشیہ بر ص ۶۹)

[3] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۳۴ ب

Marfat.com
Marfat.com

ہو گیا تو ایک قطعہ تحریر کیا جس میں قرض کی دشواریوں کو گھبرا گھبرا کر قلمبند کیا ہے اور اختتام حُسنِ طلب پر کیا ہے۔ مگر اس خوبی و بے ساختگی سے کہ "امان" دینے والے نے ضرور امان دے دی ہوگی ؎

کام بخشا! از ہجومِ قرض خواہاں می کشم — آں پریشانی کہ زر از دستِ صاحب ہمتاں
من کہ چوں عیسیٰ مجرد گشتہ ام از مفلسی — می گریزم از کفِ ایشاں کنوں بر آسماں
قافیہ گر شایگان افتاد عیب من مکن — شایگاں بندم ہمی بر باد گنجِ شایگاں
مردمان گویند مفلس در امانِ حق بود — سایۂ حق چوں توئی زاں از تو می خواہم اماں[1]

اسی کشمکشِ حیات نے کلیم کو عظمتِ کردار عطا کی تھی۔ جب وہ دکن میں سرفراز ہوا تو بڑے دلکش انداز میں اعترافِ احسان کیا ہے ؎

در دل بدل حبِ وطن مہر غریبی است — خوش وقتِ کلیم است بہشتِ دکن افتد[2]

کلیم کی ہندوستان سے محبت:۔

ایک طرف صفوی خاندان کی بے اعتنائی اور دوسری طرف شاہانِ ہند کی فیاضیاں، ایران کے اکثر صاحبِ فن اشخاص اور خصوصاً شعراء کو کشاں کشاں ہجومِ شوق لیے واردِ ہندوستان ہونے پر مجبور کر رہی تھیں۔ اس کا اعتراف صائب سلیم، دانش، مشہدی نے اس طرح کیا ہے ؎

(بقیہ حاشیہ ص ۶۸)

مراۃ الخیال، ص: ۱۴۲ "وفاتِ وی در سنہ الف واثنی وستین بودہ"

بہارستانِ سخن، ورق: ۲۱۵ و

"در سنہ یک ہزار و شصت و دو در خطۂ کشمیر وفات یافت" Flugel Catals

"Die Gedichtsammlung Vondem in J 1061 (1651) gestorbenen Talib Kalimius Hamdan."

خزانۂ عامرہ، ص: ۳۹۱ "پانزدہم ذی الحجہ سنہ احدی وستین والف کلیم در آسایش کدۂ خاموشان شتافت" میر زا ربیع محمد

قلی سلیم با ما خواب گسترد ؎ گفت تاریخِ وفاتِ او غنی ؎ "طور معنی بود روشن از کلیم" ۱۰۶۱ھ

دیوانِ غنی، ص: ۱۳۴ — ۱۰۶۱ھ — مفتاح التواریخ، ص: ۲۵۸ — ۱۰۶۱ھ

سروِ آزاد، ص: ۷۷ — ۱۰۶۱ھ — ریاض الشعراء، ص: ۲۱۹ — ۱۰۶۱ھ

کلمات الشعراء سرخوش، ص: ۴۳ — ۱۰۶۱ھ — ید بیضا، ص: ۲۰۶ — ۱۰۶۱ھ

[1] کلیاتِ کلیم، ورق: ۶۲ الف ب [2] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۹۹ ب

Marfat.com
Marfat.com

ہمچو عزم سفر ہند کہ در ہر سر ہست
رقص سودائے تو در ہیچ سرے نیست کہ نیست[۱] (صائب)

علی قلی سلیم یوں نطق ریز ہیں ؎

نیست در ایران زمین سامان تحصیل کمال
تا نیامد سوئے ہندوستاں حنہ رنگیں نشد

دانش مشہدی اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہیں ؎

راہ دور ہند پابست وطن دارد مرا
چوں حنا شب در میاں رفتن بہ ہندوستاں خوش است

کلیم نے ہندوستان کو اپنایا اور دم آخر تک اسی سرزمین کو سراہتا رہا کبھی اس کی نوک خامہ پر حرف مخالفت نہ آیا بقول غالب ؎ وفاداری بشرط استواری اصل ایماں ہے۔
چنانچہ کہتا ہے ؎

تواں بہشت دوم گفتنش بایں معنی
کہ ہر کہ رفت ازیں بوستاں پشیمان است[۲]

اسیر کشور ہندم کہ از وفور سرور
گدا بدست گرفتست کاسۂ طنبور
بہ ہر کجا نگہی بشکفد چوں حباب قدح
بغیر پایۂ عشرت نمی شود منظور[۳]

احساس تنہائی، شعور بیکسی اور محبت عزیز و اقارب، کلیم کو وطن لوٹنے پر مجبور کرتے ہیں اور وہ محبت کے ان دھاروں کے بہاؤ میں بہتا ہوا ۱۰۲۸ء میں ایران مراجعت کرتا ہے، مگر شوق ہند "چشم حسرت" کو پیچھے مڑ مڑ کر دیکھنے پر مجبور کر دیتی ہے۔ وہ پشیمانی کا اظہار یوں کرتا ہے ؎

اسیر ہندم و زیں رفتن بیجا پشیمانم
کجا خواہد رساندن پرفشانی مرغ بسمل را
بایران می رود نالاں کلیم از شوق ہمراہاں
بپائے دیگراں ہمچو جرس طے کردہ منزل را[۴]

کلیم کے معاصر مورخ محمد امین قزوینی "پادشاہ نامہ" میں اس کے اخلاق و عادات پر ان الفاظ میں روشنی ڈالتے ہیں
"(کلیم) بغایت بے تعلق و مہذب الاخلاق و خوش صحبت است"[۵]
صاحب کلمات الشعراء لکھتے ہیں۔
"میرزا محمد علی ماہر[۶] نقل می کرد کہ عجیب مرد خلیق، خوش محاورہ بود، ہر کہ در صحبتش می رسید، فیض یاب

---

[۱] شعر العجم جلد سوم، ص ۱۰۴
[۲] " " " ، ۱۵۰ء
[۳] کلیات کلیم، ورق : ۱۹ و
[۴] کلیات کلیم، ورق : ۱۲۲ و
[۵] پادشاہ نامہ قزوینی، ورق : ۴۷۶ ب
[۶] میرزا محمد علی ماہر کلیم کے ہمعصر شاعر تھے۔ دونوں میں پُرخلوص دوستی تھی۔

Marfat.com
Marfat.com

می شد و محفوظ بر می خاستـ؎۱"

کلام اور تاریخ و تذکروں کی روشنی میں یہ امر منکشف ہوتا ہے کہ کلیم متاہل نہ تھا اور نہ اس کے کوئی عزیز و اقارب ہندوستان میں مقیم تھے۔ عنایاتِ شاہانہ سے وقتاً فوقتاً فیض یاب ہوتا رہتا تھا اور آخر ایام زندگی میں تو ۳۰ ہزار روپیہ سالیانہ بھی مقرر ہو گیا تھا۔ اس لیے سرمایۂ حیات کو وہ یا تو اہلِ کمال و فقراء پر خرچ کر دیتا ہوگا یا پھر انتہائی مصرف واقع ہوا ہوگا۔ جس کی وجہ سے اس نے کوئی یادگار نہیں چھوڑی، نہ عمارات کا پتہ ملتا ہے نہ کسی سرمایہ کا نشان۔

کلیم کے تعلقات ہمعصروں کے ساتھ

کلیم اپنے معاصرین کے ساتھ محبت و رافت سے اور بزرگوں سے احترام و ادب سے پیش آتا تھا۔ کبھی کسی کی ہجو بھی نہیں کہی۔ اس کا کلام ان بدنما دھبوں سے بالکل پاک ہے۔ صائب کا شعر اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ کلیم اپنے معاصر و حریف شعرائے ہمیشہ پُرخلوص برتاؤ کرتا تھا ؎

بغیر صائب و معصوم نکتہ سنج و کلیم — دگر کہ زاہلِ سخن مہربانِ یک دگر اند

میرزا جلال اسیر (متوفی ۱۰۴۹ھ) کلیم کے ہمعصر ہی تھے مگر چونکہ کلیم ان کا تتبع کرتا تھا انہیں اپنا استاد مانتا تھا اس لیے کہتا ہے ؎

میرزائے ما جلال الدین بس است — از سخن سنجان طلب گار سخن
راستی طبعش، استادِ من است — وگر نہم بر فرق دستار سخن

کلیم ہر ایک کے غم کا ساتھی (اور دوستی) میں شریک رہتا تھا۔ جب ملک قمی شاعر شہیر دربار ابراہیم عادل شاہ و معاصر کلیم نے وفات پائی تو اس کو بہت رنج ہوا اور اس نے تاریخ وفات اس شعر میں لکھی ؎

بجستم سالِ تاریخش ز ایام — بگفتا "اُو سر اہلِ سخن بود" ۱۰۲۵ھ

کلیم و قدسی دونوں درباری شاعر تھے اور دونوں نے حکم شاہی سے دو مثنویاں لکھیں۔ کلیم نے اپنی مثنوی میں قدسی کا ذکر احترام سے کیا ہے مگر قدسی نے ایک شعر بھی کلیم کے متعلق نہیں لکھا لیکن کلیم کے خلق و فراخدلی کا یہ عالم تھا کہ اس کے برتاؤ میں کسی قسم کا فرق نہ آیا اور جب قدسی نے ۱۰۵۶ھ میں انتقال کیا تو کلیم نے ... کا طویل مرثیہ لکھ کر حقِ دوستی ادا کیا۔ اس کے ہمعصر شاعر سلیم و قدسی سے ... کی محبت ... غنی کشمیری کے درج ذیل اشعار میں ملتا ہے ؎

عمرہا در یادِ او زیرِ زمیں — خاک بر سر کرد قدسی و سلیم

؎۱ کلمات الشعرا، ص ۹۳؛ ؎۲ ماثر الکرام، ص ۹۰؛ ؎۳ باب دوم، مقالہ ہذا

Marfat.com
Marfat.com

عاقبت از اشتیاقِ یک دگر   گشتہ انداین ہر سہ در یک جا مقیم[1]

اچھے بُرے ہر زمانے میں ہوتے ہیں اور ان سے ہر شخص کو کبھی نہ کبھی سابقہ پڑتا ہی ہے۔ کلیم کے دوستوں میں بعض ایسے موقع پرست اور نازک مزاج لوگ بھی تھے، جن کا ذکر اس نے اپنے ان اشعار میں کیا ہے

دوستان نازک مزاج و ما بسی نازک دماغ   چوں کسی اوقات صرفِ پاسِ خاطر ہا کنند[2]

از دوستان رسد ہمہ آفت بدوستان   چشمِ صدف سفید ز آبِ گہر بود[3]

حافظ کی طرح کلیم بھی دشمنوں سے مدارا کا قایل ہے۔ اس کی عظمتِ کردار کا ثبوت مندرجہ ذیل شعر سے ملتا ہے ؎

طریقِ زندگی با دوستان ہمچو یکسان باشد   ترا ہر گاہ می گویند با دشمن مدارا کن[4]

کلیم غم روزگار سے ہر وقت اُلجھنے کا قایل نہ تھا۔ اس کے ضمیر میں نشاط کی سرمستیاں تھیں، لیکن تجرد، اس پر بڑھاپا، نہ کوئی پُرخلوص ساتھی، نہ بے لوث خدمت گذار اولاد، آخر کار حالات نے اس کو غمِ ہستی کے خار زار تک پہنچا دیا اور کبھی کبھی اس کا ساز نا سوز میں چھیڑے، آہوں میں بدل گئے اور آہ نے ایک پائیدار کراہ کی صورت اختیار کر لی اور وہ چیخ اٹھا،

از وضعِ ناگوارِ جہاں طبعِ ما کلیم   از بسکہ سیر شد غمِ فرسر دائمی خوریم[5]

یاس کے گہرے بادل بعض اوقات انسان کو بے بس کر دیتے ہیں۔ کلیم بھی انسان ہی تھا متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا ؎

میانِ غمگساران سوزم از غم   چوں آں کشتی کہ در دریا بسوزد[6]

کلیم کے اشعار سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ قانع تھا اور زمانے کے نشیب و فراز اُسے ہر وقت متاثر نہیں کر سکتے تھے کبھی کبھی نازک لمحات بھی ہیں اس کے پائے استقلال کو لغزش ہوتی تھی ورنہ ہمیشہ اس کا قلم پورے عزم کیساتھ صفحۂ قرطاس پر مندرجہ ذیل اشعار رقم کرنے لگتا ؎

از بد و نیکِ جہاں خرم و غمگین نشوم   خار تا زانو و گل تا بہ گریباں آید[7]

کسی گذاشت پس از مرگ نام نیک بدہر   کہ قیمتِ کفن و مزدِ نوحہ گر نہ گذاشت[8]

بقاءِ دولتِ دنیا ز شمع روشن شد   کہ تاجِ زر بسرش دہر تا سحر نگذاشت

۱۔ دیوانِ غنی، ص ۱۳۳   ۲۔ کلیاتِ کلیم، ورق: ۲۴۲ ب   ۳۔ کلیاتِ کلیم، ورق: ۲۰۳ الف

۴۔ کلیاتِ کلیم، ورق: ۲۸۴ الف   ۵۔ کلیاتِ کلیم، ورق: ۲۲۰ ب   ۶۔ " " " ۱۹۵ ب

۷۔ کلیاتِ کلیم، ورق: ۲۵۵ ب   ۸۔ " " " : ۲۴۱ ب

Marfat.com
Marfat.com

انسان خطا و نسیان سے مرکب ہے۔ ہر بڑے سے بڑے آدمی میں ایک نہ ایک کمزوری ضرور ہوتی ہے کلیم سا بھی ایک عام شخص کی سی عادتوں کا حامل ہونا بعید از فہم نہ تھا چنانچہ اس میں مذہبی تعصب بہت زیادہ تھا[1] اور یہ خاصہ اہلِ کاشان بھی تھا "مردم انجا شیعہ اثنیٰ عشری اند و بغایت متعصب"۔ منقبت حضرت علیؓ میں ایک قصیدہ دستیاب ہوا ہے جس کے چند اشعار سے یہ کمزوری جھلک رہی ہے۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی محسوس ہوتا ہے کہ ہندوستان کے ماحول نے اسے فراخ دل بنا دیا تھا کیونکہ اس قصیدہ میں شیخین پر تبرا نہیں ہے جس سے اس کے خیالات معلوم ہوتے ہیں کہ اسے دوسروں کے جذبات کا احترام کرنا بھی آتا تھا۔

جز علیؓ ہر کس ندارد در رہِ دیں رہنما	راہرو کور یست و آں رہبر چو ہادی چوں عصا
دیگرے را جز علیؓ گفتن امیر المومنین	آں چناں باشد کہ کس گو سالہ را گوید خدا
پیش بنیاں ہم چشمی کجا باشد حباب	گر سگی روباہ بازی کرد با شیر خدا
پیش بے باکی کہ قرآں سوختن جائز بود	سہل باشد آتش افگندن بدین مصطفےٰ[2]

ہر شخص میں کچھ نہ کچھ نقائص اور کمزوریاں ہوتی ہی ہیں ورنہ انسان و فرشتہ میں فرق ہی کیا ہوتا اور فرشتوں کی سی معصومیت کے ساتھ اس کرۂ ارض پر رہا بھی تو نہیں جا سکتا۔ مذکورہ بالا تفصیلات اس امر کی شاہد ہیں کہ مجموعی طور پر کلیم ایک مہذب الاخلاق، متقی کردار اور غنی طبیعت کا مالک تھا جس کی تعریف میں نہ صرف دوست بلکہ حریف بھی رطب اللسان تھے۔

حیاتِ کلیم کی تفصیلات تشنہ رہ جائیں گی اگر ہم اس کے قلم کی اس خصوصیت کو اجاگر نہ کریں جس سے قطعات تاریخی، مرصع قصیدے اور مثنویاں تراوش ہوتی تھیں اور جن کے صلہ میں "شاہِ ملک بخش" نے کلیم کو بے دریغ نوازا تھا۔ ان کی تفصیل بلحاظ سنہ درج کی جاتی ہے۔

۱۔ ۱۰۳۷ھ (رباعی)	"تعمیر پیشِ جھروکۂ شاہی"	صلۂ شایستہ سے سرفراز ہوا
۲۔ ۱۰۳۸ھ (رباعی)	"نذر فیلِ سفید بہ بادشاہجہان"	״
۳۔ ۱۰۴۰ھ (رباعی)	"بر قتل خان جہان لودی"	
۴۔ ۱۰۴۳ھ (رباعی)	"بر شکار آہو"	״
۵۔ ۱۰۴۴ھ (قصیدہ)	"جشن تختِ طاؤس"	زر میں تلوایا گیا اور پانچ ہزار پانسو روپیہ ملا
۶۔ ۱۰۴۴ھ (قصیدہ)	"جشن وزن"	ہزار روپیہ
۷۔ ۱۰۵۵ھ (قصیدہ)	"مقدم شاہ در کشمیر"	۲۰۰ مہر

[1] جغرافیہ خلافت مشرقی، ص: ۲۷۶ [2] نزہتہ القلوب، مقالہ ثالث، ص: ۷۱ [3] کلیاتِ کلیم، ورق ۱۲ ب

Marfat.com
Marfat.com

۸۔ ۱۰۵۵ھ (قصیدہ) "مراجعت شاہ از کشمیر"

۹۔ نامعلوم (قصیدہ) "قیصرِ رُوم کے جواب کے لیے کلیم نے قصیدہ لکھا زر میں تلوایا گیا۔"

۱۰۔ ۱۰۴۸ء تا ۱۰۶۱ء

۲۰۰ مہر
زر میں تُلوایا گیا اور اندازاً پانچ ہزار پانسو روپیہ ملا۔
۳۰ ہزار سالیانہ

۱۵ × ۳۰۰۰۰ = ۴۵۰۰۰۰ + ۱۰۰۰ + ۱۱۰۰۰ = ۴۶ لاکھ ۲۰۰۰ ہزار

ان قدردانیوں کی تفصیلات ہمارے ذہن کو کلیم کی اس بے نوائی کی طرف منعطف کرتی ہیں جب وہ اور اختری یزدی دو ناتجربہ کار لڑکے، آرزوؤں کے محل تعمیر کرتے ہوئے، شیراز سے بیجاپور کی طرف روانہ ہوئے تھے کیونکہ انہیں یقین تھا کہ ان کا قلم ایران میں "سامانِ تحصیلِ کمال" کا باعث نہیں ہوگا۔ شوق کے غلبہ سے معمور دل یہ کہتا ہوا منزل کی طرف رواں دواں ہے ؎

نہ رہبر و نہ رفیق و نہ منزلست مرا
براہِ شوق عنان بر عنان سیلابم

پہنچتا ہے۔ جب دلخواہ قدردانی نہیں ہوتی۔ ۱۰۲۰ء میں ممدوح نواب شاہنواز خان راہی عدم ہو جاتا ہے اور کلیم ۱۰۲۸ء میں ایران لوٹ جاتا ہے لیکن وہاں کسی قسم کی پذیرائی نہیں ہوتی ہے۔ تو پھر ہندوستان کی طرف گامزن ہو جاتا ہے اور آخرکار دربارِ شاہجہانی میں باریاب ہو کر ملک الشعراء کے ممتاز عہدہ پر فائز ہوتا ہے شہرت و عزت قدم چومتی ہے، دولت فرشِ راہ ہوتی ہے۔ شاعری اپنی معراج پر پہنچتی ہے اور یہ عزت افزائی، رفعتیں اُسے اس لیے نصیب ہوئیں کہ وہ اہلِ قلم تھا۔ فنونِ لطیفہ میں شاعری کو جو درجہ حاصل ہے وہ کسی اور آرٹ کو حاصل نہیں، کیونکہ مصور کی نقاشی، بُت تراش کا مجسمہ، موسیقار کا نغمہ، رنگ و برش، تیشہ اور ساز کا محتاج ہے اور اس پر بھی امتدادِ زمانہ کے اثرات مُرتب ہوتے رہتے ہیں اور وہ لازوال نہیں ہو سکتا مگر شاعر کی زبان سے نکلے ہوئے اشعار اکثر اوقات قلم و قرطاس کے احسان اُٹھائے بغیر سینہ بہ سینہ منتقل ہوتے رہتے ہیں اور رہتی دُنیا تک ان کے زبان زدِ خاص و عام ہونے کا یقین رہتا ہے۔ یہ شاہکار لافانی ہو سکتے ہیں۔ تاج محل، ایلورہ و اجنتہ کے غار، تان سین کا دیپک راگ، جاوداں ہونے کا کوئی یقین نہیں دے سکتا۔ اسی لیے تاریخ شاہد ہے کہ شاہانِ سخن نواز نے کسی رقاصہ، کسی مصور، کسی سنگ تراش کو زر میں نہیں تُلوایا، لیکن شاعر ہر وقت نوازا گیا ہے۔

کلیم کی زندگی میں بہت سے ایسے مواقع آئے جب کہ اُس نے اپنی شاعری کے جوہر دکھائے لیکن تاریخوں میں اس کا ذکر نہیں ہے کہ اُسے ہر وقت معاوضہ ملا۔ اس کے باوجود کلیم کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ وہ عہدِ شاہجہانی میں دو مرتبہ زر میں تُلوایا گیا اور ۴۶ لاکھ ۲۰۰۰ ہزار روپیہ، ۲۰۰ مہر اور متعدد خلعتوں سے سرفراز کیا گیا اور اس کے معاصرین میں بہت کم شعراء کو یہ اعزاز نصیب ہوا تھا کہ انہیں ان کی محنتوں کا پورا ثمر حاصل ہوا ہو۔

Marfat.com
Marfat.com

باب دوم

ابوطالب کلیمؔ کے معاصر شعراء

Marfat.com
Marfat.com

معاصرین شمالی ہند

ابوطالب کلیم ملک الشعرائے دربار شاہجہانی کے یوں تو بہت سے معاصرین تھے لیکن ان میں سے چند ہی سے اس کا قریبی ربط و تعلق تھا۔

۱۔ امرا و وزرا سے اس کے انسلاک و تعلقِ خاطر کا ذکر باب اول میں ہو چکا ہے۔

۲۔ یہاں ہم صرف اُن شعراء کا ذکر کریں گے جن کا تعلق کلیم سے متیقن طور پر معلوم ہوتا ہے اور ان شعراء کے صرف اتنے ہی حالات قلمبند کیے جائیں گے جن کا بیان ناگزیر ہے۔ تفصیل کے لیے قارئین متداولہ تذکروں سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

میر معصوم (متوفی ۱۰۵۳ھ)

میر معصوم (شاعر بزرگ عہد عادل شاہی) کے بھائی میر سنجر کاشی بھی کلیم کے ہمعصر تھے۔ صائب کے اشعار اس امر کے شاہد ہیں کہ وہ صائب اور کلیم کے مخلص دوست تھے لیکن کلیم کے کلام میں ان کا ذکر نہیں ملتا۔

میر معصوم ابتداء میں کئی سال تک حسن خان حاکم ہرات کی سلک مداحان میں منسلک رہے اس کے بعد عہد شاہجہانی میں ہندوستان آکر اعظم خان ناظم بنگالہ کے زیر سرپرستی زندگی کے دن پورے کیے۔ میرزا محمد علی ماہر نے تاریخ وفات اس مصرعہ میں کہی ہے[۱]:

"معصوم نزد حیدر و سنجر قدم نہاد" (۱۰۵۳ھ)

---

[۱] مآثر الکلام، ص: ۸۲

Marfat.com
Marfat.com

قدسی (متوفی ۱۰۵۶ھ)

محمد جان قدسی اہالیانِ مشہد سے تھا۔ شاہجہان کے تخت نشین ہونے کے ۴ سال بعد یعنی ۱۰۴۱ھ میں ہندوستان آیا اور شاہجہان کے دربار میں حاضر ہونے کا شرف حاصل کیا۔ روزِ اول ہی ایک قصیدہ حضورِ شاہ میں گزرانا جس پر شاہ نے خلعت اور دو ہزار روپیہ انعام عطا کیا۔[1] اس قصیدے کے چند اشعار درج ذیل ہیں ؎

اے قلم برخود ببال از شادی وبکشا زبان　　در ثنائے قبلۂ دین ثانیٔ صاحبقران
جوہرِ اوّل شہاب الدین محمد کز ازل　　از برائے خدمتش زد چرخ دامن بر میان
شہرتِ آثارِ عدلش زود برخواہد گرفت　　تہمتِ زنجیرِ عدل از گردنِ نوشیروان

۱۰۴۴ھ میں شہنشاہ شاہجہاں نے تختِ طاؤس تیار کروایا تو اس نادرِ روزگار تخت کے لیے قدسی نے ایک مثنوی پرز قلم کی جس کو بحکم شاہی سے مینائے سبز میں تخت کے اطراف منقش کیا گیا۔[2] جس کا مطلع درج کیا جاتا ہے ؎

زہی فرخندہ تختِ پادشاہی　　کہ شد سامان بتاییدِ الٰہی

اس موقع پر کلیم نے بھی ایک قصیدہ نظم کیا جس کے صلہ میں شہنشاہِ سخن نواز نے اُسے زر میں تُلوایا۔[3]
۱۰۴۵ھ کے جشنِ نوروز میں "وزن مبارک" کے موقع پر قدسی نے ایک قصیدۂ غرّا حضورِ شاہ میں پیش کیا اور اس کے صلہ میں قدردانی شاہانہ سے زر میں تُلوایا گیا[4] جس کی رقم پانچ ہزار پانسو ہوئی۔ صاحب عمل صالح کی عبارت ملاحظہ ہو۔

"شانزدہ (شوال) حاجی محمد جان قدسی را در جلدوی قصیدۂ کہ بمدح پادشاہ فلک پایگاہ محلی ساختہ بود بزر کشیدہ مبلغ وزن را کہ پنج ہزار و پانصد روپیہ شد باو مرحمت گردید۔"[5]

اور ۱۰۴۳ھ میں جب کلیم تولا گیا تھا تو اس کے ہم وزن بھی اتنی ہی رقم ہوئی تھی۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ قدسی و کلیم نہ صرف ہمعصر تھے بلکہ اتفاق کی بات ہے کہ ہم وزن بھی تھے۔

---

1. عمل صالح جلد اول، ص: ۵۰۸
2. " ، جلد دوم، ص: ۸۸ ؛ پادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، حصہ دوم، ص: ۸۰
3. " " " ، ص: ۸۸
4. پادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، حصہ دوم، ص: ۱۴۲
5. عمل صالح، جلد دوم، ص:

Marfat.com
Marfat.com

دوسرے شعراء کے ہمراہ قدسی بھی کشمیر چلا گیا اور وہاں ہر موقع پر قصاید وغیرہ قلمبند کرتا رہا۔ اسی زمانے میں حکم شاہی صادر ہوا کہ شعرائے پائے تخت حکمرانِ مغلیہ کے باعظمت و جلال کارناموں کو منظوم تاریخ کی شکل میں قلمبند کریں۔ کلیم و قدسی نے تعمیلِ حکم کی اور دو مثنویاں نظم کیں[1]۔ قدسی نے اپنی مثنوی شروع تو کی لیکن اس کو پایۂ تکمیل کو پہنچا نہ سکا اور کلیم اپنے فرض سے پوری طرح عہدہ برآ ہوا۔ قدسی کی مثنوی آج "ظفرنامہ شاہجہانی" کے نام سے یاد کی جاتی ہے اور کلیم کی مثنوی "شاہنامہ" کے نام سے معروف ہے۔

قدسی نے ۱۰۵۶ھ میں اس جہانِ فانی سے کوچ کیا تو کلیم نے اس سانحۂ عظیم سے متاثر ہو کر ۹ بند کا ایک طویل مرثیہ لکھا[2] جس کا مطلع درجِ ذیل ہے ؎

چوں مُنالم کہ خزاں کرد گلستانِ سخن — رفت در موسمِ گُل رونقِ بستانِ سخن

سلیم (متوفی ۱۰۵۷)

میرزا محمد قلی نام سلیم تخلص کرتا تھا۔ ابتداء میں میرزا عبد اللہ وزیر لاہیجان کی مداحی کرتا رہا۔ وہاں سے ہندوستان آیا۔ لاہیجان کی تعریف میں جو مثنوی لکھی تھی اس کا عنوان بدل کر "در تعریفِ کشمیر" کر دیا۔[3] فہرست کتب خانہ

---

[1] Catal. Bankipore. Per. MSS, Vol, III., P. 97

[2] کلیات کلیم نسخہ ب، ورق: ۶۴ : سرو آزاد، ص ۶۲

کلیم در مرثیہ اُو ترکیب بندے گفتہ و تاریخ چنین یافتہ ؎

دو رازان بلبل قدسی چمن زندان شد (۱۰۵۶)

[3] Catal. Bankipore Lib. per. Mss., Vol. III. P. 88

"Salim's biographers relate that when the poet tried to get access to the Imperial Court with a Masnawi in praise of Kashmir, his contemporary Kalim, who was then a favourite poet of the Imperial throne, maliciously

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۷۹ پر)

Marfat.com
Marfat.com

بانکی پور میں لکھا ہے کہ

"کلیم نے توجہ شاہانہ کو اس مثنوی کی طرف مبذول کرایا۔ بنابریں سلیم عنایت شاہانہ سے محروم رہا۔"

مذکورہ بالا واقعہ کا ذکر اس نہج و انداز میں کہیں اور نہیں ہے، ممکن ہے کہ کلیم نے حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہو کیونکہ حالات بتاتے ہیں کہ سلیم کے بار پانے سے کلیم کے مرتبہ کو کوئی دھکا نہیں پہنچ سکتا تھا۔ کیونکہ کلیم تو ۱۰۴۲ء سے قبل ہی ملک الشعراء بن چکا تھا۔[1]

دوسرے یہ کہ غنی کشمیری نے وفات کلیم پر جو قطعہ لکھا ہے اس کو پڑھ کر یہ امر اچھی طرح واضح ہوتا ہے کہ دوستی کلیم و سلیم میں بے حد محبت و یگانگی تھی۔ غنی کا کہا ہوا مستند اور قابل قبول بھی ہے کیونکہ غنی کشمیری ہمعصر تھا۔ اگر یہ بیان صحیح ہوتا تو اس کا اثر یقیناً رہتا اور کلیم و سلیم میں اتنے مراسم نہ رہتے جتنے کہ غنی کے بیان سے ظاہر ہوتے ہیں۔ اس لئے فہرست نگار بانکی پور کے اس بیان کی تردید معاصر شاعر کے اشعار اور حالات سے خود ہوتی ہے۔

سلیم نے ہندوستان میں اسلام خان[2] ناظم بنگالہ کی ندیمی اختیار کی اور ہمیشہ اس کے ہمرکاب رہا۔ اتفاق کی بات ہے کہ ۱۰۵۷ء میں اسلام خان نے انتقال کیا اور اسی سال سلیم نے بھی کشمیر میں وفات پائی۔ در تخت سلیمان کے پاس مدفون ہوا۔

(بقیہ حاشیہ ص ۷۸)

brought to the notice of the Emperor that the masnawi brought by Salim for the perusal of the Emperor was originally composed by him in praise of Lâhijan, and subsequently he changed the heading of Masnawi into "در تعریف کشمیر" in praise of Kashmir. This made a bad impression ... securing the royal ...

[1] عمل صالح، جلد سوم، ص: ۴۰۲

[2] گل رعنا، ص: ...

"میر عبدالسلام مشہدی کہ اکنوں مخاطب باسلام خان و وزیر ہندوستان است، مقرب آن درگاہ بخشی سپاہ ظفر پناہ بود۔"

Marfat.com
Marfat.com

ظفر خان احسن (متوفی ۱۰۷۳)

میرزا احسن اللہ ظفر خان، خواجہ ابوالحسن تربتی کا لڑکا تھا۔ اعلیٰ تربیت نے ذوقِ شعری کو اور بھی مجلا کر دیا تھا مگر صاحبِ سیف ہونے کی وجہ سے صفحۂ قرطاس پر اپنے ذوق کے نقوش چھوڑنے کا موقع کم ملتا تھا۔ اس لیے وہ ایک سپہ سالار تو بن گیا لیکن ہجومِ مصروفیات نے اُسے ضخیم دیوان کا مالک نہ بننے دیا۔ پھر بھی صائب کے سے باعظمت شاعر سے قریبی ربط ہونے کی وجہ سے تاریخ ادبیاتِ فارسی کے صفحات ہمیشہ ظفر خان کے نام سے مزین رہیں گے۔

۱۰۳۳ھ میں اُسے کابل پر بحیثیت صوبہ دار مامور کیا گیا اور اس کی سپاہیانہ زندگی کا باضابطہ آغاز یہیں سے ہوتا ہے۔ ۱۰۴۲ھ میں کشمیر اس کے سپرد ہوا اور بہت دنوں یہاں مقیم رہا۔ چونکہ دربارِ شاہجہانی کے بہت سے شعراء شاہجہان کے ساتھ یہاں آکر قیام پذیر ہوگئے تھے اور کارنامہ ہائے شاہانِ مغلیہ کو نظم کرنے میں مصروف تھے اس لیے ظفر خان کو بھی اپنے ذوقِ شعری کے پورا کرنے کا بہترین موقع مل گیا۔ کلیم نے ایک "ساقی نامہ" بصورتِ ترجیع بند ظفر خان کے حکم سے نظم کیا تھا جو ۹ بند پر مشتمل ہے اور اس کے ایک شعر سے ظفر خان کا حوالہ ملتا ہے؎

ہر چند غزل گوئی و مستی فنِ ما نیست
چوں طرحِ غزل کرد ظفر خاں چہ تواں کرد[1]

کلیم کی ایک غزل ملتی ہے، جس کے ایک شعر سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کشمیر میں "طرحِ شاعرہ" اور "بزمِ شاعری" کی "جمعیت" ظفر خان ہی کے دم سے تھی۔ غزل درج ذیل ہے؎

شکوۂ درد ترا کے پیش درباں می کنم — تشنہ می میریم و شکرِ آبِ حیواں می کنم
بے تو تاریکست کشمیر اے چراغِ دیدہ ہا — ما سیہ روزیم در شب سیرِ بستاں می کنیم
گل اگر تا سینہ در کشمیر می آید چہ سود — ما کہ گل از اشکِ خونیں در گریباں می کنیم
ماجرائے دیدہ می گوییم پیشِ سیلِ اشک — ابلہی بین شکوۂ کشتی بہ طوفاں می کنیم
از ظفر خان بود آں جمعیت و طرحِ غزل — بادۂ دیگر زلفِ معنی را پریشاں می کنیم
تا تو رفتی دل بفکرِ خویشتن افتادہ است — سر گوی می بازیم آنکہ ذکرِ ساماں می کنیم
بادۂ کشمیر از بزمِ تو صاحب نشہ بود — بے تو ما خاطر نشانِ مئی پرستاں می کنیم
داغ می ماند کلیم از لالہ زار از دست رفت — ہر چہ دشوارست ما بر خویش آساں می کنیم[2]

صائب اور ظفر خان کے تعلقات کی تفصیلات نیچے درج ہیں۔

آخر عمر میں ظفر خان دارالسلطنت لاہور میں نزدگشت ہو گیا تھا اور ۱۰۷۳ھ میں اس دارِ فانی سے کوچ کر گیا۔

---

[1] کلیات کلیم ورق ۵۵ الف

[2] کلیات کلیم ورق ۲۵۹ الف

Marfat.com
Marfat.com

غنی کشمیری متوفی ۱۰۷۹ھ

ملا محمد طاہر غنی اہالیان کشمیر سے تھا۔ غلام علی آزاد لکھتے ہیں کہ وہ ملا محمد محسن فانی کا شاگرد تھا[1]۔ غنی کشمیری ظفر خان کی صوبیداری کے زمانے میں افق شاعری پر طلوع ہوا۔ اور بہت شہرت حاصل کی۔ نواب وحید الزماں طاہر وحید کی ملازمی بھی کی۔ وہ کلیم، صائب اور قدسی کا ہمعصر تھا۔ اس نے کلیم کی وفات پر ایک قطعہ تاریخی لکھا ہے[2]۔

صائب نے اس کی غزل پر تضمین کی ہے ؎

این جواب آں غزل صائب کہ می گوید غنی — یاد ایامی کہ دیگ شوق ما سرپوش داشت

غنی نے نہ صرف فارسی زبان پر عبور رکھنے کی وجہ سے شہرت حاصل کی بلکہ ایک اچھے شاعر کی حیثیت سے اس کا نام جریدۂ ادب پر ثبت ہے۔

محمد علی ماہر نے اس کے دیوان کو مدون کیا تھا جو طبع ہو چکا ہے۔ ۱۰۷۹ء میں غنی نے اس جہان فانی کو خیرباد کہا۔

صائب متوفی ۱۰۸۰ھ

فخر غزل گویے شعرائے متاخرین میرزا محمد علی صائب تبریزی کی ولادت تبریز میں اور نشو و نما اصفہان میں ہوئی۔ آغاز شباب میں حرین کا سفر کیا۔ شاعری کی تربیت حکیم رکنا کاشی اور حکیم شفائی سے حاصل کی۔ ہندوستان کی فیاضیاں اس کو ہندوستان کھینچ لائیں۔ چنانچہ کہتا ہے ؎

ہمچو عزم سفر ہند کہ در ہر دل ہست — رقص سودائی تو در ہیچ سری نیست کہ نیست

شاعری کو ذریعہ معاش بنانے میں صائب، اس فن کی عظمتوں کی توہین سمجھتے تھے، اس لیے تجارت کے سلسلہ میں دہلی آئے۔ دربار شاہجہان میں باریاب ہو کر مستعد خان کے خطاب سے سرفراز ہوئے۔ یہیں ظفر خان صوبہ دار دکن و کشمیر سے ملاقات ہوئی تعلقات اس حد تک بڑھے کہ آج تک صائب و ظفر خان دو قالب ایک روح کی طرح مشہور رہیں۔

تھوڑے دنوں بعد صائب اپنے ضعیف باپ کے اصرار پر وطن واپس چلے گئے۔ ممدوح سے جس عجز و نیاز سے رخصت مانگی ہے، اس کی ایک جھلک ان اشعار میں ہے ؎

---

[1] مآثر الکرام، ص: ۱۰۳ — [2] دیوان غنی، ص: ۱۳۲

Marfat.com
Marfat.com

شش سال بیش رفت کہ از اصفہان بہ ہند — افتادہ است توسنِ عزمِ مرا گذار
آوردہ است جذبہ گستاخِ شوقِ من — از اصفہان بآگرہ و لاہورش اشکبار
ہفتاد سالہ والدِ پیرست بندہ را — کز تربیت بود بمنش حقِ بے شمار
دارم امید رخصتی از آستانِ تو — اے استانت کعبۂ امیدِ روزگار
مقصودِ او ز آمدنش بُردنِ منت — لب را بحرفِ رخصتِ من کن گہر نثار
باجبہہ کشادہ تر از آفتابِ صبح — دستِ دُعا بہ بدرقۂ راہِ من بر آر

صائب نے کلیم کا ذکر بڑے خلوص سے اپنی غزل میں کیا ہے جس کے چند اشعار یہاں درج کیے جاتے ہیں ؎

خوش آں گروہ کہ مستِ بیانِ یک دگرند — زجوشِ فکر مئی ارغوانِ یک دگرند
نمی زنند بہ سنگِ شکستِ گوہرِ ہم — پے رواجِ متاعِ دکانِ یک دگرند
زنند بر سرِ ہم گُل ز مصرعِ رنگین — ز فکرِ تازہ گُلِ بوستانِ یک دگرند
سخن تراش چو کردند تیغِ الماس اند — زند چو طبع بہ کندی فسانِ یک دگرند
بغیرِ صائب و معصوم نکتہ سنج و کلیم — دگر کہ ز اہلِ سخن مہربانِ یک دگرند

ہندوستان سے واپس جانے کے بعد سلاطینِ صفویہ نے بھی صائب کی قدر و منزلت کی۔ آخر کار انہوں نے اصفہان میں ۱۰۸۰ھ میں انتقال کیا اور وہیں دفن ہوئے۔

شیدا

فتح پور اکبر آباد میں شیدا کی ولادت ہوئی اور وہ دربارِ شاہجہانی سے فیض یاب ہوا۔ شیدا کے کُلیات میں یُوں تو بہت سے قصائد، غزلیات و رباعیات ہیں لیکن جن سے کلیم کے کلام کا مقابلہ مقصود ہے وہی پہلے پیش کیے جاتے ہیں۔ شیدا نے بھی ایسے قصاید لکھے ہیں جن میں تاریخی واقعات منظوم ہیں مثلاً شہزادہ دارالشکوہ کے جشنِ عروسی پر اس نے جو قطعہ لکھا تھا وہ یہاں درج کیا جاتا ہے ؎

شاہِ والا ہمت آں شاہِ جہاں — کز شرف صاحبقرانِ ثانی است
انکہ از خورشیدِ تابانِ ہر سحر — خواند از دانش خطِ پیشانی است
داد پیوندی بہ فرزندِ خلف — باعروسی کو ز بخت ارزانی است

Marfat.com
Marfat.com

بر کفِ دارا شکوہ جم منشش | کو زکانِ شاہ لعل کانی است
"باد روز افزوں شکوہِ شاہِ ما" | سالِ تاریخش زمعنی دانی است[1]

کلیم نے اسی "جشنِ عروسی" کے موقع پر درج ذیل قطعہ تاریخی سپردِ قلم کیا تھا جو شیدا کے مقابلہ میں زیادہ مرصع ہے جس کی بحر زیادہ مترنم ہے اور الفاظ کی شوکت شاہی شکوہ و جلال کے شایانِ شان ہے ؎

ازیں دلکشا جشنِ وافر سرور | ہمہ عید شد سر بسر ماہ و سال
زماں راگرفت امتدادِ فرح | چو تاری کہ پنہاں شود در نال
دو سعد اختر برجِ شاہنشہی | بہ برجِ شرف یافتند اتصال
ز آمیزشِ زہرہ و مشتری | سعادت گرفتست اوجِ کمال
خرد بہرِ تاریخ ایں سود گفت | "قرآن کردہ سعدین برجِ جلال" ۱۰۴۲ھ

شیدا نے "جلوسِ تختِ طاؤس" کے موقعہ پر (۱۰۱) اشعار کا قصیدہ حضورِ شاہ میں گزرانا تھا، جس کے چند اشعار یہاں نقل کئے جاتے ہیں۔ شیدا کا یہ قصیدہ اس کی قدرتِ قلم کا بہترین ثبوت ہے ؎

شاد باد آمدنِ جشنِ جم و عیدِ صیام | کز عجم تا عرب امروز نشاط آمدہ عام
چوں دو دمساز موافق ز سرِ مہر و وفا | بستہ پیمان بدل و دست بآئینِ کرام
جشنِ جم عہدِ نشاط است کہ شاہانِ عجم | لازم عیش شناسند بنا موس و بنام
تخت اینست کہ آراست شہنشاہِ جہاں | کہ براں تخت نشیناد ہمہ عمر بکام[2]

کلیم نے اس وقت جو قصیدہ تحریر کیا تھا اس کے چند اشعار بغرض موازنہ یہاں درج کیے جاتے ہیں۔

خجستہ مقدمِ نوروز و غرہ شوال | فشاندہ اند گلِ عیش بر سرِ مہ و سال
شرف پذیرد نوروز درچنیں عیدی | کہ بادشاہ نشیند بہ تختِ استقلال
بوصفِ تختِ مرصع گہر فشاں گشتم | خدا نصیب کند عمرِ خضر و طول مقال
بہ تختِ پادشہی ہمچو قطبِ ثابت باش | نہ بیند اختر جاہت تغیرِ احوال

شیدا نے "مخزنِ اسرار" کی بحر میں "دولتِ بیدار" کے نام سے ۱۲ ہزار اشعار کی ایک مثنوی لکھی ہے جس کا مطلع یہ ہے[3] ؎

---

[1] کلیاتِ شیدا، ورق: ۲۸۱ [2] کلیاتِ شیدا، ورق: ۱۶ اب [3] عملِ صالح، جلد سوم، ص: ۴۰۵

"(شیدا) قریب بہ دوازدہ ہزار بیت مثنوی منظم ساختہ مشتمل بر بستانِ حکمت آمیز و معانی دلاویز و آں را "دولت بیدار" نام نہادہ و سرآغاز آں ایں بیت است ؎ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم"

Marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ‏ ‏ آمدہ سر چشمۂ فیضِ عمیم

شیدا نے حاجی محمد جان قدسی کے ایک قصیدہ پر جس کا مطلع درجِ ذیل ہے ۔ بطورِ اعتراض ایک قصیدہ لکھا جو بہت مشہور ہوا[1] ؎

عالم از نالۂ من بے تو چناں تنگ فضاست ‏ ‏ کہ سپند از سرِ آتش نتواند برخاست

صاحب سروِ آزاد لکھتے ہیں کہ ایک دفعہ شیدا نے ایک قصیدہ کہا ۔ جب اس قصیدہ کا درج ذیل مطلع صاحب قرآن ثانی شہنشاہ شاہجہان کے گوشِ گذار ہوا تو بہت برہم ہوئے اور اس کو شہر بدر کرنے کا حکم صادر فرمایا[2] ؎

چیست دانی بادۂ گلگوں مصفا جوہرے ‏ ‏ حسن را پروردگارے عشق را پیغمبرے

بگڑے حالات کا خطرناک انجام دیکھ کر شاعر نے معذرت چاہی اور مولانا جامیؒ کا یہ شعر جواز میں پیش کیا ؎

از صُراحی دو بار قلقلِ مے ‏ ‏ پیشِ جامی بہ از چہار قل است[3]

آخر کار شاہ خطا بخش نے اُسے معاف کر دیا اور اس واقعہ کے بعد شیدا نے کشمیر میں گوشہ نشینی اختیار کر لی اور تاحیات وہیں مقیم رہا۔

سعیدائے گیلانی

یہ شاعر شہنشاہ جہانگیر کے عہدِ حکومت میں گیلان سے ہندوستان آیا ۔ شہنشاہ نے اُسے "بے بدل خان" کے خطاب سے سرفراز کیا اور زرگر خانہ کی داروغہ گری پر مامور کیا ۔ چونکہ صاحبِ قلم بھی تھا اس لیے موقع بہ موقع اس کے خامۂ گوہر بار سے اشعار نکلتے رہے ۔

عبد الحمید لاہوری نے "پادشاہ نامہ" میں اس کے جن اولین اشعار کا حوالہ دیا ہے اُن سے تہنیتِ جلوس کی تاریخ نکلتی ہے[4] ؎

"جلوسِ شاہجہان دادہ زیب ملت و دیں" ۱۰۳۷ھ

---

[1] عمل صالح، جلد سوم، ص : ۴۰۵ ‏ ‏ [2] سروِ آزاد، ص : ۸۳

[3] چہار قل سے مراد قرآن مجید کی مندرجہ ذیل چار سورۃ مراد ہیں ،

سورۃ الکافرون ۱۰۹
سورۃ الاخلاص ۱۱۲
سورۃ الفلق ۱۱۳
سورۃ الناس ۱۱۴

چونکہ ان سورتوں کا آغاز صیغہ امر، واحد مذکر "قُل" سے ہوتا ہے اس لیے ان کو چہار قُل کہا جاتا ہے ۔

[4] پادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، ص : ۹۵

Marfat.com
Marfat.com

۱۰۴۴ء میں جب شاہجہان تختِ طاؤس پر جلوہ افروز ہوا اور قدسی، کلیم و دیگر شعرائے پایہ تخت نے قصاید غرّا پیش کر کے گراں بہا صلے حاصل کئے اس وقت سعیدائے گیلانی نے بھی ۱۲۴ اشعار کا ایک قصیدہ غرا لکھا جس میں ولادت شاہجہان سے ۱۰۴۴ء تک کی تفصیلات منظوم ہیں۔[1]

۱۰۴۷ء میں شاہجہان نے چالیس ہزار کے مصارف سے اجمیر میں ایک مسجد تعمیر کرائی جس کی تاریخ بے بدل خان گیلانی نے لکھی ؎

"قبلۂ اہلِ زماں شد مسجدِ شاہ جہان" ۱۰۴۷ء

کلیم کے کلیات میں بھی ایک قطعہ اس مسجد کی تعمیر سے متعلق نظر سے گذرا ہے جس کا ذکر باب اوّل میں تفصیل سے کیا جا چکا ہے۔ چونکہ بے بدل خان کا مقطعہ ہی دستیاب ہوا ہے۔ اس لئے کلیم کے قطعہ کا مقطعہ ہی درج کیا جاتا ہے ؎

"کعبۂ حاجاتِ دنیا مسجدِ شاہ جہان" ۱۰۴۷ء

سعیدائے گیلانی کی تاریخِ وفات پر کسی مورخ، شاعر یا تذکرہ نویس نے روشنی نہیں ڈالی۔ سب کے سب اس واقعہ کے متعلق خاموش ہیں۔

مقامِ کلیمؔ

یہاں تک ہم نے اکثر معاصر شعرائے کے حالات، ان کے کلام اور ان کے ساتھ کلیم کے تعلقات کا تفصیلی جائزہ لیا، لیکن ہمارا عنوان تشنہ رہ جائے گا اگر ہم اس باب کے دوسرے پہلو یعنی معاصر شعراء میں کلیم کے مقام کا تعین نہ کریں۔ اس کے کلام کے سوا دیگر معاصر و متاخر تذکرہ نگار و مورخین کی رائیں بھی کافی اہمیت رکھتی ہیں۔ بنا بریں اس عنوان کے متعلق بحث کرنے کے لیئے اب ہم اُن کے بیانات درج کرتے ہیں۔

معاصر مورخ محمد صالح کنبوہ، کلیم کے کلام پر ان الفاظ میں روشنی ڈالتے ہیں:-

"چوں گفتارش ہوش فریب و دلاویز و طبعش معنی رس و فیض آمیز بود، بخطاب ملک الشعرائی امتیاز یافت۔ بالجملہ شاعرِ جادوفن، تازہ گفتار است و بلندی سخن از متانت فکر و ذہنِ دقت آفرینش متحکم و استوار۔ سخنانش پختہ است و بمیزانِ اندیشہ برسختہ۔ ہر چہ گفتہ ہمہ متین و دلنشین و

---

[1] عمل صالح، جلد دوم، ص: ۹۰ – بادشاہ نامہ لاہوری، جلد اول، حصہ دوم، ص: ۲۲۵
Moghal poetry.. p. 60

Marfat.com
Marfat.com

عبارتش صاف و معنیش رنگین[۱]"

قدرت اللہ گوپاموی یوں رقمطراز ہیں :-

" رنگ بخشِ گلستانِ سخن وعندلیب چمنستانِ دین، فن طبع بلندش طالبِ مضامین رنگین وفکرِ نزاکت پسندش متلاشیٔ خیالات دلنشین دادی اقسام نظم را بگام فصاحت طی نمودہ و بمراتب سخن بخوش کلامی سبقت ربودہ[۲]"

صاحب خزانہ عامرہ اسطرح نطق ریز ہیں :-

" کلیم ابوطالب استادِ قیامت کاراست وتختہ کُن دکانِ فصحاٴ روزگار، خامۂ سحرشکنِ اُوعصااست بلکہ آستینِ ید بیضا، جمیع اقسام سخن را درکمالِ خوبی بکرسی نشاندہ[۳]"

افضل خان سرخوش لکھتے ہیں :-

" شاعرعمدہ پایۂ تخت، قدرت معنی یاب، تاریخ گو، درجمیع فنونِ سخن سنجی وسخنوری طاق ودرہمہ کمالاتِ خوش گوی ونکتہ وری شہرہ آفاق بودہ[۴]"

کلیم کے متعلق تذکرۂ یدِ بیضا میں یہ عبارت ملتی ہے :-

" عمدۂ سخن سنجانِ بلاغت نظام وقدوۂ زبان آورانِ براعت انتظام بودہ زادۂ طبع روشنش یدِ بیضاست وخامۂ سحرشکنش ہمدست عصا درجمیع اسالیب نظم یدِ طولے دارد، ہرجا دادِ سخنوری میدہد[۵]"

کشن چند اخلاص مدح کلیم میں یُوں گویا ہیں :-

" شاعرِ اعجاز رقم میتوان گفت ہرچہ گفتہ ہمہ متین و دلنشین عبارتش روشن ومعنیش رنگین[۶]"

صاحب بہارستان سخن، کلیم کے متعلق اس طرح اظہارِ خیال کرتے ہیں :-

" بہ صفائی ذہن وذکائی طبع وفطرتِ رسا واستعداد بلند اقرانِ رجحان داشت۔ اُورا خلاق المعانی ثانی گفتہ اند[۷]"

معاصر مورخ محمد امین قزوینی کلیم کے مرتبہ کو ان الفاظ میں معراج کمال پر پہنچاتے ہیں :-

" الحق شاعریست جادو فن ونکتہ پردازی، شیرین سخن کہ رنگینیٔ جواہر الفاظش دلِ جگر گوشگانِ

۱۔ عمل صالح، جلد سوم، ص : ۴۰۲
۲۔ نتائج الافکار، ص : ۳۶۷
۳۔ خزانہ عامرہ، ص : ۳۹۱
۴۔ کلمات الشعراء، ص : ۴۲
۵۔ یدِ بیضا، ص : ۲۰۶
۶۔ ہمیشہ بہار، ص : ۲۶۸
۷۔ بہارستان سخن، ص : ۲۱۵

Marfat.com
Marfat.com

معدن دکان خون کردہ وسیرابی لالی معانیش آب مروارید عمانی بردہ ...... دریں عصر مثل ایں دو (حاجی محمد جان قدسی وکلیم) شاعر در جہان نایابست[1]"

مندرجہ بالا بیانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ادبا و شعرا کی نظروں میں کلیم کو کسقدر اعلیٰ مرتبہ حاصل تھا۔ گو مرور زمانہ سے اس کا نام تاریکیوں میں جا پڑا تھا لیکن اس کے آثار میں اتنی جان تھی کہ وہ شاہ شمع کی طرح اپنے معاصرین میں سب سے زیادہ منور ہوا اور کلیم کے محاسنِ کلام نے شاہ "لک بخش" و "ستارہ حشمت" کو اتنا متاثر کیا کہ اس نے کلیم کو ملک الشعرا کے عہدہ پر فائزہ کیا اور وہ عہدِ شاہجہانی کا گُلِ سرسبد سمجھا جانے لگا۔

معاصرینِ دکن

سنجر:-

بہ ترتیب زمانی معاصر شعرا میں سب سے پہلا نام میر سنجر کاشی کا آتا ہے۔

محمد ہاشم سنجر ۹۸۰ بمقام کاشان پیدا ہوئے۔ ۹۹۸ وہاں سے اصفہان آئے اور دو سال بعد ہندوستان روانہ ہوئے۔ سندھ میں کچھ دن قیام کیا۔ ۱۰۰۶ دربار اکبری[1] میں بار پایا اور ۱۰۱۱ تک وہاں رہے۔ دربار اکبری سے احکامات نافذ ہوئے کہ انہیں گجرات میں قید کر دیا جائے اتفاق کی بات ہے کہ ایک سال بعد ہی رہائی مل گئی اور وہ ۱۰۱۲ کے قریب بیجاپور پہنچے اور عادلشاہی حکمران ابراہیم عادلشاہ ثانی کے دامن عاطفت میں پناہ لی۔ ۱۰۲۱ میں وفات پائی۔ "افگند بادشاہِ سخن میر سنجری" سے تاریخ کا استخراج کیا گیا ہے مگر ۲ عدد کا تعمیہ ہے[2]۔ اور تا حیات یہیں مقیم رہے۔

ملک قمی:

ملا ملک قمی کی قم میں ولادت ہوئی۔ صغیر سنی ہی سے مشق سخن کرنی شروع کی۔ قم سے کاشان آئے اور وہاں محفل شعر و سخن آراستہ کی بعد ازاں قزوین چلے آئے اور چار سال تک شعرائے نامور کی مصاحبت کا شرف حاصل کیا۔ آخر کار رمضان ۹۸۷ قزوین سے دکن کا رُخ کیا اور مرتضیٰ نظام شاہ والی احمدنگر اور ان کے بعد برہان نظام شاہ کے دربار سے منسلک ہو گئے[3] یہاں سے ملک [illegible] عادل شاہ ثانی کے چرچے سُنکر وارد بیجاپور ہوئے اور دربار سے توسل حاصل کیا۔ کلیم جس وقت شاہنواز خان سے فیض یاب ہونے کیلئے بیجاپور پہنچا تھا ملک قمی کا وہاں رنگ جما ہوا تھا اور اس استادِ سخن کے آگے کسی کی نہیں چلتی تھی۔ ۱۰۲۵ میں انتقال کیا۔ کلیم نے ان کی تاریخ وفات ایک

---

1. بادشاہ نامہ قزوینی، ورق: ۱۷۶ (ب)
2. مآثر الکرام ص ۲۶۱
3. مآثر الکرام ص ۲۶۱
4. مآثر الکرام ص ۲۱۰

Marfat.com
Marfat.com

قطعہ میں نکالی ہے ؎ بگفتا "اُو سرِ اہلِ سخن بود" (۱۰۲۵ھ) سے تاریخ کا استخراج کیا ہے۔

ظہوری:

نورالدین ظہوری کی ترشیز میں ولادت ہوئی۔ علوم متداولہ کی تحصیل کے بعد شعر و سخن کی طرف مائل ہوئے۔ اور اتنی مشق بہم پہونچائی کہ معاصرین ان کے کلام کی داد دینے لگے۔ صائب ان کے کلام سے فیضیابی کا اعتراف اس شعر میں کرتے ہیں ؎

صائب نداشتیم سر و برگِ ایں غزل ۔۔۔ ایں فیض از کلامِ ظہوری بما رسید

انہیں مُلا وحشی یزدی سے تلمذ حاصل تھا۔ ہندوستان آئے تو پہلے احمدنگر پہنچے۔ ملک قمی سے ان کی ملاقات یہیں ہوئی اور یہ تعلقات اس حد تک بڑھے کہ ملک قمی نے اپنی لڑکی ظہوری سے بیاہ کر رشتۂ مصاہرت قایم کر لیا۔ یہ دونوں شاعر بیجاپور پہنچے اور عادلشاہی دربار میں بہت قدر و منزلت حاصل کی۔

ظہوری کی تصانیف میں سرمایۂ شعر کے سوا "خوانِ خلیل دگلزار ابراہیم" بھی مشہور ہوئیں اور سب سے زیادہ ابراہیم عادلشاہ ثانی کی کتاب "نورس" پر لکھا ہوا مقدمہ مشہور ہوا جو سبکِ ہندی کا بہترین نمونہ شمار کیا جاتا ہے۔ ظہوری نے ایک "ساقی نامہ" برہان نظام شاہ بحری کے نام معنون کیا ہے۔ قدما سے اس وقت تک جتنے ساقی نامے سپردِ قلم ہوئے تھے ان میں سے اکثر ظہوری کے مقابلہ میں پورے نہ اُتر سکے۔

ظہوری نے ملک قمی کی وفات کے چند ماہ بعد ۱۰۲۵ھ[1] ہی میں وفات پائی۔

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق ۶۹ ب — Zahuri, Life + Works P. 295 of

Marfat.com
Marfat.com

بَابُ سُوم

شاہنامۂ ابوطالبِ کلیم

Marfat.com
Marfat.com

شاہنامۂ ابو طالب کلیم اور اسکی اہمیت

صنفِ مثنوی کی ابتدا اور ارتقاء فارسی شاعری کے لیۓ طرۂ امتیاز ہے۔ یُوں تو ابتدا ہی سے زبانِ فارسی میں بہت مثنویاں لکھی گئیں۔ بعض رزم کے ہولناک مناظر اور شمشیروں کی جھنکار سے معمور ہیں، بعض محفلِ رقص و سرود کی کیفیات سے مملو، بعض میں الٰہیات کے اہم اور بلند مضامین پنہاں ہیں اور بعض سے شاہانِ سلف کی عظمتِ رفتہ ہویدا ہے۔

شہنشاہِ شاہجہان کے حکم سے پیشِ نظر عہد میں بھی دو مثنویاں تصنیف ہوئیں[1]۔ ایک کو محمد جان قدسی نے سپردِ قلم کیا اور دوسری کو ابوطالب کلیم ہمدانی نے لکھا۔ قدسی کی وفات کی وجہ سے اس کی مثنوی نامکمل رہ گئی[2] اور کلیم اپنی مثنوی کو پایۂ تکمیل تک پہنچا سکا۔ جس میں عہدِ شاہجہانی کے ابتدائی دس سالہ واقعات قلمبند ہیں۔ دونوں مثنویوں کا نام، محمد امین قزوینی "پادشاہ نامہ" لکھتے ہیں[3] لیکن فہرست نگار قدسی کی مثنوی کو "ظفر نامہ" کے نام سے موسوم کرتے ہیں[4] اور خود قدسی نے بھی اُس کو ظفر نامہ ہی لکھا ہے[5]

---

[1] پادشاہ نامہ قزوینی، ورق ۷۷۶ ا

[2] Catal Brit. Mus. per. MSS., Vol. II., P. 685.
"The poem was left unfinished. The present copy contains a confused sereies of detached fragments."

[3] پادشاہ نامہ قزوینی، ورق: ۷۷۶ ا
"و وادقات او وکلیم، نیز لالی مضمون صدق مشحون "پادشاہ نامہ" را برشتۂ نظم می کشند وایں دو کتاب کہ او و محمد جان قدسی نظم می کنند بعد از تمام مقبولِ خاص و عام خواہند بود۔"
مذکورہ بالا حوالہ سے یہ واضح ہوتا ہے کہ محمد امین قزوینی نے مثنویوں کے نام اس وقت لکھے تھے جب کہ وہ لکھی جا رہی تھیں۔ سلیئے اُن کے اصلی نام جو غالباً بعد تکمیل رکھے گئے تھے، محمد امین اُن کا ذکر نہ کر سکے۔ اس موضوع کے متعلق ہم آیندہ صفحات میں بحث کریںگے

[4] Catal. Bankipore lib. Per. MSS. Vol. III. P. 77

Marfat.com
Marfat.com

قلم چوں "ظفرنامہ" را تازہ کرد   عروسِ سخن را چنیں غازہ کرد[1]

اور کلیم نے بھی قدسی کی مثنوی کا نام اس شعر میں ظفرنامہ ہی لکھا ہے ؎

موافق بقولی کہ کرد م رقم   بود در کتاب "ظفرنامہ" ہم[2]

قدسی اور اس کے ہمعصر شاعر کلیم کے اشعار کی روشنی میں یہ ثابت ہوتا ہے کہ قدسی کی مثنوی کا نام "ظفرنامہ" ہے نہ کہ "پادشاہ نامہ" جیسا کہ محمد امین قزوینی نے لکھا ہے۔

عہدِ شاہجہانی کی دوسری مثنوی کلیم کی تخلیق ہے۔ اس مثنوی کے نام کے متعلق فہرست نگاروں میں اختلاف ہے۔ اسپرنگر، برٹش میوزیم، انڈیا آفس اور بانکی پور کی فہرستوں میں اس کے مختلف نام ملتے ہیں[3]۔ مثلاً "شاہنشاہ نامہ"، "پادشاہ نامہ"، "پادشاہ نامہ" اور "پادشاہ نامہ"۔ لیکن مثنوی کے مطالعہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کلیم نے اشعار میں بعض جگہ مثنوی کا نام "شہنامہ" تحریر کیا ہے۔ حسبِ ذیل اشعار اس کے مظہر ہیں ؎

شوم روشنی بخشِ ہنگامہ اش   دہم رُست از یادِ "شہنامہ" اش[4]

ولے باندی آخر ازیں خاکسار   نہ "شہنامہ" غمنامہ یادگار[5]

دریں راہ گر بیشتر می روم   ز "شہنامہ" گفتن بدر می روم[6]

بگفتن در آمد بفرضِ محال   شود "شاہنامہ" کتابِ رجال[7]

مندرجہ بالا اشعار کے سوا کلیم نے ایک قطعہ اور نظم کیا ہے۔ جس کے مطلع میں اس نے مثنوی کا نام "شاہنامہ" باندھا ہے ؎

---

[1] کلیاتِ قدسی، ورق: ۱۲۵ الف   [2] شاہنامہ کلیم، ورق: ۴۸ الف

[3] Catal. India off. Lib. Per. Mss., Vol. I No:, 1570
The "پادشاہنامہ" (as it is styled on fol. 1a) also called شاہنامہ or [illegible]. The Imperial Book; also see, Bankipore. Lib. Catal, Vol. III p. 97; Catal. Brit. Mus. Per. Mss. vol. II. col. 686;
Catal. Per. Mss, Sprenger. Vol. I. P. 464.

[4] شاہنامہ کلیم، ورق: ۹۱ الف   [5] شاہنامہ کلیم، ورق: ۷۷ الف

[6] " " " ": ۱۳۵ الف   [7] " " " ": ۱۱۴ الف

Marfat.com
Marfat.com

بچشمِ ہوش دریں جلدِ "شاہنامہ" نگر   کہ بزم و رزمش سرمشقِ پادشاہانست [1]

کلیاتِ کلیم کے تمام مخطوطات میں مذکورہ شعر میں "پادشاہنامہ" درج ہے یعنی ؎

بچشمِ ہوش دریں "پادشاہنامہ" نگر [2]

دونوں مصرعوں کی تقطیع کرنے سے وزن میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ مفاعلن، فعلاتن، مفاعلن، فعلن، کی بحر پر دونوں شعر کی تقطیع ہوتی ہے اور خود مثنوی کے چار شعر اس کا ثبوت فراہم کرتے ہیں کہ شاعر نے کہیں "شہنامہ"، اور کہیں "شاہنامہ" "شہنامہ" لکھا ہے۔ تو ظاہر ہے کہ ضرورتِ شعری کی وجہ سے لکھا گیا ہے۔ لہٰذا موزوں لفظ "شاہنامہ" ہی ہے۔ بنا بریں کلیم کی مثنوی کا نام "شاہنامہ" ہی ثابت ہوتا ہے۔ اس لیے آیندہ سے ہم اسی نام سے اس کا ذکر کریں گے۔

شاہنامہ کا تجزیہ

شاہنامہ کلیم [3] دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصۂ اول کا حجم ورق: ا ب تا ۷۵ ب ہے اور حصۂ دوم ورق ۷۶ الف تا ۲۲۰ الف اور تعداد اشعار ۱۴۸۴۰ ہے۔

بحر: فعولن، فعولن، فعولن، فعول (بحر متقارب مثمن سالم مقصور)

حصۂ اول شاہنامہ

شاہنامۂ کلیم کا آغاز حمد سے ہوتا ہے جس کا مطلع ہے ؎

بنام خدای کہ از شوقِ جود   دو عالم عطا کرد و سایل بنود

حکیمی کہ شمع زباں در دہن   فروزاں نماید بہ یادِ سخن

شاعر نے حمد، نعت اور تعریف سخن کے بعد ورق ۹ الف تا ۳۶ ب شاہانِ مغلیہ کی عظمتوں کو اُجاگر کرنے کے لیئے بابر، ہمایوں، اکبر و جہانگیر کے حالات تفصیل سے تحریر کئے ہیں اور تمام واقعاتِ تاریخی بڑی احتیاط سے قلمبند کرنے کی پوری کوشش کی ہے اور اس میں بڑی حد تک کامیاب بھی ہوا ہے۔ ورق: ۳۶ و تا ۷۵ ب

---

[1] دیوانِ کلیم، نسخہ جامعہ عثمانیہ، نمبر ۱۸۳ ق۔ ورق: ۱۵۳ و — [2] کلیاتِ کلیم نسخہ ا، ب، ج، ع

[3] یہ نسخہ ۶ × ۱۰ سائز کے (۲۲۰) اوراق پر مشتمل ہے۔ کتابت کی تقطیع ۴ ۱/۲ × ۶ ۱/۲ ہے۔ سطر: ۱۷، اور ہر سطر میں دو شعر (چار مصرعے)، کتابت خوش خط نستعلیق ہے۔ متنِ کتاب سیاہی اور عنوانات سُرخ روشنائی سے لکھے ہوئے ہیں۔ ہر مصرعہ طلائی لکیر سے جدا ہوتا ہے اور آخر میں حاشیہ کے اطراف شنگرفی لکیر ہے۔ نسخہ کرم خوردہ و آب رسیدہ ہے، اس لیے اس پر شفون چڑھا دیا گیا ہے، جس کی وجہ سے استفادہ میں دقت ہوتی ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

ولادت شاہجہان، اس کی تربیت، شہزادگی کے زمانے کی فتوحات، شادی، ولادتِ شاہزادگان اور اسکے تخت نشین ہونے تک کے واقعات نہایت تفصیل سے نظم کئے ہیں اور اس شعر پر مثنوی کے حصۂ اول کا اختتام ہوتا ہے ؎

باین لطف اُمیدوارم کلیم   کہ ناقص نزیبد کرم از کریم

حصّہ دوم

شاہنامہ کے دوسرے حصہ کی ابتداء واقعاتِ جلوس شاہجہان سے ہوتی ہے جس کا آغاز ان اشعار سے ہوتا ہے ؎

سخن آں شہنشاہِ فرماں روا   کہ نہ تختِ چرخش بود زیر پا
بہ تخت زماں آمدہ جلوہ گر   سرآید ز اسرارِ غیب ایں خبر

اس کے بعد مسلسل تاریخی واقعات اور اہم تفصیلات ملتے ہیں۔ اور آخر میں ظفر خان کے کشمیر پر تقرر اور اُس کی مُہم تبت پر روانگی کا حال لکھ کر اس شعر پر مثنوی کو ختم کیا ہے ؎

چو اقبالِ آں شاہِ گردوں سریر   نہ بیند دگر در جہان قلعہ گیر

اور مثنوی کی کتابت کا اختتام اس عبارت پر ہوا ہے۔

"تمت تمام شد بعون اللہ تعالیٰ شاہجہان نامہ از تصنیفاتِ مرزا طالبا کلیم بتاریخ دوازدہم شہر شوال المکرم ۱۲۵۵ھ مطابق بیست و یکم ماہِ ڈسمبر ۱۸۳۹ء موافق سنہ ۲ جلوسِ میمنت حضرت ابوظفر سراج الدین علی بہادر شاہ غازی خلداللہ ملکہ وسلطانہٗ، بروز جشنِ مبارک حضورِ انور وقت بیکپاسِ روز برآمدہ بروز پنجشنبہ زیور اتمام دپیرایہ اختتام پوشید"

شاہنامہ کا تجزیہ نامکمل رہ جائے گا اگر تاریخی تفصیلات بصورت عنوانات و تعداد اشعار پیش نہ کئے جائیں۔

عنوان	تعدادِ اشعار
حمد	۸۳
نعت حضرت سید المرسلینؐ	۴۶
در صفت شب معراج حضرت سید کائنات	۱۰۵
در مدح حضرت پادشاہ	۶۳

Marfat.com
Marfat.com

عنوان	تعداد اشعار
خطاب پادشاہ فلک قدر جم جاہ	۵۳
در تعریف سخن	۱۳۳
آغاز داستان و گذارشِ احوال حضرت صاحب قران	۷۶۰
فوت شدن بادشاہ خلد آرامگاہ گیتی ستان حضرت بابر بادشاہ	۱۸۲
جلوسِ میمنت مانوس پادشاہ حضرت ہمایوں پادشاہ	۲۱۷
رسیدن خبر سعادت شدن حضرت جہان بانی ہمایوں پادشاہ	۶۰۶
در جلوس جلال الدین اکبر بادشاہ	۸۵
ولادت پادشاہ عالم شاہجہان بادشاہ	۲۵۸
بمکتب دادن شاہ بلند اقبال را	۵۷
برادران شاہ صاحب قران	۷۴
در بیان جشن کدخدائی شاہ صاحبقران	۹۴
در بیان شیر بہ شمشیر زدن صاحبقران در شکار بازی	۴۷۷
رفتن شاہ جنت مکان بہ اجمیر و فرستادن بلند اقبال بہ تسخیر دکن	۲۱۲
آغاز سال نہم جہانگیری وا ذن یافتن جشن نوروزی شاہ بلند اقبال در ولایت رانا	۲۲
ولادت نواب مہد علیا بیگم صاحب	۶۰
در ولادت شاہزادہ بلند اقبال داراشکوہ	۲۷
در ولادت شاہزادہ شاہ شجاع	۱۱۷
رفتن شاہ بلند اقبال بہ فتح دکن	۱۹۱
رفتن حضرت جنت مکان و فتح جام دبادہ باقبال صاحبقران	۶۶
فتح قلعہ نگرکوٹ و تنبیہہ سورج مل	۱۱۶
ولادت شاہزادہ اورنگ زیب	۴۱
رفتن شاہزادہ صاحبقران نوبت دوم بدکن	۵۵۱
در بیان توبہ شاہنشہ توفیق بار	۹۱
ولادت شاہزادہ عالمیان سلطان مراد بخش	

Marfat.com
Marfat.com

عنوان	تعداد اشعار
بیان رحلت شاہ جنت مکان و دیگر سوانح	۱۳۶

حصۂ دوم

ابتدا رجلد ثانی جلوس مبارک اعلحضرت خلافت پناہی ظلِ الٰہی بر تخت شاہنشاہی	۱۹۷
آمدن شاہزادہائے عظام باصف خان از لاہور و ملازمت نمودن اعلحضرت	۹۷
تعریف جشن نوروز کہ بعہد جلوس مبارک بر تخت شاہنشاہی عالم افروزی نمود	۲۵۵
تعریف دار الخلافہ آگرہ	۱۱۹
لشکر کشیدن نذر محمد خان بہ تسخیر کابل و بانجام برگشتنِ او ازان	۲۶۲
گریختن جُجہار سنگھ بندیلہ از درگاہِ معلی و سزا یافتنِ او	۱۹۷
آمدن رسول شاہ عباس والی ایران بدرگاہ خلایق پناہ	۶۹
فرار نمودن خان جہاں لودی از درگاہ معلی	۹۶۰
توجہ رایات اقبال صاحبقرانی بدکن و تنبیہہ یافتن نظام	۸۷
جشنِ نوروز سوم از جلوس مبارک بر تخت شاہنشاہی	۱۴۶
رسیدن جادو نرائے حرام نمک بہ تیغ انتقام علی نظام	۸۶
توجہ لشکر منصور از ہر طرف بہ تنبیہہ مخالفان	۷۵
تعین شدن یمین الدولہ آصف خان بسرداری لشکر دکن	۲۱۴
رفتن دریا و پیرا از ملک علی نظام بجانب مالوہ و قتل دریا	۲۵۸
کیفیت کشتہ شدن پیرا و بیان عاقبت حالِ او	۱۸۹
تعریف قحط دکن	۱۲۱
آغاز سالِ چہارم از دورِ اول جلوس و آمدن بہارِ عالم	۱۰۰
فتح قلعہ قندھار	۱۱۷
فوت ممتاز محل و بنائے عمارت مقبرہ موی الیہا	۱۵۶
بیان عاقبت کار بے نظام	۵۷
رفتن یمین الدولہ آصف خان خانخاناں بہ تادیب بیجاپوریان	۲۸۷

Marfat.com
Marfat.com

عنوان	تعداد اشعار
آغاز سالِ پنجم از دورِ اول بہار عالم افروز	۲۹
مراجعت نمودن شہنشاہِ گیتی شان از دکن بمستقر اکبرآباد	۱۰۵
فتح بندر ہگلی	۱۴۱
جشنِ وزن اعلحضرت ظلِ الٰہی	۴۱
فتح قلعہ کانسر	۴۵
تمہید کدخدائی شاہزادہ عالی قدر	۶۵
جشنِ دامادی شاہزادہ دارالشکوہ	۲۰۵
تمہید کدخدائی شاہزادہ شاہ شجاع	۵۲
آغاز سالِ ششم از جلوس ہمایوں	۷۵
در تعریف رزم آوری شاہزادہ اورنگ زیب با فیل	۸۸
رفتن صفدر خان برسالت جانب ایران	۲۹
فتح قلعہ دولت آباد	۲۵۹
توجہ رایات جہانکشا بہ دارالخلافہ اکبرآباد بصوب دارالخلافہ لاہور	۸۰
آغاز سالِ ہفتم از جلوس میمنت اثر ظل اللہ بر تختِ شاہنشاہی	۲۲۵
در تعریفِ کشمیر	۲۱۱
تعریف فرح بخش و فیض بخش کشمیر	۱۸۰
ظہور کرامت اعلیٰ حضرت شاہنشاہی	۱۷
توجہ رایات حضرت شاہنشاہی بجانب ہندوستان	۴۵۷
توجہ رایات کشورکشا بسوی دارالخلافہ اکبرآباد	۲۸۵
آغاز سالِ ہشتم	۱۷۰
بغی ورزیدن ججہار سنگھ بندیلہ	۱۳۱
توجہ رایات شاہنشاہی بصوب دکن	۲۹
فتح سایر قلاع ججہار سنگھ	۳۵۵
تتمہ حال خسران مآل ججہار سنگھ	۱۷۹

Marfat.com
Marfat.com

عنوان	تعداد اشعار
فرستادن رسولان نزد سلاطین دکن	۱۰۱
فرستادن افواج کینہ خواہ بتادیب ساہو و تخریب ملک عادل خان	۱۰۹
آمدن بہار عالم افروز آغاز سال نہم ز جلوس مبارک	۹۲۵
مراجعت نمودن رایات اقبال شاہنشاہی بمستقر دولت	۱۲۵
سزا یافتن بایسقر جعلی بہ تیغ سیاست	۲۸۳
دگر بعض از فتوحات خان دوران بعد از تسخیر اودگیر داریسہ	۴۱۳
آمدن شاہزادہ عالمیان اورنگ زیب بدرگاہ معلی	۴۳
در بیان کتخدائی شاہزادہ اورنگ زیب	۲۶۴
فتح ملک تبت باقبال شاہنشاہی از حسن سعی مرزبان	۱۵۴

دیگر نسخہ ہائے شاہنامۂ کلیم

1. Catal. of the ara, Per & Hin, Sprenger. Vol. I. No: 305

شاہنشاہنامہ کلیم

The Imperial Book, by Kalym, being an epic poem on the exploits of Shahjahan.

Beg: بنام خدائیکہ از شوق جود ٭ دو عالم عطا کرد و سائل نبود

2. The British Museum Catal. of the persian Mss: Vol. II.

Col. 686. "پادشاہ نامہ"

Two fragments of a poetical record of the life of Shajahan, by Kalim as follows:-

I) Early life of Shahjahan, concluding with the death of Jahangir, Fol. 1.

II) Part of the prologue, and account of the Emperor's fore fathers from Timur to Humayun, fol. 48a.

Marfat.com
Marfat.com

iii) Early part of Shahjahan's reign, from his accession to Zafar khan's expedition to Tibet (A.H. 1046-7) fol. 72[a].

iv) Another part of the introduction, beginning with the Miraj, and ending with the birth of Shahjahan, fol. 198.

v) Description of kashmir, fol. 205.

The same work is mentioned in the Oudu cot, P. 454, under the title of شاہنشاہنامہ

3. Catal. of Persian Mss. in the library of the India office vol. 1. No. 1570.

Two Mathnawis by Kalim.

Both these Mathnawis celebrate the exploits of the Emporer Shahjahan and are very likely parts of one and the same epic poem, viz. the پادشاہنامہ (as it is styled on fol. 1.), also called شہنشاہنامہ or شاہنامہ, the imperial book, the first beineains, ~~fol~~ fol. 1[b]

بنام خدائی که از شوق جود ✻ دو عالم عطا کرد و سایل نبود

The second, with the special heding, as it seems, of اقبال شاہجہان (see fol. 118[b].), begins on fol. 105[b]: سخن ان شہنشاہ فرمانروا ✻ که تخت چرخش بود زیر پا

The poets takhallus Kalim appears severel times, for instance, on fol. 104[a], marjin colmn, l. 15,

بایں لطف امید وارم کلیم

and on fol. 113[a], 104:

کلیم ارچه قادر .... الخ

According to the colophon, on fol, 104[a].

نقل خط مرزا کلیم که بدست خود نوشته بودند نموده شد۔

This copy appears to have been mude from the poets autograph, the first seven leaves seem to be supplied by auther hand.

Marfat.com
Marfat.com

4) Catal. of the Ara & Per. Mss. in the Oriental public library at Bankipore. Vol. III. No: 316.

Padshah namah پادشاہنامہ

A poetical account of Shahjahan's reign, by Talib Kalim. The title padishah namah is given in the colophon. It is also called Shahnamah, شاہنامہ, or Shah in Shahnamah.

Beg: بنام خدائی کہ از شوق جود ❊ دو عالم عطا کرد و سایل نبود

It contains the account of Shahjahan's ancestors from Timur to Humayun; his accession to the throne down to the tenth year of his reign and ends with the account of Zafar Khan's expedition to Tibet (A.H. 1046-7 = A.D. 1636-7)

The concluding verse runs thus:-

چو اقبال این شاہ گردون سریر ❊ ببیند دگر در جہاں قلعہ گیر

The colophon runs thus:-

تمت الکتاب پادشاہ نامہ من مصنفات طالب کلیم رحمۃ اللہ روحہ" فی تاریخ ۹ رشہر ربیع الاول سنہ الف و مائۃ و تسعہ

That is, the 9th of Rabi. I A.H. 1109 for other copies of padishahnamah see, Sprenger. P. 454.

Another copy of the same پادشاہنامہ beginning as above with a slight alteration. بنام کریمی کہ از فرط جود ❊ دو عالم عطا کرد و سایل نبود

On comparing with the preceding copy it is found that this copy wants thirty six lines after the initial line, while the third and fourth verses of this copy are not found in the preceding one. Again, the last three verses of the preceding

Marfat.com
Marfat.com

copy are wanting here, and it breaks up with the following line:-

ظفرخان زفتح وظفر شادمان بکشمیر ازان مملکت شد روان

fol. 1, supplied in a later hand, contains the signature of Sir Gore Ouseley.

Written in an ordinary Nastaliq, not dated, apparently 17th century.

شاہنامہ کی ادبی اہمیت

مذکورہ بالا تفصیلات مثنوی شاہنامہ کی ہیئت سے متعلق تھیں۔ اب ہم اس کے مواد سے متعلق بحث کرینگے چونکہ یہ مثنوی بحکم شاہی سے تصنیف ہوئی تھی اور اس میں اس عہد کے تاریخی حالات قلمبند کئے گئے ہیں، اس لیئے اسکی تاریخی اہمیت، معنوی خوبیوں پر غالب نظر آتی ہے۔ مگر ادبی حیثیت سے اس کو نظر انداز بھی نہیں کیا جا سکتا لہٰذا ہم یہاں اجمالاً اس پر پہلے روشنی ڈالتے ہیں اور بعد ازاں تاریخی اہمیت تفصیلی طور پر بیان کرینگے۔

ادبی خصوصیات

تاریخی مثنویوں میں رزم کا عنصر سلاجقہ سے قبل اپنے پورے عروج پر تھا۔ نظامی گنجوی نے بزمیہ مثنویاں تحریر کرکے تلوار کی جھنکار کو نغمۂ چنگ و نے میں بدل دیا۔ اس بتکدہ کے پہلے آذر نظامی ہی تھے اور یہ رنگ گہرا ہوتے ہوتے شاہانِ مغلیہ کے عہد تک اس منزل پر پہنچ گیا تھا کہ میدانِ کارزار کی ہولناک صدائیں بزم سرود کی موسیقی میں مبدل ہو کر رہ گئی تھیں۔ کہاں فردوسی کی وہ گھن گرج للکار ؎

اگر جز بکام من آمد جواب ‏ ‏ ‏ من و گرز و میدان و افراسیاب

اور کہاں کلیم کا نرم و نازک لہجہ ؎

دو دستی شکستی نگرز گراں ‏ ‏ ‏ حمیت نہ دید آں کشیدی کمان[1]

---

[1] شاہنامہ کلیم، ورق: ۵۹۶

Marfat.com
Marfat.com

زخورشید جوشن و لبس تاب دید	زچار آئینہ عکس بیرون دویدہ[1]
سپاہ مخالف بہ راہِ فرار	چناں رفت کز پیشش صرصر غبار

شاعر اپنے وقت کی آواز ہوتا ہے۔ اس میں صرف کلیم ہی کا کیا دوش تھا۔ اس نے اپنے عہد کے تقاضوں کو پورا کیا اور اُسے کرنا بھی یہی چاہیئے تھا۔ یہی وجہ ہے کہ مثنوی کی زبان اتنی ادق نہیں ہے کہ خاقانی و انوری کے قصاید کی طرح اس کی شرحیں لکھی جائیں۔ درباری نازک مزاجیوں کے باوجود اس میں سادگی پائی جاتی ہے۔ البتہ اس نے اپنے اشہبِ قلم کو حسنِ تعلیل و تشبیہہ، استعارہ اور مضمون آفرینی کے میدان میں بے دریغ دوڑایا۔ صنائع بدائع جو شاعری کی جان تصور کئے جاتے ہیں مثنوی میں ہر جگہ دستیاب ہوتے ہیں۔

بہاریہ انداز:

مثنوی میں مختلف موسموں میں مناظرِ کشمیر کی جو عکاسی کی گئی ہے۔ وہ یہاں درج کی جاتی ہے تاکہ اس خصوصیت کا اندازہ بخوبی ہو سکے ؎

عملداری لشکرِ نوبہار	گرفت از ریاحین نرگس قرار
برقصد گر از شوقِ نرگس بجاست	دفِ عیشِ او خیزش از کلن طلاست
بنفشہ سر افگندہ ز اندازہ بیش	چو شاعر کہ از فکر پیچد بخویش
شگوفہ چناں شد ز تاکِ آب	کہ چوں برف گشت آب از آفتاب[1]

بہار آمد و یک چمن شد جہاں | زمیں نسخہ شد ز حالِ زماں
چو پیرا بن شمع گل بر شجر | بیک نسبت آمد ز پا تا بسر
تو گوئی عروسِ نہال از حنا | بپا در نہاں گشتہ تا پشت پا
بخاکِ چمن گل فشاندہ ورق | در آئینہ افتادہ عکسِ شفق
بصحنِ گلستان شگوفہ ز نسیم | پریشان شدہ از بادِ رستہ نسیم[2]

زابرے بہارے جہاں تازہ شد | زبذلِ شہنشاہ جاں تازہ شد

---

[1] شاہنامہ کلیم۔ ورق: ۱۱۶ ب
[2] " " " : ۱۳۶ الف
[3] شاہنامہ کلیم۔ ورق: ۹۰ الف

Marfat.com
Marfat.com

چہ حاجت بگفتن کہ در نوبہار | شگوفہ چہ آورد بہر درسے کار
کول اُن دویم پنجۂ آفتاب | بر آوردہ یک طشتِ آتش ز آب
بجوششِ کولبا چو کشتی رسید | ہلالے بود در شفق ناپدید[1]

تشبیہ و استعارہ:

کلیم کے یہاں استعارہ و تشبیہیں بعید از فہم نہیں ہیں اور اکثر جگہ نادر اور اچھوتی ہیں۔ "نئے" کی تشبیہ مختلف شعراء نے مختلف انداز میں دی ہے مگر کلیم نے "نئے نیزہ" کہہ کر ایک ندرت پیدا کی ہے ؎

چو تادیب این چرخ گمرہ کند | نئے نیزہ در ناخن مہ کند[2]

"دستِ اہلِ ہنر" کی تنگی کی شکایت تو ہر ایک کرتا ہے لیکن کلیم نے جس طرز سے کی ہے وہ قابلِ دید ہے ؎

رہی تنگ چوں دستِ اہلِ ہنر | نرفتہ دو کس پہلوئے یک دگر[3]

سپاہی کے شوقِ شہادت و اخلاص کو تشبیہ کے پردے میں کتنے اچھے پیرایہ میں بیان کیا ہے ؎

بشوقی کہ او داد ز اخلاص جان | کسی گل بمعشوق ندہد چنان[4]
نرفتی ز جا طبع رزم آوران | چو عاشق ز حرفِ نصیحت گران[5]
بجولان گہ نہ فلک تاختہ | سبک خیز چوں آہِ دل باختہ[6]

تجنیس:

دو متجانس الفاظ جو حروف و حرکات میں تو یکساں ہوں لیکن معنی میں مختلف ہوں تو یہ صنعتِ تجنیس تام کہلاتی ہے۔ کلیم صنعتِ تجنیس کو اس خوبی سے اشعار میں سموتا ہے کہ حسن میں نام کا نام اور حسن کا حسن برقرار رہتا ہے۔ شعر اول میں مصرعہ اول کا لفظ "خرم نام" کے لیئے اور مصرعہ ثانی کا "خرم" خوشی کے معنوں میں مشتمل ہے۔ شعر دوم میں مصرعہ اول میں لفظ "مراد" بطور صفت اور مصرعہ ثانی میں بطور نام لایا گیا ہے۔

چو خرم شدش نام از آسمان | از و خرم آباد شد این جہان[8] (تام)

---

[1] شاہنامۂ کلیم ورق ۱۰۱ الف
[2] شاہنامۂ کلیم، ورق ۵ ب
[3] " " " ۱۴۷ ب
[4] " " " ۱۹۶ الف
[5] " " " ۱۲۳ ب
[6] " " " ۴۲ الف
[7] " " " ۲۸ الف

مُرادِ دلِ شاہ والا نژاد — مسمّیٰ شد از شہ بہ سلطان مرادؔ[1] (تمام)

حُسنِ تعلیل، ایہام، تضاد، تنسیق، الصفات وغیرہ کے بہترین اشعار یہاں درج کئے جاتے ہیں تاکہ مثنوی کی ادبی حیثیت کا علم ہو سکے۔

حُسنِ تعلیل:

کسی چیز کی علت دوسری ہو لیکن شاعر کوئی حسین سی علت نکالے تو وہ صنعت حُسنِ تعلیل کہلاتی ہے۔ چنانچہ یہاں بھی ماہِ نو اپنی فطری گردش کی وجہ سے نہیں بلکہ غیرت کی وجہ سے گھٹا ہوا دکھلایا گیا ہے ؎

کہ برتن ز رآن دیگر آراستہ — کہ ماہِ نو از غیرتش کاستہ

ایہام:-

وہم سے مشتق ہے۔ معنی قریب و معنی بعید میں قاری کا ذہن معنی قریب کی طرف رجوع کرتا ہے اور مرادِ شاعر بعید سے ہوتی ہے۔ مندرجہ ذیل اشعار میں آب سے مُراد ابرو، چمک اور بادم وجام اسم مقام ہے۔

دُرِ اشک را آبِ اقبال داد — بماہِ سحرگہ پر و بال داد[2]

باو آبِ شمشیر را سر دہیم — وجودش بہ بادِ فنا در دہیم[3]

سوئی بادہ و جام لشکر کشید — رُخِ فتح شد ز آبِ تیغش پدید[4]

تضاد:

دو متضاد معنی الفاظ ایک جملہ یا شعر میں جمع کرنے کو صنعتِ تضاد کہتے ہیں۔ اشعارِ ذیل میں اس کی مثالیں موجود ہیں ؎

ازیں بزمِ مستان چہ ہشیار رفت — بخوابِ عدم بخت بیدار رفت[5]

چنان فقر را از قناعت نواخت — کہ شہ را بہ درویشی مختص ساخت[6]

---

[1] شاہنامہ کلیم، ورق: ۲۷ الف

[2] ؍؍ ؍؍ ؍؍ : ۱ ب

[3] ؍؍ ؍؍ ؍؍ : ۲۲

[4] شاہنامہ کلیم ورق: ۱۰۳ ب

[5] ؍؍ ؍؍ ؍؍ : ۱۰۸ الف

[6] ؍؍ ؍؍ ؍؍ : ۱۲ الف

Marfat.com
Marfat.com

بود نسبتِ شمشیرِ صاحب قران | روا نسبت دہ شاہ کفر از جہان[1]
ازیں راہ عیب و ہنر باہمت | کہ در خانہ ہم سود و ہم ماتمت[2]

کلیم اتنا قادر الکلام تھا کہ جو تاریخی قطعہ لکھتا تھا اگر اس کے کچھ اشعار کہیں دوسری جگہ لانا ہوتا تو ایک نئے انداز کے ساتھ اُنہیں وہاں سموتا تھا۔ چنانچہ ۱۰۴۲ھ میں شہزادہ دارالشکوہ کی رسمِ شادی پر جو قطعہ مُبارکباد کے لیئے عرض کیا تھا اس کو اس مثنوی میں اِسطرح ضبطِ تحریر میں لایا ہے ؎

درآں وقت ایں بندۂ جانثار | شد از بہرِ تاریخ قطعہ بکار
بیاں کرد از بہرِ تاریخ سال | "قراں کردہ سعدین برجِ جلال" ۱۰۴۲ھ
چو ایں قطعہ در بزمِ اقدس گذشت | بہ تحسین و احسان سرافراز گشت[3]

شاہنامہ کی تاریخی اہمیت

عہدِ شاہجہان میں بہت سے مصنفین و شعراء نے کتبِ تواریخ اور تاریخی مثنویاں قصاید و قطعات وغیرہ لکھے ہیں جن سے ہمیں اس عہد کے واقعات ملتے ہیں مگر بجز شاہنامہ کے کوئی ایسی منظوم تاریخ ہمدست نہیں ہوتی جس میں اتنا تسلسل و تفصیلات درج ہوں۔

اب ہم شاہنامہ کلیم کی تاریخی اہمیت واضح کرنے کے لیئے اس کا مقابلہ اس عہد کی کتبِ تواریخ مثلاً عملِ صالح کنبوٗ اور "پادشاہنامہ عبدالحمید لاہوری" سے کریں گے۔

کلیم نے سنین وزن و قافیہ کی دشواریوں کے باوجود نہایت واضح اور تفصیلی طور پر نظم کئے ہیں۔ اس بیان کی تائید کے لیئے چند مثالیں درجِ ذیل کی جاتی ہیں مثلاً بابر کی تاریخ وفات کلیم نے اِسطرح تحریر کی ہے۔

شہنشاہ در نہصد و سی و ہفت | بہ داراِیٔ عالمِ قدس رفت
ز سال آنچہ بر عقدِ نہصد فزود | ہماں مدتِ بادشاہیش بود
بہ ہندوستان کس مبادا زوال | بہ شاہی بسر برد تا پنج سال
ز سالِ حیاتش چو دُر سفتہ اند | ز پنجاہ یک سال کم گفتہ اند[4]

---

[1] شاہنامۂ کلیم، ورق: ۱۳۰ ا
[2] ״ ״ ״ : ۱۳۳ب
[3] شاہنامۂ کلیم، ورق: ۱۴۰ب
[4] ״ ״ ״ : ۲۲ب

Marfat.com
Marfat.com

اس سانحہ کے متعلق صاحبِ عملِ صالح یہ عبارت لکھتے ہیں:

"ارتحال آں برگزیدۂ رحمت در روز دو شنبہ ششم جمادی الاول نہصد و سی و ہفت روی داد" [1]

کلیم نے اکبر کی تاریخ وفات کو اسطرح قلمبند کیا ہے ؎

بیفزود چوں چار دہ بر ھزار — فتاد آں مہ چار دہ از مدار

چو پنجاہ و یکسال فرمان براند — بدار البقا رخش ہمت جہاند

سنینِ حیات شہِ نامدار — بگذشت از سرِ سال شصت و چہار [2]

عملِ صالح سے اس کی تصدیق اِن الفاظ میں ہوتی ہے۔

"چوں سن آں والاجاہ بہ شصت و چار سال و یازدہ ماہ و ہفت روز قمری و شصت و سہ سال شمسی رسید۔ از شب چہار شنبہ جمادی الثانیہ سنہ ہزار و چاردہ مطابق دوم آبان گشتہ ازیں وحشت سرائی بسیر سرابستان ریاض قدس .... آہنگ فرمود" [3]

کلیم نے تاریخ ولادت شاہجہان مندرجہ ذیل اشعار میں کس قدر تفصیل کے ساتھ بیان کی ہے۔

ز تاریخ ہجری گذشتہ ھزار — کہ شد عالم افروزیش آشکار

شبِ آخریں بُود ز اوّل ربیع — کہ شد پایۂ دولت از وی رفیع

جہاں تازہ تر بُود از نو بہار — ز دورانِ اکبر شہِ کامگار [4]

مندرجہ بالا تفصیلات کی عملِ صالح کی اس عبارت سے تصدیق ہوتی ہے۔

"ولادتِ شاہجہان از شب پنجشنبہ سلخ ربیع الاول از شہور سنہ ہزار ہجری در دار السلطنت لاہور وقوع یافت" [5]

جب شہنشاہ جہانگیر شہزادہ شاہجہان کو امر سنگھ کی سرکوبی کے لیئے روانہ کرتا ہے تو اس واقعہ کی واضح وقطعی تاریخ کلیم اِن اشعار میں نظم کرتا ہے ؎

ز ہجرت ہزار و دو و بیست بود — کہ آہنگ تادیب رانا نمود

شدہ سال ہشتم کہ جنت مکاں — گرفتہ بر اورنگ دولت مکان

---

۱ عملِ صالح جلد اول، ص ۱۲

۲ شاہنامہ کلیم، ورق: ۳۱ ب

۳ ,, ,, ,, ص: ۱۵

۴ شاہنامہ کلیم، ورق: ۳۲ و

۵ ,, ,, ,, ص: ۸

Marfat.com
Marfat.com

ششم بود از دی کہ آں سرفراز　　ز اقبال گردید دشمن گداز
ز ذیقعدہ یک دستہ بد چار[1] دہ　　کہ صاحب قرآن برد بیروں سپہ[1]

ولادت شہزادہ دارا شکوہ[2]۔ ولادت شہزادہ شجاع[3]۔ اورنگ زیب[4]۔ وفات جہانگیر[5] و ممتاز محل[6] وغیرہ میں بمقابلہ دیگر کتب تواریخ ذرا سا بھی اختلاف نہیں ہے۔

۱۰۳۷ تا ۱۰۴۷ جو واقعات ملتے ہیں وہ کہیں بھی تاریخی معلومات سے مختلف نہیں ہیں۔ ۱۰۴۷ میں ظفر خان کو کشمیر کا گورنر بنانے اور مہم تبت پر روانہ کرنے کا ذکر بہت تفصیل سے مندرج ہے اور آخر میں یہ دس سالہ حالات کی حامل مثنوی درج ذیل شعر پر ختم ہوتی ہے ؎

چو اقبال آں شاہ گردوں سریر　　نہ بیند دگر در جہاں قلعہ گیر

---

[1] شاہنامہ کلیم، ورق: ۴۸ ا

[2] " " " : ۵۲ ب

ولادت دارا شکوہ کی تاریخ ان اشعار میں ملتی ہے ؎

چنیں گفت خاقان دریا شکوہ　　کہ زیبد برو نام دارا شکوہ
چو بگذشت بر سال ہجرت ہزار　　بران بیست افزود بر بیست چار (۱۰۲۴)
شد ایں تازہ در زیب ملک وجود　　درو زینت تاج شاہی فزود

[3] شاہنامہ کلیم، ورق: ۵۲ ب

ولادت شجاع کی تاریخ یہ ہے ؎

بیک سال بعد از نخستیں پسر　　شد اقبال مسندی دگر جلوہ گر
ازاں بادشاہ فلک ارتفاع　　مقرر شدش نام سلطان شجاع

[4] شاہنامہ کلیم، ورق: ۵۹ ب

ولادت اورنگ زیب کی تفصیلات یہ ہیں ؎

ز بانوے ممتاز دولت سرا　　جہاں تاب شد گوہری بے بہا
دل و دیدہ را روشنائی فزود　　ز شہزادۂ زیب بخت وجود

[5] شاہنامہ کلیم، ورق: ۱۳۶ ا

وفات جہانگیر ان اشعار میں مندرج ہے ؎

(باقی ص پر)

Marfat.com
Marfat.com

شاہنامہ کلیم و ظفرنامہ قدسی کا مقابلہ

تاریخ ادبیات کے مطالعہ سے ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ ابتداً تاریخ سے آج تک بہت سے عہد ایسے گذرے ہیں جن کا ریکارڈ نظم کی شکل میں دستیاب ہوا ہے اور اُن مثنویوں میں مستند واقعات تاریخی اہمیت کے حامل ہیں۔ شاہنامہ فردوسی اس کی ابتدا ہے پتہ نہیں انتہا کس کتاب پر ہو۔

بعض بادشاہوں کے عہد میں "شاہنامہ" اور بعض ادوار میں "ظفرنامہ" نظم ہوئے تھے، جیسے ایلخانی و تیموری دور کی دو[2] تین[3] منظوم تاریخیں دستیاب ہوتی ہیں جنہیں لوگ "ظفرنامہ" کے نام سے یاد کرتے ہیں، مثلاً ظفرنامۂ حمد اللہ مستوفی جو ایلخانی عہد کے آخری فرمانروا ابوسعید ایلخانی (۱۳۱۷ء تا ۱۳۳۴ء) کے دورِ حکومت میں ۷۳۵ھ مطابق ۱۳۳۳ء) میں تالیف ہوا[1]۔

اس کے بعد ۸۰۶ھ م ۱۴۰۴ء شاہ تیمور (۱۳۶۰ء تا ۱۴۰۴ء) کے حکم سے ایک "ظفرنامہ" تصنیف ہوا۔ جس کا مصنف نظامی شامی تھا[2]۔

تیسرا ظفرنامہ شرف الدین علی یزدی ۸۲۸ھ م ۱۴۲۴ء ہے جو تیمور اور شاہ رخ (۱۴۰۴ء تا ۱۴۴۷ء) کے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۰۶)

سفر کرد ازیں دام پُر خطر | بماہ صفر ہم بوقت سفر
بسی ہفت افزود وسی بر ہزار | کہ رفت از جہاں آں شہ نامدار
برادرنگ شاہی دو و بیست سال | بسر برد بی ہیچ جنگ و جدال
چو سال حیات شہ نامدار | در آورد خامہ بہ ضبط شمار
کم از شصت آمد و بی چند روز | کہ آں شمع شد [illegible]

۵ شاہنامہ کلیم، ورق: ۱۷۷ اب (وفات ممتاز محل اس طرح سپرد قلم کی گئی ہے)

بہ ذیقعدہ سال ہزار و چہل | شد ایں واقعہ آفت صبر و دل
ز شانزدہ روز بگذشتہ بود | شب ہفدہم ایں قضا رو نمود

1. A literary History of persia, Vol. iii. P. 95.
2. " " " " " " P. 183, 301.

Marfat.com
Marfat.com

عہد میں نظم کیا گیا۔[1]

اسی طرح عہدِ شاہ جہان میں ایک "ظفرنامہ" کا ذکر دیکھ کر قاری کے ذہن میں یہ خیال مستحکم ہونے لگتا ہے کہ غالباً یہ "ظفرنامہ" بھی مذکورہ بالا ظفرناموں کی تقلید میں لکھا گیا ہوگا۔ "ظفرنامہ قدسی" کے نام وغیرہ کے متعلق گذشتہ صفحات میں تفصیلات لکھی جا چکی ہیں۔

"ظفرنامہ قدسی" اور "شاہنامہ کلیم" کے مقابلہ کے لیے افسوس ہے کہ ظفرنامہ مکمل صورت میں دستیاب نہ ہوسکا سنٹرل ریکارڈ آفس حیدرآباد میں "ظفرنامہ قدسی" کا ایک نسخہ ہدست تو ہوا ہے، مگر وہ ناقص الاول ہے اور اس کے ابتدائی (۳۷) اوراق امتدادِ زمانہ کی نذر ہو چکے ہیں۔

دوسرا نسخہ کتب خانہ آصفیہ میں موجود ہے لیکن وہ برٹش میوزیم کے نسخہ کی طرح منتشر و چیدہ چیدہ حالات پر مشتمل ہے۔ اس لیئے ہمیں مجبوراً فہرست بانکی پور لائبریری کے نسخے سے استفادہ کرنا پڑ رہا ہے اور آئندہ کی ساری بحث اسی نسخہ کی روشنی میں کی جائے گی۔

فہرست بانکی پور میں ریاض الشعراء و مخزن الغرائب کے حوالے سے لکھا گیا ہے کہ "قدسی نے ظفرنامہ کو نامکمل چھوڑا تھا اور ابو طالب کلیم نے اس کی تکمیل کی تھی۔"[2]

والہ داغستانی (متوفی ۱۱۶۹) کے جس متن سے یہ حوالہ لیا گیا ہے وہ درج ذیل کیا جاتا ہے تاکہ اس کی روشنی میں مدلل طریقہ پر بحث کی جاسکے۔

"خلاصہ آن کہ (قدسی) ۔ ہندوستان آمدہ از مقربانِ درگاہ شاہجہان پادشاہ گردیدہ، بملک الشعرائی سرفراز گردید و شاہنامہ بجہتہ پادشاہ مذکور گفتہ ناتمام ماندہ است، بعد از فوتِ وی ابو طالب کلیم ملک الشعراء گردیدہ شاہنامہ را خود گفتہ با تمام رسانید۔"[3]

والہ داغستانی کے بیان میں دو نقاط بحث طلب ہیں۔

۱۔ ایک تو یہ کہ قدسی ہندوستان آیا، ملک الشعرائی کے عہدے سے سرفراز ہوا اور اس کی وفات کے بعد کلیم ملک الشعراء ہوا۔

معاصر مورخ محمد صالح کنبوہ "عملِ صالح" میں کلیم کے ملک الشعراء ہونے کے متعلق لکھتے ہیں:۔

---

1. A literary History of Persia., Vol III. P. 362, 383.

2. Catal. Bankipore lib. Per. Mss., Vol. III. P. 77.

3. ریاض الشعراء، ص: ۶۱۹

Marfat.com
Marfat.com

"(کلیم) بخطاب ملک الشعرائی امتیاز یافت۔ اگرچہ استحقاق آں منصب جلیل القدر حاجی محمد جان قدسی داشت، اما ازیں روکہ پیشیں از رسیدن حاجی او (کلیم) بایں خطاب سرفرازی یافتہ بود۔ تادم آخر برو بحال ماند و تغیری بدان راہ نیافت[۵]"

عمل صالح کے مذکورہ بالا تراشے سے یہ مترشح ہے کہ کلیم، قدسی کی آمد سے قبل ہی ملک الشعراء ہو چکا تھا اور تادم زیست اس پر فائز رہا۔ ایسی صورت میں قدسی کے ملک الشعراء ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ کیونکہ قدسی نے ۱۰۵۶ میں وفات پائی اور کلیم نے ۱۰۶۱ میں۔ اور اس کے علاوہ ہر معاصر مورخ و تذکرہ نگار کلیم ہی کو ملک الشعراء لکھتا ہے۔ لہٰذا ان ہی مستند بیانات کو سامنے رکھ کر ہم یہ کہنے کے موقف میں ہیں کہ قدسی کی وفات کے بعد نہیں بلکہ قدسی کی آمد سے قبل ہی کلیم ملک الشعراء کی خلعت سے سرفراز ہو چکا تھا اور زندگی کی آخری سانسوں تک اس عہدہ پر مامور رہا۔

۲۔ دوسرا نقطہ یہ ہے کہ "شاہنامہ" کو پڑھنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ مثنوی بجائے خود مکمل ہے کسی مثنوی کا تتمہ نہیں ہے اور نہ کلیم نے کہیں اس کی طرف اشارہ کیا ہے کہ یہ ظفر نامہ قدسی کا تتمہ ہے نہ کسی معاصر تذکرہ نگار نے اس کا ذکر کیا ہے اور نہ شاہنامہ کلیم اور موجودہ ظفر نامہ قدسی کے مقابلہ سے کوئی حصۂ کلام مشترک معلوم ہوتا ہے جس سے یہ گمان ہو کہ ظفر نامہ کا کوئی جزو شاہنامہ کلیم میں شامل ہے۔ لہٰذا خارجی شہادت و داخلی مواد کی رو سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ ریاض الشعراء کا بیان صحیح نہیں ہے۔

اب چونکہ شاہنامہ کلیم کے متعلق صاف و صریح معلومات حاصل ہو چکے ہیں اس لیے ہم آیندہ صفحات میں ان کے مقابلہ کی طرف رجوع کریں گے۔ فہرست بانکی پور میں "ظفر نامہ قدسی" کے متعلق جو تفصیلات دی گئی ہیں وہ سرخیوں کی شکل میں ہیں جن کا مقابلہ شاہنامہ کی سرخیوں سے کیا جاتا ہے۔

۱۔ شاہنامہ کلیم میں سرخیوں کی تعداد ۸۰ ہے۔

۱۔ ظفر نامہ قدسی میں ۱۵ سرخیاں ہیں۔

۲۔ شاہنامہ کا آغاز حمد و نعت سے ہوتا ہے۔ بعد ازاں تعریف سخن ہے اور ورق: ۹الف سے شاہجہان کے اجداد کا نسب نامہ شروع ہوتا ہے جو ورق: ۳۶الف پر ختم ہوتا ہے۔ اس میں مغل حکمرانوں کی عظمتوں کی تفصیلات درج ہیں۔ ورق: ۳۷الف تا ۶۷الف زمانہ شہزادگی کے حالات ہیں۔

۲۔ ظفر نامہ کا آغاز اس شعر سے ہوتا ہے ؎

بحمد خدائی زبانم کشود | کہ شد مظہر در وجودش وجود

اور پھر دوسری سرخی ہے تولد شاہجہان ورق: ۶الف۔ نسب نامہ شاہجہان ورق: ۹ب پر بالکل مختصراً شاہان سلف کا بیان درج ہے۔ ورق ۹ب تا ۴۵ب شاہجہان کی شہزادگی کے زمانے کی تفصیلات ہیں۔

---

[۵] عمل صالح، جلد سوم، ص: ۴۰۲

Marfat.com
Marfat.com

۳۔ ورق ۷۶ الف سے ۲۲۰ ا تک جلوس شاہجہان و فتوحات وغیرہ اور دس سالہ دورِ حکمرانی کے تفصیلی حالات نظم ہیں۔ اس کی مزید تفصیلات تکرار کا باعث ہونگی۔

۴ جلوسِ شاہجہانی کا ذکر ظفر نامہ کے ورق: ۵۹ ا پر قلمبند ہے پھر اس عہد کے چیدہ چیدہ واقعات مثلاً فتحِ قندھارک، مردن ممتاز محل۔ دامادی دارالشکوہ و سلطان شجاع۔ جنگ اورنگ زیب با فیل۔ گرفتن قلعہ دولت آباد باغی شدن ججھار سنگھ بندیلہ اور آخر میں مختلف عمارات کی تعریف میں مثنویاں ملتی ہیں اور پھر ورق: ۱۹۲ ب سے قصاید کا آغاز ہوتا ہے۔ ورق: ۲۷۵ ب پر ترجیع بند ہے۔ ورق: ۲۸۱ ا تا ۲۸۷ ب قطعات اور ورق: ۲۸۷ ب تا ۳۲۳ ب غزلیات رقم ہیں۔ رباعیات پر کلیاتِ قدسی کا اختتام ہوا ہے۔

نقایصِ ظفر نامہ[1]

ریو نے برٹش میوزیم کیٹلاگ میں ظفر نامہ قدسی کے نامکمل ہونے کا ذکر یوں کیا ہے کہ ظفر نامہ قدسی نامکمل اور چند منتشر واقعات کے حامل قطعات کا مجموعہ ہے[2]۔

اس کے ناقص اور منتشر ہونے کی مزید توثیق یوں بھی ہوتی ہے کہ اس میں اس عہد کے بعض اہم واقعات کے متعلق کچھ بھی مواد نہیں ملتا مثلاً خان جہان لودی کی بغاوت کا ذکر کہیں نہیں ہے۔ اس کے برخلاف شاہنامہ کلیم میں ورق ۹۳ ب سے خان جہان کا ذکر شروع ہو کر ورق: ۱۱۲ ب پر ختم ہوا ہے[3]۔ اور اس کے قتل تک کے واقعات مکمل درج ہیں

لہ اصولاً محاسن ظفر نامہ پہلے ہونا چاہیئے تھا لیکن چونکہ مقابلہ کا ربط و سلسلہ ٹوٹ رہا ہے اسلئے ترتیب الٹ دیگئی ہے۔

2. Catal. Brit. Mus. Per. Mss., Vol. II. P. 685.
"The poem was left unfinished. The present copy contains a confused series of detached fragments..... even thrice over with some varitions."

۳ شاہنامہ کلیم، ورق: ۹۳ ب تا ۱۱۲ الف

چنیں می نگارد بکلکِ بیان ۔۔۔ پی ہر کہ عبرت بگیرد ازان
در احوالِ خانِ جہان فکر کن ۔۔۔ کہ روشن شود بر تو صدقِ سخن
بوقتی کہ دریای شوریدہ بخت ۔۔۔ ز اقلیمِ ہستی برون برد رخت
سرِ پیشِ شہ او بدرگہ رسید ۔۔۔ در آن دم بعرض شہنشہ رسید

Marfat.com
Marfat.com

لیکن ظفرنامہ قدسی میں فتح قندھار، مردنِ ممتاز محل، فتح بندر ہوگلی کی تفصیلات تو ہیں، ججھار، خان جہان کا ذکر نہیں ہے۔ اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ شاعر کے نزدیک اس بغاوت کی کوئی خاص اہمیت نہ تھی، بلکہ ظفرنامہ کے نامکمل ہونے کی وجہ سے وہ حصہ بھی کہیں گم ہو گیا ہوگا۔ قدسی کی زندگی میں تو اس کا سارا کلام غالباً مدون نہیں ہوا تھا[1] اس لیے اس واقعہ کا کاتب یا مدون کرنے والے کی عدم توجہ کا شکار ہونے کا قیاس کیا جا سکتا ہے۔

اس انتشار کے متعلق ریو کا مزید بیان ہے کہ ججھار سنگھ کے واقعہ پر جو اشعار ظفرنامہ میں درج ہیں وہ قدسی کے نہیں کلیم کے ہیں اور کلیم کے دیوان میں دستیاب ہوتے ہیں[1]۔ لیکن کتب خانہ آصفیہ کے "ظفرنامہ قدسی" میں جو اشعار ججھار سنگھ سے متعلق ملے ہیں ان کا مقابلہ میں نے کلیاتِ کلیم کے اشعار سے کیا تو یہ صاف محسوس ہوتا ہے کہ یہ اشعار کلیم کے نہیں ہیں کیونکہ نہ طرزِ کلام میں مشابہت ہے نہ بحرِ شعر ہم وزن ہے۔ مزید توثیق کے لیے قدسی کے اشعار اور ساتھ ہی کلیم کے اشعار کلیات اور شاہنامہ دونوں سے نقل کیے جاتے ہیں ؎

ظفرنامۂ قدسی:-

قلم چوں ظفرنامہ را تازہ کرد　　عروسِ سخن را چنیں غازہ کرد
کہ صاحبقرانِ سپہر اقتدار　　چو آہنگِ بندیلہ کرد آشکار
گروہی بہ تادیبِ آں کفرکیش　　ز شیرانِ جنگی فرستاد پیش
ازاں ملک ججھار ناچار رفت　　بہ بلبل بگو کز چمن خار رفت
ز سردار لشکر مظفر بود　　بلی مرد را عقل در سر بود
رسیدند تا حد آں مرز و بوم　　کہ آنجا وطن داشت ججھار شوم
باقبالِ خاقانِ گردوں شکوہ　　یکی زندہ بیروں نشد زاں گروہ
بریدند ججھار را سر ز تن　　تہی گشت آں بیشہ از اہرمن
پسر ہم بہ تکلیفِ تیغِ دو سر　　براہِ سفر شد رفیقِ پدر[2] (فعولن فعولن فعولن فعول)

---

1. Catal. Brit. Mus. Per. Mss., Vol. II., P. 686.
"The longest, however, fol. 48b, 51b, and 21a, 26b, relating to the flight and death of Raja Jajhar Singh (A.H. 1044) is not by Kudsi, but by Kalim, and is found in the Divan of later."

۲ ظفرنامہ قدسی، ورق: ۱۲۲ ب، ۱۲۶ الف۔

Marfat.com
Marfat.com

شاہنامۂ کلیم :- (فعولن، فعولن، فعولن، فعول)

مرا شاہ مدف را بے مثال | بود حال جھجار اں خسران مآل
سر ہر دو سرمایۂ فتنہ ندا | بگفتا کرسا زند از تن جدا
بریدند از تن سر ہر دو را | گرفتند انگشتر ہر دو را
بدرگاہِ ثانی صاحب قران | بہ تعجیل کرد اندو سر را روان[۱]

کلیاتِ کلیم :- (مفاعیلن، مفاعیلن، فعولن)

بگوییم قصۂ جھجار مردود | کہ آغازش بہ وانجام چوں بود
ہمیں مدبر کہ بختش پشت دادہ | چو دُود از آتش بر سنگ زادہ
ہمہ اہلِ عیال و مال یکسر | بدرگاہ آمدو سر نیز بر سر[۲]

ایک ہی واقعہ کو دو مختلف شعرائے قلمبند کیا ہے۔ ہر دو کا کلام جُدا گانہ ہے، اس لیئے ریو کا بیان صداقت پر مبنی تصور نہیں کیا جا سکتا۔ ممکن ہے کہ ریو کو جو ظفرنامہ قدسی ملا تھا اس میں کسی کاتب نے کلیم کے اشعار ہی درج کر دیئے ہوں۔ کیونکہ موصوف نے لکھا ہے کہ:

"اکثر جگہ واقعات کی تکرار بھی پائی گئی ہے۔"

لہٰذا اس کا الزام قدسی کی ذات پر رکھنا یقیناً نامناسب ہوگا۔

محاسنِ ظفرنامہ

ہر چیز کے دو رُخ ہوتے ہیں۔ جہاں "ظفرنامہ" میں نقایص ہیں وہاں چند خوبیاں بھی ہیں۔ یعنی ظفرنامہ اتفاقات زمانہ سے نامکمل رہ گیا لیکن اس میں ایک خوبی زبان کی روانی، سلاست و فصاحت کی ہے جسے نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ چند اشعار اس خوبی کے اظہار کے لیئے پیش کیئے جاتے ہیں ؎

ز اولاد و اتباعِ اُو کس نماند | دراں بوستاں ریشۂ خس نماند
کسے راکہ برگشت ازیں آستان | برافتادہ بہ تخمِ اُو از جہان
پس از فتح کردن سرانِ سپاہ | جبیں ہا پُر از سجدۂ پادشاہ
قلم چوں ظفرنامہ را تازہ کرد | عروسِ سخن را چنیں غازہ کرد

---

[۱] شاہنامہ کلیم، ورق: ۱۶۹ ا، ۱۸۰ ب

[۲] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۰۴ ب، ۱۱۲

Marfat.com
Marfat.com

برید ند جبار را سر ز تن   تہی گشت آں بیشہ از اہرمن[1]

دوسرے یہ کہ قدسی نے ہمیشہ اپنے ممدوح کو عرش کی بلندیوں پر پہنچایا ہے اور بڑے بڑے خطرناک موڑ پر بھی اُسے بے قصور ثابت کیا ہے۔ دُنیا جانتی ہے کہ یمین الدولہ آصف خان نے بلاقی، طہورث، شہریار کو صرف شاہجہان کا میدان صاف کرنے کے لیے موت کے گھاٹ اُتارا تھا، مگر قدسی نے اس کی توجیہہ یوں کی ہے

"کہ ویران شود ملک از رخنہ گر"

شاہنامہ کلیم میں اس واقعہ کو بالکل معروضی انداز میں بیان کیا گیا ہے گویہ طریقہ تاریخ کے لیے موزوں ہوتا ہے اس میں وہ زورِ کلام، جوش اور تائید نہیں جو ظفرنامہ قدسی میں ہے۔ قدسی کے ہاں شاعری اور کلیم کے ہاں واقعہ نگاری ملتی ہے۔ ظفرنامہ کے چند اشعار مذکورہ بالا بیان کی توضیح کے لیے پیش کیے جاتے ہیں ۔

عیاں است بر واقفِ خیر و شر   کہ ویراں شود ملک از رخنہ گر
سرِ مفسدِ ملک در خاک بہ   ز اخلاطِ فاسد بدن پاک بہ
ز تن ہر چہ روید نباشد بجائے   بود چیدنی ناخن از دست و پائے
نکوئی دہد میوہ نخل مراد   بزند اگر شاخ و برگ زیاد
بہ تیغ دو سر آں سر افگندہ بہ   کہ در کارِ ملک افتد از وی گرہ
چو شاہین زد امروز از بیضہ سر   کند رغبتِ صید روزی دگر
بلاقی و طہورث و شہریار   نان ہر سہ ہوشنگ و گرشاسپ یار
بلاہور بودند ہر پنج شان   یمین دولہ افگندہ در رنج شان
کہ در قتل شان خان خدمت پرست   در آمد بلاہور فرماں بدست
در اجرای فرماں سگالندہ مرد   چہ دانم کہ دانی ؛ چگویم چہ کرد ؟
بلی نیست پنہان طبعِ سلیم   کہ در پادشاہی نشاید سہیم
بنزدِ خرد ور نباشد روا   شریکِ جہاں چوں شریکِ خدا
چہ گوی تو شد پادشہ ظلِ حق   نباشد یکی را دو سایہ ز پے
شدش لوح خاطر ز اندیشہ پاک   کہ از زادۂ شیر شد بیشہ پاک

حاصلِ کلام یہ کہ شاہنامہ کلیم اور ظفرنامہ قدسی کا بہ نظرِ غائر مطالعہ کیا جائے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ

---

[1] کلیاتِ قدسی ؛ ورق ؛ ۱۲۵ ر

Marfat.com
Marfat.com

موجودہ ظفرنامہ قدسی کی حیثیت مثنوی سے زیادہ کلیات کی ہے کیونکہ اس میں مثنویاں، قصاید، غزلیات و رباعیات وغیرہ بھی شامل ہیں، اس لیئے ہم نے دونوں کا مقابلہ و مقالسہ صرف مثنوی کے حصہ تک ہی کیا ہے اور شاہنامۂ کلیم ایک مکمل مثنوی ہے۔ اس کی ہیئت کلیات کی طرح نہیں جو مختلف اصنافِ سخن پر مشتمل ہو، اور نہ وہ کسی مثنوی کا تتمہ معلوم ہوتی ہے بلکہ شہنشاہ شاہجہان کے عہدِ زرین کے ابتدائی دس سال میں ظہور پذیر ہونے والے شاندار کارناموں کی مفصل تصویر و مستند منظوم ریکارڈ ہے جو تاریخ ادب میں رہتی دُنیا تک باقی رہے گا اور جس کی وجہ سے کلیم کو اپنے ہمعصر شعراء پر فوقیت حاصل رہے گی۔

Marfat.com
Marfat.com

باب چہارم

کلامِ کلیم کا تنقیدی و تحسینی مطالعہ

Marfat.com
Marfat.com

شاعری کا شمار فنونِ لطیفہ میں اس لیئے کیا جاتا ہے کہ اس کے ارتقائی منازل تدریجی طور پر لطافت پذیر ہوتے ہیں۔ صنعت اپنے کمال پر پہنچ کر صناعت کی منزل میں داخل ہوتی ہے۔ ابتدائے آفرینش کے وقت انسان کو سر چھپانے کے لیئے پناہ گاہ بنانے کی ضرورت محسوس ہوئی اور تمدن کے ارتقاء کے ساتھ ساتھ ان ہی انسانی ہاتھوں نے ایک منزل پہ پہنچ کر تاج محل کی تخلیق کی۔ اسی طرح اشاروں اور مختلف آوازوں کے ذریعہ مافی الضمیر کا اظہار کرنے والے انسانوں نے زبان کی ابتدائی اور ان کی سعیٔ مسلسل نے درجہ کمال پر پہنچ کر شعر کی تخلیق کی جسے الفاظ کے ذریعہ ساحری کرنا کہا جا سکتا ہے۔

رقص، تعمیر، مصوری، بُت سازی، موسیقی اور شعر میں بُنیادی طور پر تو کوئی فرق نہیں ہوتا البتہ ذریعہ اظہار مختلف ہوتا ہے اور انہیں ذریعہ اظہار کا حسین، لطیف، بلند و وسیع، پُر معنی و اثر انگیز استعمال ہی فنکاری تصور کیا جاتا ہے فنکاری میں صرف مواد و ہیئت ہی کو اہمیت حاصل نہیں ہے بلکہ القائے، تصور، اور شاعر کا تجربہ بھی اہم ہوتا ہے جس سے مواد و ہیئت میں جان پڑتی ہے۔ کلاکار کی شخصیت جتنی جاندار و لطیف ہوگی، جذبات میں جتنا گداز اور تخیل میں جتنی گہرائی و پرواز ہوگی شعر اتنا ہی لطیف، ارفع و اعلیٰ، درخشاں و تاباں ہوگا کیونکہ اس کی نمو، اس کی تعمیر و تشکیل، رنگینی و اثر انگیزی کے لیئے خونِ جگر دینا ہوتا ہے اور ایسی شخصیتیں فلک کج رفتار کے ہزاروں سال کے ریاض کے بعد وجود میں آتی ہیں۔ ان میں سے ایک کلیم بھی ہے۔ جیسے مولانا شبلی نے "صحیفۂ غزل کا آخری ورق" کہا ہے۔

حیاتِ کلیم کی ابتدائی تفصیلات سے اس امر پر روشنی نہیں پڑتی کہ اس کے اسلاف کون تھے۔ اس نے کن کن سے فیض حاصل کیا تھا۔ ذوقِ شعری اسے ورثہ میں ملا تھا یا اس کے ریاض کا نتیجہ تھا۔ البتہ مدینۃ العلم شیراز کی بلند قدر ہستیوں کے پرتو علم نے کلیم میں وہ تابانی پیدا کر دی تھی کہ اس نے ان ہی صلاحیتوں اور سعیٔ مسلسل کے ذریعہ ملک الشعرائی کا بلند مرتبہ حاصل کیا ہے

پختہ سازد صحبتش ہر خام را
تازہ غوغائے دہد ایام را

بعض شاعر ایسے ہوتے ہیں جو اسلاف کے راستے ہی پر چل پڑنے کو عین سعادت مندی تصور کرتے ہیں، بعض ان

Marfat.com
Marfat.com

ہی راہوں کو شاہراہوں میں تبدیل کرتے ہیں اور اُن کے نام رہتی دُنیا تک سرِفہرست نظر آتے ہیں۔ کلیم نے متقدمین کے سرمایۂ شعر و سخن کو مشعلِ راہ بنا کر ان میں بعض جدّتیں پیدا کیں۔ شاعری کے وہ جوہر دکھائے اور اپنے ہمعصروں میں وہ امتیاز حاصل کیا کہ اُسے "خلاق المعانی ثانی" کے لقب سے موسُوم کیا جانے لگا۔

قصیدہ کا رنگ متاخرین تک پہنچتے پہنچتے پھیکا ہو چکا تھا۔ عرفی نے کہا ہے ؎

قصیدہ کارِ ہوس پیشگان بود عرفی ⁂ تو از قبیلۂ عشقی وظیفہ ات غزل است

کم تر قصیدہ اظہارِ علمیت کے لیے اور زیادہ تر صلہ کی تمنا میں لکھے جاتے تھے کیونکہ دوزخِ شکم کے لیے ایندھن ضروری تھا اور اربابِ ہنر کو اپنی ناگزیر احتیاجات پوری کرنے کے لیے دربدر کی ٹھوکریں کھانی پڑتی تھیں، وطن کا عیش، عزیز و اقارب کی محبت تج کر پردیس کی صعوبتیں برداشت کرنی پڑتی تھیں تب کہیں جا کر گوہرِ مراد حاصل ہوتا اور کشتِ امید سرسبز ہوتا تھا چنانچہ کلیمِ حقایق بار قلم سے یہ شعر تراوش ہوا ہے ؎

چون گہرِ غربت ما بہ ز وطن خواہد بود ⁂ دربدر گو نفگن گردشِ دوران ما را

اور اکثر اوقات سفر کو حضر پر ترجیح دینے کے باوجود امن و آسایش نصیب نہیں ہوتا تھا ؎

رفت عمرم در سفر چوں موج و نتوانم کلیم ⁂ گوشۂ امنی درین دریائے بے حاصل گرفت

یا تو امراء و روساء کے آستانوں پر جبین سائی کرنی پڑتی تھی اور ان ہی کی رقیبانہ چشمکوں، تشویق و تحریص کی وجہ سے ادب کو فروغ ہوتا تھا۔ شعراء "چشمِ سخنور" کی صلاحیتوں، پرکھ اور قدردانیوں کے مطابق ریاضت کرتے اور اسی فکر و فن کے نتیجہ میں ادب کے شہکار وجود میں آتے۔ ؎

چشمِ سخنورِ ترا تا بنظر نیاوَرد ⁂ طبعِ کلیم ہیچ گہ فکرِ سخن نمی کند

شاعر اور مفکر اپنے دور کے خارجی اثرات سے بے نیاز نہیں ہو سکتا جب تک، وہ نئی راہوں کو نہ اپنائے، نئے دور کی عکاسی نہ کرے، اس کے کلام میں رُوحِ عصر رچی ہوئی نہ ہو، نبض کی دھڑکنوں کی آواز سمائی ہوئی نہ ہو تو وہ کلام لافانی ادب کا مظہر کہلانے کا مستحق نہیں ہو سکتا۔ کلیم کے اشعار میں اس عہد کی کساد بازاریٔ سخن اور پھر اپنے شہبِ سخن کو شاہراہ پر چلا کر اپنی چشمِ خریدار بنانے کا تذکرہ ملتا ہے ؎

گر متاعِ سخن امروز کساد است کلیم ⁂ تازہ کن طرز کہ در چشمِ خریدار آید

رنگینی و اغلاقِ سخن کو سادگی میں تبدیل کرنے کا اعتراف کرتا ہے ؎

کلیم از شعرِ رنگین نیست بیت سادہ می گوید ⁂ عروسِ تنگدستان بیش ازین زیور نمی دارد

وہ آرٹ کی نوخونِ جگر سے کرنے کا قائل ہے ؎

بی سینۂ روشن رخِ معنی ننماید ⁂ آئینہ ہمین است عروسانِ سخن را

Marfat.com
Marfat.com

متقدمین سے متاخرین تک ہر شاعر و فنکار نے اپنے کو ارباب ہنر سے متعلق کیا ہے، جس سے اس امر کا انکشاف ہوتا ہے کہ اس طبقے میں مصور، موسیقار، دانشور، دستکار سب شامل تھے۔ علماء وادباء کے لیئے کوئی علیحدہ اصطلاح یا درجہ متعین نہیں تھا۔ جاگیرداری سماج میں تمام صنعتوں، فنِ تعمیر، فنونِ لطیفہ ہر چیز کی تخلیق و ارتقاء کے لیئے امراء و جاگیردار اہلِ ہنر کی سرپرستی کرتے، پھر درمیانی طبقہ ہوتا اس کے نیچے محنت کش عوام کی اکثریت ہوتی اور اسی اکثریت سے اکثر اہلِ ہنر اُٹھتے تھے۔ محنت ان میں خود اعتمادی اور شخصی آزادی کا جذبہ پیدا کرتی اور امراء کی سختیاں، ان کے فن سے غلط استفادہ کرنے کا ماحول انہیں حساس بنا دیتا تھا جس کی وجہ سے تنگ آکر وہ صدائے احتجاج بلند کرتے۔ "دُنیا" سے مراد "مستبد و جابر حکام" ہوتی اور ان کا قلم چیخ اُٹھتا کہ دنیا نے بالکل اسی طرح "اہلِ سخن" پر کار و بارِ حیات تنگ کر رکھا ہے جسطرح کے خوش الحان پرندے کو آہنی قفس میں بند کیا جاتا ہے ؎

کار بر اہلِ سخن دہر زبس سخت گرفت قفسِ طوطی خوش لہجہ ز آہن باشد

سماج کے عام بنتے، بگڑتے حالات اور نظم و نسق کے انتشار یا امن و ضبط کے ساتھ ساتھ ان پر عرصۂ حیات تنگ و فراغ ہوتا ہے، مگر اہلِ ہنر تنگدستی ہی میں رہتے ہیں اس لیئے اس کا اظہار ان کی زبان سے ہو ہی جاتا ہے ؎

ہمیشہ اہلِ ہنر را زمانہ عریاں داشت فسانہ ایست کہ خم جامۂ فلاطون بود

ذوق نے بھی کہا ہے ؎

یوں پھریں اہلِ کمال آشفتہ حال افسوس ہے اے کمال افسوس ہے تجھ پر کمال افسوس ہے

ارباب ہنر کا سب سے گراں قدر سرمایہ اُن کا ہنر ہے۔ زمانہ کی ناقدری کی وجہ سے ان "مفلسوں" کو اپنے اس قیمتی سرمایہ کو ارزاں فروخت کرنا پڑتا ہے اور شاعر تڑپ کر کہتا ہے کہ "تہی دستیِ دوراں" کی وجہ سے ان کو قیمت گرانی پڑتی ہے ؎

مفلس از جنسِ خود ارزاں نفروشد چکند کم بہا کرد تہی دستیِ دوران ما را

گاہکوں کی کمی کی وجہ سے جنسِ سخن اپنی اصلی قدر و منزلت نہیں کھوتی مگر گراں قدر تحفہ کسادبازاری کی وجہ سے ارزاں بکتا ہے اور یہ فنکار کی توہین ہے جسے کلیم برداشت کرنے تیار نہیں ؎

از کمیٔ مشتری جنسِ سخن خوار نیست تحفہ گراں قیمت است جوشِ خریدار نیست

اور جب شاعر نے اپنے ماحول میں ناقدری کی انتہا دیکھی تو بے نیاز ہو گیا اس لیئے وہ اپنے آپ کو تسکین دیتا ہے کہ "قدرِ سخن" نہ بھی ہو تب بھی کونسا مقام شکوہ و شکایت ہے۔ اس "بازارِ جہاں" میں "آبِ حیواں" کی کون قیمت ادا کر سکتا ہے جو جنسِ سخن کی کرے گا ؎

نہ از خواری است گر قدرِ سخن را کس نمی داند بہ بازارِ جہاں قیمت کہ داند آبِ حیواں را

کلیم بھی حالات کے اقتضاء سے مجبور تھا اس نے اپنے عہد کے تقریباً ہر اہم واقعہ پر قصیدہ، مثنوی یا قطعہ لکھا اور اس کے صلہ ہی کے سہارے اپنی زندگی کے دن گزارتا رہا۔ اس کا کلام شاہد ہے کہ شاعر صرف آسمان سے من و سلویٰ

Marfat.com
Marfat.com

اُترنے کا منتظر نہیں رہتا بلکہ اپنی کاوش اور سعیِ مسلسل سے ایک خوددار اور غیرت مند فنکار کی طرح زمین اور زمین والوں سے اپنی محنت کا معاوضہ طلب کرتا ہے ؎

کدام گنج کہ در کُنجِ خاکساری نیست — تو از زمیں بہ طلب ہرچہ آسماں نہ دہد

چرخِ جفاکار اور ناقدر شناسانِ سخن کے حوصلہ شکن سلوک سے فنکار کا دل بجھ جاتا ہے اور اس کے قلم سے اس طرح خیالات کا ترشح ہوتا ہے ؎

ہنرم را ثمری چرخِ جفاکار نداد — دیدۂ قدر شناسی بہ خریدار نہ داد

مولانا شبلی کا خیال ہے کہ !

"کلیم نے عرفی اور نظیری کی پیچدار اور مشکل بندشیں صاف کر کے مبالغہ اور حُسنِ تعلیل کو وسعت دی لیکن اس کے ساتھ قصیدہ کا زور اور اس کی متانت اور بلندی کم ہو گئی اور تغزلیت کا رنگ غالب آ گیا۔"

اور ایک جگہ خود اعتراف کرتے ہیں :

"لیکن درحقیقت یہ عہد غزل کی ترقی کا عہد ہے۔"

کلیم نے جو مدحیہ قصیدے، قطعات اور مثنویاں لکھیں اس سے حصولِ معاش اور اظہارِ علمیت دونوں مقصود تھے اس کے بعض قصیدے یقیناً نہایت شاندار ہیں اور شاہجہان کی سخن سنجی و داد و دہش خود اسکی شاہد ہے۔

قدما کی طرح کلیم کے قصاید میں بھی تمہید اکثر بہاریہ انداز میں ہوتی ہے اور اس میں معنوی و صُوری خوبیاں بدرجہ اتم پائی جاتی ہیں ؎

چمن تمام فرح شد ز انبساطِ بہار — چہ بادہ در سرِ و چہ گُل بگوشۂ دستار
رطوبتست ہوا راکہ بر نمی آید — ز زیرِ شبنم نرگس چو چشم عینک دار
کشید وسمہ برابروی موجہ سبزۂ تر — نہادہ پرتوِ گُلہا حنا بدستِ چنار

***

چناں ز مقدمِ نوروز شد طراوتِ عام — کہ سبز گشت ہم از آبِ تیغ جوہرِ نام
زمانہ از رقمِ سبزہ بر صحیفۂ خاک — سند نوشتہ کہ از ابر می ستاند دام
شگوفہ پیرہنِ تر بشاخ اگر چہ فگند — ندید پرتوِ خورشید را دریں ایام
زحُسنِ تربیتِ بر شگال نیست عجب — کہ خار پشت شود ہمچو گُلِ حریر اندام

***

دگر بہار جہاں راچناں گلستاں کرد — کہ شوقِ سیرِ چمن سرو را خراماں کرد

Marfat.com
Marfat.com

چو وام دار تہی دست از خجالتِ ابر ۔۔۔ بزیر سبزہ زمیں روی خویش پنہاں کرد
بخطِ سبزۂ نورستہ باز دستِ بہار ۔۔۔ نوشتہ متنِ دقیقی کہ شرح نتواں کرد

* * *

کلیم موسم کی عکاسی، منظر نگاری میں جزئیات کو اس تفصیل سے قلمبند کرتا ہے کہ ایک مصور کا موقلم اشعار کی رہنمائی میں خوبصورت اور مکمل تصویر بنا لے اور تخیل کا آب و رنگ سامعین کے چشمِ تصور میں اس مقام کو جنت نظیر بنا کر پیش کرے۔

زمین کی زرخیزی اور قوتِ نمو کا نقشہ اِن الفاظ میں کھینچا ہے ؎

عُروجِ نشو و نما بیں کہ ہمچو سبزۂ خط ۔۔۔ بہ رُخ از آبِ عرق سبز گشت دانۂ خال
نموِ سبزۂ تہ ہمچو آبِ فوارہ است ۔۔۔ کہ تا ز صحنِ چمن سرزدہ است کشتہ نہال
شگوفہ سیم فشاں بی نسیم تحریکی ۔۔۔ کرم نگہیست کہ بخشند پیشتر ز سوال
دریں بہار گنہہ گر فرشتہ بہ نویسد ۔۔۔ نم ہوایش بشوید ز نامۂ اعمال

آخر الذکر شعر میں تو مضمون آفرینی کی معراج ہے اس کا قلم شاعری نہیں ساحری کر رہا ہے۔ بہار کا موسم ہے، عطر بیز ہوائیں چل رہی ہیں، سارے سامانِ عیش مُہیا ہیں موسم کے اثر سے یقیناً انسان سے گُنہ سرزد ہو رہے ہیں لیکن شاعر یہ کہہ کر ان کے خوفِ عقوبت کو کم کرتا ہے کہ فضا میں اتنی خنکی اور نمی ہے کہ اگر فرشتہ ہمارے گُناہ لکھ بھی لے تو ہوا کی نمی اس کو نامۂ اعمال سے دھو ڈالے گی اور جب کوئی ریکارڈ ہی نہیں رہے گا تو احتساب کس چیز کا ہوگا۔

کلیم کی نُدرتِ خیال اور جدت آفرینی سے کوئی ناقد انکار نہیں کر سکتا۔ مولانا شبلی اس جگہ اس کا لوہا مانتے ہیں "اسکی (کلیم) جدت آفرینیاں استعجاب کے قابل ہیں"۔

ایک قصیدہ میں اپنے ممدوح کے انتظامِ سلطنت کو اتنا سراہا ہے کہ جدتِ خیال مبالغہ و غلو کی سرحدوں تک پہنچ گئی ہے ؎

بعہدش آں چناں در خواب امن است ۔۔۔ کہ باید پاسبانی پاسباں را
بملکش راہ زن مانندِ جادہ ۔۔۔ بمنزل می رساند کارواں را
بعہدِ عدلِ اُو واپس ستاند ۔۔۔ چمن از خاک زرہائے خزاں را
کفش پرداخت کانِ گوہر و زر ۔۔۔ فلک برچید آخر ایں دکاں را

یہ دیکھئے ممدوح کی صفت عطا کو کس شان سے سراہا ہے ؎

اگر ز کوہ وقارش بہ بحر سایہ فتد ۔۔۔ عجب کہ موج در آید ز جا ز جنبشِ باد
عطاش مستحق و غیر مستحق نشناخت ۔۔۔ بنزدِ ابرچہ ویراں چہ منزلِ آباد

Marfat.com
Marfat.com

ممدوح کو سراہنا ہر مادح کا فرض ہوتا ہے۔ بے پناہ نوازشوں کو کتنے موثر اور حسین انداز میں سراہا ہے ابر کا کام برسنا ہے خواہ بستی ہو یا ویرانہ وہ یکساں نوازتا ہے اسی طرح اس کا ممدوح بھی نہال کرتا ہے۔ اہل کو تو ہر ایک دیتا ہے نااہل کو دینا غیر معمولی جذبۂ سخا کے حامل شخص ہی کا دل ہوتا ہے۔

صنفِ غزل عہدِ متاخرین میں جو لانگہ قلم بنی ہوئی تھی۔ اس میدان میں شعرائے نے جو جدت آفرینیاں کی تھیں وہ واقعی استعجاب کے قابل ہیں۔

اختر اورینوی کہتے ہیں:

"ایک غزل قیمتی موتیوں کا ہار ہے، وہ تاج محل نہ سہی، اعلیٰ غزلوں میں نیم وحشیانہ ابتری نہیں ہوتی بلکہ رُوحانی ربودگی پائی جاتی ہے۔"

مشاہدہ، تصور یا خیال، احساسات، جذبات، تخیلات، وارداتِ داخلی کی منزلوں سے گزر کر شاعرانہ تجربہ کی نئی منزل میں داخل ہوتا ہے تو شعر کی صورت اختیار کرتا ہے۔ کلیم کی فنکاری میں ہمیں جذب و سوز، خیال کی پرواز قوتِ ادراک، حُسنِ وجدان، یاس و امید کی کشمکش، درد و گداز، طنز و جدت اور تازہ خیالی کی جھلکیاں نظر آتی ہیں اسکے یہاں واقعیت کا حُسن بھی ہے اور مثالیت کا جمال بھی۔ مضمون آفرینی کی کثرت بھی ہے اور بلاغت و فصاحت کا امتزاج بھی۔ وہ ایک طرف نقاشی و بت سازی کرتا ہے جس کی رہنمائی میں ایک مصور کا موقلم حسین تصویر بنا سکتا ہے تو دوسری طرف اشاریت و ایمائیت کے جلوے ملتے ہیں۔ اس کے فن میں لطافت، عمق، رفعت و وسعت بھی ملتی ہے۔

مضمون آفرینی کی مختصر تعریف ان الفاظ میں کی جا سکتی ہے کہ وہ نیا استعارہ، یا تشبیہ، انوکھا مبالغہ یا حسن تعلیل کا مجموعہ ہوتا ہے۔ نادر تشبیہیں اور پُر معنی استعارات حُسنِ انتخاب و ترکیب کے امتزاج سے پیدا کیے جاتے ہیں اس تخلیق میں کلیم کے تخیل کو بڑا دخل ہے۔ لب و لہجہ، تیور، طرز، آہنگ اور صوت کی تاثیر سے وہ بخوبی واقف ہے۔

تشبیہ حیا ایک حسین ادا ہے بزبان غالب "ادائے ناز" ہے اور اس موضوع پر تقریباً ہر شاعر نے طبع آزمائی کی ہے۔ تشبیہیں اختراع کی ہیں، نادر، اچھوتی، نرالی تشبیہیں۔ مگر کلیم کی لاجواب تشبیہ ملاحظہ فرمایئے کہ وہ حیا کو محبوب کی مست آنکھوں کے گوشوں میں اسطرح سموئے ہوئے دیکھتا ہے جیسا ... ہا د زاہد بزم شراب میں اغیار سے ڈرتے، معترضین سے خائف ہوتے اور دوستوں سے ہچکچاتے ہوئے داخل ہوتا ہے ؎

حیا بگوشۂ آں چشم مست جا کردہ ۔۔۔ چُو زاہدی کہ بہ بزمِ شراب می آید

کلیم کو اپنی گرفتاری دل پر ہنسی آتی ہے اور دیوانہ وار ہنسی۔ کیونکہ عشق ابھی خام ہے اور غالب اس منزل سے ایک قدم آگے ہو گئے تھے اس لیئے ان کے پاس ہنسی کا تصور بھی مفقود ہو گیا تھا[1] ؎

بر گرفتاری دل خندہ زنان می گذرم ۔۔۔ ہمچو دیوانہ کہ از پیشِ دبستاں گذرد

---

[1] غالب: آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی ؛ اب کسی بات پر نہیں آتی

Marfat.com
Marfat.com

مسرت کے لمحات بہت جلد بیت جاتے ہیں " حنائی عیش " کی ترکیب باندھنے سے خود ناپائداری جھلک رہی تھی، اس پر شفق سے تشبیہ دے کر بے ثباتی عیش کو انتہا پر پہنچا دیا ہے ؎

حنائے عیشِ جہاں چوں شفق نمی ماند دلا زدست مدہ اشکِ ارغوانی را

یوں تو بہت سے شعرا نے محبوب کی تنگ دہنی کی تشبیہ مختلف خوبصورت چیزوں سے دی ہے اس لیے کہ دہنِ تنگ لوازمۂ حسن میں شمار ہوتا ہے۔ مگر کلیم نے بندوق کی نالیوں کی تنگی کو دہنِ محبوب سے تشبیہ دیکر جدت پیدا کردی ہے۔ ان اشعار میں یہ خیال بھی پایا جاتا ہے کہ چونکہ محبوب بغیر تیغ و تفنگ کے جان لیتا ہے اور پھر بھی اس میں تیغ کی سی اثر آفرینی اور قہر ہوتا ہے اس لیئے شاہ کی تفنگ ایک تنگ دہن محبوب ہے کہ اس کی زد میں آیا ہوا کوئی ذی روح اپنی جان اور سر سلامت نہیں لے جا سکتا ؎

تفنگِ شاہجہان دلبریست تنگ دہان کہ کس دریغ از و جان و سر نمی دارد
بلب قراولِ زیباش دلنشیں جائیست کہ دیدہ بانش از چشم بر نمی دارد

غمِ دہر اگر زیادہ ہو جائے تو غمِ جاناں بھی انسان بھول بیٹھتا ہے۔ فراغت کے اسباب مہیا ہونے پر عیش و نشاط نغمہ و سُرود یاد آتے ہیں۔ جب معاشی و معاشرتی حالات دگرگوں رہے تو عشق بھی گلدستہ طاقِ نسیاں ہو جاتا ہے۔ نہ عید، نہ شب برات۔ شاعر کہتا ہے کہ غمِ دوراں نے مجھے اتنا گھیر رکھا تھا کہ یں اسی میں اتنا غرق تھا کہ شباب کے عیش سے ایسے آگاہ نہ ہو سکا جیسے عید قیدیوں پر سے گزر جائے اور وہ اس سے لطف اندوز نہ ہو سکیں، نہایت نادر اور اچھوتی تشبیہ پیش کی ہے ؎

آگہہ از عیشِ جوانی نشدم در غمِ دہر ہمچو آں عید کہ بر مردمِ زنداں گزرد

وہ نگہ جو بظاہر نگاہ سے کم ہوتی ہے اگر بہ تغافل بھی دل پر سے گزر جائے تو سیخِ مژگان، کبابِ دل کو ایسا بنا دیتی ہے جیسے سیخ آہنی لحم کو برماتی گزرتی ہے ؎

اگر ز دل بہ تغافل گذشتہ مژگانش چناں گذشتہ کہ سیخ از کباب می گزرد
دخلِ بیجا ہمہ جا در سخنم می آید ایں مگس لازمِ شیرینیٔ گفتارِ من است

تشبیہ قابلِ ستائش و لائق داد ہے۔ بیجا مداخلت کو مکھی سے اور اپنے کلام کو شیرینی سے تشبیہ دی ہے اسلوبِ بیان سے جو ندرت پیدا ہو گئی ہے وہ بجائے خود ایک جدت ہے اور شاعر کی جودتِ طبع کی دلیل۔

عہدِ پیری آچکا ہے اور نظر میں فتور آگیا ہے۔ کہتا ہے کہ ضعفِ نظر کی وجہ سے عینک لگ گئی ہے اس خمیدہ کمری میں " فکرِ دل" عیش و نشاط، تمنائے نائے و نوش ہی ختم ہو جانی چاہیئے۔ ہنگامِ جوانی اس کے لیے موزوں ہوتا ہے۔ ضعیفی میں یہ خیال بھی ہوس ہوتا ہے ؎

Marfat.com
Marfat.com

باریک بنیت چو ز پہلوئے مینک است — باید ز فکرِ دل بر لاغر میان گذشت

حافظ نے بھی اس مضمون کو باندھا ہے ؎

چوں پیر شدی حافظ از میکدہ بیروں شو — رندی و ہوس ناکی در عہدِ شباب اَولی

مگر کلیم کے بیان میں جو متانت و اچھوتا پن ہے وہ حافظ کے ہاں نہیں ؎

صوتِ بلبل جائے قلقل گشت از مینا بلند — چوں ز تاب بادہ ساقی چہرہ را گُل ریز کرد

مینا سے شراب ساغر میں انڈیلتے وقت جو آواز پیدا ہوتی ہے اس کو اصطلاح میں "قلقلِ مینا" کہا جاتا ہے۔ کلیم نے اس سے یہ فائدہ اٹھایا ہے کہ جب آب و تابِ شراب اور حدت سے ساقی کا چہرہ خود گُل ریز یعنی عارض و رخسار پھول کی طرح سُرخ سُرخ ہو گئے تو مینا سے آوازہ بادہ کی جگہ بلبل کی صدا بلند ہونے لگی۔

جلیل مرحوم کا ایک شعر ہے ؎

آنکھوں میں کون آ کے الٰہی نکل گیا — کس کی تلاش میں مرے اشکِ رواں چلے

محبوب محفل سے اٹھ کر چلا گیا۔ محفل سونی ہو گئی۔ ہجر میں جو اضطراب تھا اور حضوری کی وجہ سے جو قدرے تسکین ہوئی تھی وہ بھی ختم ہو گئی حتیٰ کہ دامنِ صبر بھی چھوٹ گیا اور بے اختیار آنسوؤں کا سیلاب امڈ آیا۔ ایسے ہی جیسے کسی کی تلاش میں اشکِ رواں کا کارواں روانہ ہوا ہو یا سلطان کی جستجو میں لشکرِ سپاہ چل پڑتا ہے۔ عرضِ حال بھی کس شان اور شدت سے کیا ہے کہ جانے والا بھی پلٹ آیا ہوگا ؎

رفتی و مضطرب ز قفایت دو دیدہ اشک — چوں لشکرے کہ از پئے سلطاں بر آمدہ

حبیب کو اپنی آتش بیانی و آتش زبانی پر ناز تھا لیکن رعبِ حسن نے عرضِ حال کا موقع نہ دیا اور حبیب منتظر ہے کہ آنسوؤں کا چشمہ آنکھوں سے بہنے لگے تاکہ توجہ محبوب کا باعث بنے اور حالِ دل بیان کرنے کا بہانہ ہاتھ آئے ؎

ہمچو شمع آتش زبانم لیک وقتِ عرضِ حال — می نشینم منتظر تا گریہ را ہے وا کند

حسنِ تعلیل کون نہیں جانتا کہ انسان مر کر پھر زندہ نہیں ہوتا مگر شاعر کا خیال ہے کہ زمانہ دوبارہ دیکھنے کے قابل نہیں ہے اس لیے کوئی واپس نہیں آتا ؎

وضعِ زمانہ لایقِ دیدن دوبارہ نیست — رو پس نکرد ہر کہ ازیں خاکدان گذشت

شفق پھولنے کی توجیہہ کلیم نے اس طرح کی ہے کہ ہر شام سپہر اپنے سرور کے اقتضا سے "حنائی عید" اُفق پر لگاتا ہے اور پتہ نہیں کب تک لگاتار ہے گا ؎

ہمیشہ تا کہ سپہر از شفق ہمی بندد — حنائے عید بہ ہر شام ز اقتضائے سرور[1]

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق ۱۸۵

Marfat.com
Marfat.com

سبزہ خود رو ہوتا ہے اور ظاہر ہے کہ سبزہ اُگنے لگے تو زمین چھپ جاتی ہے مگر شاعر کا دستہ لال ہے کہ وہ ابر کی خجالت سے ایک تہیدست قرضدار کی طرح اپنا منہ چھپائے ہوئے ہے ؎

چو وام دار تہیدست از خجالت ابر   بزیر سبزہ زمیں روی خویش پنہاں کرد[۱]

یہ قانونِ فطرت ہے کہ پھول اپنے وقت پہ کھلتا ہے اور مرجھا جاتا ہے مگر کلیم کو اس کی علت کچھ اور نظر آتی ہے وہ کہتا ہے کہ گُل "ترنمِ بلبل" کی وجہ سے نہیں کھلتا بلکہ "غنچہ کسبِ ہوا" کے لیئے سینہ وا کرتا ہے ؎

نہ از ترنمِ بلبل شگفتہ گل در باغ   کہ بہر کسبِ ہوا غنچہ سینہ وا کردہ است[۲]

محبوب کا حسن قیامت جگاتا رہتا ہے۔ جب وہ بزم میں آتا ہے تو بقول میر اس کے بعد چراغوں میں روشنی باقی نہیں رہتی۔ تابندگی و درخشانی کا یہ عالم اور قامتِ فتنہ زا کا وہ عالم کہ جب وہ اُٹھتا ہے تو مخلوقِ خدا دل تھامے بیٹھ جاتی ہے۔ لہٰذا شمع سے یہ برداشت نہ ہو سکا اور شرم سے پگھل کر وہ ختم ہوگئی۔ عام آدمی کی سمجھ میں تو یہ آتا ہے کہ حدتِ شعلہ سے شمع کی موم پگھل گئی ہوگی لیکن شاعر کا بلند پرواز تخیل اس کا ایک حسین سبب ڈھونڈ لیتا ہے ؎

شمع بگداخت سراپا و شد از شرم خلاص   تا بکی خجلت از آن قامت و رخسار کشید[۳]

فتح کی خوشیاں ہیں، ماحول پر سرور نشاط چھایا ہوا ہے، شاعر کے تصور میں یہ خیال اُبھرنے لگتا ہے کہ گردوں بھی از دیارِ مسرت سے طفلِ سرکش کی طرح مچل رہا ہے اور اس عالمِ مدہوشی میں کواکب کی انگوٹھیاں اُتاری جاتی ہیں ؎

گردوں نشاطِ کودکی از سر چنان گرفت   کانگشتر کواکبش از سر تواں گرفت[۴]

"جورِ مہرویان" مشرقی محبوب کی خالص ادا ہے اور اس کا شکوہ بھی یہاں کے حبیب کا خاص موضوع لیکن اس کو اسقدر انتہائی مبالغہ کے ساتھ پیش کیا گیا ہے کہ واقعی "خورشیدِ قیامت" کے رخساروں سے رنگ اُڑنے کا سماں آنکھوں کے آگے پھر جاتا ہے ؎

گر بحشر از جورِ مہرویان شکایت سر کنم   رنگ از رخسارِ خورشیدِ قیامت می رود[۵]

محبوب کے گیسوئے خمدار دراز ہو کر کمر تک پہنچے ہیں شاعر کا خیال ہے کہ یہ عمل درازی اس لیئے ہے کہ وہ کمر سے

۱۔ کلیاتِ کلیم، ورق
۲۔ " " "
۳۔ " " "
۴۔ کلیاتِ کلیم، ورق
۵۔ " " "

Marfat.com
Marfat.com

بل کھانا سیکھ رہے ہیں شاعر نے اپنے خیال کے مطابق ایک حسین علت نکال لی ہے ؎

رود بہ سوئے کہ قطرات بستر ہر دم　　برائے آں کہ از و کسبِ تپیج و تاب کند[۱]

پہلو میں دل کا بہت شور تھا مگر "سوزِ تبِ ہجر" سے خون اتنا خشک ہو گیا ہے کہ ایک آبلہ کو بھی "آب" نہیں مل سکی ؎

خونِ دل رُو بہ کمی کردہ ز سوزِ تبِ ہجر　　آنقدر نیست کہ یک آبلہ را آب دہد[۲]

اذیت پسندی اور جرات کا یہ عالم ہے کہ تیروں کی بارش ہوئی جا رہی ہے اور زخموں سے اتنا خون بھی ٹپک سکا کہ تشنگیٔ غم کم ہو سکے ؎

زیں ہمہ بارانِ پیکان زخم را لب تر نشد　　خشک سالِ عاقبت شد آب در آہن نماند[۳]

غالب نے شاید اسی خیال کو برنگِ دیگر باندھا ہے ؎

دریائے معاصی تنک آبی سے ہوا خشک　　میرا سرِ دامن بھی ابھی تر نہ ہوا تھا

ہلال خود خمیدہ ہوتا ہے لیکن شاعر کا تخیل اسے "بارِ غم" کے تلے جھکا ہوا دیکھ رہا ہے ؎

ہلال از بارِ غم خود را کمان کرد[۴]

تضاد

محبوب کے لبِ خنداں کا خیال حبیب کے خاطرِ غمگین میں آبِ بقا کی طرح سمایا ہوا نظر آتا ہے ؎

خیالِ آں لبِ خنداں بہ خاطرِ غمگیں
بسانِ آبِ بقا در سرائے فانی بود[۵]

محبوب کے ظاہری ستم میں حبیب کو "لطفِ نہانی" پنہاں دکھائی دیتا ہے ؎

ستمِ ظاہر او لطفِ نہانی دارد　　صید را می کشد آں شوخ کہ لاغر نشود[۶]

کلیم کو "ویرانۂ جنون" کی دلکشی "قصرِ غنی" اور "کلبۂ فقیر" سے زیادہ اپنی طرف کھینچتی ہے ؎

دیدم کلیم قصرِ غنی، کلبۂ فقیر　　ویرانۂ جنون ز ہمہ دلکشا تر است[۷]

شاعر کا کلام اپنے عہد کی تاریخ ہوتا ہے۔ عوام الناس کی بدحالی اس سے دیکھی نہ گئی۔ انفرادی غم کے ... میں اس نے سارے معاشرے کی حالت کا اظہار کیا ہے۔ کاروبار کی بے رونقی سے ظاہر ہے کہ ملک میں کوئی چیز کشادہ

---

[۱] کلیاتِ کلیم، ورق: ۲۰۸ و
[۲] " " : ۱۷۱ ب
[۳] " " : ۲۲۹ ب
[۴] " " : ۱۶۲ و
[۵] کلیاتِ کلیم، ورق، ۲۰۹ ب
[۶] " " : ۹۳ ب
[۷] " " : ۲۰۰ ر

Marfat.com
Marfat.com

نہ سکتی ہے تو وہ دستِ سائل ہی ہوگا ؂

از بستگیِ کار دریں روزگارِ تنگ — چیزی اگر کشادہ بود دستِ سائل است[1]

استحصال کرنے والا طبقہ حریص ہوگیا ہے اور دستِ گدا سے کاسۂ گدائی تک چھین لینے کو ہے ایسے ماحول میں پتہ نہیں کہ عوام کا کیا حال ہو ؂

در حیرتم کہ حالِ فقیراں چہ می شود — حرصِ غنی چو کاسہ ز دستِ گدا گرفت[2]

شاعر انسان کو اس کی عظمتوں کا سبق اپنے انفرادی جذبات، احساسات کے اظہار سے دے رہا ہے کہ کائنات کے نشیب و فراز کا اس پر کوئی اثر نہیں ہوتا خواہ خوشیوں کی زیادتی ہو یا غم کا ہجوم وہ ہر حالت میں خوش رہتا ہے ؂

از بد و نیکِ جہاں خرم و غمگیں نشوم — خار تا زانو و گل تا بگریباں آید[3]

جدتِ تخیل طرزِ ادا کی جدت اور ندرتِ خیال کو کلیم نے بے حد فروغ دیا۔ یہ اور بات ہے کہ مولانا شبلی کے سوا دیگر ناقدین نے اس کے بحرِ کلام میں غواصی کرکے دُرہائے شہوار کو ساحل پر لانے کی کوشش نہیں کی، یہاں اس کی ندرت و جدت کے چند نمونے ہدیۂ قارئین کرتے ہیں۔

شاعر شمع کو دیکھتا ہے اور ساتھ ہی انسان کے جذبۂ عروج کا خیال ذہن میں آجاتا ہے اور وہ سوچنے لگتا ہے کہ انسان کو سربلند "افسر" کی وجہ سے نہیں بلکہ اچھے کارناموں کے سبب ہونا چاہیے اگر تاج ہی سر پر رکھنا چاہے گا تو شمع کی طرح اُسے بھی "کاہشِ تن" برداشت کرنی ہوگی کیونکہ شمع بارِ افسر ہی سے گھلتی رہتی ہے ؂

بگذر از سودای افسر تا بمانی سربلند — شمع را این کاہشِ تن بارِ افسر میدہد

سوزِ ما رانیست پایانی خوشا احوالِ شمع — گر تبش در شام میگیرد سحر سر میدہد[4]

کلیم کو اپنے جذبۂ شوق پر اتنا بھروسہ ہے کہ بغیر رہبر وہ منزل تک چلے جانے کا قایل ہے۔ سیلاب کو کون بیاباں کا پتہ دیتا ہے۔ اسی طرح شوقِ کامل بھی منزل پر پہنچا دیتا ہے۔ رہنما تو اکثر رہزنی کرتے ہیں۔ عزم ہی کی رہبری انسان کو سیدھے راستے پر لاتی ہے ؂

بارہنما چہ کار اگر شوق کامل است — کس سیل را سراغِ بیاباں نمی دہد[5]

محبوب کے سر میں پھول لگے ہوئے دیکھ کر شاعر کو شمع کا گل یاد آجاتا ہے اور وہ سوچنے لگتا ہے کہ محبوب اضافۂ حسن

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۵۹ ب — [2] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۹۳ ب

[3] " " : ۲۴۱ ب — [4] " " : ۲ ؤ

[5] " " :

Marfat.com
Marfat.com

کے لیئے پھول لگاتا ہے اور شمع، گُل اس لیئے جھڑ لیتا ہے کہ کہیں شرم سے پانی نہ ہو جائے ؎

تو گُل بسر زدی و شمع گُل ز ستر برداشت — زبیم آنکہ صبا واز شرم آب شود[1]

"کتابِ دل" سے "فالِ عافیت" کوئی نہیں لے سکتا کیونکہ وہ تو جنون کا تابع ہوتا ہے۔ اس لیئے انجام شیرازۂ ہستی کے انتشار کے سوا کچھ نہیں ہو سکتا ؎

زدل ورق، ورقِ خویش پارہ پارہ کنم — کزیں کتاب کسی فالِ عافیت کم دید[2]

معاشرے میں باہمی تعاون اور ہمدردی، ارتباط جب تک نہ ہو تمدن ارتقاء پذیر نہیں ہو سکتا۔ انسانیت تہذیب تمدن کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتی۔ معاشی بدحالی، دوستوں کی سرد مہری اور بے اعتنائی کا باعث ہوتی ہے اور اس کیفیت کو کسقدر نادر پیرایہ میں باندھا ہے۔ ہجومِ غمگساران میں جلتے ہوئے دل کو اس سفینہ سے مشابہ بتاتا ہے، جو کثرتِ آب کے باوجود جل رہا ہو ؎

میانِ غمگساراں سوزم از غم — چوں آں کشتی کہ در دریا بسوزد[3]

اہلِ دنیا مطلبی ہیں، خواہ اُن کی کتنی ہی خوشامد کی جائے وہ وقت پڑنے پر کام نہیں دیتے کے مفہوم کو اچھوتے انداز میں پیش کیا ہے ؎

دستِ ہر کس را بسانِ سبحہ بوسیدم چہ شود — ہیچ کس نکشود آخر عقدۂ کارِ مرا[4]

تخلیقِ کائنات کا مقصد آج تک کسی فلسفی نے نہیں بتایا۔ ہر ایک اس گتھی کو سلجھانے میں مصروف ہے۔ کسی نے کہا کہ کوئی نہیں جانتا کہ منزلِ گہِ مقصود کہاں ہے، صرف اتنا سُراغ ملتا ہے کہ ایک صدائے جرس سنائی دیتی ہے۔ کسی نے دنیا کو ایک کہنہ رباط سے تعبیر کیا، جن کے دو دروازے ہیں۔ ایک زندگی دوسرا موت۔ کلیم کے پاس کائنات ایک ایسی کتاب ہے جس کا آغاز و انجام کسی کو معلوم نہیں ہے یہ "کتابِ کہنہ" کا اول و آخر گر چکا ہے۔ یا پھر دنیا ایک ایسی کتاب ہے جو حق کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔ یا پھر دنیا ایک ایسی شکستہ کشتی ہے جو بحرِ حوادث میں ہچکولے کھاتے رہتی ہے اور اس میں کوئی آرام کا سانس نہیں لے سکتا اور آخر میں وہ دنیا کو خواب تصور کرتا ہے اور اس سے نجات کا طریقہ زندگی سے فرار ہے اور یہ یاس ہی زندگی کے لیئے زہر کا کام کرتی ہے ؎

ما ز آغاز و ز انجامِ جہاں بے خبریم — اول و آخرِ ایں کہنہ کتاب افتادہ است[5]

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق: ۲۰۷ ب
[2] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۸۶ ا
[3] " " : ۲۲۰ ب
[4] " " "
[5] " " : ۱۵۶ ب

Marfat.com
Marfat.com

عالمی را کہ کتا بست بحق راہنما — کعبہ دارد ہوس و قبلہ نما می بیند[1]

دنیا شکستہ کشتی بحرِ حوادث است — در کشتیِ شکستہ کسی آرمیدہ نیست[2]

دنیا خیال و خواب است ویں خواب نزدِ دانا — آسایشی ندارد بہتر ز چشم بستن[3]

زندگی اور حوادثات کے تعلق کو کتنے بہتر طریقے سے بتایا ہے ؎

بحر یست زندگی کہ نہنگش حوادث است — تن کشتی است و مرگ بہ ساحل رسیدن است[4]

جبر و قدر کا مسئلہ ایسا پیچیدہ و نازک ہے کہ اس کو بڑے سے بڑا صوفی بھی نہیں سمجھا سکتا۔ بلند پایہ عالم بھی یہاں عاجز آجاتا ہے۔ مکتبِ قدریہ والے مختارِ محض اور مکتبِ جبریہ والے مجبورِ محض کہتے ہیں۔ فاعلِ حقیقی خدا ہی ہوتا ہے۔ "ناحق ہم مجبوروں" پر "مختاری" کی تہمت دی جاتی ہے۔ میر کی طرح کلیم بھی "توسنِ ارادہ" پر اپنے آپ کو ایسی حالت میں سوار تبلاتا ہے جس کے دستِ اختیار میں ٹوٹی ہوئی عنان ہو ؎

برتوسنِ ارادۂ خود کس سوار نیست — در دستِ اختیار عنان گسستہ است[5]

غالب می نوشی سے حصولِ نشاط نہیں بلکہ صرف بیخودی چاہتے ہیں اور کلیم می پرستی سے حب الوطنی کے بھڑکتے شعلوں کو اور بھڑکانا چاہتا ہے ؎

میخانہ نشستم نہ از بادہ پرستیست — کز دل نہ تواں کرد بروں حبِ وطن را[6]

ہر شخص اپنی فطرت، اپنی ساخت کے لحاظ سے جیسے الگ ہوتا ہے ویسے ہی اُس کی تقدیر بھی جُدا، جُدا ہوتی ہے یہ دیکھ کر شاعر کو شک سا ہونے لگتا ہے کہ جب کاتبِ تقدیر ایک ہے تو نوشتۂ تقدیر میں اسقدر فرق و اختلاف کیسے واقع ہوا ہے ؎

ایں قدر فرق میانِ خطِ یک کاتب چیست — سرنوشت ہمہ گر از قلمِ تقدیر است[7]

از دلِ روشنم اسرارِ دو عالم پیداست — حیف ازیں آئینہ کہ آرایشِ دیوارِ من است[8]

کلیم کہنا یہ چاہتا ہے کہ دنیا میری صلاحیتوں سے استفادہ نہیں کرتی۔ ناقدریِ عالم نے مجھے عزلت گزیں بنا دیا ہے ورنہ دیکھنے والوں کے لیئے دل کی روشنی سے دونوں عالم کے اسرار و رموز ظاہر ہو رہے ہیں۔ اپنے آئینۂ دل پر افسوس کرتا ہے جو صرف گھر کی دیوار کی آرایش بنا ہوا ہے ؎

---

۱ کلیاتِ کلیم، ورق : ۲۳۸ب
۲ " " : ۲۵۸ب
۳ " " : ۱۶۹ا
۴ " " : ۱۵۰ب
۵ کلیاتِ کلیم، ورق : ۱۹۲ب
۶ " " : ۱۵۴ب
۷ " " : ۱۱۹ب
۸ " " : ۱۵۳ا

Marfat.com
Marfat.com

ما اجر از عبادت ناکردہ می بریم　　ہر طاعتے کہ فوت شود بے ریا تر است[۱]

کلیم نے ریا کے لفظ سے استفادہ کیا ہے۔ ظاہر ہے کہ جو عبادت کی ہی نہ گئی ہو اس کے دکھاوے کا یعنی اس میں ریاکاری کا سوال ہی کہاں پیدا ہو سکتا ہے۔ چونکہ بے ریا عمل مستوجب جزائے کثیر ہوتا ہے اس لیئے وہ ناکردہ اعمال جن میں ریا کا احتمال نہیں اس لیئے وہ اپنے لیئے قابلِ اجر سمجھ رہا ہے۔

نظیری نے اس خیال کو تغزل کے انداز میں بڑی خوبی سے پیش کیا ہے ؎

تا منفعل ز رنجش بے جا نہ بینمش　　می آرم اعتراف گناہِ نہ بودہ را

(ترجمہ) میں اپنے محبوب کو رنجشِ بیجا سے شرمندہ نہیں دیکھنا چاہتا۔ اس لیئے اس گناہ کا بھی اعتراف اور اقرار کر لیتا ہوں، جو مجھ سے سرزد ہی نہیں ہوا۔

بدنامی حیات دو روزہ بنود بیش　　آں ہم کلیم با تو بگویم چساں گزشت

یک روز صرفِ بستنِ دل شد باین و آں　　روزِ دگر بکندنِ دل زین وزاں گزشت[۲]

دنیا کی زندگی کو دو روزہ کہا جاتا ہے دو روز سے مراد یوم پیدایش و روزِ وفات ہے، درمیانی ایام شہور و سنین کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے، کلیم اس کی توجیہہ کتنے اچھے طریقے سے کرتا ہے۔ دو روزہ حیاتِ انسانی کو اسطرح بدنام کیا گیا کہ پہلا دن اِن، اُن سے دل لگانے میں گزرا اور دوسرا دن دلی تعلقات توڑنے اور علایق سے گریز کرنے میں صرف ہوا ؎

این سطرہائے چین کہ ز پیری برُوئے ماست　　ہر یک جُدا جُدا خط معزولیِ قویٰ است[۳]

نشانِ پیری جھریوں کی شکل میں جسمِ انسانی پر نمودار ہوتے ہیں شاعر ان کو معزولیِ قویٰ کا پروانہ قرار دیتا ہے اُردو کے ایک شاعر رشید لکھنوی نے بھی اس خیال کو بہ پیرایہ دیگر بیان کیا ہے ؎

پیری نے حدیں ضعف کی قایم کی ہیں　　سب جھُریاں ہیں میرے تنِ لاغر پر

کلیم کو اپنی معنی آفرینی پر ناز ہے شاعرانہ تعلّی بڑے سے بڑے شاعر سے سرزد ہوئی ؎

صید معنی را کلیم از رشتۂ پر تابِ فکر　　ہیچ صیادِ سخن از بندہ محکم تر نہ بست[۴]

می شمارہ واخل رزقش سپہرِ خردہ بین　　گر کسی انگشتِ ندامت ... می بمد[۵]

۱؎ کلیاتِ کلیم، ورق : ۱۵۵ ب　　۴؎ کلیاتِ کلیم، ورق : ۱۲۱ ا

۲؎ 〃　〃 : ۱۲۵ ب　　۵؎ 〃　〃 : ۱۲۷ ا

۳؎ 〃　〃 : ۱۷۰ ا

Marfat.com
Marfat.com

کوئی شخص ندامت سے دانتوں میں انگلی کترتا ہے تو فلکِ خوردہ بیں لے بھی اس کے رزق میں داخل سمجھتا ہے چونکہ آسمان ہی کو شعراء نزولِ خیر و شر کا منبع سمجھتے ہیں تو آسمان کے روایتی ظلم اور ساتھ ہی اس کی کم ظرفی کی طرف اشارہ کر رہا ہے کہ ندامت بھی اسی سے پہنچی ہے، وہ بھی داخلِ رزق ہے، آسمان اس کا بھی شمار کرتا ہے۔ مختصر سے شعر میں کتنی بلاغت سے مضمون سمویا ہے۔

قرض دارِ روزگارم، خاطرم زاں شاد نیست
چوں حباب از وامِ ہستی پس دہم خنداں شوم[1]

ناوکِ بیدادِ دوراں را نشاں باید شدن
آنچناں مگذارم اے غم از نظر پنہاں شوم

دونوں شعر بہ اعتبارِ معنی و مفہوم خوب ہیں۔ عام طور پر لوگ بیدردیِ روزگار کے شاکی اور اس سے بچنے کی کوشش کرتے ہیں۔ مگر کلیم کس اولوالعزمی سے ثانی الذکر شعر میں کہتا ہے کہ اے غم مجھے اسطرح نہ چھوڑ کہ نظروں سے چھپ جاؤں مجھے زمانہ کی نظر میں ظاہر کرتا کہ ناوکِ بیدادِ دوراں کا نشانہ بن سکوں۔

دہقاں بہر زمین کہ نشاند نہالِ تاک
من ہم بخاکِ تخمِ کدوئے فرو کنم[2]

می خواری کا اشتیاق اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ دہقاں جس زمین پر انگور کی بیلیں لگاتا ہے میخوار بھی وہیں کدو کے بیج بوتا ہے تاکہ جب انگور پکیں اور اس سے شراب حاصل کی جائے تو کدو بھی سوکھ کر ظرفِ شراب کا کام دیں۔ مضمون آفرینی کی اس سے بہتر مثال شاید ہی ہو۔

سکندر نے آئینہ بنایا تھا اور آج تک دنیا اس کا احسان مانتی ہے۔ اس کا نام موجدین کی فہرست میں درج ہے لیکن شاعر اپنے آئینۂ دل کو اتنا مجلا و مصفا کر چکا ہے کہ اس میں عکسِ یار و محبوبِ حقیقی منعکس ہوتا رہتا ہے اگر وہ اپنے دل کو سکندر کے آئینہ کے مقابل کرے تو شاید سکندر بھی شرم سے پانی پانی ہو جائے ؎

گردد بزیرِ خاکِ سکندر ز شرم آب
دل را اگر بآئینہ اش روبرو کنم[3]

سرو برگِ جدلم نیست چو با خلق کلیم
نکنم گر بہ بد و نیک مدارا چکنم[4]

آسایشِ دو گیتی تفسیرِ ایں دو حرف است
با دوستاں تلطف با دشمناں مدارا
(حافظ)

حافظ دنیا و عقبیٰ کی آسایش ان دو حرفوں کی تفسیر میں مضمر سمجھتے ہیں کہ دوستوں سے لطف و مہربانی سے اور دشمنوں سے خاطر مدارات سے پیش آئیں۔ اس کے برعکس کلیم کے پاس چونکہ مخلوق سے لڑنے کا سامان نہیں ہے اس لیے بوجہ مجبوری مدارا کرتا ہے ؎

تا یافتم رسائی دستِ کشیدہ را
آوردہ ام بچنگ مرادِ رسیدہ را[5]

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۹۹ ب
[2] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۹۸ ب
[3] " : ۱۹۸ ا
[4] " : ۲۰۰ ب
[5] " : ۲۰۰ ب

Marfat.com
Marfat.com

شاعر یہ بتانا چاہتا ہے کہ حبیب نے تنگ آکر ترک دنیا کر دی سارے علایق دنیوی سے دست بردار ہو گیا، مراد و خواہشات کو اپنے دل سے نکال پھینکا۔ مگر انسان تو تمناؤں میں اُلجھایا گیا ہے خلافِ فطرت کب تک رہ سکتا تھا، پھر سے خواہشات اُمنگوں نے سر اُٹھایا، اب شاعر نے "مراد رمیدہ" کو پھر سے قابو میں کر لینے کی ٹھانی تاکہ پھر سے "دست کشیدہ از دنیا" میں قوتِ رسائی آجائے۔

صید دام میں گرفتار ہے، صیاد نے گرفتاری کا طعنہ دیا لیکن غیرت طائر یہ برداشت نہیں کر سکتی۔ جواز نکالتا ہے کہ فریب دانہ سے وہ گرفتارِ دام نہیں ہوا ہے بلکہ وہ شکاری کے جال میں دانہ کو بے عزت ہوتے ہوئے نہیں دیکھ سکا۔ دانہ کی بے بسی نے اسے مجبور کر دیا کہ اسے دام سے نکال لائیے ؎

منکہ در دام آمدم، نہ از فریبِ دانہ بود — غیرتم نگذاشت در دام تو بینم دانہ را [1]

صوفیاء کے نزدیک تخلیق کائنات کا مقصد اور بار امانت کی توجیہہ عشق و محبت کہہ کر کی جاتی ہے۔ عشق و محبت کو کلیم کائنات کی اساس قرار دیتا ہے۔ عشق مجازی سے انسان کو معرفتِ حق حاصل ہوتی ہے اور انسانی عقل کی شمع منور ہوتی ہے، قلب مجلا اور روح تابناک ہوتی ہے جس طرح آفتاب طلوع نہ ہونے تک اندھیرے میں نظریں بھٹکتی ہیں اسی طرح آفتاب عشق کے پرتو ہی سے چراغِ عقل جگمگا اُٹھتا ہے اور اس کی رہبری میں انسان حقیقت کی منزل پر پہنچتا ہے ؎

چراغِ عقل دہد روشنی ز پرتوِ عشق — نظر نہ بیند تا آفتاب سر نزند [2]

عشق وہ بارِ امانت ہے جسے صرف انسان ہی نے قبول کیا۔ جب تک کہ انسان اپنے آپ کو اس کا اہل نہ بنائے، اس راستے میں اپنا سب کچھ نثار نہ کر دے سزاوار "افسر" نہیں ہوتا۔ اس تمثیل سے وہ انسانوں میں عملِ پیہم و سعیِ مسلسل کا جذبہ پیدا کرنا چاہتا ہے اور اس کو اس کا صحیح مقام یاد دلاتا ہے ؎

دولت بملکِ عشق بہ ہر سر نمی رسد — سرتا بریدہ نیست بافسر نمی رسد [3]

عشق میں شرطِ اول پاکیزگی ہے حافظ نے اس کو "فنِ شریف" کہا ہے۔ ہوس کا جب تک اس میں دخل نہ ہو اس میں لطافت باقی رہتی ہے اور گریہ و زاری سے اس میں آب و تاب آتی ہے ؎

عشق از ہوس جدا کن و زاری شناس باش — در گریہ فسردہ دلان آ[illegible] [4]

لیکن ایک جگہ کلیم نے گریہ و زاری کے لئے بھی شرط لگائی ہے، وہ کہتا ہے عشق [illegible]

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق : ۱۲۲ ا
[2] " " : ۱۷۳ ا
[3] " " : ۱۴۰ ب
[4] کلیاتِ کلیم ورق : [illegible]
[illegible]
[illegible]

Marfat.com
Marfat.com

علامت ہے کیونکہ عاشقِ دل باختہ کو تو پہلے اس مجمرِ عشق میں تپنا چاہیئے جب تک زخمِ عشق گہرے نہ ہوں خونِ دل کہاں سے رسے گا اور بغیر خونِ دل کے صرف آنسو بہانا تشہیرِ عشق کا باعث ہوگا اور ممکن ہے کہ اولین مراحل میں تشہیر کی وجہ سے فریقین دست بردار نہ ہو جائیں ۔

گریہ در اول عشقست نشانِ خامی ‌ ‌ ‌ زخمِ ما تا نشو کہنہ از او خوں نرود[1]

ابتدائے عشق میں جو کیفیت "نو واردانِ بساطِ ہوائے دل" کی ہوتی ہے اس کا نقشہ کھینچا ہے کہ نہ تابِ نظر ہوتی ہے اُن میں نہ ضبطِ نگاہ کر سکتے ہیں، آدابِ محفل کے خلاف بار بار ان کی نگاہ بہک جاتی ہے، بالکل اسی طرح کہ "رندِ تنک شراب" کو شراب کی حرص زیادہ ہوتی ہے حالانکہ اس کا ظرف اتنی مستی برداشت بھی نہیں کر سکتا ۔

تابِ نظر ندارم و ضبطِ نگہ نمی کنم ‌ ‌ ‌ بیشترست حرص می رندِ تنک شراب را[2]

دل وسر محبوب کی امانت ہوتا ہے حبیب کا فرض ہے کہ اس امانت کو آستانۂ محبوب پہ رکھ کر وہ واپس ہو جائے اپنے ساتھ نہ لے جائے کیونکہ وفاداری کا تقاضا یہی ہے کہ اپنا سارا سرمایۂ حیات محبوب کے سپرد کر دے ۔

در کوئ یار سر بنہ و خود برو کلیم ‌ ‌ ‌ باخود مبر امانتِ ایں آستانہ را[3]

حبیب کے لیئے کوئے فنا ہی کعبہ عشق ہوتا ہے کہ جہاں جانے کے لیئے تو راستہ ہوتا ہے لیکن وہاں سے واپس نہیں ہو سکتا ۔

کعبہ عشق تو پنداری سر کوئ فناست ‌ ‌ ‌ میتواں رفتن ولی در بازگشتن راہ نیست[4]

غم لازمۂ عشق ہے اس لیئے حبیب خانۂ دل میں غم کو مہمان بناتا ہے کیونکہ بغیر مہمان کے گھر کی آرائش نہیں ہوتی

گرفتہ دامنِ غم میکشم بخانۂ دل ‌ ‌ ‌ کہ جز بہ مہمان آرائشِ سرا نشود[5]

راہِ عشق میں حبیب میں افتادگی پائی جائے تو جذبۂ عروج پر پہنچتا ہے اور افتادگی منزل کی طرف رہبری کرتی ہے بظاہر اس کی حالت پیادہ یا افتادہ شخص کی ہوتی ہے لیکن اس کا تحکم و وقار سوار کی طرح ہوتا ہے ۔

براہ عشق کہ افتادگیست رہبرِ او ‌ ‌ ‌ پیادہ می رود اما سوار می ماند

جو شخص عشق کے سمندر میں محوط ہو جائے تو اسے خائف نہ ہونا چاہیئے کیونکہ یہ بحر آب زندگی کا حامل ہوتا ہے جو شخص اس میں غرق ہو اور کنارے پر پہنچ جاتا ہے اس کی زندگی ختم نہیں ہوتی بلکہ جاوداں ہوتی ہے ۔

محیطِ عشق ہمہ آبِ زندگیست مترس ‌ ‌ ‌ کسی امست غرقہ کہ او بر کنار می ماند

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق : ۱۷۷ ا
[2] کلیاتِ کلیم، ورق : ۲۵ ا
[3] " " " : ۱۲۶ ا
[4] " " " : ۴۰ ب
[5] " " " : ۱۰۰ ب

Marfat.com
Marfat.com

حافظ غمِ عشق کو ایک ہی نہج کے تصے سے تعبیر کرتے ہیں اور تعجب بھی کرتے ہیں جب ہر واقع نامکرر ہوتا ہے ویسے ہی کلیم بھی کبھی احاطۂ عشق میں آجانے والے کو مامون و محفوظ کہتا ہے اور کبھی عشق کی خونریزی سے گھبرا اٹھتا ہے ؎

باوجود خاکساری سخت خونریز است عشق یک حقیقت بیں کہ گاہی گرد و گاہی لشکر است

شاعر دونوں فریق سے وفاداری چاہتا ہے کیونکہ وفاداری اصل ایمان ہوتی ہے۔ حبیب سے کہتا ہے کہ میں تجھے اس روز سردارِ وفاکیشاں تصور کروں گا جب کہ تو راہِ وفا میں سر و سامان نثار کر دے ؎

کلیم آں روز سردارِ وفاکیشاں ترا دانم کہ در راہِ وفائے او نہ سر ماند نہ سامانت[1]

محبوب کی ستم کشی و جفاکاری کے تذکروں سے اکثر شعرار کا کلام مملو ملتا ہے، لیکن کہیں شاذ و نادر رنگِ وفا بھی جھلکتا ہے۔ پھول گلچیں کی چیرہ دستی کی وجہ سے باغ سے رخصت ہو رہا ہے اسوقت اس کے دل میں بلبل کی وفا کا تصور اُبھر آتا ہے اور وہ باغباں سے درخواست کرتا ہے کہ بلبل کے لوٹ آنے تک اس کے آشیانے کی حفاظت کرے ؎

چو گل رفت از چمن با باغباں گفت از وفاداری کہ تا بلبل بباغ آید نگہدار آشیانش را[2]

وارداتِ عشق کو کلیم نے جزئیات کے ساتھ بیان کیا ہے، ہر مرحلہ پہ پیش ہونے والے حالات اس کے دیوان میں ملتے ہیں۔ محبوب، حسین ہے اور اپنے سنگھار اور مشاطگی سے لاپروا لیکن اس سادگی میں بھی وہ پُرکاری ہے کہ بہار کا خون ہوا جا رہا ہے ؎

حسنِ تو باہمہ بے پروائی در پئے خونِ بہار افتادست[3]

"باہمہ بے پروائی" کے ٹکڑے سے بیان میں جو تیکھا پن پیدا ہو گیا ہے یہی نہج لازمۂ تغزل ہے۔

محبوب اپنے آشفتہ حالوں کے گروہ میں داخل بھی کرنا نہیں چاہتا اور وہاں گنجائش بھی نہیں ہے لیکن ایک دفعہ اس نے استفسار کر لیا تھا کہ کون ہے یہی بات حبیب کے لیئے نشاطِ ابدی کا باعث ہو گی ؎

در خیلِ اسیرانِ تو ہر چند نگنجد خرسند کلیم از تو بہ پرسیدنِ نام است[4]

محبوب کی اداؤں سے دل پارہ پارہ ہو گیا، غمِ عشق کے پنہاں کرنے کو جگہ بھی نہ رہی تو حبیب نے اپنی بے بسی کا اظہار کر ہی دیا ؎

ز تیغش چاک شد دل چوں نہاں سازم غمِ او را گریباں پارہ شد گل را کہ پنہاں می کند بو را[5]

حبیب کا "حالِ درہم" شاعر کی نظر میں "آرائشِ [illegible]" اور "مجنوں کا [illegible]" [illegible]

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۰۲ الف
[2] " " ": ۱۱۲ و
[3] " " ": ۱۲۲ ل
[4] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۳۲ ل
[5] " " ": ۱۱۵ و

Marfat.com
Marfat.com

؎ بود آرایشِ معشوق حالِ درہم عاشق   سیہ روزیٔ مجنوں سرمہ باشد چشمِ لیلیٰ را[1]

غالب کی طرح کلیم بھی اپنی ہستی کو "رونقِ عشق و محبت" کا باعث قرار دیتا ہے

کوئے محبوب سے حبیب چلا آرہا ہے خوشیوں کا اژدھام ساتھ ہے قدم لڑکھڑا رہے ہیں اور ہر قدم پر گرا جا رہا ہے اور خیالِ محبوب کی اتنی کشش ہو رہی ہے کہ سامنے کی بجائے رُخ پیچھے کی طرف کئے آگے بڑھ رہا ہے جذبۂ شوق اس کے راستے دیکھنے میں بھی حائل ہے۔ شعر محاکات کے درجہ پر پہنچ گیا ہے ؎

ز کوئیت چوں کلیم آمد چو مستاں ہر قدم افتد   نہ بیند پیش پا بے چارہ چوں رو بر قفا دارد[2]

شاعر سنگ دل محبوب کا نقشہ بھی پیش کرتا ہے کہ آنسوؤں کا خون بہایا ہے کہ سنگِ آستانہ ابھی تک رنگین ہے اور دھوئے سے بھی وہ دُور نہیں ہوتا اور یہ سوچ کر خوش ہوتا ہے کہ شاید مستقبل قریب میں یہی خُون محبوب کو اہلِ وفا کی طرف متوجہ کرے، اور اور وہ اپنے کئے پر پشیمان ہو ؎

خونم کہ از درِ تو بہ شستن نمی رود   خواہد ترا بجانبِ اہلِ وفا کشد[3]

محبوب خط پڑھ کر چاک کر دیتا ہے کوئی جواب نہیں دیتا مگر حبیب اپنے آپ کو یہ کہہ کر تسکین دے لیتا ہے کہ اس کا جواب بس یہی ہونا چاہیے تھا اور محبُوب کی زیادتی کو بھی محبت کے پردے میں چھپا لیتا ہے ؎

جوابِ نامہ ہمیں پارہ کردن است کلیم   مگو کہ قاصدِ من بے جواب می آید[4]

زمانہ کا ستایا ہوا حبیب اس کا متمنی ہے کہ محبوب کی ذرا سی چشمِ عنایت اس پر ہو جائے تاکہ محبوب کی پناہ میں رہ کر روزگار سے انتقام لے سکے ؎

کلیم گوشۂ چشمی ز یار می خواہد   کہ انتقام تواند ز روزگار کشید[5]

حبیب مہ و انجم سے بھی چھپ کر نالہ و زاری میں مشغول ہے لیکن ستم ظریفیٔ قدرت کہ اشکِ رواں رسوائی کا باعث ہو گئے ؎

اشک رسوا کرد مارا ورنہ دل   نالہ را از سینہ پنہاں می کشد[6]

حبیب اپنا خون آپ پوشیدہ پیتا ہے ایک حجاب حسن مانع آتا ہے دوسرے رسوائی کا ڈر ہے لیکن شوخ و بیباک محبُوب کا یہ عالم ہے کہ ساغر بکف محشر اُٹھاتا گذر جاتا ہے ؎

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق: ۲۵ ب
[2] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۲۵ ب
[3] " ، " : ۱۴۵ ب
[4] " ، " : ۱۳۵ ب
[5] " ، " : ۱۳۶ ا
[6] " ، " : ۱۳۰ ا

Marfat.com
Marfat.com

خون، عاشق از حجابِ حسن پنہاں می خورد شوخِ بیباکی کہ ساغر در کفِ کشتہ زند[1]

عاشقِ بیتاب تغافل بھی نہیں کرسکتا، کیونکہ تشنہ پانی سے قطع نظر کرنا خلافِ فطرت امر ہے ؎

کی تغافل میتواند عاشقِ بیتاب کرد چوں تواں با تشنگی قطع نظر از آب کرد[2]

مکتوبِ محبوب کو شرحِ دردِ دل سے آشناگراں کرنا چاہتا ہے کہ سیلاب بھی نامہ بری کرے تب بھی وہ نہ لے جاسکے ؎

مکتوب راز دردِ دلِ او گراں کنم گر سیل نامہ بر شود آں را نمی برد[3]

کشتگانِ عشق جو قربان گاہ پر اپنی زندگیوں کی بھینٹ چڑھا چکے ہیں کسی شخص میں اتنی ہمت نہیں ہوتی کہ ان شہیدوں کو اٹھا سکے یا اس کی ضرورت ہی نہیں ہوتی کہ تجہیز و تکفین ہو بلکہ سیلابِ خوں خود انہیں میدان سے بہالے جاتا ہے اور دنیا اس زحمتِ بیجا سے بچ رہتی ہے ؎

برندارد کس شہیداں راز قرباں گاہِ عشق کشتہ را سیلابِ خوں ایں جا ز میداں می برد[4]

آسمان کے بے جا کرم یعنی ظلم کو تجاہلِ عارفانہ کے پردے میں بیان کرتا ہے کہ وہ تشنہ لب مستحقین کو تو قطرہ قطرہ حساب کرکے بخشتا ہے لیکن عاشقوں کو بے حساب اشک عنایت کرتا ہے ایسے لگتا ہے کہ ساری سخاوت یہیں آگئی ہے پتہ نہیں کہ اس عنایت میں کونسا راز پنہاں ہے ؟ ؎

فلک بہ تشنہ لباں قطرہ را شمردہ دہد بعاشقان کرم اشک بے حساب چرا ست[5]

تمنا ہے کہ محبوب پہلو میں ہو وہ وقت یقیناً خوش قسمتی و بیدار بختی کا ہوگا۔ وہ عشق جس میں حسیات و لذات نہ ہو افلاطونی عشق ہوکر رہ جاتا ہے لیکن ابتذال کی حد تک عیش پرستی پاکیزگی عشق کو مجروح و ناپاک کردیتی ہے ؎

کلیم بخت تو آں گاہ می شود بیدار کہ یار سر بہ کنارت نہادہ خواب کند[6]

غمِ حیاتِ عشاق کا جزو لاینفک ہوجاتا ہے مرنے کے بعد بھی اس سے غم وابستہ رہتا ہے شاعر کہتا ہے کہ قیامت تک تو خار غم جانِ عاشق سے وابستہ نہیں رہ سکتا، اگر زندگی میں دل سے نہیں نکل سکا تو نہ نکلے مرنے کے بعد خاکِ مزار سے ضرور نکل آئیگا ؎

تاقیامت خارِ غم در جاں نمی ماند کلیم گر ز دل بیروں نمی آید، بر آید از گلم[7]

معاملہ بندی کی ابتدا سعدیؒ، خسروؒ کے عہد میں ہوئی تھی ۔ حبیب و محبوب کے درمیان جو واردات عشق ... کیفیات عشق گزرتی ہیں وہ معاملہ بندی کہلاتی ہے ۔ ہر شاعر کے پاس کچھ نہ کچھ اشعار مل جاتے ہیں کلیم کے پاس بھی چند شعر ہیں اور اکثر

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق : ۱۳۱ ب
[2] ″ ″ ، ″ : ۱۴۲ ب
[3] ″ ″ ، ″ : ۱۳۶ الف
[4] ″ ″ ، ″ : ۲۰۲ ب
[5] کلیاتِ کلیم، ورق : ۱۳۱ ب
[6] ″ ″ ، ″ : ۱۴۵ ب
[7] ″ ″ ، ″ : ۱۴۶ الف

Marfat.com
Marfat.com

جاندار ہیں۔

بزمِ محبوب میں حبیب بیٹھا ہوا ہے۔ احباب کا ہجوم ہے، ہر ایک کی نظر نگاہِ حبیب پر لگی ہوئی ہے، باوجود ضبط کے محبوب سے نظریں دوچار ہو ہی جاتی ہیں۔ دل بہک رہا ہے، عقل روک رہی ہے کہ جب تو خود ہی ضبطِ نگہ نہیں کرسکتا تو احباب کو رسوائی سے کیسے منع کرسکتا ہے ؎

توکہ ضبطِ نگہِ خود نتوانی کردن　　منع رسوائی احباب چرا باید کرد[۱]

حبیبؔ محبوب کی ادا فہمی پر مرا جاتا ہے، کہتا ہے کہ قربان جاؤں اُن ادا فہم آنکھوں کے کہ جو بات ابھی دل سے زبان پر بھی نہ آئی تھی کہ محبوب تاڑ گیا ؎

ہلاکِ چشمِ ادا فہمیم کہ دریابد　　ہر آں سخن کہ ز دل بر زباں نمی آید[۲]

عرفیؔ نے اسی کیفیت کو بیان کیا ہے مگر بے پناہ ندرت ولطفِ زبان کے ساتھ ؎

نہ گفت ومن بشنودم ہر آنچہ گفتن داشت　　کہ در بیاں نکشِ کرد بر زباں تقدیم
زبان چو نوبتِ خود از نگاہ باز گرفت　　فتاد سامعہ در موجِ کوثر و تسنیم

لعلِ لبِ اُو نگینِ تنگ است　　افسوس کہ جائے نامِ من نیست[۳]

دہنِ تنگ لوازمۂ حسن میں شمار ہوتا ہے۔ کلیمؔ نے لبِ محبوب کو لعل سے تشبیہ دی ہے۔ کہتا ہے محبوب کا لبِ لعلیں ایک تنگ نگینہ ہے افسوس ہے کہ بوجہ تنگی اس نگینے پر میرے نام کی جگہ نہیں ہے۔

محبوب کے بھُول جانے اور بھولے سے بھی اپنا نام لب پر نہ لانے کا شکوہ جس پیرایہ میں کیا ہے وہ بہترین اسلوبِ بیان ہے اور شعرِ تغزل کی جان ہے ؎

بارے ز دستِ بوس مکن منع ما اگر　　تنگ است جائے بوسہ بکنجِ دہانِ تو[۴]

حبیب اپنی تمنا کو ادب ملحوظ رکھتے ہوئے بھی اظہار سے باز نہ رہ سکا۔ کہتا ہے کہ دہانِ تنگ پر اگر بوسہ کے لیے جگہ تنگ ہو تو دست بوسی سے تو منع نہ کر۔

محبوب کی پوشیدہ نگاہ حبیب کے لیے پیمانۂ محبت تھی مگر پلانے والے کا پنہاں طور پر پلانا اظہارِ مستی کو چھپا نہ سکا اس لیے کلیمؔ کہہ رہا ہے کہ تیری چھپی ہوئی نظر سے میں عالم میں رسوا ہوں۔ پنہاں می خواری کے باوجود مستی شرابِ محبت محجوب نہ رہ سکی ؎

می را نہفتہ خوردم و مستی نہاں نماند　　رسوائے عالمم ز نگاہِ نہانِ تو[۵]

---

[۱] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۳۸ ب　　[۲] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۳۸ ا
[۳] 〃 〃 〃: ۱۲۵ ب　　[۴] 〃 〃 〃: ۲۰۸ ا
[۵] 〃 〃 〃: ۲۰۸ ب

Marfat.com
Marfat.com

محبوب نے اپنی خمار آلود و ہوش ربا نظروں سے دیکھا کہ حبیب کے ہوش اُڑ گئے تاب نظر نہ رہی ۔ محبوب سے التجا کرنی شروع کر دی کہ اپنے عاشقِ زار پر رحم کر اور اپنی نظر کا رُخ بدل ڈال کہ اس سے زیادہ کی اس میں برداشت نہیں ؎

زخم از ہوش مکن مستم ازیں بیش کلیم ۔ چشم بردار ازاں چشم کہ از کار شدم[1]

سودا پر بھی شاید ایسی ہی کیفیت طاری ہوئی ہوگی ، کوئی ایسا ہی نازک لمحہ آیا ہوگا ، اسی لیے ان کے قلم سے بے اختیار نکل گیا ؎

کیفیتِ چشم اس کی مجھے یاد ہے سودا ۔ ساغر کو مرے ہاتھ سے لینا کہ چلا میں

خلوتوں کی تنہائیاں ، قربِ محبوب ، کوئی رقیب پاس نہیں کہ مداخلت کرے ۔ سینکڑوں جلوے رُوبرو ، سامانِ عیش مُہیا لیکن رعبِ حُسن کا یہ عالم کہ زباں گنگ ، ہوش پراگندہ ، قلب کی دھڑکن ، ہاتھ کی لرزش اجازت ہی نہیں دیتی کہ حرکت ہو بے بس حبیب سوچنے لگتا ہے کہ اس لین دین سے کیا فائدہ کہ تنہائی میں محبوب نے شرفِ قرب تو بخشا لیکن قوتِ گفتار چھین لی بات ہی زبان سے نہیں نکلتی تو عرضِ حال کیونکر ہو ؎

سودِ ایں داد و ستد چیست کہ در خلوتِ قرب ۔ فرصتِ حرف دہد قوتِ گفتار برد[2]

تا چشمِ تو دیدیم ز دل دست کشیدیم ۔ ما طاقتِ تیمار دو بیمار نداریم[3]

محبوب کی آنکھ کو بیمار کہا جاتا ہے کلیم نے اس سے استفادہ کیا ہے ، کہتا ہے کہ جب سے حبیب نے محبوب کی چشمِ بیمار دیکھی ہے اپنے دل سے دستبردار ہوگیا ہے کیونکہ دو بیماروں کی تیمارداری کی طاقت نہیں رکھتا ۔

دل محبوب کے دام میں گرفتار ہو کر ہاتھوں سے جا چکا ہے اور اس کے ماتم میں حبیب کے ہاتھ سر پر ہیں ، فریاد کر رہا ہے کہ عشق کے ہاتھوں ، اپنے ہاتھ اور دل دونوں اپنی جگہ پر نہیں ہیں ، الفاظ کی بندش قابلِ داد ہے ؎

دلم بدستِ تو ، دستم بہ سر ز ماتمِ دل ۔ فغاں کہ دست و دل خود بجا نمی بینم[4]

محبوب کے رات دن ساتھ رہتے ہوئے بھی گریزاں رہنے کی جو تشبیہہ دی ہے وہ کلیم کے تخیل کی معراج ہے اس تشبیہہ حسّی میں جو لطافت ہے اس کو الفاظ کا جامہ پہنانا دشوار ہے اربابِ ذوق ہی اس سے لُطف اندوز ہو سکتے ہیں ؎

بامن آمیزشِ اُو الفتِ موج است و کنار ۔ روز و شب با من و پیوستہ گریزاں[5]

بہ تکلم ، بہ خموشی ، بہ تبسم ، بہ نگاہ ۔ می تواں بردبہ ہر شیوہ دل

محبوب کا سراپا ، ناز و انداز ، متانت و وقارِ حُسن ، ادائے دلبری ، فن دلستانی اور ایسے طریقہ سے کہ اے فن شریف

---

[1] کلیاتِ کلیم ، ورق : ۱۹۹ و

[2] " " " : ۱۹۰ ب

[3] " " " : ۲۰۱ و

[4] کلیاتِ کلیم ، ورق : ۱۵۵ ب

[5] " " " : ۲۰۱ و

Marfat.com
Marfat.com

بھی کہا جا سکتا ہے جس خوبی سے اس شعر میں سمویا ہے اس کے اظہار سے قلم قاصر ہے۔

غمزۂ محبوب کا مضمون بے حد پامال ہو چکا ہے اور ہر شاعر نے اپنی بضاعت کے مطابق محبوب کو "دعوتِ غمزہ" دی ہے۔ کلیم کہتا ہے کہ محبوب "بے برگ و نوا عاشق" ہی سے غمزہ کرے اس لیئے کہ وقت پڑنے پر دین و دل آسانی سے نثار ہو سکتے ہیں ؎

غمزۂ عاشقِ بے برگ و نوا خواھد ساخت سروساماں چو نباشد دل و دیں خواھد برد[1]

مگر ساتھ ہی وہ یہ بھی کہہ دیتا ہے کہ زر کے سامنے محبت، فرض، خلوص، ہر چیز بے اثر ہو جاتی ہے۔ جیب اگر بختِ سکندر بھی رکھتا ہے تب بھی اس کی مفلسی دیوار بن کر حایل ہو جاتی ہے ؎

دامنش سدِ سکندر بود وصل شود عاشقِ بے زر اگر بختِ سکندر دارد[2]

قدرِ عنا کی تعریف میں یوں تو ہر شاعر نے خامہ فرسائی کی ہے مگر کلیم نے اس زمانہ کی اعزاداری کے طریقہ کو بھی اس میں بیان کیا ہے اس لیئے شعر کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔ کہتا ہے کہ اس قدرِ رعنا کے شہید نے اپنے ہمدم کو یہ وصیت کی کہ نخلِ ماتم پر (آرائشِ مروجہ کے سوا) ایک نیزہ بھی (جو طول میں قامتِ محبوب کے برابر ہو) باندھ دیا جائے تا عزاداری میں رونے والے یہ سمجھ سکیں کہ صاحبِ تابوت کسی کے قدرِ عنا کا شہید ہے ؎

شہید آں قدرِ عنا وصیت کردہ ہمدم را کہ بندد نیزہ بالا در عزایش نخلِ ماتم را[3]

ایران میں یہ رواج تھا کہ عزاداری کے لیئے مُردوں کے تابُوت کو بیلوں اور پھولوں سے آراستہ کیا جاتا، اس آرایش کو اصطلاحاً "نخلِ ماتم" اور "نخلِ تابوت" بھی کہتے ہیں۔ ملا شانی تکلو کا شعر بطور سند پیش کیا جاتا ہے ؎

کشتۂ عشقم و آں نیست کہ در شہر کسے نخلِ تابُوتِ مرا بیند و شیون نکند

محبوب کی شوخی اور بے قراری کو بڑے حسین انداز میں قلمبند کیا ہے۔ کہتا ہے کہ تیری شوخی کا یہ عالم ہے کہ تجھے کسی جگہ قرار ہی نہیں لیکن جس کسی کے دل میں تُو نے جگہ پائی پھر وہاں سے باہر نکل نہ سکا ؎

زشوخی ارچہ بیک جا قرار نیست ترا بروں نمی روی از خاطری کہ جا کردی

کلیم نے جہاں محبوب کا سراپا بیان کیا ہے، کیفیات و وارداتِ عشق پر سیر حاصل معلومات بہم پہنچائے ہیں وہیں محبوب کی عمر کے متعلق بھی ایک نظریہ پیش کیا ہے۔ جاگیرداری نظام میں ہر شئے ملکیت ہوتی تھی حتیٰ کہ عورت بھی اور اس پر حکومت کرنا شانِ مردانگی تصور کی جاتی تھی۔ چنانچہ شاعر کہتا ہے کہ محبوب کا خورد سال ہونا بہتر ہے کیونکہ اسی عمر میں وہ قید ضبط میں آسکتا ہے ورنہ ہوش و عقل والے محبوب پر حکمرانی کے داؤ نہیں چل سکتے وہ قابُو سے باہر ہو جاتا ہے۔

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق: ۴۵ ا
[2] ؍؍ ؍؍ ، ؍؍ : ۱۲۷ ا
[3] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۳۲ ا

Marfat.com
Marfat.com

معشوقِ خورد سال درآید بہ قیدِ ضبط — سروے کہ قد کشیدہ زبستاں برآمدہ

کلیم اپنے سماج کی انفرادی و اجتماعی زندگی میں عشق کی آسودگی چاہتا اور حُسن کی تلاش کرتا ہے۔ جذبہ محبت ہی انسان کو اخلاقی و رُوحانی حیثیت سے مسرت و نشاط بخشتا ہے اور ان کے تعلقات، خوش اخلاقی ہی کی وجہ سے راحت رساں ہوتے ہیں۔ انسانی رفاقت کو مستحکم کرتے ہیں۔ تارک الدنیا صوفی، لالچی علما، سخت گیر حکام اور بخیل رؤسا جو سخت گیری سے عوام کو قابو میں کرنا چاہتے ہیں اور انسانی خوشیوں پر پابندیاں عائد کرتے ہیں کلیم انہیں تمثیلی انداز میں روکتا ہے ؎

دنیا ز سخت گیری ہرگز بکس نیاید — ہر چند نیشتری مشت رنگ خنا نماند[1]

تلخ کامی سے سادہ لوح انسانوں کے دلوں کے توڑنے والے نقاد کو شیریں سخنی کی تلقین کرتا ہے اور احسان کرکے جتانے والے ممسک امراء کو پنکھے کی بے غرض خدمت کا واسطہ دیتا ہے ؎

مکن از تلخ کامی شکوہ گو شیریں سخن باشی — بہ عریانی بساز ار باہنر ہم پیرہن باشی
بخلق احسان کن و چشم از تلافی پوشش می باید — بکس راحت رسانی بے عوض چوں بادزن باشی[2]

جابر و سخت دل حکام کو اپنے قادرِ مطلق کے سامنے اپنی ناتوانی کا احساس دلا کر ناتوانوں کی تحقیر سے روکتا ہے اور دوسرے مصرعہ سے تو اس بات کا اظہار ہوتا ہے کہ محبت کے ایک رشتہ سے ان ناتوانوں میں بھی وہ قوت پیدا ہو سکتی ہے کہ گلدستہ کی طرح متحد ہو جائیں تو ممکن ہے کہ تیری ناتوان ہستی کا شیرازہ بکھیر دیں ؎

ناتوانی، ناتواناں را بچشم کم مبیں — یاری یک رشتہ جمعیت دہد گلدستہ را[3]

نوجوان امراء و بالا دست اہلِ دول کو نصیحت کرتا ہے کہ عالمِ شباب میں جب تک تمہارے ہاتھ پیر کام کرنے کے قابل ہوں کمزوروں اور عاجزوں کی مدد کرو تاکہ عہدِ پیری میں عصا کے محتاج نہ رہو ؎

زپا افتادگان را در جوانی دستگیری کن — بہ پیری گر نمی خواہی کہ محتاجِ عصا گردی[4]

ملت کو مختلف حصّوں میں منقسم کرنے والے مذہبی ٹھیکیداروں کو یاد دلاتا ہے کہ ہر فرقے کے نشان ہزار جدا ہوں قبلہ تو ایک ہی ہے پھر کیوں اپنی وحدت، اتحاد، مودت و رفاقت کے رشتوں کو بیکار کے اختلاف سے توڑتے ہو۔ امن و امان کی فضا کو کیوں منغص کرتے ہو ؎

گر نشان بے باشد نیست غیر یک مقصد — قبلہ جز یکے نبود گرچہ از محراب است[5]

---

[1] کلیات کلیم، ورق: ۱۳۵ الف
[2] " " ، " : ۲۰ ب
[3] " " ، " : ۱۳۶ ب
[4] کلیات کلیم، ورق: ۲۱۰ ب
[5] " " ، " : ۲۱۱ الف

Marfat.com
Marfat.com

حضرت صفی اورنگ آبادی نے اس خیال کو ایک دوسرے انداز میں پیش کیا ہے ؎

منزل پہ جب پہنچ گئے ہم اور شیخ جی　　آپس میں اختلافِ مسائل نہیں رہا

کلیم انسان کو سماج کا ایک ایسا فرد بنانا چاہتا ہے جس میں خود اعتمادی ہو، محبت، ربط کے باہمی رشتے استوار کرنے کی صلاحیتیں ہوں جو ہوش و حواس، عقل و احساسات کو یکجا کر کے کشمکشِ حیات سے عظمتِ کردار حاصل کرے ورنہ معاشرے کو نقصان پہنچاتے ہوئے رہنے سے تو بہتر ہے کہ وہ ترکِ معاشرہ کر دے تاکہ قوم کے لیئے باردوش نہ ہو جائے ؎

طبع بہم رساں کہ بسازی بہ عالمے　　یا ہمتی کہ از سرِ عالم تواں گذشت [۱]

معاشرے کے اخلاقی اقدار کو برقرار رکھنے کے لیئے ہر اچھائی کو اپنانا ایماندار آدمی کا فرض ہے۔ گناہ کا احساس ہوتے ہی بارگاہِ ایزدی میں اعترافِ گناہ کرنا اور آئندہ کے لیئے احتیاط کرنے کے عہد کو توبہ کہا جاتا ہے۔ اس عہد میں استحکام و استواری کی شرط ضروری ہوتی ہے لیکن ریاکار زاہد جب خلوتوں میں جاتے ہیں تو توبہ آسانی سے ٹوٹ جاتی ہے۔ جس عہد کو پتھر سے زیادہ مضبوط تصور کیا جاتا ہے وہ جامِ زجاجی کے شیشوں سے ٹکرا کر ٹوٹ جاتا ہے مگر کلیم کو ایسے موقع پر کشاکش لاحق ہوتی ہے کیونکہ دل شکنی سب سے بڑا گناہ ہے ایسے وقت میں جبکہ فصلِ گل کی معطر ہوائیں چل رہی ہوں، شباب اپنے بہار پر ہو، دوستوں کا جمگھٹا ہو تو میکدہ کے اس ہجوم میں تنہائیاں تو نہیں ہوتیں کہ "پنہاں" توبہ توڑ دی جائے سب کی نظریں تائب پر لگی رہتی ہیں۔ توبہ شکنی نہ ہو تو دوستوں کی دل شکنی ہوتی ہے اور خاطرِ حبیب ملحوظ ہو تو طعنہ زنوں کا خوف، اللہ سے زیادہ بندوں کی نکتہ چینی افراد کو مجبور کیئے رہتی ہے شاعر گومگو کے عالم میں ہے کہ توبہ توڑے تو مخالفتوں کی بھرمار اور نہ توڑے تو دوستوں کی دل شکنی، اس احساسِ کشمکش کو کس قدر خوبصورتی سے اس رباعی میں سمویا ہے؛ ؎

گویند کلیم توبہ آساں شکند　　در میکدہ آنگاہ نہ پنہاں شکند
فصلِ گل و خون گرم و حریفان بسیار　　تا توبہ بود خاطرِ یاراں شکند [۲]

حدیثِ شریف ہے "مدح کرنے والوں کے منہ میں خاک جھونکو"۔ تحسین و ستایش سے عجب و خود بینی کے پیدا ہونے کا قوی امکان رہتا ہے۔ جس شخص کے کردار میں استقامت ہوتی ہے وہ اپنی تعریف سے کبھی خوش نہیں ہوتا۔ خود پسند شخص اپنی بے وقوفی کی وجہ سے اپنی تعریف آپ کرنے سے بھی گریز نہیں کرتا ؎

خود شکن را خوش نیاید مدحِ خویش از دیگراں　　خود پسند از ابلہی خود می کند تحسینِ خویش [۳]

دنیا اہلِ زر کی پرستش کرتی ہے اور ان کے نزدیک کسبِ کمال کا واحد ذریعہ زر و دولت ہوتا ہے اور اس شخص کو وہ علامہ سمجھتے ہیں جو صاحبِ زر ہو، اس خیال کو بھرپور طنز کے ساتھ رقم کیا ہے ؎

۱؎ کلیاتِ کلیم، ورق : ۱۲۵ ا　　۲؎ کلیاتِ کلیم، ورق : ۱۴۰ ب
۳؎ 〃 〃 : ۱۶۵ ب

Marfat.com
Marfat.com

کسبِ کمالِ اہلِ جہاں کسبِ زر بُود　　علامہ آں بود کہ زرش بیشتر بود[1]

نخوت پرست حکام و اہلِ اقتدار کو تنبیہاً کہتا ہے کہ حالات کے ہاتھوں ستائے ہوئے بے کسوں اور بے سہاروں کو چشمِ حقارت سے مت دیکھ کہ جب وہ سر بلند ہوتے ہیں تو دل آسمان کا غبار ہو جاتے ہیں ان کے بے بس ہاتھوں میں جب توانائی آتی ہے تو کاخِ جم و کسریٰ کو ہلا دیتے ہیں ؎

افتادہ را بچشمِ حقارت مبیں کہ خاک　　گر سر کشد غبارِ دلِ آسماں شود[2]

جب سے معاشرے میں اونچ نیچ کا فرق، رنگ و نسل میں امتیاز، حسب و نسب کی تفریق کا احساس پیدا ہوا ہے لوگ اس مذموم روایت کے شکار ہو گئے ہیں۔ زمانۂ جاہلیت میں تو اس کا بڑا زور تھا۔ عرب اپنی نسب و نسل پر فخر و ناز کرنا فرضِ اوّلین سمجھتے تھے۔ اسلام کا کاری وار اس رگِ گردن پر پڑا اور بزرگی کا معیار نسب و نسل نہیں بلکہ تقویٰ قرار دیا گیا۔ اس لیے شاعر اپنے کلام کو اپنی اولاد قرار دیتا ہے اور ان پر نازاں ہے۔ اسلاف پر فخر کرنے والے بے وقوفوں سے اپنے آپ کو ممیز کرتا ہے ؎

فرزند ماست شعر و بداں فخر می کنیم　　زاں ابلہاں نہ ایم کہ فخر از پدر کنند[3]

سماج اور خاندان میں باعزت رہنا ہی انسانی زندگی کی معراج ہے۔ غیر کے سہارے سے جنت بھی ملے تو سعدی علیہ الرحمہ اس سے تو جہنم میں جانے کو ترجیح دیتے ہیں، کلیم کہتا ہے کہ مخلوق کی روٹی توڑنے سے حرمت ختم ہو جاتی ہے بے عزتی بار آور ہوتی ہے وہ جس جگہ مہمان بنتا ہے عزت طفیلی ہو جاتی ہے بالفاظِ دیگر عزت و آبرو باقی نہیں رہتی ؎

کسرِ حرمت بار می آرد شکستن نانِ خلق　　عزتم گردد طفیلی ہر کجا مہمان شدم[4]

ہر عہد اور ہر سماج اس کا شاہد ہے کہ ریاکار زاہد و فقیہہ ہمیشہ اپنی عبادت اور نام نہاد زہد و ریاضت پہ نازاں رہتے ہیں دوسروں پر نکتہ چینی کرتے ہیں لیکن کلیم کو زاہد کی اطاعت میں بھی "وصالِ حور" کی تمنائیں جھلکتی نظر آتی ہیں۔ بے لوث عبادت وہ کرتے ہی نہیں اس لیے حور و قصور کی یہ تمنائیں لی ہوئی اطاعت جس میں مئے و انگبیں کی لاگ ہوتی ہے اسے آہِ بوالہوس کی طرح نارسا کہہ کر طنز کرتا ہے ؎

طاعتِ زاہد چو آہِ بوالہوس بالا نرفت　　زانکہ معراجِ امید او وصال[5]

شیخ جو بظاہر مسواک رگڑتا ہے شاعر کا خیال ہے کہ وہ یہ عمل حرص و طمع کے دانت تیز کرنے کے لیے کرتا ہے ورنہ اسے

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۴۳ الف　　[2] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۶۵ ب

[3] 〃 〃 〃 : ۱۶۵ الف　　[4] 〃 〃 〃 : ۱۹۸ ب

[5] 〃 〃 〃 : ۱۵۲ الف

Marfat.com
Marfat.com

سنت کی پیروی مقصود نہیں اور اس پر مزید یہ کہ تسبیح بھی ہاتھ میں لٹکائے پھرتا ہے جو مکر کے بیج بوتے ہیں جس سے سادہ لوح عوام کو دھوکہ ہوتا ہے کیونکہ بقول اقبال "سلطانی بھی عیاری ہے درویشی بھی عیاری ہے"

شیخ از مسواک دندانِ طمع را تیز کرد سبحہ را ہم بہرِ تخم شیدِ دست آویز کرد [۱]

شیخ کے مکر و فریب پر سے ایک اور جگہ پردہ اُٹھاتا ہے کہ شیخ مکر و زرق کا خرقہ پہنے حرم میں جانے والوں کی رہبری کے بجائے رہزنی کرتا ہے تو کوئی اُس پر اعتراض نہیں کرتے اور میں رند مشرب آدمی جب میخانہ میں ساغر بکف نظر آتا ہوں تو بدنام ہوتا ہوں حالانکہ یہ میرا ذاتی عمل ہے اور شیخ جی تو سماج کی بنیادیں ہلا دیتے ہیں تب بھی قابلِ ستائش ہیں ۔ یہ رسم و رواجِ دنیا ہے اور یہ اقتدار و مذہب کا گٹھ جوڑ ہے

در لباسِ شید زاہد در حرم رہ می زند من درین میخانہ بدنامم کہ ساغر می زنم [۲]

شیخ دنیاداری میں پڑ کر خدا سے دور جا پڑا جس کی وجہ سے رشتۂ عبد و معبود گم ہو گیا ۔ شاعر اس کا مذاق اڑاتا ہے اور ساتھ ہی مشورہ دیتا ہے کہ اے شیخ محبوب کے زلفِ پاکیزہ سے ایک تار لیکر ایمان کی گردن میں باندھ دو تاکہ اس کے وسیلہ سے وہ رشتۂ گم گشتہ مل جائے ورنہ تمہاری عبادت و ریاضت میں تو اتنا جذب و اثر نہیں کو معبودِ حقیقی تک پہنچ سکے

تاری ز زلفِ آں صنم در گردنِ ایمان فگن اے شیخ تا پیدا کنی سر رشتۂ گم کردہ را [۳]

زاہد اپنے "عیشِ پنہاں" کی وجہ سے بے سرمایہ و مفلس ہو گیا ہے بظاہر مستغنی نظر آتا ہے لیکن اپنی خواہشات کی تکمیل کے لیے اس نے دین و ایمان کو سینکڑوں جگہ رہن کر دیا ہے ۔ دین بھی وہ جو دُنیا دار اہلِ حکم کے اشاروں پر چلتا ہے اور ایمان وہ جو ان کی شیطانی حرکات کے موافق ڈھلتا رہتا ہے ۔ "دینِ بدنیا دادہ" اور "ایمانِ شیطان بردہ" کی ترکیب نے معنی استہزا کو موثر اور شدید بنا دیا ہے

زاہد ز بی سرمایگی کردہ است در صد جا گرو دینِ بدنیا دادہ را ، ایمانِ شیطان بردہ را [۴]

زاہد کی پاکیزگی پر اس کو بھروسہ نہیں، وہ شراب سے منہ دھلوانا چاہتا ہے تاکہ شیخ اس کا نام لینے کے قابل ہو، اور طہارت کی منزل میں آئے

زاہد نبرد نام کلیم این ادبش بس اول اگر از بادہ نشست است دہن را [۵]

تارک الدنیا زاہد خود دوسروں کو بھی ترکِ دنیا و علائق کی تعلیم دیتے ہیں ، دنیا کی ساری خوشیوں کو خواہ مخواہ

---

[۱] کلیاتِ کلیم ، ورق : ۱۴۴ ب
[۲] " " : ۲۹ الف
[۳] " " : ۲۷ ب
[۴] کلیاتِ کلیم ، ورق : ۱۹۷ الف
[۵] " " : ۲۹ ب

Marfat.com
Marfat.com

اپنے اُوپر حرام کرکے اس کا نام "مجاہدہ" رکھتے ہیں۔ خود بھی نعمت ہائے خداوندی سے تمتع حاصل نہیں کرتے اور معمولی خوشیوں پر خوش ہونے والے عوام کو بھی اس سے محروم کرنا چاہتے ہیں۔ کلیم ان سے پُوچھتا ہے کہ بغیر دیکھے بھالے جب راستہ نہیں چل سکتے تو دنیا سے آنکھیں بند کر کے اس سے کس طرح گزر کر سکیں گے، خوب معنی آفرینی کی ہے ؎

بے دیدہ راہ گر نتواں رفت پس چرا — چشم از جہاں چو بستی ازو می تواں گذشت[۱]

صوفیا تجرد کی تعلیم دیتے ہیں شاعر ان کے نظریۂ تجرد پر معترض ہے کہ انسان تو انسان ہی ہے جس کے لیے یہ ساری کائنات سرگرم ہے۔ ہنگامے جاری و ساری ہیں۔ عنقا کا تجرد بھی ہمارے پاس مکمل نہیں کیونکہ وہ جانور معدوم الجسم ضرور ہے مگر معروف الاسم تو ہے گو وہ نشان سے گزر چکا ہے اس کا مقام ٹھکانہ کچھ بھی معلوم نہیں لیکن نام کی قید میں ہے۔ نشان کی طرح اگر نام بھی کالعدم ہوتا تو ہم اس کے تجرد کو کامل سمجھتے۔ ایسے حالات میں انسان کا تجرد جو جسم و جان کے ساتھ اس کائنات میں موجود ہے کیسے کامل ہو سکتا ہے ؎

در کیشِ ما تجردِ عنقا تمام نیست — در قیدِ نام ماند اگر از نشاں گذشت[۲]

زاہد خود بین میں تو اپنے عیب دیکھنے کی توفیق بھی نہیں ہوتی صرف اپنے زہد و تقویٰ پر نازاں ہوتا ہے شاعر اسے ایک اخلاقی نکتہ سمجھاتا ہے کہ اپنے عیوب کو دیکھنے اور سمجھنے کی توفیق جس کو نصیب ہوتی ہے وہ اپنے آپ کو ان عیوب سے پاک کرنے کی کوشش کرتا ہے اور اس کی رُوحانی عظمت اتنی بڑھ جاتی ہے کہ اس کے مرنے کے بعد کور باطن بھی اس کے مزار کی زیارت سے اہلِ نظر ہو جاتے ہیں۔ نام نہاد تقویٰ کے دعوؤں سے کچھ حاصل نہیں ہوتا، انسان کے لیے شدید غرض خواہ دنیاوی ہو یا سچی دوسروں کی عیب جوئی کرنے کے بجائے اپنا احتساب کرنا بہتر ہوتا ہے کیونکہ غیر کا احتساب اپنی بہ نسبت زیادہ دشوار ہوتا ہے ؎

ہر کرا توفیقِ عیب خویش بینی دادہ اند
بعد مُردن بر مزارش کور بینا می شود[۳]

---

۱ کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۷۲ ا
۲ ،، ،، ،، : ۱۷۴ ب
۳ کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۷۳ ا

Marfat.com
Marfat.com

تمثیلی شاعری

تمثیلی شاعری کا سہرا ناقدین صائب کے سر باندھتے ہیں۔ حالانکہ یہ صنف متقدمین کے ہاں خال خال پائی جاتی ہے۔ چنانچہ سعدیؒ، خسروؒ وغیرہ کے پاس تمثیلی شاعری کے چیدہ، چیدہ اشعار دستیاب ہوتے ہیں۔ کلیم صائب و سلیم نے اس کو ایک مستقل صنف کی شکل میں فروغ دیا۔ کلام صائب اس لیئے منصۂ شہود پر ظہور پذیر ہو کر جگمگا اٹھا کہ وہ زبان زدِ خلایق ہو گیا ہے۔ کلیم نے اس صنف کے جسد میں نئی رُوح پھونکی اور اس کو عُروج پر پہنچایا۔ اشعارِ کلیم کا معتدبہ حصہ تمثیلی شاعری سے مملُو ہے۔

ہر شخص آپ مختار ہے، کسی پر نکتہ چینی کرنے، معترض ہونے کے لیئے معقول اسباب ہونا چاہیئے۔ ہر شخص نہ قاضی ہوتا ہے نہ فقیہہ کہ بے جا مداخلت کا حق اسے مل سکے۔ کلیم کہتا ہے کہ بیجا مداخلت سے بجز شرمندگی و پشیمانی کے کچھ حاصل نہیں ہوتا کیونکہ تیر انداز اگر ٹیڑھا تیر چلائے تو ظاہر ہے اس کی نشان اندازی پر حرف آئے گا ؎

دخلِ بیجا ندہد غیر خجالت اثری　　تیرِ کج باعثِ رسوائی تیر انداز است[۱]

جب برتن خالی ہوتا ہے تو بجتا رہتا ہے لیکن بھرا ہوا ہو تو خاموش ہوتا ہے۔ اسی طرح دلِ پُر درد سے شکوے کم نکلتے ہیں کیونکہ درد جتنا شدید ہوگا، ضبط جتنا زیادہ ہوگا آہیں کم ہی نکلیں گی۔ اس خیال کو تمثیل سے واضح کیا ہے ؎

جام چُوں لبریز شد دیگر نمی دارد صدا　　با دلِ پُر درد حرفِ شکوہ کمتر می زنم[۲]

محبُوب کے پہلو سے چلے جانے کے بعد شاعر اپنے آپ کو لوگوں کی نظروں میں خوار محسوس کرتا ہے اس کی تمثیل نہایت اچھوتے طریقے سے دی ہے ؎

تا تو رفتی زکنارم بہ نظر ہا خوارم　　بشکند قیمتِ خاتم چو نگین برخیزد[۳]

گریۂ بے اختیار کو "طفلِ شوخ طبع" قرار دیتا ہے جو ہمیشہ گھر سے نکل بھاگتا ہے ؎

در دیدہ و دلم نبود اشک را قرار　　طفلی کہ شوخ طبع بود خانہ دشمن است[۴]

---

۱ کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۶۵ ا
۲ ،، ، ،، : ۲۳۱ ا
۳ کلیاتِ کلیم، ورق: ۲۶۶ ا
۴ ،، ، ،، : ۱۸۹ ب

Marfat.com
Marfat.com

بلاہم پا بیفشارد چو پیش سخت جاں آید   کہ پیکاں بر نیاید زود چوں بر استخواں آید[1]

اذیت پسندوں، بلاکشوں پر جب مصائب پڑتے ہیں تو جلد دفع نہیں ہوتے کیونکہ قوتِ برداشت وظرف کے لحاظ سے ہر چیز ملتی ہے۔ جسطرح ہڈی میں تیر چبھ جائے تو جلد نہیں نکلتا اسی طرح سخت جان سے بلائیں نہیں چھوٹتیں۔ کتنی جاندار تمثیل دی ہے۔

ہر چیز کا ایک محل اور مقام ہوتا ہے چاہے وہ اچھی رہے یا بُری۔ اس لیئے ظلم کی تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے — "وَضْعُ الشَّیِٔ فِیْ غَیْرِ مَحَلِّہٖ ظُلْمٌ" (یعنی) کسی شئے کا بے جگہ رکھا جانا ہی ظلم ہے۔ کوئی شئے کتنی ہی بُری سہی اگر وہ اپنی مقررہ جگہ پر ہو تو ہنر سے کم نہیں ہوتا اور دلیل یہ ہے کہ تنگ چشمی عیب ضرور ہے لیکن سوزن (سوئی) کے لیئے نہیں۔ اس کا تنگ چشم ہونا ہی اس کے لیئے حُسن ہے ۔

حدیثِ نبویؐ ہے۔ مَنْ سَکَتَ سَلِمَ وَمَنْ سَلِمَ نَجٰی۔ (ترجمہ) جس نے خاموشی اختیار کی سلامتی پائی، اور جس نے سلامتی پائی اس کو نجات ملی۔

کلیم کہتا ہے کہ انسان کو خاموش رہنا چاہیئے۔ قلم کا حشر اس کے سامنے ہے کہ زبانِ قلم سے تحریر نکلتی ہے اس لیئے اس کا سر کاٹ دیئے جانے کا ہمیشہ خطرہ ہوتا ہے ۔

بے زباں باش نہ بینی کہ قلم   ❊   با زبان ست و سرش در خطرست[3]

سماج میں ظاہری شان وشوکت اور طمطراق کو اہمیت حاصل ہے ایسے ظاہر پرستوں کی نفسیات بچوں کی سی ہوتی ہے، جو زرق برق پر مچل جاتے ہیں ایسے طفلانہ صفت لوگوں کے لیئے شراب سے مینا ہی بہتر ہوتی ہے ۔

باشد برائے طفلاں مینا ز بادہ بہتر   در چشم اہلِ دنیا جاں قدرِ تن نہ دارد[4]

پرانی دیوار گرتی ہے تو نئی تعمیر ہوتی ہے۔ ایک کی موت ہوتی ہے تو دوسرے کا گھر بستا ہے ۔

افتادنِ دیوار کہن نو شدنِ اوست   جز مرگ کسی در پئے آبادی من نیست[5]

نیچی ذہنیت اور گہری فطرت کے لوگ گوشۂ عزلت میں نہیں رہ سکتے انہیں تو فقیر کی طرح کا[illegible] پھرنے سے خوشی ہوتی ہے ۔

پست فطرت ہوسِ گوشۂ عزلت نکند   تا گدا بر سر رہ نیست دلش خرم نیست[6]

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق: ۲۳۰ ب   [2] کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۲۵ ا

[3] " " " : ۱۲۷ ب   [4] " " " : ۱۵۱ ا

[5] " " " : ۱۲۸ ا   [6] " " " : ۲۰۰ ا

Marfat.com
Marfat.com

"قربِ بزرگان" "کمینہ خصلت کے لیۓ باعثِ کسب شرف نہیں ہوسکتا۔ اس کا ثبوت اس شعر میں ملتا ہے ؎

سفلہ از قربِ بزرگاں نکند کسب شرف　　　رشتہ برقیمت اند آمیزشِ گوھر نشود[1]

کم ظرف کو اگر دولت و زر مِل جائے تو آپے سے باہر ہو جاتا ہے، خدائی کے دعوے کرنے لگتا ہے۔ اپنا ماضی بھول کر فرعونِ بے ساماں ہو جاتا ہے اس کے برخلاف کوئی بلند کردار شخص ایسی حرکت نہیں کر سکتا ؎

بوقتِ گرسنگی نفسِ دُوں گدائی کرد　　　چو یافت یک لبِ نان دعوئے خدائی کرد[2]

حبیب نے بہت وفا کی لیکن اُسے بجز ناکامیوں کے کچھ نہ مِلا تو وہ اپنے آپ کو سیہ بخت تصور کرتا ہے اور کہتا ہے کہ داغِ وفا سیہ بختوں کے زیادہ زیب دیتا ہے کیونکہ جب تک رات تاریک نہ ہو چراغوں کا لُطف نہیں آتا۔ داغِ وفا کو چراغ سے تعبیر کرتا ہے ؎

بر سیہ بختاں بود داغِ وفا زیبندہ تر　　　شب چو تاریکست از بہرِ چراغاں بہتر است[3]

ہر کہ خود بین و خود آرا ز ہُنر محروم است　　　ہیچو طاؤس کہ پر زینت و کم پرواز است[4]

جو شخص خود بینی، خود پسندی اور خود آرائی کا شکار رہتا ہے وہ اپنے آپ ہی میں غرق ہوتا ہے اس کو دوسروں کی اچھائیوں پر نظر کرنے کی توفیق ہی نہیں ہوتی اسلیئے ہر قسم کے ہُنر سے محرُوم ہو جاتا ہے بالکل اس مور کی طرح جو اپنے پروں کی خوبصُورتی کی وجہ سے مقبولِ عوام ہے لیکن پرواز کے معاملہ میں ایک معمولی چڑیا سے بدتر۔

فلک کبھی ظالم و جابر حکمرانوں کے ساتھ بُرا سلوک نہیں کرتا ان کے گھر ہر روز عید و ہر شب، شب برات ہوتی ہے، اور مظلوم و مجبور انسان ان کے استحصال کا شکار رہتے ہیں ؎

با ستمگاران گیتی بد نمی گردد سپہر　　　عید قربانست دایم خانۂ قصاب را[5]

کلیم کہتا ہے کہ درِ اُمید کی کشادگی "کلیدِ تدبیر" کی گمشدگی پر منحصر ہے ؎

کلیدِ چارہ و تدبیر تا نگردد گم　　　دری کہ بستہ بروی اُمید وا نشود[6]

عشق کا ماحصل وصال ضروری ہے ورنہ وہ عشق نہیں ذہنی ریاکاری ہو جاتا ہے خود فیصلۂ خداوندی زلیخا و یوسف کے وصال کا باعث ہوا۔ نام نہاد معاشرے کے قوانین سازوں نے اُلٹے سیدھے قوانین گھڑ لیئے چنانچہ کلیم تیر و کمان کے اتصال کی مثال دیکر تمثیل کو موثر و موثق بنا رہا ہے ؎

۱؎ کلیاتِ کلیم، ورق : ۲۰۰ الف　　　۲؎ کلیاتِ کلیم، ورق :

۳؎ " ، " : ۱۶۰ الف　　　۴؎ " ، " : ۱۶۵ الف

۵؎ " ، " : ۶۰ ب　　　۶؎ " ، " : ۱۰۰ الف

Marfat.com
Marfat.com

عاشق و معشوق بی آمیزش ہم نا قصند   شاہد این مدعی بہ از کمان و تیر نیست [1]

محبوب کی محبت کے ساتھ صبر و عقل ایک دل میں نہیں سما سکتا ظاہر ہے کہ سیلاب آئے تو کوئی کیسے گھر میں قیام کر سکتا ہے سیلابِ عشق کے آگے صبر و عقل کہاں ٹھیر سکتے ہیں یہ جذبۂ بے اختیار ہے جس میں ہوش و حواس گُم ہو جاتے ہیں ؎

صبر و خرد بیک دل با شوقِ او نگنجد   چوں سیل میہمان شد کس در سرا نماند [2]

---

[1] کلیات کلیم ، ورق ۱۰۸ ب   [2] کلیات کلیم ، ورق ۱۳۵ ب

Marfat.com
Marfat.com

روزمرّہ و محاورہ

مولانا شبلی فرماتے ہیں :-

"اس زمانہ میں اگرچہ مضمون آفرینی اور خیال بندی کی استیلاً نے زبان اور محاورہ بندی کی طرف سے شعراً کو غافل کر دیا تھا چنانچہ ناصر علی۔ غنی اور بیدل وغیرہ اسی چکر میں پڑ کر لطف زبان سے بیگانہ ہو گئے لیکن کلیم باوجود انتہا درجہ کی نازک خیالی کے یہ سررشتہ ہاتھ سے نہیں چھوڑتا۔ وہ ہر طرف نئے مضامین پیدا کرنے کی فکر میں مصروف رہتا ہے لیکن یہ نہیں بھولتا کہ وہ ایرانی ہے، ہندی نہیں ہے۔ اس لیئے روزمرّہ کے علاوہ اکثر ٹھیٹ محاورے برتتا ہے جن کو عام آدمی فرہنگ کے بغیر سمجھ نہیں سکتے"[1]

مندرجہ بالا حوالہ کی روشنی میں کلیم کے اشعار کا تجزیہ کیا جائے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ زندگی کے آخری دنوں تک اُس کو اپنے اہلِ زبان ہونے کا احساس تھا اور اس نے زبان کا تحفظ بھی کیا تھا جن کی چند مثالیں درج ذیل ہیں ؎

درچشمِ کلیم از اثر گریہ "گُل افتاد" : خوش آن خلوت سرا گر اتحادِ حُسن و عشق انجا	"گل افتادن" آنکھوں میں پھولا پڑنا۔
توازمی مست میگشتی و من "از کار می رفتم" :	"از کار رفتہ" بیکار ہو جانا
زرقصِ شادی "آتش بزیرپا" داریم :	"آتش زیرپا" بےچین ہونا
با عارضِ تو "چہرہ شدن" "حدِ شمع نیست" :	"چہرہ شدن" مقابل ہونا۔ "حدنیست" مجال نہیں۔
گریاں ز بزم رفت و "سر خویشتن گرفت" :	"سر خویشتن گرفت" اپنی راہ لی۔
از دبستان برد ہر کہ "سبق روشن کرد" :	"سبق روشن کرد" سبق یاد کر لیا
دشمنِ خود را چراکس اینقدر "پہلو دہد" :	"پہلو دادن" پہلو بچانا

---

[1] شعر العجم، جلد سوم، ص: ۲۲۸

Marfat.com
Marfat.com

ایں شربت کم "بھر" دو بیمار نباشد : "بھر" حصہ۔
کہ گاہ ہم "طرفِ کہربا نمی گیرد" : "طرف کے گرفتن" کسی کی جانبداری کرنا۔
"بچشم روشنی" داغہائے کہنہ روم : "چشم روشن" مبارکباد۔
بزیر سبزہ زمین "روی خویش پنہاں کرد" : "روے کسے پنہاں کردن" مُنہ چُھپانا۔
چوں حباب از "وام ہستی پس دہم" خندان شوم : "وام پس دادن" قرض ادا کر دینا۔

دلیری، شجاعت وغیرہ
بن" مراد ہوگی۔

Marfat.com
Marfat.com

ہندی الفاظ کا استعمال

تاریخ ادبیات فارسی میں امیر خسرو اور فیضی کا کلام ہندی الفاظ سے پُر ملے تو یہ کوئی تعجب خیز بات نہیں کیونکہ انہوں نے ہندوستان ہی میں جنم لیا تھا اور ہندی الفاظ کا استعمال ان کا فطری حق تھا، اضطراری حرکت تھی مگر جب کوئی ایرانی شاعر واردِ ہند ہو کر یہاں کے مقامی الفاظ، مقامی ماحول، مناظر، نہریں، درخت، پہاڑ، پیشے، پھل اور پھول وغیرہ کو اپنے کلام میں داخل کر لے تو وہ اہلِ علم و محبِ وطن کی نگاہ میں یقیناً قابلِ ستائش ہوگا۔ عرفی نے عمر بھر شاعری کی اور اس ضخیم سرمایۂ حیات میں ایک ہندی لفظ "جگر" دستیاب ہوتا ہے اور وہ بھی بشکلِ مفرس ؎

در چاشت گہ از شبنم گل گرد فشان است — آں بادکہ در ہند گر آید "جگر" آید[1]

طالب آملی نے مندرجہ ذیل شعر میں "بادۂ شبانہ" کے بجائے "رام رنگی" استعمال کیا تو لوگ تعجب بھری نظروں سے دیکھنے لگے تھے ؎

نیم منکر صہبا و لیک می گویم — کہ "رام رنگی" ما نشۂ دیگر دارد[2]

یہ کلیم ہی کی خصوصیت تھی کہ اس نے باوجود ایرانی النسل ہونے کے بہت سے ہندی الفاظ استعمال کئے ہیں نہ انہیں مفرس بنایا نہ ان کی ہیئت بدلی بلکہ ان کی اصلی شکل میں ایک ہندوستانی کی طرح اُن ہی معنوں میں استعمال کیا اور کہیں بھی کلام کی روانی میں فرق نہیں آیا۔ اس لیئے ہم وثوق کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ یہ کلیم کے کلام کی ممتاز خصوصیت ہے۔

تمام شعرا دوکاندار کے لیئے تاجر استعمال کرتے آئے ہیں لیکن کلیم نے اپنی مثنوی میں خالص ہندی لفظ "مہاجن" استعمال کیا ہے ؎

فتادہ در دکانِ یک مہاجن — ہمہ سرمایۂ دریا و معدن[3]

---

[1] دیوانِ عرفی، "از قصیدہ در وصف کشمیر (جگر بمعنی جھکڑ استعمال کیا گیا ہے)

[2] Mughal Poetry, P. 8. [3] کلیاتِ کلیم، ورق ۲۰۳ ب

وہ ہر جگہ پان کو پان ہی لکھتا ہے "تنبول" نہیں لکھتا ؎

ببین، ببین چہ گلِ عیش میتواں چیدن | ازاں حدیقہ کہ یک برگِ سبز اُو پان[۱] ست
ز رنگِ پان چو منقارِ طوطیان سرخست | ہمیشہ ایں لبِ سبزاں کہ راحت جانست
ز تنبولی دلی دارم ہمہ ریشں | زغم پیچیدہ ہمچون ہر زۂ خویشں[۲]
لبِ معشوق مستِ پان خوردہ | بایں شوخی دل از مردم[۳] نبردہ

دھوبی کے لیئے فارسی میں یوں معین لفظ "گازر و دُلاب" موجود ہیں اور کلیم نے لفظ "دھوبی" اپنی صحیح و سالم شکل میں استعمال کیا ہے ؎

زحُسنِ شُستۂ "دھوبی" چہ گویم | ازاں بے پردہ محبوبے چہ گویم[۴]

ہندوستان کی مختلف قوموں کے نام پوری بے تکلفی سے باندھا ہے ؎

بتانِ راجپوت و شیخ زادہ | شکیبِ عاشقاں بر باد دادہ[۵]
غرورِ حُسن با جہلِ پٹھانے | چو گردد جمع نہ تواں زندگانی

فارسی شاعری میں اتنے پھولوں، پھلوں اور درختوں کے نام اُن کے اصلی ماحول میں استقدر خوبی سے شاید ہی کسی ہندوستانی شاعر نے پیش کیا ہو ؎

چہ چنپہ شعلۂ شمیست بے دُود | کہ آتش می زند در خرمنِ عود[۶]
ز موزونان نظر دریوزہ دارم | کہ وصفِ مولسری را می نگارم[۷]
برائے شاہدانِ ایں گلستاں | بدست "کیوڑہ" بین "بیڑہ" پان[۸]
چو پانی دست صنعش "بیڑہ" بستہ | دماغ از نکہتش در گل نشستہ
گلِ "گڈہل" نہ فہمیدست موسم | شگفتہ چوں رُخِ یارست دایم

۱؎ کلیاتِ کلیم، ورق: ۱۵۶ الف ۲؎ کلیاتِ کلیم، ورق: ۷۳ ب

۳؎ " " ، : ۹۹ ب

۴؎ شاعر نے "دھوبی" کا لفظ استعمال کیا ہے، لیکن اگر اس سے مذکر مراد ہوتا تو اس کے حُسن کے بجائے دلیری، شجاعت وغیرہ کی تعریف کرتا اور دوسری چیز یہ کہ دھوبی تو بے پردہ ہوتا ہی ہے۔ بے پردہ محبوب لکھنے سے "دھوبن" مُراد ہوگی۔

۵؎ کلیاتِ کلیم، ورق: ۷۴ الف ۶؎ کلیاتِ کلیم، ورق: ۷۶ ب

۷؎ " " ، " : ۷۷ الف ۸؎ " " ، " : ۷۸ ب

Marfat.com
Marfat.com

نہالِ "نیمش" از بس خوش نسیم است دلِ طوبیٰ ز رشکِ آں دو نیم است
گُلِ سرخِ "کول" را چوں ستایم چگونہ بر سرِ ایں آتش آیم[1]

ہندی عیدوں میں ہولی کا ذکر بہت عمدہ پیرایہ میں حُسنِ تعلیل کے ساتھ کیا ہے ؎

جہاں را بازیِ "ہولی" خوش آمد درختانِ چمن را ارغوان کرد[2]

---

[1] کلیاتِ کلیم، ورق: ۹۹ ب [2] کلیاتِ کلیم، ورق: ۴۳ الف

Marfat.com
Marfat.com

نقائصِ کلام

محاسن و نقائص لازم و ملزوم ہیں۔ جہاں گوہر ہوں گے وہاں خزف ریزوں کا بھی ہونا ضروری ہے جہاں اساتذۂ سخن کا کلام بھی نقائص سے مبّرا نہیں پایا گیا وہیں کلامِ کلیم میں بھی چند نقص ہیں جنہیں یہاں مشتے نمونہ از خروارے بیان کیا جاتا ہے۔ پہلے وہ اشعار پیش کیے جاتے ہیں جن میں نقصِ خیال پایا گیا ہو۔

جذبِ شوقم می برد رہبر نمی خواہم کلیم — ہر کہ سیلابش برد بے خود بہ منزل می رود

کلیم کہتا ہے: "میرا جذبِ شوق مجھے لے جا رہا ہے اس لیئے رہبر کی مجھے خواہش نہیں"۔ دوسرے مصرعے میں دلیل یہ پیش کرتا ہے کہ "جس کو سیلاب بہالے جائے وہ بغیر اپنی سعی کے منزل پر پہنچ جاتا ہے"۔ کلیم کے یہاں تمثالیہ شاعری کا بہت سا سرمایہ موجود ہے لیکن اس شعر میں تمثیل میں غلطی سرزد ہو گئی ہے۔ چنانچہ مذکورہ صدر شعر میں جو دلیل ہے اس میں نقصِ خیال واقع ہو رہا ہے کیونکہ سیلاب کا بہاؤ بہنے والے کو اس کی منزل ہی کی طرف بہالے جانا ضروری نہیں۔ سیلاب کا رُخ منزل کی مخالف سمت میں بھی ہو سکتا ہے۔

پھول چمن ہی میں کھلتے ہیں مگر کلیم کی سمجھ میں پتہ نہیں کیا بات آگئی کہ اس کے قلم سے یہ شعر تراوش ہو گیا اس میں بھی نقصِ خیال جھلک رہا ہے ؎

خاکِ وطن کلیم زبس غم فزا شدہ است — گل تا بود ز شمیم چمن وا نمی شود

کلیم شکوہ سنج ہے کہ "نہ مجھے دلِ غمگین ملا نہ دلِ شاد نصیب ہوا، نہیں معلوم عالمِ ایجاد آخر کیا [illegible] چاہتا ہے"۔ ؎

نہ مرا خاطرِ غمگین نہ دلِ شاد رسد — بمن آخر چہ ازیں عالمِ ایجاد رسد

شاعر عجیب مہمل بات کہہ گیا۔ فلسفے کا مشہور مسئلہ ہے "اَلضِّدَّانِ لَا [illegible] وَلَا [illegible]" دو متضاد چیزیں آپس میں نہ جمع ہو سکتی ہیں نہ اُٹھا دی جا سکتی ہیں۔ اس کی مثال یوں ہوگی کہ اگر دن [illegible] تو رات نہیں رہے گی اور رات رہے گی تو دن نہ ہو گا۔ جسطرح دو متضاد چیزیں باہم جمع نہیں ہو سکتیں اسی طرح ان کا ارتفاع بھی محال ہے۔ ضدین کے مسئلے کو سمجھنے والا یہ کیسے یقین کر سکتا ہے کہ جب دل غمگین [illegible] شاد [illegible] تو آخر کیا ہے؟ اس کو نقصِ خیال کے سوا اور کیا کہا جا سکتا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

حیرتے دارم کہ گردوں بدانایان بدست   اُو کہ نتواند میانِ نیک وبد تمیز کرد

پہلا مصرعہ موزوں بالوزن نہیں ہے۔ دوسرا نقص یہ کہ معنی اور مفہوم کے لحاظ سے شعر موزوں بالمعنی بھی نہیں۔ کلیم یہ کہہ رہا ہے کہ "فلک کو نیک وبد میں تمیز کرنے کی صلاحیت نہیں ہے۔ اس لیئے مجھے حیرت ہے کہ وہ داناؤں کے ساتھ بُرائی کیوں کر رہا ہے" حیرت اس پر ہونی چاہیئے تھی کہ وہ تمیز نہ رکھنے کے باوجود عقلمندوں سے بھلائی کرتا یا ناا ہلوں سے برائی کے ساتھ پیش آتا۔ اس لیئے شعر میں اظہارِ حیرت کا محل غلط ہے پیش مصرعہ اگر یوں ہو تو اظہارِ حیرت دُرست ہوسکتا ہے ؎ حیرتے دارم کہ گردوں نیز با دونان بدست۔

ہنر ما را چنین ناکام دارد   چراغِ خانہ رختم بسوزد

"رختم" کی وجہ سے شعر کا قافیہ ختم ہوگیا ہے۔ دوسری غلطی اس تحریف سے یہ ہوئی کہ "شتر گربہ" یعنی مصرعہ اول میں جمع متکلم اور ثانی میں واحد متکلم کی وجہ سے عیبِ سخن پیدا ہوگیا ہے۔ مصرعۂ ثانی کو یوں ہونا چاہیئے تھا ؎ چراغِ خانہ رختِ ما بسوزد

کدام گنج کہ در کُنجِ خاکساری نیست   رو از زمین بہ طلب ہرچہ آسماں ندہد

دوسرے مصرعہ کا پہلا حرف "رو" بے معنی اور بے محل ہے۔ سیاقِ کلام "تو" کا طالب ہے۔ یہاں "تو" ہونا چاہیئے ؎ تو از زمین بہ طلب ہرچہ آسماں ندہد۔

ہر دل زبس غبارِ کدورت نشستہ است   بیچارہ نالہ در تہِ دیوار ماندہ است

اس شعر میں ردیفوں کا تقابل ہے یعنی "است" جو جزوِ ردیف ہے دونوں مصرعوں کے آخر میں ہے اس کو اصطلاحِ شاعری میں "تقابلِ ردیفین" کہتے ہیں۔ بجز مطلع کے کسی شعر میں ردیفوں کا تقابل معائبِ کلام میں شمار ہوتا ہے۔

چوں خود فروش سود ز سوا ندیدہ ایم   گر خاک را بزر بفروشم زیاں کنم

مصرعۂ اُولیٰ میں "زسوا ندیدہ ایم" چھپا ہے۔ سودا کی دال سہوِ طباعت سے کم ہوگی، لیکن "ندیدہ ایم" میں صیغہ جمع متکلم اور مصرعہ ثانی کی ردیف "زیاں کنم" میں واحد متکلم سے "شتر گربہ" واقع ہو رہا ہے۔

؎ قافیہ گر شایگان افتاد عیبِ من مکن

ایطا، جو ایک عیبِ قافیہ ہے ایرانی اُسے "شایگان" کہتے ہیں۔ کلیم نے اس طرف اشارہ کیا ہے اور اپنی غلطی کا اعتراف کیا ہے۔

بدل کردم بہ ہستی عاقبت زہدِ ریائی را   رسانیدم بآب از زمین می بنیادِ تقویٰ را

"تقوىٰ" میں الف مقصورہ ہے مگر ایرانیوں کے تصرف سے تقوِیٰ بن گیا۔ یہی گت لفظ عیسیٰ اور

Marfat.com

Marfat.com

لیلیٰ کی بنی۔ اس غزل میں عیسیٰ اور لیلیٰ کو قافیہ بنایا ہے۔ یہ بدعت صرف کلیم ہی نے نہیں کی سبھی شعرائے فارسی ایسی تصرفات کے عادی ہیں انہیں کی تقلید اُردو شعراء نے بھی کی ہے۔

کلیم کی اِن کوتاہیوں، خامیوں اور بعض شاعرانہ نارسائیوں کے باوجود اہلِ فن اس کے اندر بلند پایہ صلاحیت وندرت پاتے ہیں۔ کلیم کی فنکارانہ خلاقی اُسے مسلسل غزلوں، قطعوں، مثنویوں اور قصاید کی تخلیق کی طرف منعطف کرتی ہے۔ اس کے تجربوں کی وُسعت اور بلندی کو بھی اکثر تنقید نگاروں نے محسوس کیا۔ اس نے فارسی شاعری کے اُفق کو وسیع کیا، مثالیہ کو عُروج دیا۔ اس کا خیال، جذبہ، تخیل، وواردات داخلی کی منزلوں سے گزرکر شاعرانہ تجربے کی حیات حاصل کرلیتا ہے۔ اس کی تخلیق میں ہمیں جذب وسوز، پروازِ تخیل، قوتِ ادراک، حُسنِ وجدان یاس واُمید کی کشمکش، درد وگداز ملتا ہے۔ اس کے یہاں واقعیت کا حُسن بھی ہے اور مثالیت کا جمال بھی۔ اسکے فن میں لطافت، عمق، بلندی اور وسعت پائی جاتی ہے۔ اِن ہی خوبیوں اور فنکارانہ صلاحیتوں نے اُسے دیگر شعراَ سے ممیز کیا اور وہ خاتم دربارِ شاہجہانی کا دُرِ ثمین بن کر چمکا۔

Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com

باب پنجم

کلیاتِ کلیم

Marfat.com
Marfat.com

کلیم کی تصانیف دو کتابوں پر مشتمل ہیں۔ ایک کلیاتِ کلیم، دوسری مثنوی شاہنامہ۔ مثنوی ایک علیحدہ اور مکمل کتاب کی شکل میں ہے اور کلیات سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ بنا بریں ماقبل صفحات پر مثنوی کے متعلق پوری تفصیلات پیش کی جا چکی ہیں۔ اب کلیات کی تفصیل درج کی جاتی ہے کیونکہ اس باب میں ان تفصیلات کے ساتھ کلیم کا غیر مطبوعہ اور منتخب کلام پیش کیا جائے گا۔

کلیاتِ کلیم قصائد، ترجیع بند و ترکیب، قطعات، مثنویات، غزلیات اور رباعیات پر مشتمل ہے۔ مثنوی کی طرح کلیات کی تفصیلات پر بھی روشنی ڈالنا ضروری ہے اس لیئے آیندہ صفحات میں کلیات کا تجزیہ کرکے ہر صنفِ سخن کی تعداد اشعار درج کی جائے گی۔

کلیاتِ کلیم کی ابتداء مندرجہ ذیل شعر سے ہوتی ہے ؎

شوق ہر کس راکہ در راہِ طلب سر میدہد　　　گرد در آرد اول از پا آخرش پر میدہد

۱۔ قصاید:

قصاید کے موضوع حمد، نعت، منقبت، تہنیت جلوس مبارک شاہجہان، تہنیت جشن وزن، تہنیت عید و نوروز، تہنیت فتوحات، کتابہ عمارات مختلف وغیرہ ہیں؛ اکثر قصائد کا آغاز بہاریہ انداز میں ہوا ہے۔ ظہیر فاریابی، انوری اور امیر خسرو کا رنگ اکثر قصائد میں جھلکتا ہے۔ امیر خسرو کے تتبع میں تو ایک پورا قصیدہ لکھا ہوا ہے۔ گو عرفی کا سا زورِ کلام تو نہیں ملتا۔ البتہ ظہیر کا سا زور دار مبالغہ جا بجا نظر آتا ہے۔

مصحح کلیاتِ ہذا میں کل تعداد قصاید ۳۷ ہے، جس میں بنیادی نسخہ ا میں ۳۳ قصاید ہیں اور ۴ قصیدے دوسرے کلیات سے لیئے گئے ہیں۔ اس حساب سے تعداد اشعار تقریباً (۱۴۴۲ + ۲۳۲ = ۱۶۷۴) ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

۲۔ ترکیب بند، ترجیع بند و مرثیہ

ترجیع بند، ساقی نامہ کی صورت میں ۷ بند پر مشتمل ہے۔ یہ ظفر خان حاکم کشمیر کی مدح میں اس کی دی ہوئی طرح پر لکھا گیا تھا۔

ترکیب بند میں ۷ بند ہیں اور ہر بند میں مبالغہ آمیز مدح ہے جس کو شہنشاہ شاہجہاں کی خدمت میں تہنیت نوروز کے موقع پر پیش کیا گیا تھا۔

مرثیہ، محمد جان قدسی کی وفات پر کلیم نے تحریر کیا تھا۔ اس میں ۹ بند ہیں اور کلیم کے سرمایہ سخن میں یہ واحد مرثیہ ہے اور صرف سالار جنگ لائبریری کے نسخوں میں درج ہے۔ اس حصہ میں تعداد اشعار (۱۵۱+۱۰۴=۲۵۵) ہے۔

۳۔ قطعات:

قطعات اکثر تاریخی ہیں اور یہ کلام کلیم کی ممتاز خصوصیت ہے کہ اس نے اپنے ہمعصر شعراء کے مقابلہ میں سب سے زیادہ تاریخی قطعات تحریر کئے ہیں۔ عہد شاہجہاں کا شاید ہی کوئی جشن نوروز، جشن عروسی، جشن عید، تعمیر عمارات، مواقع تعزیت ایسے گزرے ہوں جس وقت کلیم نے طبع آزمائی نہ کی ہو۔ اس حساب سے کُل تعداد قطعات ۶۲ ہے جس میں ۴۲ قطعات نسخہ ا میں اور ۲۱ دیگر کلیات سے ماخوذ ہیں اس طرح کُل تعداد اشعار (۳۲۰ + ۲۴۸ = ۵۶۸) ہے۔

۴۔ مثنویات:

مثنویات متاخرین کے دَور تک پہنچتے پہنچتے اپنا زور و "طاقت" کھو چکے تھے۔ فردوسی و نظامی کی سی طویل شاندار رزمیہ و بزمیہ مثنویاں اس دَور میں خال خال نظر آتی ہیں۔ کلیم کی طویل و قابل ستائش مثنوی کا ذکر تو اُوپر ہو چکا ہے۔ کلیات میں جتنی مثنویاں دستیاب ہوئی ہیں وہ مختصر ہیں۔ گو اُن کا پیکر تو مثنوی کا ہے مگر متقدمین کا سا زور بیان کسی میں نہیں ہے۔ ان میں اکثر تو عمارات کی تعمیر کے وقت لکھی گئی ہے۔ مثلاً کتابہ دولت ... کتابہ دولت خانہ اکبرآباد دولت خانہ لاہور، صفاپور وغیرہ۔

دو تین مثنویاں قدرے طویل ہیں۔ ایک "باغ جہاں آرا در ہندوستان" کی تعریف میں ہے۔ دوسری "تحط دکن و شکست نظام الملک" ۱۰۴۰ھ کے موقع پر لکھی گئی ہے۔ تیسری جھجھار سنگھ بندیلہ کے قلع قمع ۱۰۴۵ء کی تفصیلات کی حامل۔ کُل مثنویات ۲۷ ہیں جن میں سے ۱۷ نسخہ ا اور دیگر ۱۰ نسخہ جات سے حاصل ہوئی ہیں۔ ان کی تعداد اشعار (۱۳۶۰ + ۳۸۰ = ۱۷۴۰) ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

۵۔ غزلیات:

غزل متاخرین شعرا کا مایہ ناز سرمایہ ہے چنانچہ کلیم کے ہاں بھی اس صنف کا ذخیرہ دیگر اصناف سخن کے مقابلہ میں زیادہ ہے۔ گو کلیم کے پاس تغزل کم ہے لیکن مضمون آفرینی، جدت تخیل، ندرت طرز ادا اور مثالیہ کثرت سے پایا جاتا ہے۔ اس لحاظ سے اس حصہ میں تعداد اشعار سب سے زیادہ ملتی ہے۔ غزلیات ردیف واری ترتیب میں درج ہیں۔ کل تعداد غزل ۵۰۱ ہے اور تعداد اشعار (۵۳۰۰ + ۲۹۵ = ۵۵۹۵) ہے۔

۶۔ رباعیات:

کلیم کی رباعیات مختلف موضوعات کی حامل ہیں۔ بعض تاریخی ہیں۔ بعض میں تصوف، اخلاق اور فلسفہ ملتا ہے۔ کل تعداد ۹۸ ہے۔ جن میں نسخہ ا میں ۸۵ اور دیگر کلیات میں زاید ۱۳ رباعیاں ملی ہیں جن کے حساب سے تعداد اشعار (۱۷۰ + ۲۶ = ۱۹۶) ہے۔

کلیات کی کل ضخامت محسوب کرنے کے لیے تمام اشعار کو علی الترتیب جمع کیا گیا تو تعداد اشعار (۱۰۰۴۸) ہوئی ہے چونکہ اختتام کلیات مختلف نسخوں میں مختلف اشعار پر ہوا ہے۔ اس لیے ابتداء کی طرح کوئی معینہ اختتام پیش کرنا ناممکن ہے۔

اگر اب ہم مثنوی شاہنامہ و کلیات کے کل اشعار یعنی کلیم کے سارے سرمایۂ سخن کو یکجا کریں تو تعداد اشعار (۱۲۸۲۰ + ۱۰۰۴۸ = ۲۲۸۶۸) ہو جاتی ہے۔

صاحب تذکرۂ طاہر نصرآبادی کلیم کے سرمایۂ سخن کے متعلق یوں رقمطراز ہیں:۔

"اشعار او (کلیم) از مثنوی وغیرہ قریب بہ بیست و چہار ہزار بیت می شود"[۱]

اور میں نے انتھک کوشش کی کہ کلیم کے زیادہ سے زیادہ اشعار مجتمع کر دوں۔ اس تلاش و جستجو کے بعد مجھے اس کی مثنوی و کلیات کے (۲۲۸۶۸) اشعار دستیاب ہوئے ہیں۔ جنہیں صحیح نسخہ کی صورت میں مقالہ کے ساتھ پیش کیا گیا تھا۔

۱۔ تذکرہ طاہر نصرآبادی، ص: ۲۲۰

Marfat.com
Marfat.com

نسخہ جاتِ کلیاتِ کلیم ہمدانی

ابوطالب کلیم کے کلیات و دیوان کے نسخہ جات ہندوستان و یورپ کی اکثر لائبریریوں میں موجود ہیں۔

کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن میں ایک کلیات اور ۳ دیوان اور کتب خانہ سالار جنگ بہادر میں ۴ کلیات اور ۹ دیوان ہیں۔ رضا لائبریری رامپور اسٹیٹ میں ایک کلیات ہے۔ بانکی پور لائبریری میں ایک کلیات اور ایک دیوان، بوڈلین لائبریری میں ایک کلیات، برٹش میوزیم لائبریری میں ایک کلیات اور ایک دیوان موجود ہے۔ نولکشور پریس سے ایک منتخب اشعار کا دیوان ۱۲۹۷ء میں طبع ہوا ہے۔ آقائے کشاورز صدر نے کلیم کے دو ہزار اشعار کا ایک انتخاب شائع کیا ہے اس کے بعد آقائے پرتو بیضای نے مختصر دیباچہ کے ساتھ ۸ ہزار اشعار "دیوانِ کلیم کاشانی" کے نام سے طبع کئے ہیں۔

مندرجہ بالا مخطوطات میں سے کوئی ناقص الاول ہے تو کوئی ناقص الآخر۔ کوئی مکمل ہے تو قدیم نہیں، قدیم ہے تو مکمل نہیں۔ جیسے رام پور لائبریری کا کلیات جس کے متعلق امتیاز علی خان صاحب عرشی کا بیان ہے کہ وہ قدیم ترین ہے اور موصوف اپنے بیان کی توثیق کے لیئے کلیات کے سرورق پر ایک گوشہ میں تحریر شدہ یہ عبارت پیش کرتے ہیں۔

"درخطۂ کشمیر دلپذیر، ملا ابوطالب کلیم ایں دیوانِ بلاغت نشان را بفقیر تکلیف نمودند، ذرہ بے مقدار محمد کاظم بن محمد منشی غفر......"

اس عبارت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ نسخہ کلیم نے خود عالمگیر نامہ کے مصنف محمد بن کاظم بن امین منشی کو تحفہ دیا تھا لیکن افسوس کہ یہ کلیات ناقص الاخر ہے۔ بنا بریں اس کو بنیادی نسخہ قرار نہیں دیا جا سکتا

کتب خانہ سالار جنگ میں کلیات کلیم کے متعدد نسخے محفوظ ہیں۔ ۴ نسخوں میں سے دو [illegible] الاخر ہیں۔ اول الذکر دونوں نسخوں کے سنین کتابت علی الترتیب ۱۱۴۵ھ اور ۱۱۵۷ھ ہیں۔ لہذا [illegible] مکمل تو ہیں لیکن قدیم نہیں۔ برٹش میوزیم کٹلاگ کے نسخہ پر تو سنہ کتابت ہی درج نہیں۔ بوڈلین لائبریری کے کلیات کا سنہ کتابت ۱۱۵۰ھ ہے اور نسخہ کتب خانہ آصفیہ کا سنہ کتابت ۱۰۸۲ھ ہے جو موجودہ نسخہ جات معلومہ میں قدیم ترین ہے اس کے متعلق ہم سب سے آخر میں بحث کریں گے۔

Marfat.com
Marfat.com

یورپی کتب خانوں کے نسخہ جات

ہندوستانی و یورپی کتب خانوں کے مخزونہ مخطوطاتِ کلیاتِ کلیم کی تفصیلات درج ذیل ہیں چونکہ یورپی کتب خانوں کے نسخہ جات ہمارے سامنے نہیں ہیں اس لیئے ہم ان کی تفصیلات مکمل طور پر نہیں دے سکتے چنانچہ ہم انہیں صرف فہرستوں سے نقل کرنے پر اکتفا کریں گے۔

I. Catalogue of the Per. Mss., in the British Musem., by. Rieu., Vol. II., Col. 686.

The contents of the Diwan are as follows:-

fol. 2.[b] Kasidahs, mostly addressed to Shahjahan, with a Tarkiband of the kind called Bahariyyah, or vernal poem, at the end.

fol. 41.[a] Mukattaat, including chronograms, the dates of which range from A. H. 1024, Dara Shikuh's birth, to A. H. 1054.

fol. 52.[b] Masnavis, mostly description of buildings erected by Shahjahan, and recording their dates. The longest, fol. 86[a]- 94,[b] contains an account of the flight and pursuit of Jajhar Singh. The last is a Sakinamah composed for Zafarkhan, Governer of Kashmir.

fol. 97.[b] Ghazals. in alphabetical order, beginning:

بدل کردم بمستی عاقبت ــــ زہد ریائے را　　رسانیدم بآب ازمین می بنیا دتقوی را

The margins contain additional Ghazals.

fol. 166.[a] Rubais

Marfat.com
Marfat.com

2. *Catalogue of the Per. Mss. in the Bodleian Library.,* by Sachau. No. 1116. Col. 699.

Contents,

kasidas on fol. 1.b Beginning:-

شوق هر کس را که در راهِ طلب سر میدهد .... الخ

Tarjibands, on fol. 54.a Beg:

باد نوروزی به بستان مژدها آورده است   بلبلان را مایهٔ برگ و نوا آورده است

kitas and Tarik, on fol. 63.b Beg:

پادشاها! پایه تخت بود تاج سپهر....... الخ

Ma<u>th</u>nawiyyat, کتابهٔ دولت خانهٔ شاهی, on fol. 85.b

کتابه دولت خانهٔ اکبرآباد on fol. 86b. درتعریف اکبرآباد و باغ جهان آرا

on fol. 87b, درتعریف جنگ فیل باشهزاده اورنگ زیب, on fol. 94b;

بواسطهٔ نقش کردن برحاشیه جلد صدف کاری ; on fol. 97a, درتعریفِ قحطِ دکن

On fol. 102a; all the remaining headings are missing;

Beg: زهی دلنشین قصر آراسته ٭ بباغ جهان سرو نوخاسته

Ghazals, alphabetically arranged, on fol. 144,b

Beg: بدل کردم بمستی عاقبت زهد ریای را... الخ

The right order of ff. 107, 176, is 167, 170, 175, 168, 1[illegible], 176.

Rubais, on fol. 366.a Beg. of the first

هرچند که مرد قول و فعلش تبهست .... الخ

on fol. 375b the rubais break off. kitas (for the greatest part, tarik, and Mathnawis, mixed together; on fol. 248. The first kita

Marfat.com
Marfat.com

beginings شاہجہان ثانیِ صاحبقران کہ چرخ .... الخ

The first Mathnawi (headed) کتابہ دولت خانہ شاہی گفتہ see the preceding Copy, fol. 38.[b] Open thus

زہی دلنشین قصر آراستہ ...... الخ

Kitas, on fol. 26.[a] margin beg:

خدا یگانہ اسپی کہ دادہ بہ ہے زنا توانی ہرگز نہ رفتہ رہ دو نیم

Mathnawis, also intermixed with kitas, on fol. 32.[b] Margin. Beg. of the first Mathnawi

زہی عرشش بنیاد دولت اساس چو خورشید در آسمان روشناس

with walkar 72, fol. 299.[a] All the headings are omitted. On the fly-leaf an entry from A.H. 1150 = A.D. 1737, 1738.

ایں جلد در سنہ ۱۱۵۰ برائے نقل گرفتہ شدہ بود

ہندوستانی کُتب خانوں کے نسخہ جات

۳۔ نسخہ دیوانِ کلیم کتب خانہ عالیہ رام پُور

امتیاز علی خان صاحب عرشی نے اس کی تفصیلات یُوں دی ہیں[۱]۔
دیوانِ کلیم کا نسخہ ½ ۷ × ۴ سائز کے ۲۴۱ اوراق پر مشتمل ہے۔ کتابت کا ناپ ¾ ۴ × ⅛ ۲ ہے یسطرہ ۱۷ سطری اور کاغذ کشمیری باریک ہے۔ پورے نسخے میں سُنہری اور سیاہ دہری جدولیں ہیں۔ متن کتاب سیاہ اور عنوانات قصائد و قطعات شنگرفی ہیں۔ سرورق پر یہ شعر لکھا ہے۔

ہر ورق را کہ ازیں گردانی گلِ دگر شگفتہ، گردانی

---

[۱] "ماہنامہ برہان" مرتبہ سعید احمد اکبر آبادی، شمارہ نمبر ۲، فروری ۱۹۵۴ء، ص ۱۱۱
اور خود موصوف نے میری درخواست پر مزید تفصیلات بھی روانہ فرمائی ہیں۔

Marfat.com
Marfat.com

اس شعر کو کسی بعد کے مالک نے بڑے خط میں دوبارہ لکھا ہے۔ اس شعر کے نیچے بائیں گوشے میں ترچھی سطروں کے اندر یہ عبارت درج ہے:

"درخطۂ کشمیر دلپذیر، ملا ابوطالب کلیم ایں دیوانِ بلاغت نشاں را بفقیر تکلیف نمودند، ذرۂ بے مقدار محمد کاظم بن محمد امین منشی غفر....."

اس عبارت کی داہنی طرف لکھا ہے:

"وغزلیاتی کہ در حاشیہ نوشتہ بخط اوست، رحمۃ اللہ تعالیٰ۔"

نسخے کا آغاز قصائد سے ہوتا ہے، چنانچہ ورق ۱ ب سے پہلا قصیدہ شروع ہوتا ہے جو نعتیہ ہے۔ اس کا آغاز ہے:

"شوق ہر کس را کہ در راہِ طلب سرمی دہد"

اسی صفحہ میں بسم اللہ کے اوپر رنگین لوح کے لیے سادہ جگہ چھوڑی گئی تھی اس میں لکھا ہے۔

"من متملکاتِ مرزا غیاث الدین خان"۔

اس لوح کے اوپر اور ورق ۲ الف کے حاشیۂ بالا پر مہر ہے جس میں لکھا ہے:

"عماد الدولہ معتمد الملک سید یوسف علی خان بہادر عماد جنگ سنہ ۱۲[illegible]"

مشمولات کی صورت یہ ہے کہ ورق ۱ ب - ۱۳۱ ب تک قصائد، قطعات، ترجیع بند اور مثنویاں ہیں۔ قطعوں اور قصائد میں تاریخی بھی ہیں اور غیر تاریخی بھی۔ ورق ۱۴۱ ب - ۲۳۴ الف تک غزلیں ہیں اور اسی صفحے سے ورق ۲۴۱ ب تک رباعیاں ہیں۔

نسخہ ناقص الآخر ہے، اس لیے سنہ کتابت وغیرہ کا پتہ نہیں چلتا جیسا کہ سرورق کے ایک نوٹ میں کہا گیا ہے دیوان کے حواشی پر کلیم کے قلم کے اضافے بھی ہیں، وہ تعداد میں ۱۱ ہیں۔

اِن حاشیوں کے اضافوں کے ماسوا ورق ۱۱۸ ب، ۱۳۶ الف اور ۲۰۴ ب کے حاشیوں پر بھی کلیم کی غزلیں درج ہیں مگر یہ سب نسخے کا تب ہی کے قلم کی نوشتہ ہیں۔

ورق ۲۰۵ ب کے حاشیئے پر ایک غزل تیسرے خط میں مندرج ہے اس کا عنوان ہے "[illegible]" ہیں ہادی تخلص ملتا ہے۔ جس کا یہ مطلب ہے کہ کسی ہادی تخلص کے شاعر نے لکھی ہے۔ اس غزل کے یہاں دیوانِ کلیم میں لکھنے کی تقریب صرف اتنی ہے کہ اسی صفحہ میں کلیم کی ایک غزل ہے جس کا شعر ہے

از ظفر خان بود آں جمعیت وطرحِ غزل ۔۔۔ باکہ دیگر زلفِ معنی را پریشاں میکنم

اس شعر کے دوسرے مصرع کو ہادی نے اپنے مقطع میں درج کر دیا ہے۔ کہتا ہے

"ہادی" ایں مصرعِ کلیم از دردِ حسرت گفت ورفت ۔۔۔ باکہ دیگر .... الخ"

نسخۂ مندرجہ بالا کی مزید تفصیلات یہ ہیں۔

Marfat.com
Marfat.com

۱۔ قصاید تعداد میں ۳۲ ہیں۔ اس کی ترتیب بالکل بنیادی نسخہ ا کی طرح ہے، صرف قصیدہ " درمنقبت حضرت علیؓ " اس میں کم ہے۔

۲۔ ترکیب بند و ترجیع بند:

اس حصہ میں صرف ایک ترکیب بند اور ایک ترجیع بند ہے۔ مرثیہ محمد جان قدسی نہیں ہے۔

۳۔ قطعات تعداد میں ۴۲ ہیں۔

۴۔ ۲۴ مثنویاں بہدست ہوئی ہیں دیگر نسخہ جات کی طرح نہ افراط ہے نہ تفریط ہے۔

۵۔ غزلیات ردیف وار ورق ۴۴ب تا ۲۳۴الف درج ہیں۔

۶۔ رباعیات: ۲۳۴الف۔ ۲۴۱ب

نسخہ چونکہ ناقص الاخر ہے اس لیئے سنہ کتابت معلوم نہ ہو سکا۔

۴۔ کلیاتِ کلیم[۱]

کتب خانہ سالار جنگ نمبر ۴۴۶

اِس نسخہ کا حجم (۳۴۵) اوراق ہے۔ مسطر ۱۵ سطری ہے۔ سرورق مطلا حاشیہ پر طلائی لکیر ہے۔

۱۔ قصاید: ورق: ۱ب۔ ۶۰الف

قصاید کی ترتیب کتب خانہ آصفیہ کے نسخہ کی طرح ہے لیکن اس میں ۴ قصیدے زیادہ بہدست ہوئے ہیں جن میں سے دو تو صرف اِسی نسخہ میں ملتے ہیں کسی اور نسخہ میں نہیں۔ ان دونوں قصیدوں کی تکرار کی وجہ تعداد قصاید ۳۸ ہو گئی ہے ورنہ ان کو ایک ایک ہی شمار کیا جائے تو مکمل تعداد ۳۶ ہے۔

۲۔ ترکیب بند، مرثیہ اور ترجیع بند: ورق: ۶۰الف تا ۶۹ب

(ا) مدح شاہجہان میں تحریر شدہ ترکیب بند درج ہے۔

(ب) قدسی کے انتقال پر لکھا ہوا مرثیہ جو صرف سالار جنگ لائبریری کے کلیات میں بہدست ہوا ہے۔

(ج) ترجیع بند ساقی نامہ: ورق ۶۶ب تا ۶۹ب "مدح ظفر خان حاکم کشمیر" کے سلسلہ میں لکھا گیا تھا۔

۳۔ قطعات: ورق: ۶۹ب تا ۹۰ب

قطعات کی ابتدا و انتہا یکساں ہے مگر اس نسخہ میں دیگر نسخہ جات کے مقابلہ میں ۲۲ قطعات زیادہ ہیں۔

---

[۱] کتب خانۂ آصفیہ کے نسخۂ کلیاتِ کلیم (۱۲۲۵) کے بعد یہ دوسرا نسخہ ہے جو قدیم بھی ہے اور مکمل بھی اس لیئے اس کا حوالہ "نسخہ ب" کے نام سے دیا گیا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

۴۔ مثنویات : ورق ۹۰ب تا ۱۴۹الف

اِس نسخہ میں ۲۶ مثنویاں ہیں ۔ آغاز تو دیگر نسخہ جات کی طرح ہوا ہے مگر اختتام پر ۹ زاید مثنویاں دستیاب ہوتی ہیں ۔

۵۔ غزلیات : ورق ۱۴۹ب تا ۳۳۵ب ۔ غزلیات ابجد واری ترتیب میں لکھی ہوئی ہیں ۔

۶۔ رباعیات : ۳۳۶الف ۔ ۳۴۵ب

اختتام اِس عبارت پر ہوا ہے ۔

"تحت نسخہ دیوان طالب کلیم بتاریخ غرہ ربیع الثانی ۱۱۴۵ھ حسب الفرمودہ خان عالیشان "

۵۔ کُلیاتِ کلیم[1] — کتب خانہ سالار جنگ نمبر ۱۹

زیرِ بحث کُلیاتِ کلیم کا مخطوطہ "تذکرۃ الشعراء" کے حاشیہ پر لکھا ہوا ہے اور اس کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ہر قصیدہ، قطعہ و مثنوی کے آغاز پر عنوان درج ہے ۔

۱۔ قصاید : ورق : ۱ب تا ۴۹الف

اس حصّہ کی ترتیب نسخہ ب کے مماثل ہے ۔ لیکن اس میں ۳۴ قصاید ہیں ۔ ۲ زاید قصاید صرف نسخہ ب ہی میں ہدست ہوئے ہیں ۔

۲۔ ترکیب بند، مرثیہ و ترجیع بند : ورق : ۴۹الف تا ۵۷ب

یہ حصّہ نسخہ ب کے حصّہ (۲) کے بالکل مطابق ہے ۔

۳۔ قطعات : ورق : ۵۷ب تا ۷۳الف

اس حصّہ کے مشمولات ۷۵ قطعات ہیں اور نسخہ ب سے اس میں ۵ قطعات کم ہیں، لیکن ترتیب میں کوئی فرق نہیں ہے ۔

۴۔ مثنویات : ورق : ۷۳الف تا ۱۲۳ب

مثنویات کی ترتیب میں مندرجہ بالا نسخہ سے خفیف سا فرق ہے ۔

۵۔ غزلیات : ورق : ۱۶۳ب تا ۲۷۲ب

۶۔ رباعیات : ورق : ۲۷۲ب تا ۲۸۱ب

---

[1] اس نسخہ کا حوالہ ہر جگہ "نسخہ ج" کے نام سے دیا گیا ہے ۔

Marfat.com
Marfat.com

اختتام پر یہ عبارت درج ہے۔

" درہنگامے کہ محمد شاہ بادشاہ غازی چینی خانہ راکہ بجہتہ شہنشاہ عالمیان نادر شاہ ارسال نمودہ وبہ تحویل ..... مقرر شدہ کہ برساند۔ بتاریخ چہاردہم ذی قعدہ ۱۱۵۷ھ از ہجرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ در دارالسلطنتہ لاہور دیوان کلیم اتمام نمود۔"

۶۔ کُلیاتِ کلیم[1]

کتب خانہ سالار جنگ نمبر ۴۶۷

اِس نسخہ کی تفصیلات دیگر دو نسخہ جاتِ مذکورہ بالا کی طرح اس لیئے درج نہیں کی جا سکتیں کہ یہ بے حد کرم خوردہ ہے۔ جہاں اور نسخوں سے (اختلاف قرأت) Varients صحیح نہ مل سکے اور صحیح الفاظ باوجود کوشش کے دستیاب نہ ہوئے تو اس سے استفادہ کیا گیا ہے۔

اس نسخہ سے استفادہ کرنے کی دوسری وجہ یہ تھی کہ اس میں بھی عنوانات ــــ مرقوم ہیں کسی تیسرے نسخہ میں درج نہیں ہیں۔

۷۔ کُلیاتِ کلیم کا قریب ترین، قدیم ترین و مکمل نسخہ[2]

اسٹیٹ سنٹرل لائبریری حیدرآباد

فن دواوین نمبر ۱۲۲۵ (فارسی)

یہ نسخہ ۱۲ × ۲۰ ½ سنتی میٹر سائز کے (۳۱۲) اوراق پر مشتمل ہے۔ سطر ۱۵ سطری ہے۔ سرورق مطلا و مذہب، حاشیہ پر طلائی لکیر ہے۔ کاتب یوسف نے نہایت خوش خط لکھا ہے۔

۱۔ قصاید : ورق : ۱ب تا ۵۲الف

(الف) قصاید کا آغاز حمد سے ہوا ہے۔

(ب) نمبر ۲ سے ۱۸ تک کے قصاید شاہجہان کے فتوحات، جشنِ وزن، عید نوروز و مختلف عیدوں کے موقعوں پر پیش کردہ تہنیت کے حامل ہیں۔

(ج) قصیدہ ۱۹ تا ۲۴ میر جملہ شہرستانی اور شہنواز خان وزیر ابراہیم عادل شاہ ثانی کی مدح میں لکھے ہوئے ہیں۔

(د) قصیدہ ۲۵ تا ۳۱ میں مدح شاہجہان، تعریف باغ فیض بخش، تعمیر مسجد اجمیر کی تاریخ درج ہے۔

---

[1] اس نسخہ کا حوالہ "نسخہ ع" کے نام سے دیا گیا ہے۔

[2] قدیم ترین و مکمل ہونے کی وجہ سے اس نسخہ کو بنیادی قرار دیا گیا ہے اور اس کا حوالہ "نسخہ ل" کے نام سے دیا گیا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

(د) قصیدہ ۳۲، امیر خسرو کے قصیدے بحرالابرار کے تتبع میں لکھا گیا ہے۔

۲۔ ترجیع بند و ترکیب بند : ورق : ۵۲ الف ۔ ۵۷ ب

(الف) ترجیع بند ساقی نامہ ۷ بند پر مشتمل ہے جس میں ظفر خان حاکم کشمیر کی مدح ہے۔

(ب) ایک ترکیب بند جو شاہجہان کو عید نوروز کی تہنیت میں پیش کرنے کے سلسلہ میں سپرد قلم کیا گیا ہے۔

۳۔ قطعات : ورق : ۵۷ ب تا ۶۹ ب

ورق ۵۷ ب تا ۶۹ ب، ۴۰ قطعات ہمدست ہوئے ہیں جن کے تحریر کرنے کا مقصد شہنشاہ شاہجہان کے مختلف فتوحات، تعمیرات و کارناموں کو اُجاگر کرنا اور ان کی تاریخیں نکالنا تھا۔

۴۔ مثنویات : ورق : ۷۰ الف تا ۱۱۶ ب

۱۷ مثنویاں جن میں عہد شاہجہاں میں تعمیر ہونے والی مختلف عمارتوں کی تعریف و تاریخ اور قندھار، دکن، بلخ و دیگر ممالک کی فتوحات کی تاریخ درج ہے۔ ایک مثنوی میں محل شاہنواز خان کی تعمیر کی تفصیلات نظم ہیں اور آخری مثنوی میں ججھار سنگھ بندیلہ کی بغاوت و سرکوبی کی تفصیلات ہمدست ہوتی ہیں۔

۵۔ غزلیات : ورق : ۱۱۶ ب تا ۳۰۳ ب

غزلیات کی ترتیب بہ لحاظ ابجد ہے۔

۶۔ رُباعیات : ورق : ۳۰۳ ب تا ۳۱۲ ب

اِن رباعیات میں چند تاریخی ہیں۔ چند مذہبی مسائل کی حامل اور چند میں شاعر نے خود کو ... اخلاقیات کے مسائل پیش کیے ہیں۔

اختتام کتابت اِس عبارت پر ہوا ہے۔

"تمت الدیوان افصح المتکلمین کلیم در تاریخ یوم السبت یازدہم رجب المرجب سنہ اثنین و ثمانین بعد الف من الہجرۃ النبویۃ علیہ افضل الصلوات، علی ید الحقیر الفقیر یوسف غفراللہ .... مبارکباد۔"

اِس نسخہ کا سنہ کتابت ۱۰۸۲ ھ ہے اور کلیم نے ۱۰۶۱ ھ میں وفات پائی تھی لہٰذا کلیات کے سنہ و کلیم کے

Marfat.com
Marfat.com

وفات میں صرف ۲۱ سال کا فصل ہوتا ہے اور اس نسخہ کے سوا کوئی دوسرا نسخہ ہم کو ایسا ہدست نہ ہو سکا یا کسی دوسری لائبریری کی فہرست میں نظر نہ آیا جس کا سنہ کتابت ۱۰۸۲ء سے قبل کا ہو۔ بنا بریں ہماری تلاش و تحقیق سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ کتب خانہ آصفیہ (اسٹیٹ سنٹرل لائبریری) کا کلیات نمبر ۱۲۲۵ عہد کلیم ہمدانی سے قریب ترین، قدیم ترین اور مکمل ہے۔ اس لیئے ہم نے اس کو بنیادی نسخہ قرار دیکر دوسرے نسخوں سے مقابلہ کے بعد متن تیار کیا ہے جو اصل مقالہ میں باب ہفتم کی شکل میں منسلک کیا گیا ہے۔

دیوانِ کلیم کاشانی

(از) آقائے پرتو بیضائی

مطبوعہ دواوین میں یہ دیوان زیادہ ضخیم اور قابلِ اعتنا ہے۔ آقائے پرتو بیضائی نے ۱۴ صفحات کے مقدمہ کے ساتھ (۸۶۶۸) اشعار شایع کئے ہیں۔ کتاب دیدہ زیب ٹائپ میں طبع کی گئی ہے۔ سرورق سادہ اور ثقہ ہے ضخامت ۴۱۹ صفحات، مسطر ۲۵ سطری ہے۔ مشمولات کی صورت یہ ہے:۔

۱۔ قصائد صفحہ ۱ تا ۶۳ جن کی تعداد (۳۱) ہے۔

۲۔ قطعات (۴۴) صفحہ ۶۴ تا ۸۷ جن میں تاریخی وغیر تاریخی دونوں شامل ہیں۔

۳۔ غزلیات (۵۸۵) از صفحہ ۸۷ تا ۳۲۳۔

۴۔ ترجیع بند، ترکیب بند۔ مرثیۂ قدسی، ص ۳۲۴ تا ۳۳۶۔

۵۔ مثنویات (۲۳) تاریخی وغیر تاریخی۔ صفحہ ۳۳۷ تا ۴۰۷۔

۶۔ رباعیات (۸۸) صفحہ ۴۰۷ تا ۴۱۹۔

مقدمۂ دیوان ہذا سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آقائے محترم پرتو بیضائی نے اس دیوان کے سلسلہ میں ۳ نسخوں سے استفادہ کیا ہے اور یہ تینوں نسخے جن میں بنیادی نسخہ بھی شامل ہے، تاریخ کتابت سے خالی ہیں۔ مطالعہ سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ یا تو نسخوں میں اختلافِ قرات نہیں تھا یا تھا بھی تو فاضل مصحح نے اندراج مناسب خیال نہیں فرمایا اور اکثر مقامات پر "کذا فی الاصل" ہی لکھنے پر اکتفا کیا۔ حالانکہ تقابل کے وقت اکثر جگہ نسخوں میں اختلاف پایا جاتا ہے اور ہمارے فاضل اساتذہ نے تو اختلافِ قرات کی وضاحت کو ہمیشہ اہمیت دی ہے۔ ویسے بھی جتنے دواوین ایران سے شایع ہو کر ہندوستان آئے ہیں ان میں سے اکثروں میں اختلافِ قرات کا اندراج ہوتا ہے۔

ہندوستانی کتب خانوں کے نسخوں اور یوروپی کتب خانوں کے تمام نسخوں میں کلیاتِ کلیم کی ابتدا، حمد کے اس شعر سے ہوئی ہے ؎

شوق ہر کس را کہ در راہِ طلب سپر میدہد   گر در آمد اول از پا آخرش سر میدہد

Marfat.com
Marfat.com

لیکن نسخۂ ہذا کی ابتدا منقبت حضرت علیؓ سے ہوتی ہے حمد اور دو ایک قصاید کی اس میں کمی ہے اور منقبت میں بھی وہ شعر شایع نہیں ہوئے جن سے اہلِ سنت الجماعت کے عقاید کو ٹھیس پہنچتی تھی اور ان کا استہزا مقصود تھا۔ میں نے ان اشعار کو غیر مطبوعہ کلام کے حصّہ میں شامل کر دیا ہے تاکہ قصیدہ مکمل ہو جائے۔

ویسے دوسرے حصّوں میں نہ زیادہ افراط ہے نہ تفریط۔ البتہ رباعیاں ہمارے بُنیادی نسخہ سے زاید ہیں۔

تفصیل نامکمل رہ جائے گی اگر میں اس کی چند خامیوں کی طرف اشارہ نہ کروں۔ تمام کی تمام بیان کرنے کیلئے کافی وقت چاہیئے یہاں صرف مشتے نمونہ از خروارے بتائے جاتے ہیں۔ اس دیوان میں غلطیاں دو طرح کی ملتی ہیں۔

(۱) متن سے متعلق واقعہ سے ناواقفیت کی بنا پر حاشیوں میں جو تشریحات درج ہیں وہ تاریخ اور حالات کی روشنی میں غلط ثابت ہوتی ہیں۔

(۲) طباعت کی۔

ص ۵۰ کے حاشیہ پر یہ عبارت درج ہے :

"در ہندوستان جائی بنام فتح پور است کہ ظاہراً منظور شاعر ہماں نقطہ است۔"

معاصر تاریخوں سے یہ معلومات فراہم ہوتے ہیں کہ ۱۰۳۸ء میں نذر محمد خان والی کابل نے سرحدی علاقوں پر فوج کشی کی تھی اسکی سرکوبی کے لیے لشکر خان کی سرکردگی میں ایک لشکرِ جرار روانہ کیا گیا تھا اور اس تقریب میں کلیم نے یہ قطعہ لکھا تھا "کشور فتح" سے روانگی کی تاریخ کا استخراج ہوتا ہے ظاہر ہے کہ اس کا تعلق فتح پور سے بالکل نہیں ہے۔

صفحہ ۳۰۲ پر لکھا ہے :

"چنین بنظر میرسد کہ کلماتی ازیں قطعہ و مادہ تاریخ آں تحریف شدہ زیرا اولا بلقیس مناسبتی با جمشید ندارد و بفرض صحیح ہم باشد تاریخی کہ از آں حاصل می شود سال ۱۰۴۲ء میباشد۔ درصورتیکہ شاہ شجاع مطابق مادہ تاریخ دیگری کہ درایں دیوان ضبط شدہ درسال ۱۰۲۵ء متولد شدہ و مسلماً درسن ۷ سالگی ازدواج نکردہ است و بنا بریں ما عین قطعہ را بدون مداخلہ درج کردیم۔"

ولادت شاہ شجاع کا تاریخی قطعہ یہ ہے ؎

بہر تاریخ ولادت بدعا گفت ملک ... "دو مین نیر بادا فلک شاہی را" ۱۰۲۵ء

شاہنامہ کلیم سے اس کی مزید توثیق ہوتی ہے بنا بریں متعلقہ اشعار درج کیے جاتے ہیں ؎

چنیں گفت خاقانِ دریا شکوہ ... کہ زیبد برو نام دارالشکوہ

چو بگذشت بر سالِ ہجرت ہزار ... بر اں بیست افزود بر بیست چار ۱۰۲۴ء

بیک سال بعد از نخستین پسر ... شد اقبال مندی دیگر جلوہ گر

Marfat.com
Marfat.com

ازان پادشاہِ فلک ارتفاع　　مقرر شدش نام سلطان شجاع

شاہنامہ کلیم، تاریخ اور قطعہ سے تاریخ ولادتِ شاہ شجاع ۱۰۲۵ء نکلتی ہے۔ آقائے پرتو بیضائی نے "دوبین" کو چونکہ "دوییمن" لکھا ہے جس کی وجہ سے دس سال بڑھ جاتے ہیں لہٰذا موصوف کا تاریخ عروس والا اعتراض مناسب نہیں۔[1]

صفحہ ۳۶۹ پر ایک مثنوی ہے جس کا عنوان "کتابۂ عمارت شاہنواز خان از امرائے شاہجہان" لکھا ہے۔ اسی مثنوی میں ابراہیم عادل شاہ کا حوالہ اور ساتھ ہی شاہنواز خان کی وزارت کا حوالہ صاف و صریح ہے پھر بھی اسے امرائے شاہجہان لکھا گیا ہے۔ محولہ اشعار جن میں نام مندرج ہے یہ ہیں ؎

شہ عادل خدیو ملک اقبال　　درایوان بنی ابراہیم و گلزار

وزیر پیش بیں دستور دانا

صفحہ ۲۵۵ پر درج ہے۔

"گویا مقصود نظام الملک از ملوک الطوائف دکن و مؤسس حیدرآباد متوفی، ار ذیقعدہ سنہ ۱۰۲۰ و معروف بہ (بہری) می باشد۔"

کلیم نے نظام الملک بہری کی سرکوبی و قحط دکن کے سلسلہ میں ۱۰۴۰ء میں ایک مثنوی سپرد قلم کی تھی۔ یہ نظام الملک، بہری خاندان کا امیر تھا۔ آقائے موصوف نے سلطان قلی قطب شاہ بانیٔ حیدرآباد متوفی ۱۰۲۰ھ کو نظام الملک بہری لکھا ہے جو از روئے تاریخ غلط ہے۔

طباعت کی غلطیاں ہر کتاب میں ہو ہی جاتی ہیں لہٰذا اس دیوان میں بھی ہیں جن میں سے چند پیش کی جاتی ہیں۔

؎ "ساکن بیتِ الٰہی[1] اما گر از دست آید"

اصل لفظ "بیت اللہی" ہے ٹائپ کی غلطی سے بیت الٰہی چھپا ہے جس سے مصرع غیر موزوں ہو گیا ہے۔

گوش بر آواز خاموشان بود لطفِ خفی　　گر نخواہی حاجتی را زود تر گردد دوا[2]

"دوا" کا لفظ بے محل ہے "روا" ہونا چاہیے۔

ہلاکِ پنجۂ مژگاں ترا[3] چرا نشویم

ترا غلط ہے "تو" صحیح ہے۔

بہ تیغِ نازِ تو دعویٔ[4] خون من کہ کند

"دعوائے خونِ من" ہونا چاہیے۔

---

[1] ص: ۱　[2] ص: ۲　[3] ص: ۹　[4] ص: ۹

ے بہ ہفت عضو بود سجدہ لیک براد راو۔[1]

"بر در اُو" مناسب ہے۔

ے کہ صیت مدلش چوں حسن صورتش روح فزاست[2]

"حُسنِ صوت روح فزا" معنی کے لحاظ سے ٹھیک ہوتا ہے۔

ے از دو شت زینت عالم کہ روی دنیا را

"ازوست" صحیح ہے۔ "از دوست" غلط ہوگا۔

ے مطیعِ حکمت با و اقلم و ایجاد[3]

"حکمِ تو" سے وزن ٹھیک ہوتا ہے۔

ے خاکِ تو سرمۂ او لوالابصار[4]

"اولوالابصار" ترکیب میں مضاف الیہ واقع ہوا ہے اس لیئے "اُولی الابصار" لکھا جانا چاہیئے۔

درد را درخورِ طاقت بدہند شعلہ در جانِ شررز[5] افتادست

طباعت کی غلطی سے "شرار" کی جگہ "شرر" چھپ گیا ہے۔ بہار، شمار، کار وغیرہ کا قافیہ "شرر" کیسے ہوسکتا ہے۔ شرار ہی ہوگا۔

ے (من)، زآب سیلِ تیغِ تو قسمت نیافتم[6]

اِس مصرعہ کے پہلے "من" سہو کتابت کی وجہ سے طباعت سے متروک ہوگیا ہے۔ ایک سبب خفیف پہلے مصرعہ کے آگے اضافہ کیا جائے تو مطلب و مفہوم سمجھ میں آتا ہے۔

غزل نمبر ۳۶۳ کے مطلع کا پہلا مصرعہ غلط چھپ گیا ہے ے گل در چمن بجز خار در پیرہن ندارد

جس وزن میں یہ غزل کہی گئی ہے یہ مصرعہ اس وزن سے خارج ہے۔ قیاس وزن شعریہ چاہتا ہے کہ مصرعۂ اول یوں ہے

جز خار در چمن گل ، در پیرہن ندارد

مفعول فاعلاتن مفعول فاعلاتن

ے ہنر ما را چنیں ناکام دارد چراغ خانۂ رختم بسوزد[7]

سہو کتابت و طباعت سے اس شعر کا قافیہ ختم ہوگیا ہے۔ مصرعۂ ثانی یوں ہوتا تو مناسب تھا ے

چراغِ خانہ رختِ ما بسوزد

---

[1] ص ۱۰؛ [2] ص ۱۱؛ [3] ص ۱۴؛ [4] ص ۱۹؛ [5] ص ۳۰؛ [6] ص ۱۰۰؛ [7] غزل ۳۶۲؛ [8] غزل ۳۲۹

Marfat.com
Marfat.com

ع دیدہ ہا چو خدا شکلِ صدف داد کلیم

مصرعۂ اول میں ایک سبب خفیف کم ہونے سے مصرعہ ساقط الوزن ہوگیا یعنی "دیدہ ہا" کے بعد "را" طباعت سے متروک ہوگیا ہے ع

دیدہ ہا را چو خدا شکلِ صدف داد کلیم

ک کو گ جیسے مددگاری کو مدد کاری، رشک کو رشگ، کشادہ کو گشادہ لکھا گیا ہے پتہ نہیں یہ اہلِ زبان کا تصرف ہے یا ٹائپ کی غلطی یہ سارے دیوان میں پائی گئی ہے۔

حاصل کلام ہندوستان میں جتنے بھی دواوین شایع ہوئے ہیں ان سب میں صرف غزلیات چھپی ہیں لیکن آقائے پرتو بیضائی نے تو تمام کلیات طبع کیا ہے ہم نے اسی کو سامنے رکھ کر اور اپنے غیر مطبوعہ کُلیات سے مقابلہ کر کے اُن اشعار کو حصہ الف میں ہدیۂ قارئین کیا ہے جو اس مطبوعہ "دیوانِ کلیم کاشانی" میں نہیں ہیں اور حصّہ ب میں منتخب کلام پیش کیا جاتا ہے تاکہ اربابِ علم کے ذوق کی حتی الامکان تسکین ہو سکے۔

Marfat.com
Marfat.com

حصہ (ا)

قصیدہ در نعت سید المرسلین

شوق هر کس را که در راهِ طلب سر میدهد
گر در آرد اول از پا آخرش[1] پر میدهد

بچهٔ شهباز قدسی گر دو روزت روزگار
پای بند آشیان کرد آخرت سر میدهد

ما بآتش[2] همچو شمع این جا قناعت کرده ایم
خشک اگر هم شد نهالِ کامِ ما بر میدهد

نبضِ خود را چون نهد[3] بیمار در دستِ طبیب
خو به محنت کرده زانسان رگ به نشتر میدهد

کمتر از کاهست کوه آن جا که تن در میدهیم
هر چه آید بر سرم تسلیم مغفر میدهد

چرخ اگر غالب شود دست از حریفی کی کشیم
بس کشادی کین دغلِ هنگامِ ششدر میدهد

چاکِ دل محرابِ طاعت بس مرا کز فیضِ او
آنچه از صد در نمی یابم[4] زیکدر میدهد

ارجمندان را درین رهِ چشم بر خواریِ ماست
رشتهٔ این جا نظامِ گنجِ گوهر میدهد

انتخابِ کامِ دونان تا بجدی شد که دهر
بر فلک از بهرِ شان تغییرِ اختر میدهد

بی نصیب از مادرِ گیتی ز مردی گشته ایم
زان که مادر بیشتر سامان بدختر میدهد

وقتِ مردان می رسد چندی صبوری پیشه کن
دختران را روزگار آخر بشوهر میدهد

زآتشِ این وادی آگه نیستم[5] لیکن گهی
می خورم آبی که تسکینِ سمندر میدهد

سوزِ ما را نیست پایانی خوشا احوالِ شمع
گر تپش را شام می گیرد سحر سر میدهد

در خطرها تن بمردن نه[6] که امیدِ کنار
قوتی دیگر به بازوی شناور میدهد

---

[1] ب : آخرش
[2] ا : بالش ؛ ب، ج : باتش
[3] ب : دهد
[4] ا : مانم ؛ ب، ج : یابم
[5] ا : نیم ؛ ب : نیستم
[6] ج : نه

Marfat.com
Marfat.com

گر فلک بعد از شکر زهرت دهد از دی مرنج
چون به تلخی می بُرد شیری که مادر میدهد

چون نگر دم هر نفس پروانه سان برِ گرد اُو
من که از بندِ قبایم شوقِ شهپر میدهد

در کفِ دهر از خس و خارِ وجودِ ما مپرس
هر چه را آتش نمی سوزد بصرصر میدهد

چون عصای کور در پیت و بلند دم روزگار
می کشد آخر نمی دانم کجا سر میدهد

بگذر از سودای افسر تا بمانی سربلند
شمع را این کاهشِ تن بارِ افسر میدهد

خاکِ ره شو و ز غبارت تا جشمِ اختر کور کن
خاکساری ها سزای اینچ ستمگر میدهد

بارِ غم بر جانِ بمقدارِ توانائی نهند
دادِ آسایش درین جا چشم[2] لاغر میدهد

آرزوی برتری کم کن که گردون چون شهاب
هر که را بالا برد در نیمه ره سر میدهد

دیده یکسر پرده است در پوشش ز نامحرم ترا
پیشِ یاجوجِ بلا سدِّ سکندر میدهد

دامنِ تر را بآتش خشک نتوان ساختن
تن بخشکی گر دهد از دیدهٔ تر میدهد

عقل را با عشق سودا کُن که با شاهنشهی
افسرِ داغِ جنونت نیز بر سر میدهد

تا پسندِ غم فتد دل داغ بر داغش فزا
کاین عروسِ زشت را زیور بشبهر میدهد

کس بہ هیچت بر نمی دارد چو لطفِ حق ترا
از تو گیرد در بهایت هر چه بهتر میدهد

تکیه ات چون کور دایم بر عصایش از خداست
وانگهت پیشِ بلا سدِّ سکندر میدهد

در بیابانی که خضرش نیست مالد بر سراب
فیضِ رحمت جرعه اُم چون دورِ ساغر میدهد

ناکسی[3] از خاکِ ره و الپستری را همچو من
سرفرازی ز آستان بوسِ پیمبر میدهد

آستانی کز شرف ایزد ز خاکِ پاکِ او
انبیا را در میانِ اُمّت افسر میدهد

جهتِ معراجِ ملایک آستانِ مصطفےٰ
هر کرا حق برگزید از وحی رهبر[4] میدهد

حاملانِ عرش یک نفس از عرش بردارند دست
خویش را از شوقِ خاکِ درگهش سر میدهد

هم لب از خاکِ درش هم دیده کامِ خود گرفت
فیضِ انعامش بخشک و تر برابر میدهد

از مدینه تا نجف[5] خارِ بیابان از شرف
مایهٔ توفیق بهرِ رهروان پر[6] میدهد

---

۱ ب: بر
۲ ا، ب: هرکه؛ ج: جسم
۳ ا: ناکس؛ ب: ناکسی
۴ ا، سر؛ ب، ج: رهبر
۵ ب: "شرف" در متن و "نجف" بر حاشیه
۶ ب: پر؛ ا، ج: بر

Marfat.com
Marfat.com

نقش پائے ناقہ زاشکِ رہرواں پُر گوہر است — یا ز فیضِ رہ صدف در خشک گوہر میدہد
نوح گر اُمت بطوفاں داد این دریائے فیض — جرم اُمت را بطوفانِ روزِ محشر میدہد
کجروان را پیرویِ ملّتِ اُو رہنماست — جادہ ہای شاہراہِ شرعِ مطہر میدہد
رتبۂ درویشی از فقرش زبس افزودہ است — موی را بر سر شکوہِ چترِ سنجر میدہد
تا بحرِ رحمتش تا کشتِ شیطاں میبرد — دانۂ بے حاصلاں را لطفِ اُو بر میدہد
عاصیاں اکنوں بسودا سر بسر راضی نیند — معصیت را بس کہ غفراں در برابر میدہد
داد دنداں را بسنگ اُمت احساں را بہ بیں — کانِ رحمت می ستاند سنگ و گوہر میدہد
سر چو بہر سجدۂ خاکِ درش آید بکار — ایزد[1] ز اں سروری بر جملہ پیکر میدہد
با دلایش کارِ طاعت میکند عصیانِ من — کشتہ ام با خاک یکساں گشتہ و بر میدہد
وسعتِ خلقِ عظیمش ہفت دریا را ز شرم — در میانِ یک صدف جا ہمچو گوہر میدہد
رُوحِ قدسی در طوافِ مرقدش پروانہ باد — در ہوای روضۂ اُو شمع تا سر میدہد

قصیدہ[2] در تہنیت نوروز (در مدح شاہجہاں)

بدستِ قدرتِ صاحب قراں ثانی داد — زمانہ نیزۂ خورشید و خنجرِ بہرام[3]
زبس شباہت ظالم بدست در عہدش — خجل ز پیکرِ خود گشتہ[4] شخص شمشیر اندام

قصیدہ در مدح اعلحضرت شاہِ جہاں

دریں دو خانہ چہ ساماں فرو تواں چیدن — متاعِ چشمِ تر[6] ما فزوں از یں دو سراست
حسب بکمال بود نے شرافتِ نسبی — بہ شیشہ کس نزند طعنہ کاصلش از خاراست
بکار و بارِ جہاں غیر یک نظر[5] نکند — حباب وار کسی را کہ دیدہ بینا ست
نشانِ دوست گرفتن خلاف بینائیست — کسی سراغ نگیرد کہ آفتاب کجاست

---

[1] ب، ج: سروری یزدانش برا عضای دیگر میدہد
[2] کلیاتِ کلیم نسخۂ ا
[3] در ب: این بیت درج است، ا، ج: ندارد
[4] در ج: این لفظ نیست
[5] کلیاتِ کلیم نسخۂ ا
[6] ر: بر، ب و ج: تر
[7] ب: حباب وار، ا، ج: حباب وار

Marfat.com
Marfat.com

سحاب رعد خروشیست فیلِ او که برزم — که پائی تا سر طوفانِ لشکر اعداست

در منقبت حضرت علیؓ

دل به بندد در خرید و خود به مسجد معتکف — تا بگردن در گل وافشانده دست از ماسوا

خودسراپا از زر و گوهر پی بس نیستنت — همچو خاتم چشم بر دستِ کسان داری چرا

سوختی از جور گردون این گریز از مرگ چیست — شمع را از تب که به رهاند بجز بادِ صبا

کارِ امروز از کسل دایم بفردا افگنی — تا آن روزی که فردائی ندارد از قفا

کافرستان در درون داری سری در جیب کش — تا فرنگستان چرا باید شد از بهرِ غزا

شکرِ نعمتهای یزدان را بعصیان می کنی — بندهٔ خاص حقی ای حق شناس خوش ادا

با درون تیره و با خاطری پُر وسوسه — طاعتِ وسواس بیهوده است و تنظیفِ ردا

در عبادت قناعت آنجا تلافی میکند — گر در آبِ غسل اسرافی کند زهد[1] ریا

چون بگیرد خانهٔ همسایه را زاهد بزور — کرده مسجد را بزورِ شید انبارِ ریا

رو نمی بینیم و می گوئیم در روئی همه — کس براهِ حق ندارد رو بجز قبله نما

بی ریاضت مسندِ پاکان نمی آید بدست — راه در چشمی ندارد تا نشاید[2] توتیا

زاهد از دنیا نظر بست و بخود بینی کشود[3] — کند اگر بتخانه کرده است ازان بهتر بنا

خویش را دانسته صاحب تمیز و[4] اهلِ حال — زین قدر دانش که شد حال و تمیز از هم جدا

فقه را نه بهرِ تصحیح عبادت خواندهٔ — کو عبادت تا کسی گوید صوابش ما خطا

از فرایض حج و صوم از هم نمی کردی تمیز — گر نبودی در نهادت حُبِ فتوی و قضا

سوی عامی آن چنان از عُجب بیند مولوی — کز سرِ نخوت نه بیند پادشاه اندر گدا

پاک تر باید زبان و کام[5] از موج و حباب — از سگانِ قنبرش کس گر شود مدحت سرا

هیبتِ موسی و علمِ آدم و تقوائِ نوح — گر مصور می شدی بودی بشکلِ مرتضا

---

[1] ا: "و" زاید است ؛ ج - ندارد　[2] ا: نگردی ؛ ج: نساید

[3] ا: فرود ؛ ج: بکشود　[4] ج: "و" نیست

[5] ب: کام ؛ ا: کامی

Marfat.com
Marfat.com

آسمان گر بود معراج نبی معراج او — بود دوش آن که بر[1] خاک رهش ارض و سما
خانه زادی هر ضمیر انورش را علم نیست — بینش را هیچ جرمی نیست حایل چون هوا
پیشتر نام علی[رض] مذکور باشد یا عظیم — در کلام حق به بین تعظیم شاه اولیا
رتبهٔ این اسم اعظم بین[2] که در هفت آسمان — علویان را عین نامش گشته محراب دعا
آسمان گر نه فروتر بودی از وی گفتمی — آن مسمی را شد است این اسم نازل از سما
می رسد امواج را دایم بدریا سلسله — کیست پاکان طریقت را بجز او مقتدا
از صفای باطنش هر جا که بگذارد قدم — نقش پایش میشود آیینهٔ گیتی نما
علم او داند شمار موج بحر و ریگ بر — نزد دانایان به برهان ثابتست این مدعا
در حقیقت اوست قرآن مبین لاریب فیه — پس برو روشن شود هر رطب و یابس بی خفا
اهل بیت سرور عالم بود کشتی نوح — هست شاه اولیا هم کشتی و هم ناخدا
خانه ام چون شمع روشن شد که دارد بر زبان — مطلعی در وصف آن خورشید اوج انما
